النحو فی الکلام کالملح فی الطعام

الحمد للہ علیٰ احسانہ کہ کتاب مفید طلاب جو کہ علم نحو میں لاجواب مشہور و انتخاب ہے اور جس کے پڑھے اور سمجھے بغیر
کافیہ کا پڑھنا نہایت دشوار ہے کیونکہ کافیہ میں مجملات سے کام لیا گیا ہے اور اسمیں مفصلات سے

یعنی

کفایۃ النحو

(مع شرح اردو) کے

ہدایۃ النحو

مصنفہٗ

جناب مجمع البرکات مولانا مولوی محمد ضیا صاحب سنبھلی مصنف تالیفات کثیرہ صدر مدرس مدرسہ عالیہ عربیہ امدادیہ مراد آباد

میر محمد کتب خانہ آرام باغ، کراچی

النحو فی الکلام کالملح فی الطعام

الحمد للہ علیٰ احسانہ کہ کتاب مفید طلاب جو کہ علم نحو میں لاجواب مشہور و انتخاب ہے اور جس کے پڑھے اور سمجھے بغیر کافیہ کا پڑھنا نہایت دشوار ہے کیونکہ کافیہ میں مجملات سے کام لیا گیا ہے اور اسمیں مفصلات سے

یعنی

کفایۃ النحو

ہدایۃ النحو

مصنفہ

جناب جامع البرکات مولانا مولوی محمد حیات صاحب سنبھلی مصنف کفایۃ ... و صدر مدرس مدرسہ عالیہ عربیہ امدادیہ مراد آباد

میر محمد کتب خانہ آرام باغ، کراچی

٢

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الحمد للہ رب العالمین والعاقبۃ للمتقین والصلوٰۃ علی رسولہ محمد وآلہ واصحابہ اجمعین

نحمدہ ونصلی علی رسولہ الکریم

دیباچہ: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم الحمد للہ وکفیٰ والصلوٰۃ علی عبادہ الذین اصطفیٰ۔ چونکہ نحو کی کتابوں میں ہدایۃ النحو مبتدیوں کے لئے بہت بہترین کتاب تھی۔ نہ اس قدر سہل کہ اس کو اُستاد سے پڑھنے کی ضرورت نہ ہو اور نہ اس قدر دشوار کہ استاد سے پڑھنے پر بھی سمجھنا مشکل ہو۔ نہ بہت مختصر نہ بہت طویل غرض طلبا عربی کے لئے انتہا درجہ کی مفید تھی۔ اس لئے کمترین یہ قلم اٹھاتا ہے

اور حق تعالیٰ سے دعا کرتا ہے کہ اس شرح کو طلبا علوم دینیہ عربیہ کے لئے مُعین اور مفید بنا کر میرے لئے فلاح دارین کا سبب بنا دے۔ آمین۔ یارب العالمین۔ العاجز محمد حیات عفی عنہ سنبھلی، مدرسہ عربیہ امدادیہ مراد آباد

سلہ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم (ترجمہ) شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے (شرح) بسم اللہ کی با کا متعلق محذوف ہے اور وہ یا اسم فاعل یا فعل محذوف ماننا اکثر نحویوں کا مذہب ہے اور وہ فعل اَشرَعُ ہے۔ اسی طرح ہر جگہ بسم اللہ کی با کا متعلق اس جگہ کے مناسب محذوف ماننا اولیٰ ہے بشرطیکہ مسافر ارادۂ سفر کے وقت بسم اللہ کہے تو مراد یہ ہوگا کہ اَرْتَحِلُ بسم اللہ اور ارادہ قرأت کے وقت قاری بسم اللہ کہے تو معنی یہ ہوں گے کہ اَقْرَءُ بسم اللہ اور ارادۂ اکل کے وقت بسم اللہ کہے تو معنی یہ ہوں گے کہ آکُلُ بسم اللہ۔ مصنف نے اپنی کتاب بسم اللہ سے اس لئے شروع کی تاکہ خدائے تعالیٰ کے نام سے برکت حاصل ہو

اور تاکہ کلام اللہ کی پیروی ہو جائے کیونکہ اس میں بھی پہلے بسم اللہ ہی ہے۔ اور تاکہ حدیث شریف کا اتباع ہو جائے کیونکہ حدیث میں ہے کہ کلّ امر ذی بال لم یبدء ببسم اللہ فھو اقطع

سلہ لفظ اللہ اسم ذات ہے اور الرحمٰن صیغہ صفت ہے جس طرح الرحیم مگر بنسبت الرحیم کے الرحمٰن میں مبالغہ زیادہ ہے جس طرح الرحیم میں بہ نسبت راحم کے مبالغہ زیادہ ہے اس وجہ سے کہ راحم وہ شخص ہے جو صرف ایک دفعہ رحم کرے۔ اور رحیم وہ جو بکثرت رحم کرے اور رحمٰن وہ جس کے رحم کی انتہا نہ ہو۔ اسی لئے صفت رحمٰن دنیا کے اعتبار سے ہے کیونکہ دنیا میں اس کی رحمت مومن اور کافر سب کو شامل ہے اور رحیم آخرت میں ہوگا۔ کیونکہ وہاں رحمت مومنوں کے ساتھ خاص ہوگی۔ اس میں لفظ اللہ موصوف اور الرحمٰن والرحیم دونوں صفتیں ہیں۔ اسی لئے مجرور ہیں ۱۲ **سلہ** قولہ الحمد للہ رب العالمین (ترجمہ) سب تعریف اللہ کے لئے ہے جو سارے جہانوں کا پالنے والا ہے (شرح) بسم اللہ کے بعد الحمد للہ رب العالمین کہنے میں بہت سے فائدے ہیں جو اس مختصر میں بیان نہیں ہو سکتے۔ حمد کے لغوی معنی تعریف کے ہیں اور اصطلاح میں کسی کی اچھی صفت بطور تعظیم بیان کرنے کے۔ لفظ رب صفت مشبہ ہے۔ رَبَّ یَرُبُّ اس کا ماضی مضارع ہے جس کے معنی پالنے والے کے ہیں۔ یہ اصل میں رَبِبٌ تھا۔ بروزن نَمِرٌ اور بقول بعض یہ اسم فاعل کا مبالغہ ہے۔ اور تفسیر کشاف میں اس کو مصدر بتایا ہے اس کا حمل اللہ پر بطور مبالغہ ہے جیسے رجلٌ عدلٌ میں عدلٌ کا اطلاق رجل پر مبالغۃً ہے بعض علماء کے نزدیک رب کے معنی خالق کے ہیں جو ابتداءً پیدا کرتا ہے پھر مخلوق کو بذریعہ غذا کے بڑھاتا ہے پھر انتہاءً اس کی خطا و قصور معاف کرتا ہے۔ اور بقول بعض رب کے معنی معطی کے ہیں اور بعض نے کہا دائم کے غیر اللہ پر اس کا اطلاق بلا اضافت نہیں ہوتا جیسے رب الدار۔ رب السلم، رب الناقۃ وغیرہ اور العالمین عالم کی جمع ہے عالم وہ شئے ہے جس سے کوئی چیز جانی جائے جیسے خاتم وہ شئے ہے جس سے مہر کی جائے کیونکہ فاعل کا وزن یفعل بہ کے لئے عام ہے بعد میں اس چیز کے لئے خاص ہو گیا جس سے صانع عالم جانا جاتا ہے اس معنی کے اعتبار سے ماسوی اللہ کی ہر شئے کو شامل ہے خواہ جوہر ہو یا عرض۔ اس میں ذوی العقول کو غیر ذوی العقول پر غلبہ دیا اس لئے جمع واؤنون کے ساتھ لائی گئی۔ اور بعض نے کہا کہ اس میں صرف جنات اور انسان داخل ہیں۔ اس صورت میں واؤنون کے ساتھ جمع لانے میں کوئی اشکال ہی نہیں اور جب عالم کے معنی ما یعلم بہ اللہ کے ہوئے تو عالم کی جمع استعمال کرنے میں کوئی پریشانی نہیں کیونکہ ... کی جنس ... جنس ہیں اور ہر جنس ان معنی کے لحاظ سے ایک عالم ہے لہذا عالم میں بہت سے عالم ہوئے ۱۲ **سلہ** قولہ والعاقبۃ للمتقین (ترجمہ) اور آخرت کی بہتری تقویٰ والوں کے لئے حاصل ہے (شرح) چونکہ رب العالمین کہنے سے یہ وہم ہوتا تھا کہ جس طرح وہ سارے جہانوں کا رب ہے ایسے ہی شاید آخرت میں بھی سارے عالم کو عطائیں عطا فرمادے تو اس سے اس وہم کو دور کر دیا۔ متقین جمع ہے۔ اور مفرد متقی ہے جو اسم فاعل کا صیغہ ہے جس کا ماضی مضارع اتّقیٰ یتّقی ہے۔ اور مجرد وَقیٰ یَقی پس معتل فا واوی ہے جب اس کو باب افتعال میں لے گئے تو یہ واؤ تا سے بدل کر تا کو تا میں ادغام کر دیا لغت میں وقی کے مصدر وقایہ کے معنی نگاہ رکھنے کے ہیں لیکن شریعت میں ہر اس چیز سے بچنے کے ہیں جس کے سبب عذاب کا استحقاق ہو یعنی حرام کام کرنا فرض و واجبات

(باقی بر صفحہ آئندہ)

صفحہ ھذا ۱ قولہ اما بعد فھذا مختصر مضبوط فی النحو جمعت فیہ مہمات النحو علی ترتیب الکافیۃ (ت) حمد و صلوۃ کے بعد یہ ایک مختصر رسالہ ہے جو علم نحو میں ضبط کیا گیا ہے جمع کئے ہیں میں نے اس میں علم نحو کے مقاصد کافیہ کی ترتیب کے مطابق ہوکر (ش) کلمہ اما اصل میں مہما یکن من شئ تھا جو شرط متضمن کرکے کلمہ اما اس کے قائم مقام کیا گیا اور چونکہ کلمہ اما شرط کے معنی کو شامل ہے اس لئے جزا پر فا لازم ہے اور چونکہ یہ ابتدائے معنی کو شامل ہے اس مقام میں کہ بعد فعل نہیں آتا بلکہ اس کے بعد ہمیشہ اسم آتا ہے جو جزا ہوتا ہے اور کبھی منصوب کے وقت مفعول فیہ ہوتی ہے اور کبھی اس کے بعد فعل یا اسم منصوب یا اسم موصول محذوف یا ظرف ہوتا ہے جیسا کہ ... ہے کہ ایک کی شان رہاں ... لفظ بعد کے مضاف الیہ محذوف ہونے کی وجہ سے مبنی ہے اس کے تین حال ہیں ایک یہ کہ اس کا مضاف الیہ لفظوں میں ہو ... دوسرا یہ کہ لفظوں میں نہ ہو مگر ارادہ میں ہو اور پہلی اور دوسری صورت میں یہ معرب ہے اور تیسری صورت میں مبنی ہوتا ہے یہاں لفظ بعد کا مضاف الیہ محذوف ہے ... اما کیونکہ اما فعل کا نائب ہے ... ہوتا ہے للہ ابتدا میں یا تو کتاب کی طرف اشارہ ہے اگر خطبہ تصنیف کتاب کے بعد لکھا گیا ہو اور اگر تصنیف سے پہلے لکھا گیا ہو تو مشار الیہ وہ مضامین ہیں جو ذہن میں حاضر ہیں جس طرح آیہ کریمہ رب اجعل ہذا بلدا امنا میں ہذا کی طرف ... مضبوط سے مراد یہ ہے کہ اس میں زائد اور بیکار لفظ نہیں ہے اور علم نحو کے مقاصد آگے مذکور ہوں گے مہمات جمع ہے اور مہمہ مفرد ہے۔ یہ جمع مؤنث سالم ہے حالت میں نصب ہے اس پر کسرہ ہے اور کافیہ ابن حاجب کی تصنیف کی ہوئی کتاب ہے جو علم نحو میں بہترین ترتیب کے ساتھ لکھی گئی ہے اور ہدایۃ النحو کے مصنف کا نام علامہ شیخ سراج الدین اودھی ہے۔ اور یہ بھی ہو سکتی ہے کہ کافیہ کی صفتی معنی مراد ہوں اس صورت میں اس کا موصوف محذوف ہوگا یعنی علی ترتیب ابواب الکافیۃ ایسے بابوں کی ترتیب پر جو کفایت کرنے والے ہیں ۱۲

اما بعد فھذا مختصر مضبوط فی النحو جمعت فیہ

مہمات النحو علی ترتیب الکافیۃ مبوبا ومفصلا

بعبارۃ واضحۃ مع ایراد الامثلۃ فی جمیع مسائلہا

من غیر تعرض للادلۃ والعلل لئلا یشوش ذھن

(بقیہ صفحہ ۳) اور آرہا ہے ۱۲ ۵ قولہ والصلوۃ علی رسولہ محمد وآلہ واصحابہ اجمعین (ت) اور رحمت کاملہ نازل ہو اس کے رسول پر جن کا نام محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) ہے اور ان کی اولاد اور اصحاب سب پر (ش) حمد کے بعد صلوۃ لانے میں اول تو اللہ تعالیٰ کے اس قول کا اتباع ہے قل الحمد للہ وسلام علی عبادہ الذین اصطفی دوسرے یہ کہ حمد کی تکمیل بغیر صلوۃ کے نہیں ہوتی علماء نے بیان کیا ہے کہ صلوۃ کی نسبت اللہ تعالیٰ کی طرف ہو تو رحمت مراد ہوتی ہے اور فرشتوں کی طرف ہو تو استغفار اور مومنوں کی طرف ہو تو دعا اور وحوش و طیور کی طرف ہو تو تسبیح اور بقول بعض یہاں عام معنی مراد ہے یعنی کسی کے ساتھ بہتری کرنا لفظ صلوۃ کو علی کے ساتھ استعمال کرنا شرکت معنی کا فائدہ دیتا ہے بلکہ کلمہ دعا کا صلہ جب علی آتا ہے تو اس کے معنی بددعا کے ہوتے ہیں لفظ رسول بمعنی مرسل ہے کیونکہ فعول کا وزن بمعنی مفعول کثرت سے آتا ہے اور رسول اس نبی کو کہتے ہیں جو صاحب معجزہ و کتاب ہو اور نبی وہ ہے جس کی طرف وحی کی گئی ہو خواہ کتاب اس پر اتری ہو یا نہیں صلوۃ کا استعمال خاص انبیاء پر ہوتا ہے اور رحمت کا اطلاق عام ہے اور لفظ محمد عطف بیان ہے اور رسول معطوف علیہ محمد کے معنی بہت تعریف کئے ہوئے کے ہیں آل کے معنی ذریت اور اہل بیت کے اور بقول بعض قوم کے ہوتے ہیں جو آل النبی سے مراد ہر ایماندار متقی آدمی ہے کیونکہ حدیث میں ہے کہ آل محمد کل تقی اور صحابی بھی اس معنی کے لحاظ سے ہیں اور صلوۃ کے اندر لفظ آل کا ذکر اس لئے کیا کہ حدیث شریف میں ہے کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ... اور لفظ اجمعین تاکید کے لئے ہے اس میں روافض کی تردید ہے کیونکہ وہ بعض صحابہ پر صلوۃ بھیجنے کو ... اسی طرح خوارج کی بھی تردید ہے کیونکہ وہ آل سے دشمنی رکھتے ہیں اس لئے وہ ان کے لئے دعا نہیں کرتے۔

از درایۃ النحو ۱۲ ... ۵ ... بعض افراد زندوی العقول کما انسان باشد تغلیب آں بر غیر خود ۱۲

۵ قولہ مبوبا ومفصلا بعبارۃ واضحۃ الی قولہ من غیر تعرض للادلۃ (ت) اس حال میں کہ باب وار اور فصل وار کرنے والا ہوں کھلی عبارت کے ساتھ باوجود لانے مثالوں کے ان مقاصد کے تمام مسئلوں میں بغیر درپے ہونے دلیلوں اور علتوں کی طرف تاکہ مبتدی کے ذہن کو مسائل سمجھنے سے تشویش نہ ہو ... (ش) مبوبا و مفصلا میں واو اور ما دونوں کا زیر پڑھا جائے اور ہر ایک باب تفعیل کا صیغہ اسم فاعل ہو تو اس صورت میں یہ جمعت کی ضمیر متکلم سے دونوں حال ہوں گے اور اگر واو اور ما کا زبر پڑھا جائے اور ہر ایک باب تفعیل کا صیغہ اسم مفعول ہو تو فیہ کی ضمیر مجرور سے دونوں حال ہوں گے ... دونوں صورتوں میں ظاہر ہے اور بعبارۃ کی باجمعت کے متعلق ہے عبارت کے لغوی معنی تفسیر اور خواب کی تعبیر بیان کرنے کے ہیں اور ... کو بھی جو معانی پر دلالت کرنے والے ہیں عبارت کہتے ہیں اور واضحۃ صفت ہے عبارۃ کی اور فی جمیع جار مجرور ایراد کے متعلق ہے مسائل سے مراد قواعد ہیں مسائل مسئلۃ کی جمع ہے اس کے ... مابعد کی طرف ... جیسے ملک اصل میں ملأک تھا ... عبارت اور مسائلھا میں ضمیر ... ہے اور یا مختصر کی طرف ... کہ مختصر کو مسائل کی تاویل میں لیا اور تمام مسائل ... کی مثالیں دینا ہے ... بعض قواعد کی مثالیں مصنف نے ترک بھی کی ہیں ... لفظ ادلۃ دلیل کی جمع ہے ... دلائل ہے کیونکہ ادلۃ جمع قلت ہے اور یہاں موقع جمع کثرت کا ہے اور دلائل جمع کثرت ہے ... سے مراد اقرب ہے اور ادلہ ... علل علت کی جمع ہے جیسے ... دونوں مترادف (باقی بر صفحہ ۱۲)

سے قولہ ورتبتہ علی مقدمۃ وثلثۃ اقسام بتوفیق الملک العزیز العلام (ت) اور میں نے اس مختصر کو ایک مقدمہ اور تین قسموں پر مرتب کیا ہے اس بادشاہ کی توفیق سے جو نہایت غالب اور بہت جاننے والا ہے (ش) بعض نسخوں میں لفظ اقسام کے بعد وخاتمۃ بھی ہے یعنی اس مختصر میں ایک خاتمہ بھی ہے جس پر محشیوں نے کہا ہے کہ یہ لفظ خاتمہ کا کاتب کی غلطی سے لکھ گیا ہے کیونکہ کتاب میں اس خاتمہ کا کہیں پتہ بھی نہیں ہے۔ ترتیب کے معنی لغت میں ہر چیز کو اس کے مرتبہ میں رکھنے کے ہیں اور اصطلاح میں بہت سی چیزوں کو اس طرح کر دینے کے کہ سب پر ایک لفظ بولا جائے۔ اور توفیق کے معنی یہ ہیں کہ بندہ کو اس کے مقصود خیر کے مطابق اسباب دیئے جائیں اور لفظ ملک بمعنی مالک ہے اور عزیز بمعنی غالب اور لفظ علام عالم کا مبالغہ ہے ۱۲ سے قولہ اما المقدمۃ الی قولہ وفیہا فصول ثلثۃ۔

(ت) بہرحال مقدمہ پس ان مبادی کے بیان میں ہے جن کا پہلے ذکر کرنا واجب ہے مسائل کے ان پر موقوف ہونے کی وجہ سے اور اس میں تین فصلیں ہیں۔ (ش) جیسا کہ ہر علم کے لئے تین باتیں جن کو مبادی کہتے ہیں مقاصد سے پہلے جاننا ضروری ہے ایسے ہی اس علم میں بھی ضروری ہیں ایک تعریف دوسری غرض تیسرے موضوع اس لئے مصنف نے ان تینوں چیزوں کے بیان کے لئے مقدمہ کی شرح قائم کی تاکہ اس کے تحت میں علم نحو کی تعریف اور اس کی غرض اور اس کا موضوع بیان کرے اور جس شرح کے تحت میں یہ تینوں مضمون ذکر کئے جاتے ہیں اس کا نام مقدمہ ہوتا ہے۔ اور مقدمہ کے لغوی معنی اس جماعت کے ہوتے ہیں جو لشکر کے آگے چلتی ہے۔ یہ مقدمہ مقدمۃ العلم کہلاتا ہے اور ایک مقدمۃ الکتاب ہوتا ہے یعنی وہ الفاظ مخصوصہ جو مقاصد سے پہلے اس وجہ سے ذکر کئے جاتے ہیں کہ مقاصد کا ان سے ربط اور تعلق ہوتا ہے اور لفظ مبادی مبدأ کی جمع ہے ابتدا میں جو مضامین لائے جائیں ان کو مبادی کہتے ہیں۔ اور مسائل یعنی مقاصد کے ان پر موقوف ہونے کا یہ مطلب ہے کہ ان کو جب ان کر مسائل کا علم بہت اچھی طرح ہو سکے گا ایسا نہ ہوگا کہ جیسے انجان آدمی کسی راستہ میں جاتا ہے ۱۲- عہ لفظ خاتمہ

الْمُبْتَدِی عَنْ فَہْمِ الْمَسَائِلِ وَسَمَّیْتُہٗ بِہِدَایَۃِ النَّحْوِ
رَجَاءَ اَنْ یَّہْدِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی بِہِ الطَّالِبِیْنَ وَرَتَّبْتُہٗ
عَلٰی مُقَدِّمَۃٍ وَّثَلٰثَۃِ اَقْسَامٍ وَّخَاتِمَۃٍ بِتَوْفِیْقِ الْمَلِکِ (بادشاہ)
الْعَزِیْزِ (غالب) الْعَلَّامِ (دانا) اَمَّا الْمُقَدِّمَۃُ فَفِی الْمَبَادِی الَّتِیْ یَجِبُ
تَقْدِیْمُہَا لِتَوَقُّفِ الْمَسَائِلِ عَلَیْہَا وَفِیْہَا فُصُوْلٌ ثَلٰثَۃٌ

علی وجہ البصیرۃ ۱۲

(بقیہ صفحہ ۳) مترادف لفظ ہیں اور مطلب یہ ہے کہ اکثر مواقع میں دلیلوں کو ترک کیا ہے پس اگر کسی جگہ دلیل ذکر کر دی ہو تو حرج نہیں لفظ تشتت یشوش مجہول بھی ہو سکتا ہے اور معروف بھی اگر مجہول پڑھا جائے تو لفظ ذہن مرفوع ہوگا تاکہ نائب فاعل ہو جائے اور اگر معروف پڑھا جائے تو لفظ ذہن منصوب ہوگا تاکہ مفعول بہ ہو جائے کیونکہ اس صورت میں فاعل اس کے اندر ضمیر ہوگی جس کا مرجع مختصر ہے اور لفظ مبتدی سے طالب علم مراد ہے لفظ مبتدی میں اس طرف اشارہ ہے کہ اس کتاب کا درجہ ابتدائی عملی ہے ۱۲
عہ از ظروف بینہ بر فہم مقلوب الاضافت ۱۲ عہ ۱ے محفوظ من الحشو والتطویل ۱۲ درایہ (متعلقہ صفحہ ہذا)
لہ قولہ وسمیتہ بہدایۃ النحو الی قولہ بہ الطالبین (ت) اور میں نے اس مختصر کا نام ہدایۃ النحو رکھا ہے اس بات کی امید کر کے کہ اللہ تو اس سے طالب علموں کو ہدایت بخشے (ش) لفظ رجاء مفعول لہ ہے سمیت کا اور یہی وجہ تسمیہ بھی ہے کہ مصنف نے وہ نام رکھ دیا جو سبب کا تھا کیونکہ کتاب ہدایت کا سبب ہے اور ہدایت کتاب کا مسبب ہے اور لفظ ہدایۃ مفعول اول کی طرف بذات خود متعدی ہوتا ہے اور مفعول دوم کی طرف کبھی بذات خود اور کبھی بذریعہ لام اور کبھی بذریعہ الی سب کی مثالیں قرآن مجید میں موجود ہیں ہدایۃ کے معنی اس دلالت کے ہیں جو مقصود تک پہنچا دے ۱۲

از قلم ناسخ سہو کردرین کتاب
اثرے ازان نیست ۱۲
الہامیہ -

سے تمام حالات جان سکے ۱۲ **٢** قولہ والغرض منہ صیانۃ الذہن عن الخطاء اللفظی فی کلام العرب (ت) علم نحو سے غرض ذہن کو بچانا ہے لفظی خطا سے کلام عرب میں (ش) منہ کی ضمیر علم نحو کی طرف راجع ہے غرض سے وہ سبب مراد ہے جس کے لئے فاعل سے کوئی فعل سرزد ہو جیسا نۃ الذہن میں صیانت کی اضافت مفعول کی طرف ہے اور خطا کو لفظی کے ساتھ مقید کرنے سے خطاء معنوی اور خطاء فکری نکل گئی۔ خطا معنوی سے علم معانی و بیان بچاتا ہے اور خطا فکری سے علم منطق اسی سے علم نحو کی شرافت ظاہر ہو گئی کیونکہ قرآن کریم اور حدیث نبوی کے معانی اور مطالب صحیحہ کا سمجھنا اس پر موقوف ہے کہ عبارت غلط نہ ہو اور یہ بات علم نحو ہی سے معلوم ہو سکتی ہے کہ عبارت صحیح ہے یا غلط علم نحو کو علم نحو اس وجہ سے کہتے ہیں کہ ابو اسود دئلی نے جب کسی کو قرآن شریف غلط پڑھتے سنا تو حضرت علیؓ سے کہا میں عربی زبان کے لئے ایک میزان تیار کرنا چاہتا ہوں تاکہ عرب میں پڑھی جائے اس پر حضرت علیؓ نے فرمایا کہ انتحہ نحوہ یعنی اس طرف قصد کرنا چاہئے اور ایک نام اس کا علم اعراب بھی ہے۔ **٣** قولہ وموضوعہ الکلمۃ والکلام (ت) اور علم نحو کا موضوع کلمہ اور کلام ہے۔ (ش) چونکہ نحوی کلمہ اور کلام کے احوال اعراب و بنا اور ان کے متعلقات سے بحث کرتا ہے اور یہ احوال کلمہ اور کلام کے عوارض ذاتیہ ہیں لہٰذا یہ دونوں چیزیں (کلمہ اور کلام) علم نحو کے موضوع قرار پائے اور جب دو چیزیں کسی ایک امر میں شریک ہوں تو وہ ایک علم کا موضوع بن سکتی ہیں موضوع ہر علم کا وہ شے ہوتی ہے جس کے عوارض ذاتیہ سے اس میں بحث کی جائے ۱۲ **٤** قولہ فصل الکلمۃ لفظ وضع لمعنی مفرد (ت) کلمہ ایک لفظ ہے جو معنی مفرد کیلئے وضع کیا ہو (ش) چونکہ کلمہ کلام کا جز ہوتا ہے اس لئے کہ کلام دو کلموں سے بنتا ہے اور جز کل سے پہلے ہوتا ہے لہٰذا مصنف نے پہلے کلمہ کی بحث شروع کی الکلمۃ پر الف لام جنس کا ہے نہ عہدی نہ استغراقی اور تاء جو اس میں وحدت کی لگی ہوئی ہے وہ الف لام جنسی ہونے کی منافی نہیں کیونکہ وحدت جنسی اس کثرت کے مخالف نہیں جو جنس میں ہوتی ہے البتہ وحدت شخصی کثرت جنسی کے مخالف ہے اور وہ یہاں مراد نہیں اس لئے بولتے ہیں کہ یہ واحد جنسی ہے جس طرح بولتے ہیں کہ یہ واحد نوعی ہے معلوم ہوا کہ واحد نوعی

٥

فصلٌ النحو علمٌ باصول یُعرفُ بها احوالُ اواخرِ الکَلِمِ الثلٰث من حیثُ الاعرابِ والبناءِ وکیفیّةِ ترکیبِ بعضِها مع بعضٍ والغرضُ منه صیانةُ الذهنِ عن الخطأ اللفظیِّ فی کلامِ العربِ وموضوعُه الکلمةُ والکلامُ فصلٌ الکلمةُ لفظٌ وُضِعَ لمعنًی

١ قولہ فصل النحو علم باصول یعرف بہا احوال اواخر الکلم الثلث من حیث الاعراب والبناء وکیفیۃ ترکیب بعضہا مع بعض (ت) یہ پہلی فصل ہے۔ نحو ایسے چند قاعدوں کے جاننے کا نام ہے جن کے ذریعہ تینوں کلموں کے اخیر کے حالات پہچانے جاتے ہیں باعتبار معرب ہو نے اور مبنی ہونے کے اور نام ہے بعض کلموں کو دوسرے بعض کے ساتھ مرکب کرنے کی کیفیت کے جاننے کا۔ (ش) اصول اصل کی جمع ہے جیسے فصول فصل کی لغت میں اصل وہ شئے ہے جس پر دوسری شئے مبنی ہو اور اس کی طرف دوسری شئے کا وجود نسبت کیا جائے۔ اور اصطلاح میں ان کلی قاعدوں کا نام ہے جو اپنے ماتحت جزئیات پر منطبق ہوں۔ اور قاعدہ اور قانون اور ضابطہ بھی اصل کے ہم معنی ہیں۔ لفظ علم باصول بمنزلہ جنس کے ہے اور جب کہ یعرف بہا احوال اواخر الکلم الثلث تو نحو اور صرف کے ماسوا سب علوم نکل گئے اور تینوں کلموں سے مراد اسم، فعل اور حرف ہے۔ اور جب کہا من حیث الاعراب والبناء تو علم صرف نکل گیا۔ اور اعراب و بناء احوال کا بیان ہے اور کیفیۃ ترکیب الخ کا عطف لفظ اصول پر ہے لہٰذا اس کو مجرور پڑھنا چاہئے اور حالات پہچاننے سے تمام حالات کا جاننا مراد ہے اور تمام حالات جاننے سے مراد یہ ہے کہ اس کو ایسا ملکہ حاصل ہو جائے کہ جس کے ذریعہ

اور واحد جنسی محال نہیں اور لفظ لفظ میں تاء نہ لائے تاکہ اس طرف اشارہ ہو کہ یہ لفظ جنس ہے جو قلیل اور کثیر سب کو شامل ہے اگر کوئی کہے کہ مبتدا خبر میں مطابقت نہیں ہوئی کیونکہ الکلمۃ مونث ہے اور لفظ مذکر تو جواب یہ ہے کہ لفظ مصدر ہے اس میں مذکر اور تانیث سب برابر ہے پھر لفظ بہ نسبت لفظۃ کے مشہور ہے اور لفظ کے لغوی معنی پھینکنے کے ہیں جیسے لفظت الرحیٰ الدقیق چکی نے آٹا پھینکا اور اصطلاح میں اس آواز کو کہتے ہیں جو حروف کے مخارج پر اعتماد کرتی ہے اور بقول بعض ما یتلفظ بہ الانسان کو خواہ حقیقۃ ہو یا حکماً مہمل ہو یا موضوع مفرد ہو یا مرکب اور ما یتلفظ بہ الانسان کے یہ معنی ہیں کہ انسان جس چیز کا تلفظ کر سکے اس لئے کلمات الٰہیہ اور کلمات ملائکہ اور کلمات جن وغیرہ سب کو شامل ہے۔ اور وضع کے لغوی معنی کسی چیز کو اس کے حیز میں رکھنے کے ہیں اور اصطلاح میں کسی شئی کو دوسرے شئی کے لئے متعین کرنا اس طرح کہ جب پہلی چیز کو بولا جائے یا محسوس کیا جائے تو دوسری شے سمجھی جائے خواہ وہ از قبیل کلام ہو یا غیر کلام جیسے انگلیوں کا عقد گنتی پر دلالت کرتا ہے اور جب (باقی برصفحہ آئندہ)

(متعلقہ صفحہ ہٰذا) ۱ قولہ وہی منحصرۃ فی ثلثۃ اقسام اسم وفعل وحرف (ت) اور وہ تین قسموں میں منحصر ہے ایک اسم دوسرا فعل تیسرا حرف (ش) اگر کوئی اعتراض کرے کہ ضمیر ہی کا مرجع اگر کلمہ باعتبار لفظ ہے تو یہ تقسیم درست نہیں کیونکہ الکلمۃ عبارت ہے اسم ہے اس لئے کہ اس پر الف لام داخل ہے لہٰذا تقسیم شئے اپنے نفس اور اپنے قسیم کی طرف لازم آتی ہے اور اگر اس کا مرجع کلمہ کے معنی ہیں تو واجب تھا کہ ضمیر مذکر لائی جاتی کیونکہ کلمہ کے معنی لفظ ہیں جواب یہ ہے کہ مرجع ضمیر لفظ کلمہ ہی ہے مگر باعتبار معنی کے لہٰذا ضمیر کو مذکر لانا ضروری نہیں اور لفظ اسم فعل وحرف میں حرکت زیر بھی پڑھ سکتے ہیں اور پیش بھی زیر تو اس وجہ سے کہ یہ تینوں معطوف معطوف علیہ مل کر ثلثۃ اقسام سے بدل ہو جائیں اور پیش اس وجہ سے کہ ہر ایک خبر ہو مبتدا محذوف کی اصل میں عبارت یوں تھی اولہا اسم وثانیہا فعل وثالثہا حرف یا ہی بتدا محذوف ثانی جملہ جس کا مرجع ثلثۃ اقسام ہے مگر بہتر بدل ٹھہرانا ہے کیونکہ اس میں حذف نہیں ماننا پڑتا ۲ ۔

٦

مُفْرَدٌ وَهِيَ مُنْحَصِرَةٌ فِي ثَلٰثَةِ اَقْسَامٍ اِسْمٌ وَفِعْلٌ وَ حَرْفٌ لِاَنَّهَا اِمَّا اَنْ لَا تَدُلَّ عَلٰى مَعْنًى فِي نَفْسِهَا وَهُوَ الْحَرْفُ اَوْ تَدُلَّ عَلٰى مَعْنًى فِي نَفْسِهَا وَيَقْتَرِنُ مَعْنَاهَا بِاَحَدِ الْاَزْمِنَةِ الثَّلٰثَةِ وَهُوَ الْفِعْلُ اَوْ تَدُلَّ عَلٰى مَعْنًى فِي نَفْسِهَا وَلَمْ يَقْتَرِنْ مَعْنَاهَا بِهٖ وَهُوَ الْاِسْمُ فَحَدُّ الْاِسْمِ كَلِمَةٌ تَدُلُّ عَلٰى مَعْنًى فِي نَفْسِهَا غَيْرَ مُقْتَرِنٍ بِاَحَدِ الْاَزْمِنَةِ الثَّلٰثَةِ اَعْنِي

۲ قولہ لانہا اما ان لا تدل علی معنی فی نفسہا وہو الحرف (ت) اس لئے کہ وہ کلمہ یا یہ کہ دلالت نہ کرے گا ایسے معنی پر جو کلمہ کی ذات میں ہیں اور وہ تو حرف ہے (ش) اگر کوئی اعتراض کرے کہ لانہا اما میں انکی ان لا تدل ہے اور اس کا خبر بنانا صحیح نہیں کیونکہ ان لا تدل مصدر ہے اور ان کا اسم ضمیر ہا ہے جس کا مرجع کلمہ ہے اور وہ ذات ہے اور مصدر کا حمل ذات پر صحیح نہیں تو جواب یہ ہے کہ کلمہ اما کے بعد من صدقتہا محذوف ہے یا جو خبر مقدم ہے اور ان لا تدل مبتدا مؤخر ہے۔ مبتدا مؤخر اپنی خبر مقدم سے مل کر ان کا خبر ہے اور من صدقتہا کا حمل ان لا تدل پر درست ہے کیونکہ من صدقتہا ثابت کے متعلق ہے یا ثبت کے اور دونوں صورتوں میں حمل درست ہے اس وجہ سے کہ ذات مع الوصف کا حمل ذات پر بھی ہو سکتا ہے اور ثبت کے ساتھ متعلق ہونے کی صورت میں جملہ فعلیہ بھی ہو سکتا ہے اس طرح کہ ان لا تدل ثبت کا فاعل ہو اور جملہ فعلیہ ہو کر ان کی خبر ہو ایسے ہی باقی دونوں قسموں میں سمجھو۔ ۳ قولہ او تدل علی معنی الیٰ قولہ وہو الفعل (ت) یا دلالت کرے گا کسی ایسے معنی پر جو کلمہ کی ذات میں ہیں اور اس کلمہ کے معنی تین زمانوں میں ایک زمانہ کے ساتھ متصل بھی ہوں گے اور وہ فعل ہے یا دلالت کرے گا اپنے معنی پر جو کلمہ کی ذات میں ہیں مگر اس کلمہ کے معنی کسی زمانہ کے ساتھ تینوں زمانوں میں سے متصل نہ ہوں گے اور وہ اسم ہے پس اسم کی تعریف یہ ہوئی کہ وہ ایک کلمہ ہے جو ایسے معنی پر دلالت کرتا ہے کہ کلمہ ذات میں ہیں در ایں حالیکہ متصل نہ ہو کسی ایک زمانہ کے ساتھ تینوں زمانوں میں سے یعنی ماضی۔ حال اور استقبال میں سے مثلاً رجل اور علم (ش) کلمہ کی ذات میں معنی ہونے کا مطلب یہ ہے کہ کلمہ اپنے معنی پر بالذات دلالت کرتا ہو اور ضم ضمیمہ کی حاجت نہ ہوتی ہو اس سے حرف نکل گیا کیونکہ اس کی دلالت اپنے معنی پر بالذات نہیں ہوتی بلکہ ضم ضمیمہ کی ضرورت پڑتی ہے اور لفظ غیر مقترن میں غیر یا مجرور ہے اس وجہ سے کہ وہ معنی کی صفت ہے یا مرفوع ہے اس وجہ کہ مبتدا محذوف کی خبر ہے یا منصوب ہے اس وجہ سے کہ وہ معنی سے حال ہے اور معنی کے غیر مقترن بالزمان ہونے کا یہ مطلب ہے کہ وہ وضع کے اعتبار سے غیر مقترن ہو اگرچہ استعمال میں زمانہ لگ جائے جیسے زید ضارب عمرو الآن او غدا کہ اس میں ضارب کے ساتھ زمانہ استعمالاً ہے نہ وضعاً اسم کی دو مثالیں اس وجہ سے دیں کہ ان میں سے پہلی مثال اسم جامد کی اور دوسری مصدر کی ہے ۴ مرجع ضمیر کلمہ است و تذکیر آں بلحاظ خبر ۔

بقیہ صفحہ۔ جب وضع کے مفہوم میں معنی داخل ہیں تو وضع کے بعد معنی کی قید تجرید پر مبنی ہے وضع کے لفظ سے مہملات اور تمام وہ الفاظ نکل گئے جن کی دلالت معنی پر طبعی ہو جیسا کہ وضع کی تعریف میں جو حسب کا ذکر کیا گیا ہے اس کی وجہ سے دال اربع وضع ہیں داخل ہو گئے اور لفظ ... معنی مشدد کا تخفیف ہے بمعنی قصد کیا گیا اور یا اسم مکان ہے بروزن مفعل بمعنی مقصد اور یا مصدر ہے جو مفعول کی جگہ رکھ دیا گیا ہے جس طرح ملفوظ کی جگہ لفظ رکھ دیا گیا ہے اور جیسے بولا جاتا ہے ہٰذا الدرہم ضرب الامیر یعنی مضروب اور اصطلاح میں معنی وہ چیز ہے جو لفظ سے قصد کی جائے اور مفرد یا لفظ کی صفت ہے یا معنی کی اگر لفظ کی صفت ہو تو مفرد کی تعریف یہ ہے کہ اس کے جز کی دلالت اس کے معنی کے جز پر مقصود نہ ہو۔ اور اگر معنی کی صفت ہو تو تعریف یہ ہے کہ اس کے اوپر اس کے لفظ کی جز کی دلالت مقصود نہ ہو۔ ۵ زیرا کہ خبط معنوی از علم معانی و بیان میشود ۔ ۶ چوں کلمہ جزو کلام ست لہٰذا بر کلام مقدم شد ۔

اسم کا خاصہ اس سبب سے کہ اضافت تین باتوں میں سے کسی ایک بات کیلئے ہوتی ہے اور وہ تینوں باتیں اسم ہی کے ساتھ خاص ہیں لہذا اضافت بھی اسم کے ساتھ خاص ہے اور وہ تینوں باتیں یہ ہیں ایک تعریف دوسری تخصیص اور تیسری تخفیف اور تینوں کا اسم کے ساتھ خاص ہونا ظاہر ہے. اور لام تعریف کا اسم پر داخل ہونا اس سبب سے ہے کہ معرفہ اسم ہی ہوتا ہے اور جر کا داخل ہونا اسم کا خاصہ اس وجہ سے ہے کہ مضاف الیہ کی علامت ہے اور مضاف الیہ ہونا اسم کے ساتھ خاص ہے اور تنوین سے مراد تنوین ترنم کے ما سوا ہے یعنی تنوین تمکن اور تنوین عوض تنوین تنکیر تنوین مقابلہ اور تنوین ترنم اسم فعل حرف سب میں پائی جاتی ہے اور تنوین کے اسم کے ساتھ خاص ہونے کی وجہ یہ ہے کہ تنوین اپنے مابعد سے انفصال چاہتی ہے اور فعل اپنے فاعل سے اتصال چاہتا ہے اور تثنیہ و جمع وتصغیر ہونا اسم کے ساتھ اس وجہ سے خاص ہے کہ فعل کی دلالت صرف ماہیت پر ہوتی ہے جو قلت اور کثرت سے خالی ہے اور تصغیر قلت پر دال ہے اور تثنیہ وجمع کثرت پر۔

الماضي والحال والاستقبال كرجلٍ وعلمٍ وعلامة صحة

الإخبار عنه نحو زيدٌ قائمٌ والإضافة نحو غلامِ زيدٍ ودخول

لام التعريف كالرجل والجرّ والتنوين نحو بزيدٍ والتثنية و

الجمع والنعت والتصغير والنداء فإنّ كلّ هذه خواصّ

الاسم ومعنى الإخبار عنه أن يكون محكوما عليه لكونه فاعلا

أو مفعولا أو مبتدأ ويسمّى اسما لسموّه على قسيميه لا لكونه

وسما على المعنى وحدّ الفعل كلمة تدلّ على معنى في

٥ قولہ ومعنی الاخبار الی قولہ وسما على المعنى (ت) اور اسم کی خبر دینے کے معنی اس کا محکوم علیہ ہونا ہے مثلاً فاعل یا مفعول مالم یسم فاعلہ یا مبتدا ہونا اور اسم کا نام اسم اس وجہ سے رکھا گیا ہے کہ وہ اپنے دونوں قسموں سے بلند ہے نہ اس کے اپنے معنی پر علامت ہونے کی وجہ سے (ش) چونکہ اخبار عنہ کے لفظ سے متبادر یہ تھا کہ اسم کا خاصہ اس کا مخبر عنہ یعنی مبتدا ہونا ہے۔ حالانکہ ایسا نہیں بلکہ مسند الیہ ہونا مراد ہے خواہ وہ فاعل ہو یا مبتدا اس لئے اس کے معنی بیان کر دیئے اور وجہ تسمیہ اسم کی اس لئے بیان کی تاکہ اس طرف اشارہ ہو جائے کہ مصنف نے بصریوں کا مذہب اختیار کیا ہے وہ یہ کہ اسم اصل میں سُمُوٌّ تھا جس کے معنی بلند اور اونچے ہونے کے ہیں اور اسم کا فعل و حرف پر غالب ہونا اس اعتبار سے ہے کہ وہ مسند اور مسند الیہ دونوں بن سکتا ہے اور کوفیوں کا مذہب اختیار نہیں کیا وہ یہ کہ اسم اصل میں وَسْمٌ تھا جس کے معنی علامت کے ہیں۔ ٥ قولہ وحد الفعل کلمۃ الی قولہ نحو ضربت (ت) اور فعل کی تعریف یہ ہے کہ وہ ایک کلمہ ہے جو ایسے معنی پر دلالت کرے جو اس کی ذات میں ہیں ایسی دلالت جو اس معنی کے زمانہ کے ساتھ متصل ہو مثلاً ضرب یضرب اضرب اور علامت فعل کی اس کے مخبر بہ ہونے کا صحیح ہونا ہے نہ مخبر عنہ. اور لفظ قد اور سین اور سوف اور جزم داخل ہونا اور ماضی مضارع

١ قولہ وعلامۃ صحۃ الاخبار عنہ نحو زید قائم الی قولہ فان کل ہذہ خواص الاسم (ت) اور اسم کی علامت اس کی کوئی خبر دینے کا صحیح ہونا ہے جیسے زید قائم میں زید مخبر عنہ ہے یعنی مسند الیہ اور مضاف ہونا جیسے غلام زید میں غلام اور لام تعریف کا داخل ہونا جیسے الرجل. اور جر کا داخل ہونا اور تنوین کا داخل ہونا جیسے بزید اور تثنیہ اور جمع ہونا اور صفت ہونا اور تصغیر ہونا اور منادیٰ ہونا کیونکہ یہ سب اسم کے خواص ہیں (ش) مسند الیہ ہونا اسم کا خاصہ اس وجہ سے ہے کہ فعل کی وضع اس لئے ہوتی ہے کہ مسند ہو پس اگر وہ مسند الیہ ہو جائے تو خلاف وضعی لازم آتا ہے. اور مضاف ہونا

کی طرف اس کی گردان ہونا اور اس کا امر یا نہی ہونا ضمیر بارز مرفوع کا متصل ہونا جیسے ضربتُ (ش) اگر کوئی اعتراض کرے کہ مضارع فعل سے خارج ہو گیا کیونکہ اس کے معنی دو زمانوں کے ساتھ متصل ہیں تو جواب یہ ہے کہ جب مضارع دو زمانوں کے ساتھ متصل ہو تو ایک کے ساتھ بھی ضرور متصل ہے کیونکہ دو کے ضمن میں ایک بھی موجود ہے اور اتصال سے وضعی اتصال مراد ہے لہذا جن افعال میں استعمال کے اعتبار سے زمانہ نہ ہو وہ فعل کی تعریف میں داخل رہیں گے خارج نہ ہونگے کیونکہ وضع کے اعتبار سے ان میں بھی زمانہ موجود ہے جیسے نعم اور عسیٰ وغیرہ اور لفظ قد داخل ہونا فعل کا خاصہ اس سبب سے ہے کہ قد کا استعمال ماضی کو حال سے قریب کرنے کے لئے آتا ہے جیسے قد قامت الصلوٰۃ اور کبھی مضارع کی تقلیل کے لئے جیسے ان الکذوب قد یصدق اور کبھی تحقیق مضارع کیلئے جیسے قد یعلم اللہ المعوقین الخ اور سین و سوف فعل کے ساتھ اس لئے خاص ہیں کہ ان کی وضع زمانہ استقبال کے لئے ہوتی ہے اور وضعی زمانہ فعل ہی میں ہوتا ہے اور جزم اس لئے خاص ہے کہ جزم کا موثر فعل کے ساتھ خاص ہے یعنی جازم اور ماضی ا باقی بر صفحہ آئندہ

(بقیہ صٹ) اور ماضی مضارع کی طرف گردان کے خاص ہونے کی وجہ ظاہر ہے اور ضمائر بارزہ مرفوعہ کے خاص ہونے کی وجہ یہ ہے کہ یہ ضمیریں فاعل کی ہوتی ہیں اور فاعل اگرچہ فعل کے فروع کا بھی ہوتا ہے مگر ضمیر بارزہ کو فعل کے ساتھ اس لئے خاص کر دیا تاکہ فعل اور اس کی فروع برابر نہ ہو جاویں اور ضمیر مستتر کو عام رکھنے کی وجہ یہ ہے کہ وہ اخف اور اخصر ہوتی ہے لہٰذا وہ تعمیم کے ساتھ زیادہ لائق ہے ۱۲، عہ اے مفعول مالم یسم فاعلہ ۱۲. . . . .

(متعلقہ صفحہ ہٰذا) لہ قولہ وتاء التانیث الساکنۃ الی قولہ فان کل ھذہ خواص الفعل (ت) اور تاء تانیث ساکن داخل ہونا جیسے ضربت اور تاکید کے دونوں نون (خفیفہ اور ثقیلہ) متصل ہونا کیونکہ یہ سب فعل کے خواص ہیں (ش) اور تاء تانیث ساکنہ فعل کے ساتھ اس لئے خاص ہے کہ وہ فاعل کے مونث ہونے پر دلالت کرتی ہے لہٰذا فعل کے ہی ساتھ خاص کر دی گئی کیونکہ اسم فاعل وغیرہ یعنی شبہ فعل میں یہ کام تاء متحرکہ سے لیا جاتا ہے اور نون تاکید کے خاص ہونے کی وجہ یہ ہے کہ یہ دونوں نون حصول فعل مطلب کی تاکید کے لئے آتے ہیں اور خواص خاصہ کی جمع ہے اور خاصہ سے نحوی خاصہ مراد ہے یعنی جو کسی چیز کے ساتھ خاص ہو کر اس کے غیر میں نہ پایا جائے ۱۲ ۲ہ قولہ ومعنی الاخبار بہ الی قولہ فعل الفاعل حقیقۃ (ت) اور خبر ہونے کے معنی یہ ہیں کہ وہ مسند (محکوم بہ) ہو اور نام رکھا گیا ہے فعل اپنی اصل کے نام کے ساتھ اور وہ مصدر ہے کیونکہ مصدر حقیقت میں فاعل کا فعل ہے (ش) مطلب یہ ہے کہ حقیقت میں فعل مصدر کا نام ہے پھر اصطلاحی فعل کہنے لگے کیونکہ کبھی کل کا وہ نام رکھ دیتے ہیں جو جز کا ہوتا ہے اور لفظا باصلہ میں اس طرف اشارہ ہے کہ مصنف کے نزدیک بصریوں کا مذہب مختار ہے وہ یہ کہ اشتقاق کے اعتبار سے مصدر فعل کی اصل ہے ۱۲، ۳ہ قولہ وحد الحرف کلمۃ الی قولہ من البصرۃ الی الکوفۃ (ت) اور حرف کی تعریف یہ ہے کہ وہ ایک کلمہ ہے جو ایسے معنی پر دلالت نہیں کرتا جو کلمہ کی ذات میں ہیں بلکہ ایسے معنی پر دلالت کرتا ہے جو کلمہ کے غیر میں ہیں جیسے لفظ من کہ اس کے معنی ابتداء ہیں اور کلمہ من اس پر دلالت نہیں کرتا مگر اس چیز کے ذکر کے بعد کہ جس سے ابتداء ہوئی ہے مثلاً بصرہ اور کوفہ جیسا کہ تم کہو سرت من البصرۃ الی الکوفۃ سیر کی میں نے بصرہ سے کوفہ تک (ش) اپنے معنی پر جو کلمہ کے غیر میں ہوں دلالت کرنے کا

نفسِهَا دلالةً مقترنةً بزمانٍ ذٰلكَ المعنى كضرَبَ يضرِبُ

اِضرِبْ وعلامتُهُ ان يصحَّ الاخبارُ بهِ لا عنهُ ودخولُ قدْ وَ

السّين وسوفَ والجزمُ والتصريفُ الى الماضي والمضارع

وكونُهُ امرًا او نهيًا واتّصالُ الضمائرِ البارزةِ المرفوعةِ

نحو ضربتُ وتاءِ التانيثِ الساكنةِ نحو ضربَتْ ونونَيِ

(اے الثقیلۃ والخفیفۃ ۱۲)

التاكيدِ فانّ كلَّ هٰذه خواصُّ الفعلِ ومعنى الاخبارِ

بهِ ان يكونَ محكومًا بهِ ويُسمّٰى فعلًا باسمِ اصلهِ وهو

المصدرُ لانّ المصدرَ هو فعلُ الفاعلِ حقيقةً

وحدُّ الحرفِ كلمةٌ لا تدلُّ على معنًى في نفسِها بل تدلُّ

مطلب یہ ہے کہ حرف کے معنی تو ذہن میں ہیں مگر محض حرف ان پر دلالت نہیں کر سکتا جب تک کہ اس کے متعلق کو ذکر نہ کیا جائے۔ حرف کی اس تعریف پر ان اسماء کا اعتراض پڑتا ہے جو ہمیشہ مضاف ہی ہوتے ہیں کیونکہ وہ بھی اپنے معنی پر دلالت کرنے میں مضاف الیہ کے محتاج ہیں جس طرح حرف محتاج ہے پس حرف کی تعریف دخول غیر سے مانع نہ ہوئی جواب یہ ہے کہ حرف اپنی وضع کے اعتبار سے متعلق کا ذکر کا محتاج ہوتا ہے اور یہ اسماء جو لازمۃ الاضافۃ ہیں اپنی وضع کے اعتبار سے محتاج نہیں ہیں ایسے ہی اسم موصول اور اسم اشارہ اور ضمیر غائب کے اعتراضات کا بھی یہی جواب ہے ۱۲، عہ الذی ہو احد من الازمنۃ الثلثۃ ۱۲ عہ فائدہ از دیاد لفظ ان یصح مذکور ست فتذکر ۱۲، ش ۶ ۶

لہ جزم اثر جازم باشد و آں خاص بفعل بود پس اثر ش نیز مختص بفعل خواہد بود ۱۲، لله اے باسم چیزے کہ فعل از و مشتق باشد ۱۲

ص پر تسمیہ بر سبیل حقیقت و اصالت باشد ۱۲ درایہ

سلہ قولہ وعلامتہ ان لا یصح الاخبار الی قولہ ولا علامات الافعال (ت) اور حرف کی علامت یہ ہے کہ صحیح نہیں ہوتا خبر دینا اس کی اور خبر دینا اس کے ساتھ اور یہ کہ وہ قبول نہیں کرتا اسموں کی علامتوں کو اور نہ فعلوں کی علامتوں کو۔ سکہ قولہ وللحرف فی کلام العرب فوائد الی قولہ ان شاء اللہ تعالیٰ (ت) اور حرف کے لئے کلام عرب میں چند فائدے ہیں مثلاً دو اسموں میں ربط پیدا کرنا جیسے زید فی الدار۔ زید گھر میں ہے اور دو فعلوں میں ربط پیدا کرنا جیسے ارید ان تضرب۔ میں ارادہ کرتا ہوں کہ تو مارے۔ یا یہ ایک اسم اور ایک فعل میں ربط دینا جیسے ضربت بالخشبۃ میں کڑی سے مارا یا دو جملوں کے درمیان ربط کرنا جیسے ان جاء نی زید اکرمتہ یعنی اگر میرے پاس زید آئے گا تو میں اس کی عزت کروں گا۔ اور اس کے اور بھی فائدے ہیں جن کو تیسری قسم میں تو جان لے گا اگر خدائے تعالیٰ نے چاہا

٩

على معنًى في غيرها نحو من فانّ معناها الابتداء وهي لا تدلّ عليه الا بعد ذكر ما منه الابتداء كالبصرة والكوفة مثلا تقول سرت من البصرة الى الكوفة وعلامته ان لا يصحّ الاخبار عنه ولا به وان لا يقبل علامات الاسماء ولا علامات الافعال وللحرف في كلام العرب فوائد كالربط بين الاسمين نحو زيد في الدار والفعلين نحو أريد ان تضرب او اسم وفعل كضربت بالخشبة او الجملتين نحو ان جاءني زيد اكرمته وغير ذلك من الفوائد التي تعرفها في القسم الثالث ان شاء الله تعالى وسمّي حرفا لوقوعه

(ش) پہلے کلام سے یہ بات سمجھ میں آئی تھی کہ کلام سے مقصود معنی سمجھانا ہے اور حرف اپنے معنی بتلانے میں مستقل نہیں تو شبہ ہوتا تھا کہ حرف کی وضع بے کار ہے لہٰذا اس شبہ کو دفع کرنے کے لئے مصنف رحمۃ اللہ علیہ نے کہا کہ حرف کا استعمال بے فائدہ نہیں ہے بلکہ اس کے لئے بہت سے فائدے ہیں جن میں سے کچھ تھوڑے سے فائدے یہاں بھی بیان کر دیئے اور لفظ ان شاء اللہ محض ادب اور اتباع سنت کے لئے لائے ہیں کیونکہ قرآن شریف میں بھی اس کے کہنے کا امر فرمایا ہے ارشاد ہے ولا تقولن لشیء انی فاعل ذلک غدا الا ان یشاء اللہ۔ لفظ فوائد فائدہ کی جمع تکسیر ہے اور چونکہ یہ وزن جمع کثرت کا ہے۔ اس لئے اس کے یہاں لانے میں اس طرف اشارہ ہے کہ حرف کے فائدے بہت سے ہیں ۱۲

سکہ قولہ وسمی حرفا لوقوعہ فی الکلام حرفا اے طرفا اذ لیس مقصود بالذات مثل المسند والمسند الیہ۔ (ت) اور حرف کا نام حرف اس لئے رکھا گیا ہے کہ وہ کلام میں حرف یعنی کنارہ میں واقع ہوتا ہے نہیں ہوتا ہے حرف مقصود بالذات مسند اور مسند الیہ کے مانند (ش) یہ حرف کی وجہ تسمیہ ہے خلاصہ یہ ہے کہ حرف کا لغوی معنی طرف (کنارہ) کے ہیں بولا جاتا ہے حرف الوادی (صحرا کا کنارہ) اور حرف میں بھی یہ بات موجود ہے کہ وہ کلام میں طرف یعنی ایک جانب ہوتا ہے مقصود بالذات مسند اور مسند الیہ نہیں ہوتا۔ لفظ طرفا منصوب ہے کیونکہ وہ حرف کی تفسیر ہے اور کلمہ حرفا ترکیب میں حال ہے اور مفسر و مفسر کا اعراب ایک ہی ہوتا ہے۔ اور حرفا وقوعہ کی ضمیر سے حال ہے اور یہ بھی ہو سکتا ہے کہ حرفا وقوع کی خبر ہو جب کہ وقوع کو افعال ناقصہ میں شمار کیا جائے ۱۲

سـہ ای ابتداء الخبر فی المقید بالبصرۃ مثلا ولا ابتداء مطلقا ۱۲

لـه قوله الکلام الی قوله (یسمی جملة بت) کلام ایک لفظ ہے جو متضمن ہو ایسے دو کلموں کو اسناد کے ساتھ اور اسناد نسبت کرنا ہے ایک کلمہ کا دوسرے کلمہ کی طرف اس طور پر کہ مخاطب کو پورا فائدہ بخشے کہ جب ہو اس پر سکوت صحیح ہو جیسے زید قائم اور قام زید اور کلام کا نام جملہ بھی رکھا جاتا ہے (ش) کلام کی تعریف میں لفظ جنس ہے کیونکہ مہملات اور مفردات اور مرکبات کلامیہ اور غیر کلامیہ سب کو شامل ہے اور تضمن کلمتین فصل ہے کیونکہ اس سے مفردات نکل گئے اور بالاسناد کہنے سے مرکبات غیر کلامیہ نکل گئے اور بالاسناد میں باء سببیت کی ہے یعنی تضمنا حاصلا بسبب الاسناد اور ہو سکتا ہے کہ باء الصاق کی ہو یعنی تضمنا ملتصقا بالاسناد اور فائدہ تامہ سے مراد یہ ہے کہ متکلم کا اس پر سکوت صحیح ہو مطلب یہ کہ اگر متکلم اس پر سکوت کرے تو قبل طرف کے لئے کسی حالت میں اس کو خطا کا کہنے کا حق نہ ہو تب اسناد میں وہ جملہ بھی داخل ہے جو خبر یا صفت واقع ہو مثلا کسی نے کہا قائم رجل غلام عندی تو اس میں دو اسناد ہیں ایک قیام کا رجل کی طرف

اور ایک عندی کا غلام کی طرف اور دونوں اسناد ایسے ہیں کہ جب متکلم ان پر سکوت کرے تو مخاطب کو فائدہ تامہ حاصل ہو یعنی پھر مخاطب کو [illegible] انتظار [illegible] سکوت کرنا صحیح نہیں کیونکہ مخاطب کو مسند یا مسند الیہ کا انتظار اس کے بعد باقی رہتا ہے اگر کوئی کہے کہ ضرب زید کلام نہ ہونا چاہئے کیونکہ اس پر مخاطب کو مفعول کا انتظار باقی رہتا ہے علی ہذا القیاس ظرف زمان اور ظرف مکان کا تو جواب یہ ہے کہ انتظار سے مراد یہ ہے کہ مسند یا مسند الیہ کا انتظار باقی رہے اور ضرب زید کے بعد اس قسم کا انتظار باقی نہیں رہتا

فی الکلامِ حرفًا ای طرفًا اذ لیس مقصودًا بالذات مثل المسند والمسند الیہ **فصلٌ** الکلام لفظٌ تضمّن کلمتین بالاسنادِ والاسنادُ نسبةُ اِحدی الکلمتین الی الاخری بحیث تُفید المخاطبَ فائدةً تامةً یصحّ السکوتُ علیها نحو زیدٌ قائمٌ وقام زیدٌ ویسمّی جملةً فعُلم انّ الکلام لا یحصل الّا من اسمین نحو زیدٌ قائمٌ ویسمّی جملةً اسمیّةً او من فعلٍ واسمٍ نحو قام زیدٌ ویسمّی جملةً فعلیّةً اِذ لا یوجد المسندُ والمسندُ الیہ معًا فی غیرهما ولابدّ للکلام منهما فان قیل قد نُوقض بالنداء نحو یا زید قلنا حرفُ النداء قائمٌ مقام ادعو واطلب

سـه قوله فعلم ان الکلام الی قوله ولابد للکلام منهما (ت) پس جانا گیا کہ کلام موجود نہیں ہوتا مگر دو اسموں سے جیسے زید قائم اور نام رکھا جاتا ہے جملہ اسمیہ یا ایک فعل اور ایک اسم سے جیسے قام زید اور نام رکھا جاتا ہے جملہ فعلیہ اس لئے کہ نہیں پائے جاتے مسند اور مسند الیہ دونوں سوا ان دونوں صورتوں کے اور ان دونوں کا پایا جانا ضروری ہے (ش) مطلب یہ ہے کہ کلام میں اسناد کا ہونا ضروری ہے تو کلام کا پایا جانا صرف دو صورتوں میں منحصر ہوگیا کیونکہ ان کے ماسوا میں مسند و مسند الیہ دونوں نہیں پائے جاتے بلکہ یا تو ان میں سے صرف ایک پایا جاتا ہے جیسے دونوں فعل یا ایک فعل یا ایک فعل اور ایک حرف ہونے کی صورت میں کیونکہ فعل مسند ہی ہوتا ہے [illegible] مسند الیہ [illegible] ایک اسم اور ایک حرف ہونے کی صورت میں کہ اگر اسم مسند ہے تو صرف مسند اور مسند الیہ ہے تو صرف مسند الیہ پایا جائے گا اور یا ان میں سے ایک بھی نہیں پایا جاتا جیسے دونوں حرف کی صورت میں کہ نہ مسند ہو گا نہ مسند الیہ لفظ معا کے معنی جمیعا کے ہوتے ہیں اور یہ بوجہ ظرفیت کے منصوب ہے اور اس میں تنوین مضاف الیہ کے عوض کی ہے اصل میں کل واحد منهما مع صاحبہ تھا اور لابد میں بد کے معنی فراق کے ہیں بولتے ہیں بدہ یبدہ بدا یعنی تو لابد کے معنی لافراق ہوئے اور یا بد کے معنی عوض کے ہیں یعنی لا عوض للکلام منهما اور بد اسم لا ہے اور اس کی خبر ثابت محذوف ہے پھر نحویوں کا اختلاف ہے کہ کلام جملہ کا مترادف ہے یا نہیں تو صاحب مفصل اور صاحب لباب کا قول یہ ہے کہ مترادف ہیں اور بعض کہتے ہیں کہ کلام جملہ سے اخص ہے اور مصنف اور ابن حاجب کے میلان صاحب مفصل کے مذہب کی طرف ہے کیونکہ انہوں نے اسناد میں اس کے مقصود بالذات ہونے کی قید نہیں لگائی ۱۲

عـه بجہت آنکہ جزو اولش اسم است ۱۲ درایہ عـه زیرا کہ جزو اول او فعل ست ۱۲ درایہ سـه قوله فان قیل الی قوله فلا نقض بہ (ت) کہ اگر

(متعلقہ صفحہ ہذا) ۱ے قولہ واذا فرغنا الی قولہ وخاتمۃ (ت) اب جب ہم مقدمہ سے فارغ ہوچکے تو چاہئے کہ تینوں قسموں کے بیان میں شروع ہوں اور اللہ تعالیٰ ہی توفیق اور مدد دینے والا ہے پہلی قسم اسم کے بیان میں ہے اور اسم کی تعریف گذر چکی اور وہ اسم منقسم ہوتا ہے معرب اور مبنی کی طرف پس چاہئے کہ ہم اس کے احکام دو باب اور ایک خاتمہ میں بیان کریں (ش) اقسام ثلثہ سے مراد اسم فعل حرف ہیں اور اذا فرغنا میں اذا زمانہ ماضی کیلئے مستعمل ہوا ہے لفظ معرب اعراب سے ماخوذ ہے اور اعراب کے دو معنی آتے ہیں ایک ظاہر کرنا جیسے حدیث میں ہے الثیب تعرب عن نفسھا یعنی غیر کنواری عورت اپنے دل کی بات ظاہر کرے اور جیسے یہ شعر ہے ۔ ولی لا تکونن تذکرہ بغیرہا ۔ وان یعرب عنی اننی فاصل ۔ یعنی اور میں ہرگز کسی کا تذکرہ کر کے محبوب کا تذکرہ مراد لیتا ہوں اور کبھی میں محبوب کا تذکرہ صراحۃً کرتا ہوں دوسرے معنی فساد اور التباس دور کرنا جیسے عربت معدۃ جبکہ وہ فاسد ہوگئی ہو اور اعربت معدتہ جبکہ متکلم نے اس کے معدہ کا فساد دور کر دیا ہو اور لفظ مبنی اصل میں مبنوی تھا تعلیل سے مبنی ہوگیا

[illegible]

جیسے مرمی اصل میں مرموی تھا ۱۲۔ ۲ے قولہ الباب الاول فی الاسم المعرب (ت) پہلا باب اسم معرب کے بیان میں (ش) معرب کا بیان مبنی سے پہلے لانے کی وجہ یہ کہ الفاظ کی وضع معانی الضمیر کو ظاہر کرنے کے لئے ہوئی ہے [illegible] رفیوں کا پہچان کا مدار اعراب پر ہے ۱۲۔ ۳ے قولہ وفیہ مقدمۃ الی قولہ ففیہا فصول (ت) اس باب میں ایک مقدمہ اور تین مقصد اور ایک خاتمہ ہے بہرحال مقدمہ سو اس میں چند فصلیں ہیں (ش) فیہ کی ضمیر مجرور الباب الاول کی طرف راجع ہے اور مقدمہ کے لغوی معنی آگے کیا گیا یا آگے ہونے والا اس سے وہ مضمون مراد ہے جو کہ بیچ مقاصد سے پہلے لایا جاتا ہے یہاں مقدمہ میں چار فصلیں مذکور ہوں گی پہلی میں اسم معرب کی تعریف دوسری میں اس کا حکم تیسری میں اعراب کی قسمیں چوتھی میں اسم معرب کے اقسام کا بیان ہوگا اور لفظ مقاصد مقصد کی جمع ہے بمعنی جائے قصد یا بمعنی مقصود ان میں سے پہلے مقصد میں مرفوعات اور دوسرے میں منصوبات اور تیسرے میں مجرورات کا بیان اور خاتمہ میں توابع کا بیان ہوگا لفظ مقاصد جمع منتہی الجموع ہونے کی وجہ سے غیر منصرف ہے اگر کوئی کہے کہ اس عبارت میں شئے کا اپنے لئے ظرف ہونا لازم آتا ہے کیونکہ مقدمہ اور فصول ایک ہی چیز ہے تو جواب یہ ہے کہ مقدمہ سے مراد ما یتوقف علیہ الشروع فی المقصد یعنی ہر وہ چیز جس پر مقاصد میں شروع ہونا موقوف ہو عام ہے کہ وہ یہ فصول ہو یا کچھ اور اور فصول اس کا غیر ہیں کیونکہ وہ خاص مضامین ہیں لہٰذا مقدمہ عام اور فصول خاص ہوئیں پس اس میں شئے کا اپنے لئے ظرف ہونا لازم نہ آیا ۱۲۔

وهو الفعلُ فلا نقضَ عليه وإذا فرغنا من المقدمة فلنشرع في الأقسام الثلثة والله الموفق والمعين. القسمُ الأول في الاسم وقد مرّ تعريفُه وهو ينقسم إلى المعرب والمبني فلنذكر أحكامَه في بابين وخاتمةٍ. الباب الأول في الاسم المعرب وفيه مقدمةٌ وثلثةُ مقاصدَ وخاتمةٌ. أما المقدمة ففيها فصولٌ. فصلٌ في تعريف الاسم المعرب وهو كلُّ اسمٍ رُكّب

(بقیہ صفحہ ۱۰) پس اگر اعتراض کیا جائے کہ کلام کو دو قسم مذکورہ میں منحصر ہونا ہذا کے ساتھ منقوض ہے جیسے یا زید تو ہم جواب دیں گے کہ حرف ندا لفظ ادعو واطلب کے قائم مقام ہے اور یہ ہر ایک فعل ہے لہٰذا اس پر کوئی اعتراض نہیں (ش) لفظ نقض باب مفاعلت کا ماضی مجہول ہے اس کا نائب فاعل نقض ہے اور نقض کی نسبت اگر اجسام کی طرف کی جاتی ہے تو اس سے مراد جسم کی ترکیب کا خراب ہوجانا ہوتا ہے اور اگر غیر اجسام کی طرف کی جاتی ہے تو مراد اس شئے کا مقصود سے خارج ہوجانا ہوتا ہے اور یہاں نقض کا خلاصہ یہ ہے کہ تم نے جو کلام کا انحصار صرف دو صورتوں میں کیا وہ صحیح نہیں کیونکہ ندا کی صورت میں صرف ایک حرف اور ایک اسم سے کلام موجود ہوگیا اور جواب کا خلاصہ یہ ہے کہ اس صورت میں بھی کلام فعل اور اسم ہی سے بنا ہے اور وہ ادعو کی ضمیر ہے اگر کوئی اعتراض کرے کہ پھر تو کلام صرف حرف یا سے بنا چاہئے کیونکہ وہی ادعو کے قائم مقام ہے زید کی ضرورت نہیں تو جواب یہ ہے کہ یہ بالکل صحیح ہے کہ کلام صرف حرف یا سے تیار ہوجاتا ہے لیکن زید کی ضرورت اس طرح ہے کہ جس طرح ضربت زیداً میں زید کی ضرورت ہے ۔ ۶ے حصر کلام در دو قسم مذکور ۱۲

۷ے قولہ فصل فی تعریف الاسم المعرب الی قولہ اعنی الماضی (ت) فصل اسم معرب کی تعریف میں اور وہ ہر اسم ہے جو اپنے غیر کے ساتھ مرکب کیا گیا ہو اور مبنی کے ساتھ مشابہت نہ رکھے مراد لیتا ہوں حرف اور امر حاضر اور ماضی (ش) لفظ معرب اعراب کا اسم مفعول ہے اعراب کے لغوی معنی ظاہر کرنے اور فساد دور کرنے ہیں چونکہ معرب میں اعراب ظاہر ہوتا ہے اس لئے مخاطب ترکیب کی غلطی اور فساد سے دور رہتا ہے گویا اسم معرب میں فساد ترکیب دور کر دیا گیا ہے نیز اس میں فاعل مفعول وغیرہ ہونا ظاہر کر دیا گیا ہے معرب ذات کلمہ اور اعراب اس کی صفت (معرب ہونے کا نام ہے) اور ذات صفت سے پہلے ہوتی ہے اس وجہ سے معرب کی تعریف اعراب کی تعریف سے پہلے ذکر کی اگر کوئی کہے کہ تعریف لفظ کل کے ساتھ اہل منطق کے نزدیک بری سمجھی جاتی ہے کیونکہ کل سے اشارہ افراد کی طرف ہے اور تعریف ماہیت اور حقیقت کی ہوتی ہے نہ افراد کی جواب یہ ہے کہ یہ ٹھیک ہے لیکن کتب نحو کے مصنف اہل منطق کی طرح تعریفات میں توجہ ضروری نہیں جانتے صرف اس قدر ضروری سمجھتے ہیں کہ الفاظ کے معانی اور ان سے جو کچھ مقصد ہے وہ سمجھ میں آجائے (باقی بر صفحہ آئندہ)

سے اینی بنیہ یہ تعریف جامع نہیں کیونکہ لفظ کاف بنی اصل یعنی حرف کاف کو متضمن ہے اور لفظ نزال بنی اصل یعنی انزل امر کے موقع میں واقع ہے اور لفظ یومئذ بنی اصل حرف اذ کی طرف مضاف ہے پس بنی اصل کے ساتھ مشابہت نہیں ہے لہذا لازم آتا ہے کہ یہ سب الفاظ معرب ہوں حالانکہ ایسا نہیں ہے جواب یہ ہے کہ مشابہت سے مراد مناسبت ہے اور مناسبت ان سب صورتوں کو شامل ہے یعنی خواہ مشابہت ہو یا تضمن یا مبنی کے موقع میں واقع ہونا یا مبنی کی طرف مضاف ہونا مبنی اصل میں مبنی کی اضافت اصل کی طرف بیانیہ ہے یعنی وہ مبنی جو مبنی ہونے میں اصل ہے اگر کوئی کہے کہ معرب کی تعریف مرکب کے ساتھ صحیح نہیں کیونکہ معرب قسم ہے اسم کی اور اسم کلمہ کی اور کلمہ فرد ہی ہوتا ہے نہ مرکب تو جواب یہ ہے کہ مرکب کے دو معنی آتے ہیں ایک وہ کلمہ جو دوسرے کلمہ کے ساتھ ملایا گیا ہو دوسرے مجموعہ کلمتین اور یہاں مرکب سے پہلے معنی مراد ہیں اور کلمہ کے افراد کے منافی دوسرے معنی ہیں نہ پہلے اور مبنی اصل تین چیزیں ہیں ان میں سے امر کو حاضر کے ساتھ اس لئے مقید کیا کہ امر غائب بالاجماع معرب ہے اور جملہ میں اختلاف ہے بقول بعض یہ بھی مبنی اصل ہے اور بقول بعض مبنی اصل کی فرع اور شیخ رضی کا یہ قول ہے کہ جملہ جب تک کسی کا علم نہ مقرر کیا جائے اس وقت تک وہ نہ معرب ہے نہ مبنی کیونکہ اعراب (معرب ہونا) اور بناء (مبنی ہونا) کلمہ کے عوارض سے ہیں نہ کلام کے ۱۲

مع غيره ولا يشبه مبنيّ الاصل اعني الحرف والامر الحاضر والماضي نحو زيدٌ[1] في قام زيدٌ لا زيدٌ وحده لعدم التركيب ولا هؤلاء في قام هؤلاء لوجود الشبه ويسمّى[2] متمكّنًا فصل حكمه ان يختلف آخره باختلاف العوامل اختلافا لفظيا نحو جاءني زيدٌ ورأيت زيدًا

اے با ترف ۱۲ — تمکنہ للاعراب ۱۲ — اے بسبب — اعم من ان یکون حقیقۃ او الخ ۱۲

(بقیہ صفحہ) اور لفظ کل لانے سے بھی حاصل ہے پھر جاؤ کہ لفظ کل اسم بمنزلہ جنس ہے کیونکہ وہ معرب اور مبنی دونوں کو شامل ہے اور مرکب مع غیرہ فصل ہے اس سے وہ تمام اسماء مبنیہ نکل گئے جو دوسرے کلمہ کے ساتھ مرکب نہ ہوں جیسے اسماء اصوات مثلاً غاق وغیرہ اور جیسے اسماء عدد مثلاً واحد اثنان ثلث وغیرہ اور جیسے اسماء معدودہ مثلاً لفظ زید یا عمرو وغیرہ وغیرہ اور جیسے حروف تہجی مثلاً الف با تا وغیرہ اور ترکیب سے مراد یہ ہے کہ اسم اپنے غیر کے ساتھ ایسے ترکیب پایا ہو کہ اس میں اس کا عامل بھی موجود ہو خواہ ملفوظاً چنانچہ غلام زید میں غلام بسکون میم مبنی اور جاء زید میں زید بسکون دال معرب ہے ابن حاجب اور مصنف دونوں کا یہی مذہب ہے البتہ علامہ زمخشری کا اس میں اختلاف ہے ترکیب سے نہ تو ترکیب تام مراد ہے ورنہ مسند مسند الیہ کے سوا اور کسی ترکیب میں معرب وجود ہی نہ ہوگا اور نہ یہ مراد ہے کہ کلمہ خود اپنے عامل کے ساتھ ترکیب دیا جائے ورنہ مبتدا اور خبر معرب نہ ہو سکیں گے اس لئے کہ جب دونوں میں عامل مانا جائے تو ترکیب عامل کے ساتھ نہ ہوگی البتہ اگر ہر ایک دوسرے میں عامل مانا جائے تب معرب ہو سکیں گے اور ترکیب کے جو معنی ہم نے مراد لئے اس کی بنا پر مبتدا خبر دونوں صورتوں میں معرب ہو سکتے ہیں اور اس کے کہنے سے کہ لا یشبہ مبنی الاصل وہ تمام مبنیات نکل گئے جو مبنی اصل کے ساتھ مشابہ ہوں اگرچہ مرکب مع الغیر بھی ہوں جیسے قام ہؤلاء میں ہؤلاء مرکب مع الغیر ہے مگر چونکہ مبنی اصل کے ساتھ مشابہ ہے اس وجہ سے مبنی ہے ۱۲

(متعلقہ صفحہ ہذا) لہ قولہ نحو زید فی قام زید لا زید وحدہ الی قولہ ویسمی متمکنا (ت) جیسے لفظ زید قام زید میں نہ تنہا زید بوجہ پائی جانے مشابہت کے اور معرب کا نام متمکن بھی رکھا جاتا ہے (ش) نحو زید خبر ہے مبتدا محذوف کی یعنی ہو نحو زید اور ہو ضمیر ہے جو اسم معرب کی طرف راجع ہے اور لفظ زید مجرور بھی پڑھ سکتے ہیں اور مرفوع بھی اگر مرفوع پڑھا جائے تو یہ رفع اعراب حکائی ہوگا اور دونوں صورتوں میں زید موصوف اور فی قام زید الکائن کی متعلق ہو کر اس کی صفت ہے اور وحدہ حال ہے یعنی موحدا اور لا زید میں زید ذوالحال ہے اور یہ بھی ممکن ہے کہ وحدہ انفراداً کے معنی میں ہو کر مفعول مطلق ہو فعل محذوف کا یعنی ینفرد انفراداً پھر لا زید لفظ نحو پر معطوف ہے ایسے ہی لا ہؤلاء فی قام ہؤلاء کی ترکیب ہے اس سے معلوم ہوا کہ کوئی اسم اس وقت تک معرب نہیں ہو سکتا جب تک اس میں دو شرطیں نہ ہوں ایک اس کا دوسرے کلمہ کے ساتھ مرکب ہونا دوم اس کا مبنی اصل کے ساتھ مشابہت نہ رکھنا اگر ان میں سے ایک جز بھی موجود نہ ہوگا تو معرب نہ ہوگا معرب کا نام متمکن اس وجہ سے رکھتے ہیں کہ متمکن کے معنی جگہ دینے والے کے ہیں اور معرب بھی اعراب کو جگہ دیتا ہے اس کے بالمقابل مبنی کو غیر متمکن بھی کہتے ہیں اور امکن اس اسم معرب کو کہتے ہیں جو منصرف بھی ہو اور متمکن منصرف اور غیر منصرف دونوں کو عام ہے ۱۲

سے قولہ فصل حکمہ ان یختلف آخرہ الی قولہ ومررت بموسی (ت) معرب کا حکم یہ ہے کہ مختلف ہو جاتا ہے اس کا آخر عاملوں کے مختلف ہونے سے مختلف ہونا لفظی جیسے جاءنی زید ورأیت زیداً ومررت بزید آیا میرے پاس زید اور دیکھا میں نے زید کو اور گذرا میں زید کے ساتھ یا مختلف ہونا تقدیری جیسے جاءنی موسیٰ ورأیت موسیٰ ومررت بموسیٰ آیا میرے پاس موسیٰ اور دیکھا میں نے موسیٰ کو اور گذرا میں موسیٰ کے ساتھ (ش) جب مصنفؒ اسم معرب کی تعریف سے فارغ ہوئے تو اب اس کے حکم کا بیان شروع کیا اور حکمہ میں اضافت حکم کی اسم معرب کی طرف اضافت بمعنی لام ہے جو ادنیٰ ملابست کے لئے ہوتی ہے یعنی حکم کہ جس کو اسم معرب کے ساتھ (باقی بر صفحہ)

جیسے من استفہامیہ کے آخر کا اختلاف مثلاً من الکعد اومن الرجل اور عوامل عامل کی جمع ہے اور ان کے اختلاف سے عمل میں مختلف ہونا مراد ہے کہ ایک رفع دوسرا نصب تیسرا جار ہو اور عوامل اگرچہ جمع ہے مگر یا مافوق الواحد کے معنی میں ہے یا الف لام اس پر جنس کا ہے لہٰذا یہ ضروری نہیں کہ کم سے کم تین عامل ہوں اور اختلافاً لفظیاً موصوف صفت مل کر مفعول مطلق ہے اور اختلاف لفظی عام ہے خواہ حقیقۃً ہو جیسے جاءنی زید الخ اور یا حکمی جیسے رأیت احمد اور مررت باحمد کہ ان میں آخر معرب کا حکماً مختلف ہے۔ ایسے ہی اختلاف تقدیری بھی عام ہے خواہ حکماً ہو جیسے جاءنی موسیٰ الخ اور یا حقیقۃً مثلاً جاءنی غضا رأیت عصا اور مررت بعصا اسی طرح اعراب بالحروف میں بھی یہ چار دل قسمیں جاری ہیں غور کرنے سے معلوم ہو سکتی ہیں اور معرب کی تعریف میں مصنف نے جمہور کا خلاف کیا ہے جس طرح شیخ ابن حاجب نے بھی جمہور کا خلاف کر کے معرب کی تعریف یہ بیان کی ہے المعرب المرکب الذی لم یشبہ مبنی الاصل اور اس کی وجہ یہ ہے کہ معرب کی مشہور تعریف میں یعنی ما اختلف آخرہ باختلاف العوامل دور لازم آتا ہے جیسے غور کرنے سے سمجھ میں آ سکتا ہے۔ ۱۲

وَمَرَرْتُ بِزَيْدٍ اَوْ تَقْدِيْرًا نَحْوُ جَاءَنِيْ مُوْسٰى وَرَأَيْتُ مُوْسٰى وَمَرَرْتُ بِمُوْسٰى اَلْاِعْرَابُ مَا بِهٖ يَخْتَلِفُ اٰخِرُ الْمُعْرَبِ كَالضَّمَّةِ وَالْفَتْحَةِ وَالْكَسْرَةِ وَالْوَاوِ وَالْاَلِفِ وَالْيَاءِ وَاِعْرَابُ الْاِسْمِ عَلٰى ثَلٰثَةِ اَنْوَاعٍ رَفْعٍ وَنَصْبٍ وَجَرٍّ وَالْعَامِلُ مَا بِهٖ رَفْعٌ اَوْ نَصْبٌ اَوْ جَرٌّ وَمَحَلُّ الْاِعْرَابِ مِنَ الْاِسْمِ هُوَ الْحَرْفُ الْاَخِيْرُ مِثَالُ الْكُلِّ نَحْوُ قَامَ زَيْدٌ فَقَامَ عَامِلٌ وَزَيْدٌ مُعْرَبٌ وَالضَّمَّةُ اِعْرَابٌ وَالدَّالُ مَحَلُّ الْاِعْرَابِ

ک قولہ الاعراب ما بہ یختلف الیٰ قولہ او نصب او جر (ات) اعراب وہ شئے ہے کہ جس کے سبب مختلف ہوتا ہے آخر معرب کا جیسے ضمہ (پیش)، فتحہ (زبر)، کسرہ (زیر) اور واو اور الف اور یا اور اعراب اسم کے تین قسم پر ہیں رفع نصب جر اور عامل وہ شئے ہے جس کے سبب رفع یا نصب یا جر ہو (ش) چونکہ معرب کی تعریف میں مصنف نے ابن حاجب صاحب کی موافقت کی تھی اس لئے اعراب کی تعریف بھی انہی کے مطابق کی اور الاعراب ما بہ میں با سببیت کی ہے اور سببیت سے سبب قریب مراد ہے تاکہ عوامل اور مقتضی نکل جائے اور اس سے مراد حرف یا حرکت ہے۔ اگر کوئی کہے کہ اختلاف آخر معرب کا بغیر دو حرکتوں کے نہیں ہو سکتا۔ لہٰذا لازم آیا کہ پہلی حرکت اعراب نہ ہو تو جواب یہ ہے کہ پہلی حرکت سے بھی اختلاف آخر کا ہوا ہے کیونکہ اس حرکت سے پہلے آخر حرف ساکن تھا۔ اور یختلف آخر المعرب کہنے سے غلامی اور اسکے امثال کی حرکت آخر نکل گئی کیونکہ اس سے آخر مبنی کا مختلف ہوا ہے نہ آخر معرب کا کیونکہ یا متکلم کی طرف جو اسم مضاف ہوتا ہے وہ مبنی ہوتا ہے رفع کو رفع اس لئے کہتے ہیں کہ اس کے تلفظ کے وقت نیچے کا ہونٹ اونچا ہو جاتا ہے اور نصب کو نصب اس وجہ سے کہ اس کے تلفظ کے وقت دونوں ہونٹ اپنی جگہ قائم رہتے ہیں اور جر کو جر اس لئے کہتے ہیں کہ اس کا عامل فعل اسم کی طرف کھینچ کر لیتا ہے مصنف نے عامل کی تعریف میں مصنف کافیہ سے اختلاف اس وجہ سے کیا کہ عامل کی جو تعریف مصنف کافیہ نے کی ہے یعنی العامل ما بہ یتقوم المعنی الخ اس پر جامع مانع ہونے کا اعتراض پڑتا ہے گو اس کا جواب بھی دیا گیا ہے۔ ۱۲ ھ قولہ ومحل الاعراب من الاسم الیٰ قولہ محل الاعراب (ت) اور اسم میں مقام اعراب کا حرف آخر ہوتا ہے تمام کی مثال جیسے قام زید ہیں کیونکہ قام عامل ہے اور زید معرب اور ضمہ اعراب اور دال مقام اعراب (ش) اور محل الاعراب کے ساتھ اسم کی قید اس لئے لگائی کہ یہاں اسم ہی کا بیان ہے ورنہ فعل مضارع میں بھی محل اعراب اخیر حرف ہی ہوتا ہے عبارت میں فقام تا دیل لفظ ہو کر مبتدا ہے اور اس پر فا تفصیلیہ اس اعتبار سے آگئی کہ یہ تفسیر ہے اور تفسیر مفسر سے بعد میں ہوتی ہے ۱۲

(بقیہ ص۱۲) اسم معرب کے ساتھ تعلق بہ اس مناسبت سے کہ وہ حکم اسم معرب ہی میں واقع ہوتا ہے اور یختلف آخرہ میں مضاف محذوف ہے یعنی یختلف صفۃ آخرہ کیونکہ دیکھئے آخر کی صفت مختلف ہوتی ہے نہ خود آخر اس سے غیر آخر کا اختلاف خارج ہو گیا جیسے لفظ المرء کی را تینوں حالتوں میں مختلف ہوتی ہے تو یہ معرب کا حکم نہیں مثلاً جاءنی امرء اور رأیت امرأ اور مررت بامرئ میں را پہلے جملہ میں مرفوع اور دوسرے میں منصوب تیسرے میں مجرور اس لئے کہ را اعراب میں ہمزہ کی تابع ہے اور باختلاف العوامل سے آخر کا وہ اختلاف نکل گیا جو عوامل کے اختلاف کے سبب نہ ہو کیونکہ وہ بھی معرب کا حکم نہیں ہے۔

سلہ قولہ واعلم انہ لایعرب الیٰ قولہ انشاء اللہ تعالیٰ (ت) اور جاننا چاہیئے کہ کلام عرب میں معرب نہیں ہوتا مگر اسم متمکن اور فعل مضارع عنقریب آجائے گا حکم فعل مضارع کا دوسری قسم میں انشاء اللہ تعالیٰ (ش) لفظ اعلم شروع کلام میں سامع کو شوق دلانے اور کلام کی طرف متوجہ کرنے کے لئے لایا کرتے ہیں۔ اور انہ میں ضمیر، ضمیر شان ہے اور اسم متمکن کو مضارع سے پہلے ذکر کرنا اس بنا پر ہے کہ وہ مضارع سے معرب ہونے میں اصل ہے پس معلوم ہوا کہ ان دو قسموں کے علاوہ سب مبنی ہیں اور مضارع بھی ہمیشہ معرب نہیں بلکہ جب اس میں نون تاکید یا نون جمع مونث کا نہ لگا ہو اور یہاں یہ قید اس لئے ذکر نہیں کی کہ بحث فعل میں ذکر کریں گے ۱۲۔ سلہ قولہ فصل فی اصناف الاعراب الاسم الیٰ قولہ بالمفرد المنصرف الصحیح (ت) فصل اقسام اعراب اسم کے بیان میں اور وہ کل نو قسمیں ہیں پہلی یہ ہے کہ رفع ضمہ کے ساتھ اور نصب فتح کے ساتھ اور جر کسرہ کے ساتھ ہو اور یہ قسم خاص ہے مفرد منصرف صحیح کے ساتھ (ش) اعراب کی نو قسموں میں سے اس قسم کو سب سے پہلے لانے کی وجہ یہ ہے کہ یہ قسم دو اعتبار سے اصل ہے پہلی یہ کہ اس کا اعراب بالحرکۃ ہے اور اصل اعراب میں یہی ہے کہ وہ حرکت کے ساتھ ہو اور اعراب بالحرف خلاف اصل ہے دوسری یہ کہ اس میں تینوں اعراب تین حرکتوں کے ساتھ ہیں اور اعراب میں اصل یہی ہے کہ وہ تین حرکتوں کے ساتھ ہو اور کوئی حرکت دوسری حرکت کے تابع نہ ہو اور یہ اعراب ان ہی اسماء کے ساتھ خاص ہونے کی وجہ یہ ہے کہ یہ اسماء بھی بہ نسبت اپنے مقابلوں کے اصل ہیں مثلاً مفرد بہ نسبت تثنیہ و جمع کے اصل ہے اور منصرف بہ نسبت غیر منصرف کے اور صحیح بہ نسبت غیر صحیح کے اسی طرح تمام مقام صحیح بھی بہ نسبت غیر صحیح کے اصل ہے اور جمع مکسر بہ نسبت جمع سالم کے اصل ہے ۱۲۔ سلہ قولہ وھو عند النحاۃ الیٰ قولہ ودلو وظبی ورجال (ت) اور وہ نحویوں کے نزدیک وہ اسم ہے کہ اس کے آخر میں حرف علت نہ ہو جیسے لفظ زید اور یہ اعراب خاص ہے جاری مجری صحیح کے ساتھ اور جاری مجرای صحیح وہ ہے کہ اس کے آخر میں واؤ یا یاء ہو جن کا ماقبل ساکن ہو جیسے دلو اور ظبی اور خاص ہے جمع مکسر منصرف کے ساتھ جیسے رجال کہے گا تو جاءنی زید و دلو و ظبی و رجال اور رأیت زیدا ودلوا وظبیا ورجالا اور مررت بزید ودلو وظبی ورجال آیا میرے پاس زید اور ڈول اور ہرن اور مرد بہت سے اور دیکھا میں نے زید اور ڈول اور ہرن اور بہت سے مرد اور گذرا میں ساتھ زید اور ڈول اور ہرن اور بہت سے مردوں کے (ش) اور صحیح کی تعریف میں عند النحاۃ کی قید اس لئے لگائی کہ صرفیوں کے نزدیک صحیح کی تعریف اور ہے اور وہ یہ ہے کہ کلمہ کے فا عین لام کے مقابلہ میں کوئی حرف علت یا ہمزہ یا دو حرف ایک جنس کے نہ ہوں اور نحاۃ ناحی کی جمع ہے جس طرح قضاۃ قاضی کی ناحی کا معنی علم نحو کے جاننے والا ہے چونکہ نحویوں کی غرض کلمہ کے آخر حرف سے متعلق ہوتی ہے اس لئے وہ اس کے آخر میں حرف کو دیکھتے ہیں کہ اس میں حرف علت تو نہیں ہے اگرچہ وسط یا شروع میں ہو اور حرف علت تین ہیں واؤ یا الف انکو حرف علت اس لئے کہتے ہیں کہ ان میں تغیر ہوتا رہتا ہے اور انکا نام حرف مدہ بھی ہے اس لئے کہ حرکت کے کھینچنے سے پیدا ہونے ہیں زبر کھینچنے سے الف زیر کھینچنے سے یا پیش کھینچنے سے واؤ اور ان کا نام حرف لین بھی ہے اس لئے کہ یہ حروف سانس کے ساتھ بآسانی نرم ہوتے ہیں

وَاعْلَمْ أَنَّهُ لَا يُعْرَبُ فِي كَلَامِ الْعَرَبِ إِلَّا الْاسْمُ الْمُتَمَكِّنُ وَالْفِعْلُ الْمُضَارِعُ وَسَيَجِيءُ حُكْمُهُ فِي الْقِسْمِ الثَّانِي إِنْ شَاءَ اللهُ تَعَالَى

فَصْلٌ فِي أَصْنَافِ إِعْرَابِ الْاسْمِ وَهِيَ تِسْعَةُ أَصْنَافٍ الْأَوَّلُ أَنْ يَكُونَ الرَّفْعُ بِالضَّمَّةِ وَالنَّصْبُ بِالْفَتْحَةِ وَالْجَرُّ بِالْكَسْرَةِ وَيَخْتَصُّ بِالْمُفْرَدِ الْمُنْصَرِفِ الصَّحِيحِ وَهُوَ عِنْدَ النُّحَاةِ مَا لَا يَكُونُ فِي آخِرِهِ حَرْفُ عِلَّةٍ كَزَيْدٍ وَبِالْجَارِي مَجْرَى الصَّحِيحِ وَهُوَ مَا يَكُونُ فِي آخِرِهِ وَاوٌ أَوْ يَاءٌ مَا قَبْلَهُمَا سَاكِنٌ كَدَلْوٍ وَظَبْيٍ وَبِالْجَمْعِ الْمُكَسَّرِ الْمُنْصَرِفِ كَرِجَالٍ تَقُولُ جَاءَنِي زَيْدٌ وَدَلْوٌ وَظَبْيٌ وَرِجَالٌ وَرَأَيْتُ زَيْدًا وَدَلْوًا

(بقیہ حاشیہ) اور ان میں تفصیل یہ ہے کہ تینوں حروف اصلی ہوں یا زائد اگر ساکن ہوں گے تو ان کا نام حروف لین ہوگا پھر اگر ان کے ماقبل کی حرکت ان کے موافق بھی ہوگی تو ان کا نام مدہ بھی ہوگا اس لئے وہ الف ہمیشہ لین ہوگا کیونکہ وہ ہمیشہ ساکن اور ماقبل اس کا مفتوح ہوتا ہے اور واؤ اور یا کبھی مد ولین دونوں ہوتے ہیں اور کبھی صرف لین ہوتے ہیں اور اگر یہ دونوں متحرک ہوں تو نہ یہ مدہ ہوں گے نہ لین بلکہ حرف صحیح کے مثل ہوں گے۔ (متعلقہ صفحہ ہذا) لے قولہ الثانی ان یکون الرفع الی قولہ ومررت بمسلمات (الخ) دوسری قسم اعراب کی یہ ہے کہ رفع ضمہ کے ساتھ ہو اور نصب اور جر دونوں کسرہ کے ساتھ اور یہ دوسری قسم خاص ہے جمع مؤنث سالم کے ساتھ کہے گا تو ہن مسلمات اور رأیت مسلمات اور مررت بمسلمات وہ عورتیں مسلمان ہیں میں نے دیکھا مسلمان عورتوں کو میں گذرا مسلمان عورتوں کے ساتھ (ش) اس اعراب کو دوسرے مرتبہ میں اس وجہ سے رکھا کہ یہ بہ اعتبار سے اصل نہ رہا بلکہ صرف اعراب بالحرکۃ ہونے کے اعتبار سے اصل ہے جزءاً کہ ایک حرکت دوسری کے تابع کر دی کہ اس میں نصب بھی جر کے ساتھ ہوتا ہے اس لئے یہ فرع ہو گیا اور یہ اعراب جمع مؤنث سالم کو اس وجہ سے دیا ہے کہ جمع مؤنث سالم جمع مذکر کی فرع ہے اور یہ قسم اعراب کی بھی فرع ہے اور السالم لفظ جمع کی صفت ہے نہ مؤنث کی اور جمع سالم کے معنی یہ ہیں کہ وہ جمع جس کے واحد کا وزن سالم ہو ایسے ہی جمع مکسر وہ ہے جس کے واحد کا وزن توڑ دیا گیا ہو یہ نہیں کہ جمع خود توڑ دی گئی ہو اور جمع مؤنث سالم سے یہ مراد نہیں ہے کہ اس کا واحد بھی مؤنث ہو بلکہ یہ ایسی کہ وہ جمع الف تا کے ساتھ ہو خواہ اس کا فرد مذکر ہی ہو مثلاً ضافنات ضافن کی جمع ہے اور خالیات کہ خالی کی جمع ہے نیز جمع مؤنث ہیں کیونکہ الف تا کے ساتھ لائے گئے ہیں اور اگر وہ جمع الف تا کے ساتھ نہ ہو اگرچہ اس کا واحد مؤنث ہو جمع مؤنث نہ ہوگا جیسے سنون کہ سنۃ کی جمع ہے اور قلون جمع ہے قلۃ کی یعنی گلی ڈنڈا کی جمع مؤنث نہیں اور چونکہ جمع مذکر سالم میں نصب کو جر کے تابع کیا تھا اس نے اس میں بھی تابع کیا تاکہ فرع اصل کے خلاف نہ ہو جائے۔ ۵ قولہ الثالث ان یکون الرفع الی قولہ ومررت بعمر) تیسری قسم یہ کہ رفع ضمہ کے ساتھ اور نصب و جر فتحہ کے ساتھ اور یہ قسم خاص ہے غیر منصرف کے ساتھ جیسے تم کہو گے تو جاءنی عمر رأیت عمر ومررت بعمر (ش) تیسرے مرتبہ کا اعراب غیر منصرف کو اس لئے دیا ہے کہ غیر منصرف پر کسرہ اور تنوین نہیں آتا لہٰذا یہاں کسرہ کو فتحہ کے تابع کر دیا اور کسرہ

وظبيًا ورجالًا ومررتُ بزيدٍ ودلوٍ وظبيٍ ورجالٍ الثاني أن يكون

الرفع بالضمة والنصب والجر بالكسرة ويختص بجمع المؤنث السالم

تقول هنّ مسلماتٌ ورأيتُ مسلماتٍ ومررتُ بمسلماتٍ الثالث

أن يكون الرفع بالضمة والنصب والجر بالفتحة ويختص بغير المنصرف

كعُمَرَ تقول جاءني عُمَرُ ورأيتُ عُمَرَ ومررتُ بعُمَرَ الرابع أن يكون

الرفع بالواو والنصب بالألف والجر بالياء ويختص بالأسماء

الستة مكبّرةً موحّدةً مضافةً إلى غير ياء المتكلم وهي أخوك

وأبوك وهنوك وحموك وفوك وذو مالٍ تقول جاءني أخوك و

رأيتُ أخاك ومررتُ بأخيك وكذا البواقي الخامس أن يكون

و تنوین نہ آنے کی وجہ غیر منصرف کے بیان میں آئے گی۔ ۵ قولہ الرابع ان یکون الرفع بالواو الی قولہ بابیہ المفتوح ما قبلہا الخ) چوتھی قسم یہ کہ رفع واو کے ساتھ اور نصب الف کے ساتھ اور جر یا کے ساتھ ہو اور یہ قسم خاص ہے چھ اسموں کے ساتھ اس حال میں کہ وہ مکبر ہوں موحد ہوں مضاف ہوں غیر یائے متکلم کی طرف اور وہ چھ اسم اخوک ابوک ہنوک حموک فوک ذو مال ہیں کہے گا تو جاءنی اخوک اور رأیت اخاک اور مررت باخیک ایسے ہی باقی اسمائے خمسہ کا حال ہے تو یہ پانچویں قسم یہ ہے کہ رفع الف کے ساتھ اور نصب و جر یا کے ساتھ ہو جس کا ماقبل مفتوح ہو (ش) بکر و بکری میں حال ہے ۳ بالستۃ الخ اور مفاف بھی حال ہے کیونکہ قیدوں کے لئے ذکر کی گئی ہیں اگر یہ اسماء مصغر ہوں گے تو ان کا اعراب حرکت کے ساتھ ہوگا جیسے جاءنی اخیک اور رأیت اخیک اور مررت باخیک اور وحدت کی قید اس لئے لگائی کہ اگر تثنیہ و جمع ہوں گے تو ان کا اعراب تثنیہ و جمع کے مطابق ہوگا جیسے جاءنی اخوان اور رأیت اخوین اور مررت باخوین اور جیسے جاءنی اخون اور رأیت اخین اور مررت باخین اور مضاف کی قید اس لئے لگائی کہ اگر یہ اسماء غیر مضاف ہوں گے تو بھی اعراب حرکت کے ساتھ ہوگا جیسے جاءنی اخ اور رأیت اخا اور مررت باخ

مشابہت کہتے ہیں کیونکہ ان کے معانی میں دوئی ماخوذ ہے مثلا بھائی بغیر دوسرے بھائی کے نہیں ہو سکتا باپ بغیر بیٹے کے نہیں ہو سکتا اسی طرح اثنان اثنتان اسم ہو تو تثنیہ کا اعراب تو حرف کے ساتھ ہوتا ہے اس لئے ان کا اعراب بھی حرف ہی کے ساتھ رکھا اور چونکہ هم عورت کی طرف سے رشتہ دار کو کہتے ہیں اس لئے اس کی اضافت ہمیشہ ضمیر مونث کی طرف ہوگی ۱۲ (متعلقہ صفحہ ہذا) ۱۵ قولہ ویختص بالمثنی الی قولہ واثنین واثنتین (ف) اور یہ قسم خاص ہے تثنیہ اور لفظ کلا کے ساتھ اس حال میں کہ ضمیر کی طرف مضاف ہو اور اثنان و اثنتان کے ساتھ کہے گا تو جاءنی الرجلان کلاہما و اثنان و اثنتان اور رأیت الرجلین کلیہما واثنین و اثنتین اور مررت بالرجلین کلیہما واثنین و اثنتین آئے میرے پاس دو مرد دونوں کے دونوں اور دو مرد اور دو عورتیں اور دیکھے میں نے دو مرد دونوں کے دونوں اور دو مرد اور دو عورتیں اور گذرا میں دو مردوں کے ساتھ دونوں کے دونوں اور دو مردوں اور دو عورتوں کے (ش) کلا کے بعد کلتا ذکر نہیں کیا حالانکہ اس کا اعراب بھی یہی ہے

١٦

الرفع بالالف والنصب والجر بالياء المفتوح ماقبلها ويختص بالمثنى
وكلا مضافا الى مضمر واثنان واثنتان تقول جاءني الرجلان
كلاهما واثنان واثنتان ورأيت الرجلين كليهما واثنين و
اثنتين ومررت بالرجلين كليهما واثنين واثنتين السادس
ان يكون الرفع بالواو المضموم ماقبلها والنصب والجر بالياء المكسور
ماقبلها ويختص بجمع المذكر السالم نحو مسلمون واولو وعشرون
مع اخواتها تقول جاءني مسلمون وعشرون واولو مال ورأيت

(ای مذکر، ای مؤنث، فی الرفع، فی النصب، فی الجر، ای السادس من، ای ثلثون واربعون وخمسون الخ، فی الرفع)

کیونکہ کلتا کلا کی فرع ہے اور اثنان کے بعد اثنتان کو اس لحاظ سے ذکر نہ کرنا چاہئے تھا مگر چونکہ اسماء اعداد کے احکام باقی اسماء کے برخلاف ہیں تو اگر اثنان کے بعد اثنتان کو ذکر نہ کرتا تو اثنتان میں شبہ رہتا کہ اس کا حکم اثنان کے مثل ہے یا اس کے خلاف لہٰذا اثنتان ذکر کر کے اس شبہ کو رفع کر دیا کلا اور کلتا کے ساتھ مضاف الیہ کے ضمیر ہونے کی قید اس لئے لگائی کہ اگر یہ اسم مظہر کی طرف مضاف ہوگا تو اعراب تقدیری ہوگا جیسے جاءنی کلا الرجلین اور رأیت کلا الرجلین اور مررت بکلا الرجلین اور چونکہ لفظ کلا لفظا مفرد ہے اس دلیل سے کہ اس کی طرف ضمیر واحد راجع ہو جاتی ہے دوسرے یہ جب اسم ظاہر کی طرف مضاف ہوتا ہے تو اس کا الف نہیں بدلتا اس لئے اس کو تثنیہ سے الگ ذکر کیا اگرچہ معنی تثنیہ ہے اور لفظ اثنان و اثنتان بھی لفظ کے لحاظ سے تثنیہ نہیں کیونکہ ان کا واحد کچھ نہیں ہے اسی لئے اس کو بھی تثنیہ سے الگ کر کے بیان کیا ۱۲ ۱۵

قولہ السادس ان یکون الرفع الی قولہ واولو مال۔ (ت) چھٹی قسم یہ ہے کہ رفع واؤ کے ساتھ ہو جس کا ماقبل مضموم ہو اور نصب و جر یاء کے ساتھ جس کا ماقبل مکسور ہو اور یہ قسم خاص ہے جمع مذکر سالم کے ساتھ جیسے مسلمون اور اولو کے ساتھ اور عشرون کے ساتھ مع اس کے اخوات کے کہے گا تو جاءنی مسلمون وعشرون واولو مال اور رأیت مسلمین وعشرین واولی مال آئے میرے پاس بہت سے مسلمان اور بیس اور مال والے اور دیکھا میں نے بہت سے مسلمانوں کو اور بیس کو اور مال والوں کو اور گذرا میں مسلمانوں کے ساتھ اور بیس کے ساتھ اور مال والوں کے ساتھ۔

(بقیہ صفحہ ۱۵) اور مررت باخ اور مضاف بھی غیر یاء متکلم کی طرف ہوں کیونکہ اگر یاء متکلم کی طرف مضاف ہوں گے تو اس وقت ان کا اعراب تقدیری ہوگا جیسے جاءنی اخی اور رأیت اخی اور مررت باخی فم (منہ) اب (باپ) اخ (بھائی) ہن (شرمگاہ) حم (دیور) ذو مال (مال والا) فم اصل میں فوہ تھا ہا کو حذف کر دیا پھر واؤ کو الف میم سے بدل دیا اور ذو کو مال کی طرف مضاف کر کے اس طرف اشارہ کر دیا کہ اسکی اضافت اسم ظاہر کی طرف ضروری ہے ان چھ اسموں کو یہ اعراب اس لئے دیا ہے کہ یہ اسماء تثنیہ کے ساتھ

(ش) جمع مذکر سالم سے مراد وہ جمع ہے جو واؤ نون کے ساتھ ہو خواہ اس کا مفرد مونث ہو یا مذکر لہٰذا سنون کا اعراب بھی یہی ہوگا اور لفظ اولو لفظ ذو کی جمع ہے مگر مفرد کا لفظ جمع کے لفظ کا غیر ہے لیکن کبھی ایسا بھی ہوتا ہے جیسے امرأۃ کی جمع نساء آتی ہے مگر چونکہ واؤ نون کے ساتھ نہیں ہے اس لئے بعینہ جمع مذکر سالم نہیں ہے اور عشرون لفظا جمع نہیں ہے مگر معنی کے لحاظ سے جمع ہے لفظا جمع اس وجہ سے نہیں ہے کہ اس کا کوئی مفرد نہیں کیونکہ اگر عشرۃ کو مفرد کہا جائے تو لازم آتا ہے کہ عشرون کم از کم تیس کو کہیں اور اخوات سے مراد ثلثون اور اربعون اور خمسون وغیرہ ہیں اور تثنیہ و جمع مذکر کا اعراب بالحرف اس وجہ سے کیا گیا کہ وہ واحد کی فرع ہیں اور ان کے اخیر میں جو حروف ہیں یعنی علامت تثنیہ و جمع وہ اعراب بننے کے قابل ہے لہٰذا اسی حرف کو اس کا اعراب ٹھہرا دیا تاکہ اس کا اعراب فرعی ہو جائے اور جب ان دونوں کا اعراب بالحروف رکھا تو دیکھو کہ یہ حروف اعراب کیسے بنتے ہیں

لہذا تقسیم کر دیا کہ الف تو خاص تثنیہ کو دیا اور واؤ خاص جمع کو اور یا کو مشترک کر دیا مگر فرق یہ کر دیا کہ جمع میں اس کا ماقبل مکسور ہوگا اور تثنیہ میں ماقبل مفتوح ۱۲
(متعلقہ صفحہ ہذا) ؎ قولہ اعلم ان نون التثنیۃ الی قولہ مسلمو مصر(ت) اور جاننا چاہئے کہ نون تثنیہ کا ہمیشہ مکسور ہوتا ہے اور جمع سلامت کا نون ہمیشہ مفتوح ہوتا ہے اور مضاف ہونے کے وقت دونوں نون گر جاتے ہیں جیسے جاءنی غلاما زید اور جاءنی مسلمو مصر (ش) لفظ ابدًا ظرف ہونے کی وجہ سے منصوب ہے اور ہمیشہ کے معنی میں ہے یہاں ہمیشہ سے مراد تینوں حالتیں ہیں رفعی نصبی جری اس کی وجہ یہ ہے کہ تثنیہ جمع سے پہلے ہوتا ہے لہذا جب اس کے نون کو سکون کے بعد حرکت دینی تو کسرہ کی دیدی اور نون جمع سالم کو فتح دیا کہ تا کہ تثنیہ اور جمع میں فرق ہو جائے اور ضمہ ثقل کی وجہ سے نہیں دیا گیا اور نون جمع السلامۃ کا ہمزون جمع تکسیر کو خارج کر دیا کیونکہ وہ کبھی مکسور اور کبھی مضموم بھی ہوتا ہے جیسے شیاطین کا نون ۔ ؎ قولہ السابع ان یکون الرفع الی قولہ ومررت بعصا وغلامی (ت) ساتویں قسم یہ ہے کہ رفع تقدیر ضمہ کے ساتھ ہو اور نصب تقدیر فتحہ کے ساتھ اور جر تقدیر کسرہ کے ساتھ اور خاص ہے یہ قسم اسم مقصور کے ساتھ اور وہ اسم مقصور وہ اسم ہے جس کے آخر میں الف مقصورہ ہو جیسے لفظ عصا اور خاص ہے اسم کے ساتھ جو یاء متکلم کی طرف مضاف ہو اس حال میں کہ وہ غیر جمع مذکر سالم ہو مثلاً غلامی کہے گا تو ہذا عصا وغلامی اور رأیت عصا وغلامی اور مررت بعصا وغلامی یہ لاٹھی ہے اور میرا غلام اور میں نے دیکھا لاٹھی کو اور اپنے غلام کو اور گذرا میں اپنے غلام اور لاٹھی کے ساتھ (ش) اسم مقصورہ وہ اسم ہے جس کے آخر میں الف مقصورہ ہو خواہ لفظوں میں موجود ہو جیسے العصا لام تعریف کے ساتھ یا محذوف ہو گیا ہو اجتماع ساکنین کی وجہ سے مثلاً عصًا کہ اس میں تنوین کے ساتھ الف ساکن کا التقاء ساکنین ہو گیا بر خلاف العصا کے کہ اس پر الف لام کی وجہ سے تنوین نہیں آئی اور اسم مقصور پر لفظاً اعراب اس وجہ سے دشوار ہے کہ اس کے آخر میں الف ہے جو ہمیشہ ساکن رہتا ہے اور عصًا کی صورت میں اگرچہ فی الحال الف موجود نہیں مگر مقدر ہے لہذا تینوں حالتوں میں اس پر

مسلمینَ وعِشرینَ واُولی مالٍ ومررتُ بمسلمینَ وعِشرینَ و
اُولی مالٍ واعلم انّ نونَ التثنیۃِ مکسورۃٌ ابدًا ونونَ جمعِ
السّلامۃِ مفتوحۃٌ ابدًا وکلاھما تسقطان عند الاضافۃِ
تقولُ جاءنی غلاما زیدٍ ومُسلِمو مصرٍ السابعُ ان
یکونَ الرفعُ بتقدیرِ الضمّۃِ والنصبُ بتقدیرِ الفتحۃِ والجرُّ
بتقدیرِ الکسرۃِ ویختصُّ بالمقصورِ وھو ما فی آخرہ الفٌ
مقصورۃٌ کعصًا وبالمضافِ الی یاءِ المتکلّمِ غیرِ جمعِ المذکّرِ
السالمِ کغلامی تقولُ ھذا عصًا وغلامی ورأیتُ عصًا

(بقیہ صفحہ ۱۶) اور تثنیہ وجمع کے اعراب چھ ہیں تین تثنیہ کے اور تین جمع کے پس اگر ہر ایک کا اعراب تینوں حروف کے ساتھ رکھتے تو التباس لازم آتا اور اگر تثنیہ کے ساتھ خاص کرتے تو جمع بے اعراب رہ جاتی اور اگر جمع کے ساتھ خاص کرتے تو تثنیہ بلا اعراب رہ جاتا

اعراب تقدیری ہے اور یاء متکلم کی طرف جو اسم مضاف ہو اس پر اعراب لفظی اس لئے نہیں آتا کہ اس اسم کا آخر حرف ماقبل یا ہونے کی وجہ سے مکسور ہو چکا لہذا اس پر اب کسی اور حرکت کے آنے کی گنجائش نہیں رہی۔ فتحہ اور ضمہ تو اس وجہ سے کہ یاء کے ماقبل یہ حرکتیں آ نہیں سکتیں اور کسرہ اس وجہ سے کہ کسرہ اس پر پہلے سے موجود ہے اب دوسرا کسرہ آ نہیں سکتا اور علامہ جرجانی وغیرہ کا مذہب یہ ہے کہ یہ اسم معرب ہی نہیں بلکہ مبنی ہے اور غیر جمع مذکر سالم کی قید اس لئے لگائی کہ اگر جمع مذکر سالم مضاف بیائے متکلم ہوگی تو اس کا اعراب آئندہ مذکور ہوگا ۱۲

عہ للفرق بینہا وبین نون التثنیۃ ۱۲   عہ نظیر سقوط نون تثنیہ وقت اضافت ۱۲
عہ حال من المضاف الی یاء المتکلم ۱۲

وغلامي ومررت بعصًا وغلامي الثامن أن يكون الرفع بتقدير الضمة والجر بتقدير الكسرة والنصب بالفتحة لفظا ويختص بالمنقوص وهو ما في آخره ياء ما قبلها مكسور كالقاضي تقول جاءني القاضي ورأيت القاضيَ ومررت بالقاضي التاسع أن يكون الرفع بتقدير الواو والنصب والجر بالياء لفظا ويختص بجمع المذكر السالم مضافا إلى ياء المتكلم تقول جاءني مسلميّ تقديره مسلموي اجتمعت الواو والياء والأولى منهما ساكنة فقلبت الواو ياءً وادغمت الياء في الياء وأبدلت الضمة بالكسرة لمناسبة الياء فصار مسلميّ ورأيت مسلميّ ومررت بمسلميّ

سلہ قولہ الثامن ان یکون الرفع الی قولہ مررت بالقاضی (ت) آٹھویں قسم یہ ہے کہ رفع تقدیر ضمہ کے ساتھ ہو اور جر تقدیر کسرہ کے ساتھ اور نصب فتحہ لفظی کے ساتھ اور یہ قسم خاص ہے اسم منقوص کے ساتھ اور وہ اسم منقوص وہ ہے جس کے آخر میں ایسی یا ہو کہ اس کا قبل مکسور ہو جیسے القاضی کہے گا تو جاءنی القاضی اور رأیت القاضیَ اور مررت بالقاضی آیا میرے پاس قاضی اور میں نے دیکھا قاضی کو اور گذرا میں قاضی کے ساتھ (ش) حالت رفع اور حالت جر میں اسم منقوص پر لفظی اعراب اس وجہ سے نہیں آتا کہ یہ دونوں اعراب یار پر ثقیل ہوتے ہیں برخلاف نصب کے کہ وہ یاء پر ثقیل نہیں یہ تقدیری اعراب اسم منقوص میں اس وقت ہے کہ جب معرف باللام ہو اور اگر غیر معرف باللام ہو تو علاوہ تقدیری اعراب کے اس کی یاء بھی التقاء ساکنین کے باعث گر جائے گی جیسے جاءنی قاضٍ رأیت قاضیًا مررت بقاضٍ ۱۲

ٹلہ قولہ التاسع ان یکون الرفع الی قولہ وادغمت الیاء فی الیاء (ت) نویں قسم یہ ہے کہ رفع تقدیر واؤ کے ساتھ اور نصب اور جر یاء لفظی کے ساتھ ہو اور خاص ہے یہ قسم جمع مذکر سالم کے ساتھ در آں حال کہ مضاف ہو یائے متکلم کی طرف کہیگا تو جاءنی مسلمیّ یعنی آئے میرے پاس میرے مسلمان۔ مسلمیّ اصل میں مسلموی تھا۔ واو اور یاء اکٹھے ہوئے اور ان میں سے پہلا ساکن تھا اس لئے واو کو یاء سے بدل دیا گیا اور یاء کو یاء میں ادغام کر دیا گیا (ش) اس صورت میں رفع کی حالت میں اعراب لفظی اس وجہ سے دشوار ہے کہ جمع مذکر میں علامت رفع واؤ ہے اور واؤ کا قاعدہ صرفیہ کی وجہ سے ادغام کر دیا گیا تو جب واو لفظا باقی نہ رہا تو مجبوراً مقدر کر دیا گیا اور نصب اور جر اس صورت میں لفظی ہوگا کیونکہ ان دونوں کی علامت یاء ہے وہ یا لفظا موجود ہے اگرچہ مدغم ہے ۱۲

سلہ قولہ وابدلت الضمة بالكسرة الی قولہ ومررت بمسلمیّ (ت) اور میم کا پیش زیر سے بدل دیا گیا یاء کی مناسبت سے پس مسلمیّ ہو گیا اور رأیت مسلمیّ اور مررت بمسلمیّ میں نے دیکھا اپنے مسلمانوں کو اور میں گذرا اپنے مسلمانوں کے ساتھ (ش) بعض نحویوں کا قول ہے کہ اعراب بالحروف کبھی تینوں حالتوں میں تقدیری ہوا کرتا ہے جیسے اس جمع مذکر سالم میں جو معرف باللام کی طرف مضاف ہو اور اسماء ستہ میں جب کہ کسی معرف باللام کی طرف مضاف ہوں جمع مذکر کی مثال جاءنی مسلمو القوم اور رأیت مسلمی القوم اور اسماء ستہ کی مثال جاءنی ابو القوم اور رأیت ابا القوم اور مررت بابی القوم ہے۔ علامہ تفتازانی نے اپنی کتاب ارشاد میں اس کا ذکر کیا ہے

مجرور تو اس اعتبار سے کہ یہ بدل ہے نوعین سے اور یہی ترکیب بہتر ہے کیونکہ اس میں کچھ محذوف ماننا نہیں پڑتا اور مرفوع اس اعتبار سے پڑھ سکتے ہیں کہ یہ خبر ہو مبتدا محذوف کی اور لفظ منصرف صرف سے ماخوذ ہے جو کہ اس میں تغیر بہ نسبت غیر منصرف کے زیادہ ہوتا ہے اس وجہ سے اس کا نام منصرف رکھا اور منصرف کو غیر منصرف سے پہلے اس لئے ذکر کیا کہ بہ نسبت غیر منصرف کے منصرف کا وجود زیادہ ہے اور وہ بہ نسبت اس کے اصل بھی ہے اگر کوئی اعتراض کرے کہ یہ تعریف عدمی ہے اور عدم کے ساتھ تعریف کرنا درست نہیں کیونکہ عدمی چیز کسی شئے کے لئے معرف نہیں ہو سکتی تو جواب یہ ہے کہ مقصود تعریف سے تمیز ہوتی ہے اور وہ عدمی سے بھی حاصل ہے تینوں حرکتوں سے مراد رفع نصب جر ہے اور لفظ مع التنوین الثالثۃ محذوف کا ظرف ہے اور اسم منصرف پر تینوں حرکتیں مع تنوین کے آنے کی وجہ یہ ہے کہ وہ فعل کے ساتھ مشابہ نہیں ہے اور لفظ منہا جار مجرور کائنان محذوف کے متعلق ہے اور وہ سبب جو ایک ہی دو کے قائم مقام ہوتا ہے جمع منتہی الجموع اور تانیث بالف مقصورہ و بالف ممدودہ ہے اور دو یا ایک سبب کا پایا جانا عام ہے کہ حقیقۃً ہو یا حکماً لہٰذا اس غیر منصرف کا اعتراض نہیں پڑے گا جو محض ہم وزن ہونے کی وجہ سے غیر منصرف پڑھا گیا ہو جیسے سراویل کیونکہ اس میں بھی حکماً جمع پائی جاتی ہے اگر کوئی کہے کہ لفظ ہند اور صلات جب کسی مونث کا علم رکھ دیئے جائیں تو وہ منصرف ہوتے ہیں حالانکہ تعریف غیر منصرف کی صادق آتی ہے کہ دو سبب موجود ہیں ایک میں عجمہ اور علمیت دوسری میں علمیت اور تانیث تو جواب یہ ہے کہ دو سببوں کے پائے جانے سے مراد یہ ہے کہ وہ دو سبب موثر ہو کر پائے جائیں اور ان مثالوں میں وہ موثر نہیں ہیں کیونکہ عجمہ اور تانیث کے جو شرائط ہیں وہ ان میں موجود نہیں ہیں ۱۲۔ **۲ قولہ والاسباب التسعۃ الی قولہ مررت باحمد الخ)** اور نو اسباب یہ ہیں عدل، وصف، تانیث، معرفہ، عجمہ، جمع، ترکیب، الف و نون زائدتان، وزن فعل اور حکم غیر منصرف کا یہ ہے کہ اس پر داخل نہیں ہوتا کسرہ اور تنوین اور جر کی جگہ ہمیشہ مفتوح ہوتا ہے جیسے کہ تو کہے جاءنی احمد اور جیسے پاس احمد آیا اور میں نے احمد کو دیکھا اور میں

۱۹

فَصْلٌ الاسمُ المعربُ علیٰ نوعینِ منصرفٌ وهو ما لیس فیه سببانِ او واحدٌ یقومُ مقامَهما من الاسبابِ التسعةِ کزیدٍ ویُسمّی الاسمَ المتمکّنَ وحکمُهٗ ان یدخلَه الحرکاتُ الثلثُ مع التنوینِ تقولُ جاءَنی زیدٌ ورأیتُ زیدًا ومررتُ بزیدٍ وغیرُ منصرفٍ وهو ما فیه سببانِ او واحدٌ منها یقومُ مقامَهما والاسبابُ التسعةُ هی العدلُ والوصفُ والتانیثُ والمعرفةُ والعجمةُ والجمعُ والترکیبُ والالفُ والنونُ

۱ قولہ الاسم المعرب الی قولہ یقوم مقامہما الخ) اسم معرب دو قسم پر ہے ایک منصرف وہ وہ اسم ہے جس میں دو سبب یا ایک ہی سبب دو کے قائم مقام نہ ہو نو اسباب میں سے جیسے زید اور اس کا نام اسم متمکن رکھا جاتا ہے اور اس کا حکم یہ ہے کہ اس پر تینوں حرکتیں مع تنوین کے داخل ہوتی ہیں جیسے کہا تو جاءنی زید اور رأیت زیدا اور مررت بزید دوسری قسم غیر منصرف ہے اور وہ وہ اسم ہے جس میں دو سبب یا ایک سبب نو اسباب میں سے جو قائم مقام ہو دو سببوں کے۔ (دیکھ)، لفظ منصرف کو مجرور بھی پڑھ سکتے ہیں اور مرفوع بھی۔

کہ احمد کے ساتھ گزرا (ش)، اگر کوئی اعتراض کرے کہ ضمیر کا مرجع اسباب تسعہ ہیں اور العدل والوصف ہی کی خبر ہے اور خبر کا حمل مبتدا پر ضروری ہے اور یہاں حمل صحیح نہیں کیونکہ شئی عدل اسباب ہے اور اسباب کا حمل متعدد پر ہوا ہے تو جواب یہ ہے کہ واحد کا حمل متعدد پر اس وقت ناجائز ہوتا ہے کہ جب ربط عطف پر مقدم ہو اور یہاں عطف مقدم ہے کیونکہ اس جملہ کے معنی یہ ہیں کہ الاسباب التسعۃ ہی مجموع ہذہ الاحد وہی وہ نو اسباب ان تمام امور کا مجموعہ ہیں اور اسباب منصرف کی گنتی میں اختلاف ہے بعض کہتے ہیں کہ صرف دو ہیں ایک حکایت دوسرا ترکیب اور بعض کے نزدیک گیارہ ہیں تو قیود جو کتاب میں مذکور ہیں اور دو اور دو لازمہ ایک وصف اصلی کی رعایت کرنا جیسے احمر میں دوم الف تانیث خواہ مقصورہ ہو یا ممدودہ اور بعض کے نزدیک تیرہ ہیں گیارہ تو یہی جو مذکور ہوئے اور باقی دو ان کے علاوہ تانیث اور تیسرا تکرار جمع لیکن نحویوں کا قول اصلح ہے اس لئے کہ باقی ان میں سے کسی نہ کسی میں داخل ہو جاتے ہیں اور تنوین جو غیر منصرف پر منع کی گئی ہے وہ تمکن کی ہے کیونکہ تنوین عوض غیر منصرف پر آ جاتی ہے جیسے جوار پر تنوین حرکت یا حرف کے عوض ہے اور کسرہ اور تنوین بقیہ حاشیہ

عدل کو پہلے اس لئے بیان کیا کہ یہ غیر منصرف بنانے میں شرط مؤثر ہے اور تمام اسباب کی تعریف کی بجائے صرف عدل ہی کی کی کیونکہ باقی اسباب کی یا تو اپنے اپنے موقع پر تعریف مذکور ہے اور یا طلباء میں مشہور ہونے کی وجہ سے وہ تعریف ہی کے محتاج نہیں اور عدل کی تعریف اس وجہ سے بھی بیان کی کہ اس میں متقدمین کی بیان کردہ تعریف سے عدول کیا گیا ہے برخلاف باقی اسباب کے کہ ان کی تعریف موافق دیگر موجود نہیں ہے اور چونکہ اس تعریف میں یہ کہا ہے کہ صیغہ اصلیہ سے دوسرے صیغہ کی طرف تغیر کیا ہوا اس لئے لفظ یدٌ اور دمٌ میں عدل نہ ہوگا کیونکہ ان میں مادہ بھی نہیں ہے اسی طرح ترخیم منادی پر بھی عدل کی تعریف صادق نہیں کیونکہ وہاں صیغہ نہیں بدلتا اسی طرح تصغیر بھی عدل نہیں اگر کوئی اعتراض کرے کہ تعریف تعلیلات صرفیہ پر صادق آتی ہے حالانکہ وہ عدل نہیں تو جواب یہ ہے کہ تغیر سے مراد تغیر غیر صرفی ہے اس قرینہ سے کہ متکلم نحوی ہیں لہذا وہی تغیر مراد لیں گے۔

الزائدتان ووزن الفعل وحكمه ان لايدخله
ای حکم غیر المنصرف ۱۲

الكسرة والتنوين ويكون في موضع الجر مفتوحا ابدا

تقول جاءني احمد ورأيت احمد ومررت باحمد
فی الرفع — فی النصب ۱۲ — فی الجر

اما العدل[1] فهو تغير اللفظ من صيغته الاصلية
اے تغیر غیر قیاسی مع بقاء مادہ اصلیہ ۱۲

الى صيغة اخرى تحقيقا او تقديرا ولا يجتمع[2] مع وزن

الفعل اصلا ويجتمع مع العلمية كعمر وزفر ومع الوصف
مثال عدل تقدیری کہ بجز منع صرف دلیلے ندارد ۱۲

(بقیہ صفحہ ۱۹) غیر منصرف پر اس لئے منع ہے کہ غیر منصرف اس لحاظ سے فعل کے ساتھ مشابہ ہے کہ دو باتوں کی وجہ سے فرع ہے ایک تو یہ کہ وہ فاعل کا محتاج ہے دوسرے یہ کہ مصدر سے مشتق ہے اور غیر منصرف میں بھی دو سبب موجود ہیں اور ہر سبب میں فرع ہونا پایا جاتا ہے مثلاً عدل فرع ہے معدول عنہ کا وصف فرع ہے ذات کا تانیث فرع ہے تذکیر کی، معرفہ نکرہ کی عجمہ عربی کی ایسے ہی عام اسباب کو سمجھو۔ اور فعل پر تو کسرہ تنوین آتا نہیں لہذا غیر منصرف پر بھی نہیں آتا اور کسرہ تنوین کا نہ آنا اس وقت کے ساتھ خاص ہے کہ جب اس پر غلبہ اسمیت کا نہ ہو ورنہ کسرہ آجائے گا جبکہ معرف باللام ہو یا جبکہ مضاف ہو جیسے بالاحمد اور مررت باحمدکم ۱۲ (متعلقہ صفحہ ھذا) [1] قولہ قولہ اما العدل الی قولہ تحقیقا او تقدیرا (ت) بہر حال عدل پس وہ لفظ کو اس کے اصل صیغہ سے دوسرے صیغہ کی طرف متغیر کرنا ہے خواہ حقیقۃ یا تقدیرا (منہ) تمام اسباب میں

نہ صرفی۔ لفظ تحقیقاً یا مفعول مطلق ہے اور عامل محذوف یعنی حقق تحقیقا اور یا یہ لفظ اصل میں مضاف الیہ تھا اور اس کا مضاف محذوف ہے یعنی تغیر تحقیق تغیر کو حذف کر کے اس کی جگہ تحقیقا کو رکھدیا اور اعراب بھی تغیر کا اسکو دیدیا اور تغیر تحقیقی سے مراد یہ ہے کہ غیر منصرف پڑھنے یا مبنی پڑھنے کی ضرورت یا اخوات کے تابع کرنے کی وجہ سے نہ مانا گیا ہو اور تغیر تقدیری سے مراد یہ ہے کہ یا صرف غیر منصرف پڑھے جانے کی وجہ سے مانا گیا ہو جیسے لفظ عمر میں اور یا بنا کے لئے جیسے حضار اور قطام میں اور یا اخوات کے اتباع کے لئے جیسے قطام میں مطلب یہ کہ علاوہ ان ضرورتوں کے اور کوئی دلیل اس میں عدل ماننے کی نہ پائی جائے برخلاف تحقیقی کے کہ اس میں علاوہ ازیں اور دلیلیں بھی موجود ہوتی ہیں ۱۲

[2] قولہ ولا یجتمع الی قولہ اُخر وجمع۔ (ت) اور نہیں جمع ہوتا عدل وزن فعل کے ساتھ بالکل اور علمیت کے ساتھ جمع ہوتا ہے جیسے عمر اور زفر اور جمع ہو جاتا ہے وصف کے ساتھ جیسے ثلاث اور مثلث اور اُخر وجمع (ش) اور عدل کی وزن فعل کے ساتھ جمع نہ ہونے کی وجہ یہ ہے کہ عدل کے اوزان چھ ہیں جو مقرر ہیں اور ان کو شاعر نے نظم بھی کیا ہے کہ قطعہ اوزان عدل را بتمامی تو شش شمر + مفعل اُفعل مثالہا مثلث وعمر + فعل بہمچو اسم فعال ست چوں ثلاث + دیگر فعال ذاں تو قطام و فعل سحر + اور ان تمام وزنوں میں کوئی وزن فعل نہیں ہے اور اصلاً سے یہ مراد ہے کہ نہ عدل تحقیقی جمع ہوتا ہے اور نہ عدل تقدیری اور عمر وزفر دونوں مثالیں عدل اور علمیت کی ہیں اور ان دونوں میں عدل تقدیری ہے کیونکہ کلام عرب میں عمر اور زفر غیر منصرف پڑھا جاتا تھا اور سوائے علمیت کے اور کوئی سبب تھا نہیں اسلئے ان میں عدل مان لیا لہذا سوائے غیر منصرف پڑھنے کے اور کوئی دلیل ان میں عدل کی موجود نہیں اس کا معدول عنہ عامر اور زافر ہے اور ثلاث اور مثلث عدل اور وصف کی مثالیں ہیں ان میں عدل تحقیقی ہے کیونکہ ان میں عدل کی دلیل علاوہ غیر منصرف پڑھنے کے اور بھی موجود ہے وہ یہ کہ ثلاث کے معنی تین تین کے ہیں اور تکرار معنی کا دلالت کرتی ہے لفظ کی تکرار پر معلوم ہوا کہ یہ لفظ اصل میں ثلثۃ ثلثۃ تھا اسی طرح مثلث اور لفظ اُخر اور جمع میں بھی عدل تحقیقی اور وصف ہے کیونکہ علاوہ غیر منصرف پڑھنے کے اور دلیل اسمیں بھی عدل کی موجود ہے وہ یہ کہ اُخر اخریٰ کی جمع ہے اور وہ اسم تفضیل ہے اور اسم تفضیل کا استعمال تین طریقوں میں سے ایک طریق کے ساتھ ہوتا ہے یا الف لام یا اضافت یا من کے ساتھ اور لفظ اخر میں ان تینوں میں سے کچھ نہیں تو ضرور ہوا کہ (باقی برصفحہ آئندہ)

(باقی برصفحہ آئندہ)

وصفیت میں اصل ہونے کی وجہ سے (ش) وصف کے علمیت کے ساتھ جمع نہ ہونے کی وجہ یہ ہے کہ وصف عموم کو چاہتا ہے اور علمیت خصوص کو وصف سے یہاں مراد ہونا اسم کے دلالت کرنے والا کسی ذات پر جس میں بعض صفات تسک ساتھ لگی ہو۔ اور شرط سے مراد یہ ہے کہ شرط وصف کے کسی اسم کو غیر منصرف بنانے کی نہ اس کے وجود کی اور اصل الوضع میں اضافت بیانیہ ہے یعنی اصل جو خود وضع ہے مطلب یہ کہ وہ وصف اصلی ہو یہ نہ ہو کہ واضع نے وضع کے وقت اس میں وصف نہیں رکھا تھا اور بعد وضع کے استعمال میں وصف لگ گیا ہو اس لئے اسود اور ارقم غیر منصرف ہوگئے کہ اصل وضع کے اعتبار سے ان میں وصف ہے یعنی سیاہ رنگ والا اور کبڑے رنگ والا گو استعمال میں یہ وصف ان کے اندر نہیں رہا کیونکہ اسود اب کالے سانپ کا نام ہے اور ارقم کبڑے سانپ کا تو ان دونوں میں وزن فعل اور وصف موجود ہیں جن کے باعث یہ غیر منصرف ہیں اگر کوئی کہے کہ اسود قابل تا ہے اور وزن فعل میں یہ شرط ہے کہ وہ قابل تا نہ ہو تو جواب یہ ہے کہ اسود تو غلبہ اسمیت کے اعتبار سے تھا ہے اور اس اعتبار سے وہ غیر منصرف نہیں اور وزن فعل میں غیر قابل تا ہونے کی جو شرط کی جاتی ہے وہ اس اعتبار سے کی جاتی ہے کہ جس اعتبار سے وہ غیر منصرف ہوا ۱۲ ۔ **۳ قولہ وا ربع فی مررت** الیٰ قولہ فی الوصفیۃ (ت) او لفظ اربع مررت بنسوۃ اربع میں منصرف ہے باوجودیکہ وہ صفت ہے اور وزن فعل کیونکہ وصفیت میں اصل نہیں ہے (ش) لفظ اربع کا اسود اور ارقم پر عطف ہے اور شرط عدمی پر جو وجودی شرط کے ضمن میں سمجھی جاتی ہے یہ جملہ متفرع ہے معنی یہ کہ وصف عارضی غیر منصرف نہیں بناتا جیسا کہ اربع مررت بنسوۃ اربع میں اسی وجہ سے منصرف ہے کہ لفظ اربع اصل وضع کے لحاظ سے وصفیت سے خالی ہے کیونکہ تین سے اوپر اور پانچ سے نیچے کے عدد کو اربع کہتے ہیں اور وہ ذات ہے البتہ استعمال میں نسوۃ کی صفت واقع ہوگیا ہے لہٰذا یہ وصف عارضی ٹھہرا جو غیر منصرف نہیں بنائے گا ۱۲ **۴ قولہ اما التانیث** الیٰ قولہ وسقر وماہ وجور (ت) بہرحال تانیث تاء کے ساتھ سو اس کی شرط یہ ہے کہ وہ علم ہو جیسے طلحہ اور ایسے ہی تانیث معنوی پھر تانیث معنوی اگر ثلاثی ہو کہ اس کے بیچ کا حرف ساکن ہو درانحالیکہ غیر عجمی (یعنی عربی) ہو تو اس کا منصرف پڑھنا اور غیر منصرف پڑھنا

كَثُلَاثَ وَمَثْلَثَ وَأُخَرَ وَجُمَعَ أَمَّا الْوَصْفُ فَلَا يَجْتَمِعُ مَعَ الْعَلَمِيَّةِ أَصْلًا وَشَرْطُهُ أَنْ يَكُونَ وَصْفًا فِي أَصْلِ الْوَضْعِ فَأَسْوَدُ وَأَرْقَمُ غَيْرُ مُنْصَرِفٍ وَإِنْ صَارَا اسْمَيْنِ لِلْحَيَّةِ لِأَصَالَتِهِمَا فِي الْوَصْفِيَّةِ وَأَرْبَعٌ فِي مَرَرْتُ بِنِسْوَةٍ أَرْبَعٍ مُنْصَرِفٌ مَعَ أَنَّهُ صِفَةٌ وَوَزْنُ الْفِعْلِ لِعَدَمِ الْأَصَالَةِ فِي الْوَصْفِيَّةِ أَمَّا التَّأْنِيثُ بِالتَّاءِ فَشَرْطُهُ أَنْ يَكُونَ عَلَمًا كَطَلْحَةَ وَ

(بقیہ صفحہ ۲) کہ ان سے معدول ہے کیونکہ اضافت خود غیر منصرف کو بھی منصرف کر دیتی ہے اس لحاظ سے معدول نہیں ملتے ہیں پس یہ الاخر سے معدول ہے اور یا اخر من کہ لئے اور جمع جمعاء کی جمع ہے جو اجمع کا مونث ہے اور جو فعلاء کہ افعل کا مونث ہوتا ہے اس کا قاعدہ یہ ہے کہ اس کی جمع بشرطیکہ اس میں صفتی معنی ہوں بروزن فعل آتی ہے جیسے حمراء کہ اس کی جمع حمر آتی ہے اور اگر اس میں صفتی معنی نہ ہوں بلکہ وہ جامد ہو تو اس کی جمع فعلاوات کے وزن پر آتی ہے جیسے صحراء کی جمع صحراوات لہٰذا جمعاء کی جمع اس قاعدہ سے بروزن فعل یعنی جمع بسکون میم آنی چاہئے اور جبکہ جمع بفتح میم آرہی ہے تو معلوم ہوا کہ اس سے معدول ہے یعنی جُمَع اصل میں جُمْع تھا ۱۲ ، **متعلقہ صفحہ ہذا ۱ قولہ اما الوصف** الیٰ قولہ لاصالتہما فی الوصفیۃ (ت) بہرحال وصف پس وہ جمع نہیں ہوتا علمیت کے ساتھ بالکل اور اس کی شرط یہ ہے کہ ہو وہ وصف اصل وضع میں لہٰذا اسود اور ارقم غیر منصرف ہیں اگرچہ دونوں ہوگئے ہیں اسم سانپ کا ان دونوں کے

دونوں جائز ہیں بوجہ خفت اور دو سببوں کے پائے جانے کے جیسے ہند ورنہ واجب ہے اس کو غیر منصرف پڑھنا جیسے زینب اور سقر اور ماہ اور جور (ش) بالتاء کہنے سے تانیث بالالف نکل گئی کیونکہ وہ بلا شرط علمیت غیر منصرف بناتی ہے اور تانیث بالتاء میں علمیت کی شرط اس وجہ سے لگاتے ہیں کہ تاکہ تانیث کلمہ کو لازم ہو جائے کیونکہ علم تغیر تبدل سے محفوظ رہتا ہے پس لفظ طلحہ علمیت اور تانیث بالتاء کی وجہ سے غیر منصرف ہے اسی طرح تانیث معنوی میں بھی علمیت شرط ہے مگر فرق یہ ہے کہ علم تانیث بالتاء میں غیر منصرف پڑھنے کے وجوب کی شرط ہے اور تانیث معنوی میں جواز کی اور وجوب کی شرطیں اس میں اور ہیں جنکو مصنف نے والا یجب تک میں بیان کیا ہے اور مقصد یہ ہے کہ جب تانیث بالتاء ثلاثی ساکن الاوسط غیر عجمی ہو تو اس کا غیر منصرف پڑھنا جائز ہے کیونکہ دو سبب اس میں موجود ہیں ایک علمیت دوسرا تانیث معنوی اور منصرف پڑھنا اس لئے جائز ہے کہ ان تینوں باتوں کی وجہ سے کلمہ میں تخفیف ہو جائے گی جس کی وجہ سے دونوں سببوں میں سے ایک سبب کالعدم ہو جائے گا اور ایک سبب غیر منصرف بناتا نہیں البتہ اگر تانیث معنوی والا کلمہ اپنے اندر تین حروف سے زیادہ رکھتا ہو (باقی بر صفحہ آئندہ)

(متعلقہ صفحہ ہذا) لے قولہ التانیث بالالف الی قولہ ولزومہ (ت) اور تانیث الف مقصورہ کے ساتھ جیسے حبلی اور الف ممدودہ کے ساتھ جیسے حمراء منع ہے ان دونوں کا منصرف پڑھنا یقینا اس لئے کہ الف دو سببوں کے قائم مقام ہے ایک تانیث دوسرا لزوم تانیث (مش) الف مقصورہ وجہ سے جرکے ساتھ نہ پڑھا جائے اور ممدودہ وجہ جر کے ساتھ پڑھا جائے اور لفظ البتہ منصوب ہے کیونکہ مفعول مطلق ہے فعل محذوف کا یعنی ثبت البتۃ (یقین کیا گیا یقین کیا جانا) اور یہ جو کہا کہ الف قائم مقام　دو سبب کے ہے اس سے مراد یہ ہے کہ تانیث یا الف دو سبب کے قائم مقام ہے کیونکہ تانیث ہی تو سبب ہے نہ کہ الف ۱۲ -

لے قولہ اما المعرفۃ الی قولہ مع غیر الوصف (ت) بہرحال معرفہ پس نہیں اعتبار کیا جاتا غیر منصرف　(۲۲)　بنانے میں اس میں سے مگر علمیت کا اور معرفہ جمع ہو جاتا ہے غیر وصف کے ساتھ (مش) معرفہ کی تمام قسموں میں سے صرف علمیت ہی کلمہ کو غیر منصرف بناتی ہے اس وجہ سے کہ ضمیریں اور اسم اشارہ اور اسم موصول تو مبنی ہیں اور غیر منصرف معرب ہوتا ہے اور مضاف اور معرب باللام غیر منصرف کو بھی منصرف کر دیتے ہیں لہٰذا صرف علمیت باقی رہ گئی کیونکہ کل اقسام معرفہ　کے ساتھ ہیں اسم اشارہ اور اسم موصول جن کو مبہم کہتے ہیں اور علم اور مضاف اور معرف باللام اور ضمیر اور منادی اور بہت سے لوگ منادی کو شمار نہیں کرتے چنانچہ شاعر نے کہا ہے کہ

معارف جملہ پنج ست داں نہ بیش و نہ کم +
مضاف و مضمر و ذو اللام مبہم ست و علم +

مگر اگر منادی کو معرفہ میں شمار کیا جائے جیسا کہ اکثر نحوی کرتے ہیں تو اس کے غیر منصرف نہ بنانے کی وجہ یہ ہے کہ وہ وصف کے ساتھ معرفہ جمع نہیں ہوتا اس کے علاوہ اور اسباب کے ساتھ جمع ہو جاتا ہے کیونکہ معرفہ اور وصف میں ضدیت ہے اس لئے کہ معرفہ تعین پر دال ہے اور وصف غیر تعین پر ۱۲

كَذٰلِكَ الْمَعْنَوِيُّ ثُمَّ الْمَعْنَوِيُّ إِنْ كَانَ ثُلَاثِيًّا سَاكِنَ الْأَوْسَطِ غَيْرَ أَعْجَمِيٍّ يَجُوزُ صَرْفُهُ وَتَرْكُهُ لِأَجْلِ الْخِفَّةِ وَوُجُودِ السَّبَبَيْنِ كَهِنْدٍ وَالْأَعْجَبُ مَنْعُهُ كَزَيْنَبَ وَسَقَرَ وَمَاهَ وَجُوْرَ وَالتَّأْنِيثُ بِالْأَلِفِ الْمَقْصُورَةِ كَحُبْلٰى وَالْمَمْدُودَةِ كَحَمْرَاءَ مُمْتَنِعٌ صَرْفُهُمَا الْبَتَّةَ لِأَنَّ الْأَلِفَ قَائِمٌ مَقَامَ السَّبَبَيْنِ التَّأْنِيثِ وَلُزُومِهِ أَمَّا الْمَعْرِفَةُ فَلَا يُعْتَبَرُ فِي مَنْعِ الصَّرْفِ مِنْهَا إِلَّا الْعَلَمِيَّةُ وَتَجْتَمِعُ مَعَ غَيْرِ الْوَصْفِ أَمَّا الْعُجْمَةُ فَشَرْطُهَا أَنْ

(بقیہ صفحہ) یا تین ہی حرف اس میں ہوں لیکن بیچ کا حرف متحرک ہو یا بیچ کا حرف ساکن بھی ہو لیکن وہ کلمہ عربی نہ ہو بلکہ عجمی ہو تو اس میں تخفیف نہ ہوگی بلکہ ثقیل ہوگا جس کی وجہ سے دونوں سبب قوی رہیں گے اور غیر منصرف بنانے میں خوب اثر کریں گے لہٰذا اس کا غیر منصرف پڑھنا واجب ہوگا مثلاً زینب میں تین حرف سے زیادہ ہیں اور سقر میں اگرچہ تین ہی حرف ہیں تو اس میں بیچ کا حرف حرکت والا　ہے اور ماہ اور جور میں اگرچہ بیچ کا حرف ساکن ہی ہے لیکن دونوں کلمے عجمی ہیں یعنی غیر زبان کے ہیں

لے قولہ اما العجمۃ فشرطہا الی قولہ بسکون الاوسط (ت) بہرحال عجمہ پس اسکی شرط یہ ہے کہ ہو وہ علم عجمہ (زبان عجم) میں اور ہو زائد تین حرفوں سے جیسے ابراہیم یا ثلاثی ہو مگر بیچ کا حرف حرکت والا ہو جیسے شتر پس لفظ لجام منصرف ہے علمیت نہ ہونے کی وجہ سے اور لفظ نوح بھی منصرف ہے بیچ کا حرف ساکن ہونے کی وجہ سے (مش) یعنی عجمہ ہونا کلمہ کو غیر منصرف اس وقت بناتا ہے کہ جب وہ کلمہ اس غیر عربی زبان میں کسی چیز کا علم ہو کیونکہ اگر وہ علم نہ ہوگا اور عربی زبان میں نقل ہو کر آئے گا تو عربی لوگ اس میں اپنی عادت کے مطابق تعرفات کریں گے مثلاً الف لام داخل کرنا مضاف کرنا تنوین داخل کرنا ان تعرفات کے سبب اس عجمی کلمہ کے عجمہ ہونے میں کمزوری آئے گی لہٰذا وہ غیر منصرف نہ بنا سکے گا اور تین حرف سے زیادہ ہونے کی شرط اس لئے کی ہے کہ تین حرف سے کم والا کلمہ ثقیل نہیں ہوتا بلکہ زبان پر وہ خفیف ہوتا ہے اور خفت کے باعث دو سببوں میں سے ایک سبب کالعدم ہو جاتا ہے پس اگر تین حرف سے زیادہ نہ ہوں تو وسط کا حرف حرکت والا ہو کیونکہ تین حرف والا کلمہ اگر ساکن الاوسط ہو تو اس کی تخفیف ثقل سے بدل جاتی ہے اسی لئے مصنفؒ نے فرمایا کہ لجام جب کسی مرد کا علم کر دیا جائے تو منصرف ہوگا کیونکہ عجمی زبان میں علم نہیں ہے بلکہ لجام بمعنی لگام ہے اور ہر لگام کو لگام کہہ سکتے ہیں اور لفظ نوح بھی منصرف ہے یہ دوسری شرط پر تفریع ہے کہ اس میں تین ہی حرف ہیں مگر بیچ کا حرف متحرک نہیں ہے چونکہ یہاں نوح کا ذکر آیا ہے اس مناسبت سے یہ بتا دینا اچھا ہے کہ انبیاء کے ناموں میں سے کتنے تام غیر منصرف ہیں سو سمجھو کہ تمام اسماء انبیاء میں سے صرف سات نام (باقی بر صفحہ آئندہ)

اقسام منصرف ... منصرف یہ تین قسم ہیں ایک محمد صلی اللہ علیہ وسلم دوسرا صالح علیہ السلام تیسرا شعیب علیہ السلام ... ایک نوح اور لوط ... شیث ... باقی غیر منصرف ہیں
اسماء ... کا نام ... تو وہ غیر منصرف ہے کیونکہ ایک تو وہ ... دوسرے عجمہ ہے ... اور اگر ... کسی کا نام رکھ دیا جائے ... غیر منصرف
ہوگا کیونکہ اس میں ایک ... ہے دوسرے الف مقصورہ اور اگر ... کسی کا نام نہ رکھا جائے تو اس صورت میں منصرف ہوگا اور یہ لفظ فعل کے وزن پر ہے جیسا کہ قرات
منقول ہے ... اس صورت میں ... اصل میں ... لفظ ... لفظ ... ہے ... اس صورت میں لفظ ...
... منصوب بنا بر مصدریت ... رابع تمام مقام تا تانیث ... عہ ... عہ حرف

تكون علمًا في العجمة وزائدة على ثلاثة أحرف كإبراهيم أو ثلاثيًا متحرك الأوسط كشتر فلجام منصرف لعدم العلمية ونوح منصرف لسكون الأوسط أما الجمع فشرطه أن يكون على صيغة منتهى الجموع وهو أن يكون بعد ألف الجمع حرفان كمساجد أو حرف مشدد مثل دوابّ أو ثلاثة أحرف أوسطها ساكن غير قابل للهاء كمصابيح فصياقلة وفرازنة منصرف لقبولهما الهاء وهو أيضًا قائم مقام السببين الجمعية ولزومها وامتناع أن يجمع مرة أخرى جمع التكسير فكأنه جمع مرتين

للعجمہ ... متعلقہ صفحہ ہذا ... قولہ اما الجمع فشرطہ الٰی قولہ اوسطہا ساکن (ت) پس جمع اس کی شرط یہ ہے کہ وہ صیغہ منتہی الجموع کے وزن پر ہو اور منتہی الجموع یہ ہے کہ الف جمع کے بعد دو حرف ... یا ایک ہی حرف ہو مشدد جیسے دواب یا تین حرف ہوں درمیان کا حرف ساکن ہو (ش) لفظ جمع سے یہاں معنی وصفی مراد ہیں یعنی ہونا اسم کا جمع نہ معنی اسمی جو مفرد اور تثنیہ کا مقابل ہے اور جمع سے مراد عام ہے خواہ فی الحال جمع ہو یا اصل کے اعتبار سے اور عام ہے خواہ حقیقۃً جمع ہو یا تقدیراً حقیقۃ کی مثال مساجد اور تقدیر کی مثال سراویل اور صیغہ سے مراد وہ ہیئت ہے جو مجموعہ حروف اور حرکات و سکنات سے حاصل ہوتی ہے اور جمع منتہی الجموع کی دو قسمیں ہیں ایک یہ ہے کہ وہ پہلی بار جمع بنائی گئی ہو جیسے وہ سب مثالیں جو کتاب میں مذکور ہیں شرح ... مسجد کی جمع اور دواب دابۃ کی اور مصابیح مصباح کی ہے اور دوسری بار جمع بنائی گئی ہو جیسے اکالب کہ اکلب کی جمع ہے اور اکلب کلب کی اور اناعیم جیسے اناعم کی اور انعام نعم کی جمع بن جاتا ہے۔ ؎ قولہ غیر قابل للہاء الٰی قولہ فکانہ جمع مرتین (ت) مگر ہا کو قبول کرنے والا نہ ہو جیسے مصابیح پس لفظ صیاقلۃ اور فرازنۃ منصرف ہیں دونوں کے ہا کو قبول کرنے کی وجہ سے اور یہ جمع منتہی الجموع بھی دو سببوں کے قائم مقام ہے ایک جمعیت

اور لزوم جمعیت اور دوسرے اس کا منع ہونا کہ دوسری بار جمع لایا جائے جمع تکسیر تو گویا وہ صیغہ دوبارہ جمع بنایا گیا ہے (ش) لفظ غیر قابل الہاء میں غیر منصوب بھی ہو سکتا ہے جبکہ اسکو تمیمون کی دوسری خبر ٹھہرائیں اور مرفوع بھی ہو سکتا ہے جبکہ اس کو مبتدا محذوف کی خبر ٹھہرائیں یعنی وذلک الجمع غیر قابل الہاء اور ہا سے مراد وہ تا ہے جو حالت وقفی میں ہا ہو جاتی ہے لہذا فوارہ غیر منصرف رہیگا جو فارہ کی جمع ہے کیونکہ اس میں وہ تا نہیں ہے جو حالت وقفی میں ہا ہو جاتی ہے اور جو جمع قابل ہا ہو اسکو منصرف رکھنے کی وجہ یہ ہے کہ ایسا کلمہ وزن میں مفرد کے مشابہ ہو تا ہے مثلاً صیاقلۃ اور فرازنۃ وزن میں کراہیۃ اور طواعیۃ کے مشابہ ہے لہذا اسکی قوت جمعیت میں کمزور ہوگی ... اسلئے وہ دو سببوں کے قائم مقام نہیں ہو سکی صیاقلۃ صیقل کی جمع ہے یعنی تلوار تیز کرنے والا اور فرازنۃ فرزان کی جمع ہے یعنی شطرنج ہے اور لفظ مرتین جمع کا مفعول مطلق ہے ۱۲

عہ نام قلعہ در دیار بکر ۱۲ عہ دیکھو ضرب امثلہ ۱۲

نہ ہوں گے اور ترکیب کے اسم کو غیر منصرف بنانے کی شرط یہ ہے کہ وہ علم ہو اس لئے کہ اگر علم نہ ہوگا تو ترکیب موجب زوال ہی ہوگی اور ترکیب کہ کو اس وقت غیر منصرف بناتی ہے کہ جب وہ علم ہو لازم ہو اور لزوم اس وقت ہو سکتا ہے جب وہ علم ہو اور اضافت اور اسناد نہ ہونے کی شرط اس وجہ سے لگائی ہے کہ اضافت سے تو غیر منصرف بھی منصرف ہو جاتا ہے اور اسناد اگر اعلام میں پایا جاتا ہے تو وہ معرب نہیں رہتے اور غیر منصرف معرب کی قسم ہے اور چونکہ ترکیب کی تعریف میں دو کلموں کا ذکر ہو چکا ہے اسلئے سیبویہ اور نفطویہ اس سے خارج ہو گئے وہ غیر منصرف نہ ہوں گے اور خمسۃ عشر بھی غیر منصرف نہ ہوگا کیونکہ گو اس میں ترکیب ہے مگر دوسرا جزء حرف کو متضمن ہے اصل میں احد و عشر تھا لہٰذا یہ مبنی ہو گا پس معد یکرب میں سب شرطیں موجود ہیں کہ اس میں ترکیب بلا اضافت اور بلا اسناد ہے اس لئے یہ تو غیر منصرف ہے ایک سبب اس میں ترکیب دوسرا علم ہے اور شاب قرناہا مبنی ہے کیونکہ اس ترکیب میں اسناد ہے اور ایک عورت کا لقب ہے اسکی دونوں زلفیں سفید ہو گئی تھیں اس لئے یہ لقب پڑ گیا پس یہ مبنی ہوگا نہ معرب اور شاب ماضی کا صیغہ ہے اس کا معنی شیب جس کے معنی بوڑھے ہو جانے کے ہیں ۱۲

أَمَّا التَّرْكِيْبُ[1] فَشَرْطُهُ أَنْ يَكُوْنَ عَلَمًا بِلَا إِضَافَةٍ وَلَا إِسْنَادٍ كَبَعْلَبَكَّ فَعَبْدُ اللّٰهِ مُنْصَرِفٌ وَمَعْدِيْكَرِبُ غَيْرُ مُنْصَرِفٍ وَشَابَ قَرْنَاهَا مَبْنِيٌّ أَمَّا الْأَلِفُ وَالنُّوْنُ[2] الزَّائِدَتَانِ إِنْ كَانَتَا فِيْ اسْمٍ فَشَرْطُهُ أَنْ يَكُوْنَ عَلَمًا كَعِمْرَانَ وَعُثْمَانَ فَسَعْدَانُ اسْمُ نَبْتٍ مُنْصَرِفٌ لِعَدَمِ الْعَلَمِيَّةِ وَإِنْ كَانَتَا فِيْ صِفَةٍ[3] فَشَرْطُهُ أَنْ لَا يَكُوْنَ مُؤَنَّثُهُ عَلٰى فَعْلَانَةٍ[4] كَسَكْرَانَ فَنَدْمَانُ مُنْصَرِفٌ لِوُجُوْدِ نَدْمَانَةٍ أَمَّا وَزْنُ[5] الْفِعْلِ فَشَرْطُهُ أَنْ يَخْتَصَّ بِالْفِعْلِ أَوْ لَا يُوْجَدُ فِي الْاِسْمِ إِلَّا

(مبتدا، جملہ خبر، ولا جزء جزء حرف کو متضمن، مبتدا، خبر، جملہ شرطیہ قبل علمیت مبنی ہوں گے، ای شرط تاثیر الالف والنون، خبر مبتدا اسم نبت کا، ای ابا دیا گیا، متعلق منصرف)

سلہ قولہ اما الالف والنون الزائدتان الی قولہ لعدم العلمیۃ (ت) اور الف ونون زائدتان اگر ہوں کسی اسم میں تو اسکی شرط یہ ہے کہ ہو وہ علم جیسے عمران اور عثمان پس سعدان اس حال میں کہ وہ گھاس کا نام ہے منصرف ہے علمیت نہ ہونیکی وجہ سے (ش) ان کو زائدتان اس لئے کہتے ہیں کہ یہ دونوں حروف زوائد میں سے ہیں اور کل حروف زوائد ہو یت السمان میں جمع ہیں اور یا اس وجہ سے کہ اس کلمہ میں یہ دونوں حرف زائد ہیں اصلی نہیں ہیں تو (اگر الف ونون اسم میں پائے جائیں الخ یہاں اسم سے مراد اسم محض ہے جو وصف کا مقابل ہوتا ہے فعل و حرف کا مقابل یا لقب و کنیت کا مقابل مراد نہیں ہے اس صورت میں علم ہونے کی شرط اس وجہ سے کی ہے تاکہ تانیث کے دونوں الفوں کے ساتھ مشابہت محقق ہو جائے کیونکہ علم ہونے کی صورت میں تاء اس پر داخل نہ ہو سکے گی جس طرح الف تانیث پر داخل نہیں ہوتی چنانچہ عمران اور عثمان غیر منصرف ہیں کیونکہ دونوں علم ہیں اسی لئے ان پر تاء نہیں آتی اور سعدان علم نہیں ہے تو اس پر تا آ جاتی ہے جیسے سعدانۃ اور مرجان میں مرجانۃ وغیرہ ۱۲

سلہ قولہ اما الترکیب فشرطہ الی قولہ قرناہا مبنی (ت) بہرحال ترکیب پس اسکی شرط یہ ہے کہ ہو وہ علم بغیر اضافت اور بغیر اسناد کے جیسے بعلبک پس لفظ عبد اللہ منصرف ہے اور معدیکرب غیر منصرف اور شاب قرناہا مبنی ہے (ش) ترکیب سے مراد دو کلموں یا زیادہ کو ایک کلمہ بنا لینے کے ہیں اس طور پر کہ دونوں جزوں میں سے کوئی جز حرف نہ ہو جیسے النجم میں الف لام حرف اور بصری میں یا نسبت حرف ہے اور رمانۃ میں تاء حرف ہے لہٰذا یہ اسماء اگر کسی کا علم کر دیئے جائیں تو غیر منصرف

سلہ قولہ وان کانتا فی صفۃ الی قولہ لوجود ندمانۃ (ت) اور اگر یہ الف ونون کسی صفت میں ہوں تو اس کی شرط یہ ہے کہ اس کا مونث فعلانۃ کے وزن پر نہ ہو جیسے سکران پس لفظ ندمان منصرف ہے بوجہ پائے جانے ندمانۃ کے (ش) اور اگر یہ دونوں الف ونون اسم صفت میں ہوں تو یہ شرط ہے کہ اس کا مونث فعلانۃ کے وزن پر نہ آتا ہو جیسے سکران کہ یہ اسم صفت ہے اور اس کا مونث سکرانۃ نہیں آتا یہاں مفتوح الفاء کے سوا اور کوئی مثال نہ دی اور اسم محض میں مکسور الفاء اور مضموم الفاء دونوں مثالیں دی تھیں اس کی وجہ یہ ہے کہ اسم صفت میں مکسور الفاء اور مضموم الفاء کی مثالیں موجود نہیں ہے۔ اور ندمان اس وجہ سے منصرف ہے کہ اس کا مونث ندمانۃ آتا ہے مگر یہ اسی صورت میں کہ جب کہ ندمان کے معنی ندیم (ہمنشیں) کے ہوں اور اگر نادم (پشیمان) کے معنی لئے جائیں تو اس کا مونث ندمیٰ آتا ہے نہ ندمانۃ لہٰذا وہ بالاتفاق غیر منصرف ہوگا۔

سلہ اما وزن الفعل فشرطہ الی قولہ وضرب (ت) بہرحال وزن فعل پس اسکی شرط یہ ہے کہ خاص ہو وہ وزن فعل کے ساتھ اور نہ پایا جائے اسم میں مگر منقول ہو کر (باقی بر صفحہ ۲۶)

اور فعل کے ساتھ وزن خاص ہونے کے شرط اور برتقدیر خاص نہ ہونے کے اس کے اوّل میں مضارع کی علامت پائے جانے کی شرط اس لئے لگائی ہے کہ اس کے بغیر وزن فعل والے اسم میں فرعیت نہیں پائی جائیگی اور فرعیت کے بغیر کلمہ غیر منصرف نہیں ہو سکتا اور احمد اور یشکر اور تغلب تو آدمیوں کے نام ہیں۔ اور نرجس نرگس کی عربی ہے اور یعمل کے معنی چلنا ہوا اونٹ ۱۲ ؎۵ قولہ واعلم ان کل ماشرط فیہ الی قولہ وہا لاحمد (ت) اور جاننا چاہئے کہ ہر وہ اسم غیر منصرف کہ شرط کی گئی اس میں علمیت اور وہ مونث بالتا اور مونث معنوی اور عجمہ اور ترکیب اور وہ اسم ہے جس میں الف ونون زائدتان ہوں بشرطیکہ نہیں لگائی ہے اس میں یہ (علمیت) اور جمع ہوگئی ہے صرف ایک سبب کے ساتھ اور وہ علم معدول اور وزن فعل ہے جبکہ نکرہ کیا جائے وہ اسم تو منصرف ہو جائے گا۔ بہرحال پہلی قسم میں پس بوجہ باقی رہنے اسم کے بغیر سبب کے اور بہرحال دوسری قسم میں سو اس کے ایک سبب کے ساتھ باقی رہنے کی وجہ سے کہیگا تو جاءنی طلحۃ وطلحۃ آخر یعنی آیا میرے پاس طلحہ اور طلحہ دوسرا اور رکھڑا ہو عمر اور عمر دوسرا اور مارا احمد نے اور دوسرے احمد نے اور ہر وہ اسم جو غیر منصرف ہو جب وہ مضاف کیا جائے یا اس پر الف لام داخل ہو تو اس پر کسرہ داخل ہو جائے گا جیسے مررت باحمدکم اور مررت بالاحمد (ش) ملے مراد اسم غیر منصرف ہے اور لم یشرط کے عطف ماشرط پر ہے اس کی ضمیر علمیت کی طرف راجع ہے کیونکہ مصدر ذوالتا مذکر اور مؤنث دونوں طرح استعمال ہوتا ہے اور فقط میں فا جزائیہ ہے۔ اور قط اسم فعل بمعنی انتہ ہے اور ہذا علم میں ہو کا مرجع مالم یشترط فیہ ہے یعنی وہ غیر منصرف کہ اس کے اندر علمیت ایک سبب کے ساتھ جمع ہوگئی ہو اور علمیت اس دوسرے سبب کیلئے شرط نہ ہو علم معدول اور وزن فعل ہے کیونکہ عدل یا وزن فعل کیلئے علم ہونا شرط تو نہیں البتہ دونوں جمع ہو کر کلمہ کو غیر منصرف ضرور بنا دیتے ہیں برخلاف مؤنث بالتاء اور معنوی اور عجمہ وغیرہ کے کہ ان کے کلمہ کو غیر منصرف بنانے کی شرط یہ ہے کہ وہ کلمہ علم ہو پس جب اس کلمہ کو نکرہ کر لیا جائے گا تو لامحالہ منصرف ہوگا نکرہ بنانے کی دو صورتیں ہیں ایک یہ کہ علم میں مسمّٰی بالعلم کی تاویل کیجائے یعنی بولا تو علم ہے مگر مراد ہر وہ ذات ہے جس کا یہ نام ہو مثلاً عمر بول کر ہر وہ شخص مراد لیں جس کا یہ نام ہو اور علم بول کر اس کا وہ وصف مراد لیا جائے کہ جس میں وہ شخص مشہور ہے مثلاً حاتم بول کر سخی مراد لیا جائے کیونکہ سخاوت اس کا مشہور وصف ہے

۲۵

منقولاً عن الفعل کشمّر[عہ] وضرب وان[ٹہ] لم یختص بہ فیجب ان
(نام اسپ)
یکون فی اولہ احد حروف المضارعۃ ولا یدخلہ الہاء کاحمد
(بی آئین ۱۲)
ویشکر وتغلب ونرجس فیعمل منصرف لقبولہا الہاء
کقولہم ناقۃ یعملۃ واعلم ان کل ماشرط فیہ العلمیۃ وھو
المؤنث بالتاء والمعنوی والعجمۃ والترکیب والاسم الذی فیہ

(بقیہ صفحہ ۲) منقول ہو کر فعل سے جیسے شمّر اور ضرب (ش) یعنی وزن فعل کے کلمہ کو غیر منصرف بنانے کی شرط یہ ہے کہ وہ فعل کے ساتھ خاص ہو اور اسم میں صرف منقول ہو کر پایا جائے جیسے ضرب اور شمّر کہ ان دونوں کا وزن فعل کے ساتھ خاص ہے کہ اسم میں فعل سے منقول ہو کر پایا جاتا ہے لہذا اگر یہ دونوں لفظ کسی کے نام رکھدیئے جائیں تو یہ غیر منصرف ہوں گے ایک سبب ان میں وزن فعل اور دوسرا علمیت ہوگا مگر یہ اسی صورت میں کہ جب کسی مرد کا یہ نام رکھا جائے اور اگر کسی عورت کا رکھا جائے تو وزن فعل کا اعتبار کئے بغیر غیر منصرف ہوں گے کیونکہ اس حالت میں ایک تانیث اور علمیت دو سبب موجود ہوں گے اور ضرب کو مجہول پڑھنے کی وجہ یہ ہے کہ اگر معروف لکھا جائے تو اکثر نحوی کے نزدیک یہ منصرف ہے شمّر تشمیر کا ماضی ہے اس کے معنی دامن چڑھنے کے ہیں۔

عہ اے شرط تاثیر الالف والنون ۱۲ عہ ضمیر برائے صفت بتاویل اسم ۔ سہ غیر منصرف للعلیۃ والتانیث ۱۲

متعلقہ صفحہ ھذا ؎ قولہ وان لم یختص بہ الی قولہ کقولہم ناقۃ یعملۃ (ت) اور اگر وہ وزن فعل کے ساتھ خاص نہ ہو تو واجب ہے یہ کہ اس کے اول میں ایک حرف مضارع کے حروف میں سے ہو اور اس پر ہا نہ داخل ہوتی ہو جیسے احمد اور یشکر اور تغلب اور نرجس پس لفظ یعمل منصرف ہے اس کے ہا کو قبول کرنے کی وجہ سے جیسے بولتے ہیں ناقۃ یعملۃ (یعمل وہ اونٹ جو کام پر قوی ہو) اور یعملۃ وہ اونٹنی جو کام پر قوی ہو (ش) مضارع کے حروف سے مراد حروف اتین ہیں

؎ یعنی جس اسم میں ایسا سبب موجود ہے کہ وہ اسم کو بشرط علمیت غیر منصرف بناتا ہے اور قسم اول سے یہی مراد ہے اس کے برتقدیر نکرہ کو لینے کے منصرف ہو جانے کی وجہ یہ ہے کہ جب اس سبب کا سبب ہونا علمیت کے ساتھ مشروط تھا اور اب علمیت رہی نہیں تو وہ سبب بھی سبب نہ رہا اور علمیت بھی نہ رہی لہذا وہ اسم بالکل بے سبب کا رہ گیا اور دوسری قسم سے مراد وہ اسم ہے جس میں ایسا سبب موجود ہے کہ جس کا سبب ہونا علمیت کے ساتھ مشروط نہیں پس اگر اس کی علمیت کو دور کر دیا جائے تو دوسرا سبب باقی رہے گا البتہ علمیت فنا ہو جائے گی لہذا اس اسم میں صرف ایک سبب باقی رہے گا اور ایک سبب کلمہ کو غیر منصرف نہیں بناتا چنانچہ جاءنی طلحۃ میں طلحہ غیر منصرف ہے کیونکہ اس میں تانیث بالتاء اور علمیت ہے لیکن تانیث بالتاء کے لئے علمیت شرط ہے جب اس کو نکرہ کرکے کہا وطلحۃ آخر تو اس میں ایک سبب بھی باقی نہ رہا لہذا وہ منصرف ہو گیا اور اس پر تنوین آگئی اور قام عمر میں عمر مثال عدل اور علم کی ہے جو قسم دوم ہے ایسے ہی ضرب احمد میں وزن فعل اور علم کی مثال ہے (باقی بر صفحہ آئندہ)

(بقیہ صفحہ) وہ بھی قسم دوم کی مثال ہے کیونکہ ان دونوں سببوں میں علمیت شرط نہیں ان دونوں میں علمیت دور کرنے کے بعد صرف ایک سبب باقی رہا مگر مصنف نے نکرہ بنانے کی دوسری صورت کی مثال نہیں دی اسکی مثال یہ سمجھو کہ رب حاتم لقیتہ کیونکہ یہاں حاتم سے جواد (سخی) مراد ہے حالانکہ حاتم علم تھا مگر اب نہیں رہا پہلی مثال اضافت کی اور دوسری الف لام کی ہے اور اضافت والف لام کی صورت میں کسرہ داخل ہونے کی وجہ یہ ہے کہ یہ دونوں چیزیں اسم کے بڑے خواص میں سے ہیں لہٰذا جس کلمہ پر یہ داخل ہوں گے آمیں اسمیت غالب آجائیگی اور مشابہت فعل کی کمزور ہو جائے گی اور غیر منصرف پر کسرہ اس وجہ سے ناجائز ہوتا ہے کہ اس کی فعل کے ساتھ مشابہت ہوتی ہے اور اب مشابہت رہی نہیں پھر بعض نحوی تو کہتے ہیں کہ یہ غیر منصرف ہی نہیں رہا بلکہ منصرف ہو جاتا ہے اور بعض کے نزدیک رہتا تو غیر منصرف ہی ہے لیکن اس کا حکم باقی نہیں

۲۶

الألفُ والنونُ الزائدتانِ أو لم يُشترطْ فيه ذلك واجتمعَ معَ سببٍ واحدٍ فقط وهو العلمُ المعدولُ ووزنُ الفعلِ ذا نُكِّرَ صُرِفَ أمّا في القسمِ الأوّلِ فلبقاءِ الاسمِ بلا سببٍ وأمّا في الثاني فلبقائِهِ على سببٍ واحدٍ تقولُ جاءني طلحةٌ وطلحةٌ آخرُ وقامَ عُمَرُ وعُمَرٌ آخرُ وضربَ أحمدُ وأحمدًا آخرَ وكلُّ ما لا ينصرفُ إذا أُضيفَ أو دخلَهُ اللامُ دخلَهُ الكسرةُ نحوُ مررتُ بأحمدِكُم وبالأحمدِ المقصدُ الأوّلُ في المرفوعاتِ الأسماءُ المرفوعاتُ ثمانيةُ أقسامٍ الفاعلُ ومفعولُ ما لم يُسمَّ فاعلُهُ والمبتدأُ والخبرُ وخبرُ إنَّ وأخواتِها واسمُ كانَ وأخواتِها واسمُ ما ولا المشبّهتينِ بليسَ وخبرُ لا

متعلقہ صفحہ ہٰذا

لہ قولہ المقصد الاول فی المرفوعات الیٰ قولہ لنفی الجنس (ت) پہلا مقصد مرفوعات کے بیان میں۔ اسماء جو مرفوعات ہوتے ہیں کل آٹھ قسم پر ہیں ۱۔ فاعل ۲۔ مفعول مالم یسم فاعلہ ۳۔ مبتدا ۴۔ خبر ۵۔ خبر ان واخواتہا ۶۔ اسم کان واخواتہا ۷۔ اسم ما ولا المشبہتین بلیس ۸۔ خبر لائے نفی جنس (ش)، پہلے معلوم ہو چکا ہے کہ کتاب میں تین مقصد ہیں مرفوعات منصوبات مجرورات ان میں سے مرفوعات کو اس لئے مقدم کیا کہ مرفوع ترکیب میں بہ نسبت منصوب کے اصل ہے دوسرے یہ کہ مرفوع سے جملہ پورا ہو جاتا ہے اور منصوب تو کلام میں فضلہ ہوتا ہے اور مرفوعات مرفوع کی جمع ہے نہ مرفوعۃ کی کیونکہ جو اسم مذکر مفرد کہ غیر ذوی العقول کی صفت واقع ہوتا ہے اس کی جمع الف تا کے ساتھ آجاتی ہے جیسے الجبال الراسخات اور الکواکب الطالعات کہ یہ راسخ اور طالع کی جمع ہے اس لئے کہ راسخ جبل کی جو مذکر لا یعقل ہے اور طالع کوکب کی کہ وہ بھی مذکر لا یعقل ہے صفت واقع ہوتا ہے۔

ع۵ یعنی علمیت کیونکہ استعمال مصدر ذو التاء تذکیر وتانیث دونوں کے ساتھ آتا ہے ۱۲ عسہ ای مؤنثا لانعدام المشروط عند انعدام الشرط فلم یبق سبب ۱۲ درایہ

سله قوله الفاعل هو اسم الخ (الاركیب مذہب ہوت) یہ فصل ہے فاعل ہر اسم ہے کہ اس کے پہلے فعل یا صفت کا صیغہ ہو کہ اسناد کیا گیا ہو وہ فعل یا صفت اس اسم کی طرف اس طریق پر کہ وہ فعل یا صفت قائم ہے اس اسم کے ساتھ یا اس طریق پر کہ وہ اس پر واقع ہے جیسے قام زید اور زید ضارب ابوہ عمرا اور ما ضرب زید عمرا اور ہر فعل کے لئے ضروری ہے کوئی فاعل مرفوع خواہ ظاہر جیسے ذہب زید یا ضمیر بارز جیسے ضربت زیدا یا ضمیر مستتر جیسے زید ذہب (ش) مرفوعات میں سے فاعل کو شروع اس لئے ذکر کیا مصنف نے جمہور نحویوں کا مذہب اختیار کیا ہے وہ یہ کہ مرفوعات میں فاعل اس وجہ سے کہ وہ جملہ فعلیہ کا جزو ہے اور جملہ فعلیہ تمام جملوں کی اصل ہے دوسرے یہ کہ اس کا حذف ناجائز ہے اور اس کا رفع کسی وقت میں منسوخ نہیں ہوتا ہے اور اس کا عامل لفظی ہوتا ہے البتہ سیبویہ وغیرہ کا مذہب یہ ہے کہ اصل مرفوعات میں مبتدا ہے اور تعریف میں جو یہ کہا کہ کل اسم تو کلام سے مراد حقیقۃ یا حکما ہے لہذا قرنی ان تقوم میں ان تقوم پر تعریف صادق ہے کیونکہ وہ بھی حکما اسم ہے اور صفت کے صیغے سے مراد اسم فاعل یا اسم مفعول صفت مشبہ اسم التفضیل ہے اور قبلہ کی قید سے مبتدا نکل گیا اسناد سے زید اور ابوہ جیسے مثالیں خارج ہوگئیں جن میں اسناد نہیں ہے کسی حرف عطف کے ہر ایسے ہی مطلب خارج ہوگیا اور تاکید و صفت و عطف وغیرہ بھی خارج ہو گئے کہ ان میں اسناد نہیں ہے اور ان کے اجزاء کے ضرورت نہیں اور تمام ترقیات اور منصوبات اور مجرورات میں مقصود متبوعات کا ذکر ہے اس لئے کہ قرآ ایسے کالعجب آنے والا ہے اور اس کی نفی کے اول مثال فعل مع فاعل کا سم بسیم ناعلہ کی ہے دوسری فاعل کا ہے یا صفت کا جیسے ضرب زید میں زید فاعل ہے جس کا ہے تو وہ اس لئے کہ ایک طرف نسبت فعل اور صفت کی اس طریق پر ہے کہ آن پر فعل واقع ہوا ہے پہلی مثال اس فاعل کی ہے جس کی طرف فعل کا اسناد ہو اور دوسری مثال اس فاعل کی جس کی طرف صفت کا اسناد ہو اور تیسری مثال فعل منفی کی ہے تاکہ کوئی یہ نہ سمجھے کہ فاعل صرف فعل مثبت ہی کے لئے ہوتا ہے ۱۲

التي لنفي الجنس فصل الفاعل كل اسم قبله فعل او صفة

أسند اليه على معنى انه قام به او وقع عليه نحو قام زيد وزيد ضارب

ابوه عمرا وما ضرب زيد عمرا وكل فعل لابد له من فاعل مرفوع

مظهر كذهب زيد او مضمر بارز كضربت زيدا او مستتر كزيد ذهب

وان كان الفعل متعديا كان له مفعول به ايضا نحو ضرب زيد عمرا

وان كان الفاعل مظهرا وحد الفعل ابدا نحو ضرب زيد وضرب

الزيدان وضرب الزيدون وان كان مضمرا وحد للواحد نحو زيد

ضرب وثني للمثنى نحو الزيدان ضربا وجمع للجمع نحو الزيدون ضربوا

وان كان الفاعل مؤنثا حقيقيا وهو بازائه ذكر من الحيوان

سله قوله وان كان الفعل متعديا الى قوله نحو الزيدون ضربوا (ت) اور اگر فعل متعدی ہو تو اس کے لئے مفعول بہ ہوگا جیسے ضرب زید عمرا اور اگر فاعل اسم ظاہر ہو تو فعل واحد لایا جائے گا ہمیشہ جیسے ضرب زید اور ضرب الزیدان اور ضرب الزیدون اور اگر فاعل ضمیر ہو تو فعل واحد لایا جائے گا فاعل واحد کے لئے جیسے زید ضرب اور فاعل تثنیہ کے لئے تثنیہ لایا جائے گا جیسے الزیدان ضربا اور جمع کے لئے جمع لایا جائے گا جیسے الزیدون ضربوا (ش) ہمیشہ فعل واحد لانے کا مطلب یہ کہ چاہے فاعل تثنیہ ہو یا جمع جیسے ضرب الزیدان اور ضرب الزیدون الخ اس صورت میں ہمیشہ واحد لانے کی وجہ یہ ہے کہ فاعل کے تثنیہ اور جمع ہونے کی صورت میں اگر فعل کو بھی تثنیہ اور جمع لایا جائے تو فاعل کا متعدد ہونا لازم آئیگا اور آیۃ اسروا النجوی الذین ظلموا کو فاعل نہیں کہتے ہیں بلکہ اسروا کی ضمیر سے بدل ٹھہراتے ہیں

سله قوله وان كان الفاعل مؤنثا الى قوله نحو قامت هند (ت) اور اگر فاعل مونث حقیقی ہو اور وہ وہ مونث ہے کہ اس کے مقابلہ میں کوئی مذکر جاندار ہو تو فعل مونث لایا جائے گا ہمیشہ جبکہ فعل اور فاعل کے درمیان فاصلہ نہ ہو جیسے قامت ہند (ش) مونث حقیقی کی مثال امرءۃ اور ناقۃ ہے کیونکہ امرءۃ کے مقابلہ میں رجل اور ناقۃ کی مقابلہ میں جمل ہے أُنِّثَ الفعل ابدا کے یہ معنی ہیں کہ خواہ فاعل مظہر ہو یا ضمیر لیکن فعل کو مونث لانے کا وجوب تین شرطوں کے ساتھ مشروط ہے ایک یہ کہ اس فعل کی گردان ہوتی ہو دوم یہ کہ مونث اسناد میں سے ہو سوم یہ کہ فاعل اور فعل کے درمیان فاصلہ نہ ہو پس اگر فعل غیر منصرف (بے گردان والا) ہوگا جیسے نعم الهند یا مونث حقیقی چوپایوں میں سے ہوگا جیسے اتی النجبۃ (اونٹنی بچہ) ۱۲

سلہ قولہ وان فصلت الیٰ قولہ ویجوز فیہ الرجال قاموا (ت) اور اگر تو فاصلہ لاوے تو تجھے اختیار ہے مذکر لانے میں اور مونث لانے میں جیسے ضرب الیوم ہند اور اگر چاہے تو کہے ضربت الیوم ہند اور ایسا ہی حکم غیر مونث حقیقی میں ہے جیسے طلعت الشمس اور اگر چاہے تو کہے طلع الشمس یہ بیان مذکور اس وقت ہے کہ جب فعل اسم ظاہر کی طرف مسند ہو اور اگر وہ فعل مسند ضمیر کی طرف ہو تو فعل ہمیشہ مونث لایا جائے گا جیسے الشمس طلعت اور جمع تکسیر مونث غیر حقیقی کی مانند ہے کہیگا تو قام الرجال اور اگر چاہے تو کہے قامت الرجال اور الرجال قامت اور جائز ہے اس میں الرجال قاموا (ش) یا فاعل اور فعل کے درمیان کچھ فاصلہ ہو جیسے حاء الیوم ہند تو فعل کا مونث لانا واجب نہیں ان شرطوں میں سے مصنف نے صرف تیسری شرط بیان کی ہے اور یہ جو کہا کہ ہذا اذا کان الفعل مسندا الی المظہر اس کی وجہ یہ ہے کہ فعل کا خلط ملط مظہر مونث غیر حقیقی کے ساتھ کامل نہیں ہوتا اور اگر ضمیر فعل کا فاعل ہو تو اس حالت میں فعل کو ہمیشہ مونث لانے کی وجہ یہ ہے کہ چونکہ ضمیر کے فاعل ہونے کی صورت میں فعل کا فاعل کے ساتھ خلط ملط بہت سخت ہوتا ہے اس لئے فاعل کی تانیث فعل کے اندر اثر کرجاتی ہے پس اس کا مونث لانا ضروری ہو جاتا ہے اور جمع تکسیر کا حکم مونث حقیقی کا سا ہر حال میں ہے خواہ جمع مذکر عاقل کی ہو جیسے رجال یا مذکر غیر عاقل کی جیسے جمال اور ایام یا جمع مونث ہو جیسے نسوۃ جمع سالم بالف تا کا بھی یہی حکم ہے جیسے مومنات قرآن شریف میں ہے اذا جاءک المومنات اور دوسری جگہ ہے وقال نسوۃ اور تیسری جگہ ہے وقالت الاعراب اور اس کی وجہ یہ ہے کہ یہ جمع بتاویل جماعت ہے اور لفظ کا لحاظ کرکے اس کو مونث پڑھتے ہیں اور معنی کے لحاظ سے مذکر اور جمع مذکر سالم میں یہ بات نہیں ہے کیونکہ صیغہ مذکر کا ہوتے ہوئے تانیث کا اعتبار مکروہ ہے لیکن لفظ بنون میں جو ابن کی جمع ہے یہ حکم نہیں ہے چنانچہ قرآن شریف میں ہے کہ آمنت بہ بنوا اسرائیل اسی طرح وہ جمع کا صیغہ جو واؤ نون کے ساتھ تمیز لایا گیا ہو کہ اس کا واحد مونث ہو تو اس میں بھی فعل کو مونث لانا جائز ہے جیسے سنون کہ سنۃ کی جمع ہے اور ارضون کہ ارض کی جمع ہے ۱۲

أُنِّثَ الفعلُ أبدًا ^(جزمًا ۱۲) إن لم تفصِلْ بين الفعلِ ^(بشيء ۱۲) والفاعلِ نحو قامتْ هِندٌ وإن فصلتَ ^(له) فلكَ الخيارُ في التذكيرِ ^(ع) والتأنيثِ نحو ضربَ ^(ب) اليومَ هندٌ وإن شئتَ قلتَ ضربتِ ^(بالتاء ۱۲) اليومَ هندٌ وكذلكَ في المؤنثِ الغيرِ الحقيقيِّ نحو طلعتِ الشمسُ وإن شئتَ قلتَ طلعَ الشمسُ هذا إذا كانَ الفعلُ مُسندًا إلى المظهرِ وإن كانَ مُسندًا إلى المضمرِ أُنِّثَ أبدًا نحو الشمسُ طلعتْ وجمعُ التكسيرِ ^(لله) كالمؤنثِ الغيرِ الحقيقيِّ تقولُ قامَ الرجالُ وإن شئتَ قلتَ قامتِ الرجالُ والرجالُ قامتْ ويجوزُ فيهِ ^(أي في هذا القول ۱۲) الرجالُ قاموا ويجبُ ^(ع) تقديمُ الفاعلِ على المفعولِ إذا كانا مقصورَينِ وخِفتَ اللَّبسَ ^(بالفتح الخلط والشبهة ۱۲) نحو ضربَ ^(ب) موسى عيسى ويجوزُ تقديمُ

سلہ قولہ ویجب تقدیم الفاعل الیٰ قولہ من المرفوعات (ت) اور واجب ہوتا ہے مقدم لانا فاعل کا مفعول سے جبکہ دونوں اسم مقصور ہوں اور تو التباس کا خوف کرے جیسے ضرب موسیٰ عیسیٰ اور جائز ہے مقدم لانا مفعول کا فاعل پر اگر تو التباس کا ڈر نہ کرے جیسے اکل الکمثری یحیی (کھا لیا ناشپاتی کو یحیی نے) اور ضرب عمرا زید اور مار عمرو کو زید نے اور جائز ہے حذف کرنا فعل کا جہاں کوئی قرینہ موجود ہو جیسے زید اس شخص کے جواب میں جس نے کہا من ضرب کس نے مارا اور ایسے ہی جائز ہے حذف کرنا فعل اور فاعل دونوں کا جیسے نعم (ہاں) اس شخص کے جواب میں جس نے کہا اقام زید کیا کھڑا ہے زید اور کبھی حذف کیا جاتا ہے فاعل اور قائم کیا جاتا ہے مفعول اس کی جگہ جبکہ ہو فعل مجہول جیسے ضرب زید الخ یہ مرفوعات کی دوسری قسم ہے (ش) فاعل میں اصل تو یہی ہے کہ وہ مفعول سے پہلے ہو کیونکہ فاعل بہت قوی رکن ہے لیکن کہیں ایسا ہوتا ہے کہ فاعل کا مقدم کرنا واجب ہوتا ہے ان میں سے ایک مقام یہ ہے مثلاً ضرب موسیٰ عیسیٰ میں اگر فاعل کا مقدم لانا واجب نہ ہو تو یہ کیونکر معلوم ہوگا کہ فاعل کون ہے اس التباس کو دور کرنے کے لئے تقدیم فاعل ضروری قرار دیدی البتہ اکل الکمثری یحیی میں التباس نہیں ہے کیونکہ چاہے فاعل مقدم لایا جائے یا موخر ہر حال میں مخاطب سمجھ لے گا کہ یحیی فاعل ہے لہٰذا اس میں معنی قرینہ موجود ہے اور ضرب عمرا زید میں لفظی قرینہ موجود ہے یعنی عمرا کا نصب پس مخاطب ہر حال میں سمجھ لے گا کہ عمرا مفعول بہ ہے خواہ مقدم ہو یا موخر اور یجوز حذف الفعل میں فعل سے مراد وہ فعل ہے جو فاعل کو رفع دیتا ہے۔

(باقی بر صفحہ آئندہ)

(بقیہ صفحہ ۲۸) اور حیث کانت میں کانت تامہ ہے بمعنی وجدت تو جب کوئی کہے کہ من ضرب کس نے مارا تو اس کے جواب میں صرف زید کہنا جائز ہے اس کے معنی ضرب زید کے ہیں یعنی زید نے مارا ضرب فعل کو حذف کردیا کیونکہ سائل کے سوال میں ضرب موجود ہے وہ یہاں حذف کا قرینہ ہے اگر کوئی کہے کہ اس کو جملہ فعلیہ بنانا ایک فرضی ہے تاکہ یہ حذف فعل کی مثال ہو جائے بلکہ ہو سکتا ہے کہ زید مبتدا ہو اور خبر محذوف ہو اور مجموعہ جملہ اسمیہ ہو اور اس میں یہ بھی بہتری ہے کہ اس سے جواب سوال کے مطابق ہو جاتا ہے کیونکہ سوال بھی جملہ اسمیہ تھا یعنی من ضرب تو جواب یہ ہے کہ حذف خبر کی صورت میں جملہ کا حذف لازم آتا ہے کیونکہ اگر ضرب خبر مانا جائے اور تقدیر عبارت کی زید ضرب لی جائے تو اس صورت میں وہ جملہ ہے کیونکہ ضرب میں جو ضمیر ہے وہ اس کا فاعل ہے اور فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ ہو جاتا ہے اور جب زید کو فاعل قرار دیا جائے تو محض فعل محذوف ہوگا اور

المفعول على الفاعل ان لم تخف اللبس نحو اكل الكمثرى يحيى وضرب عمرا زيد ويجوز حذف الفعل حيث كانت قرينة نحو زيد في جواب من قال من ضرب وكذا يجوز حذف الفعل والفاعل معا كنعم في جواب من قال اقام زيد وقد يحذف الفاعل ويقام المفعول مقامه اذا كان الفعل مجهولا نحو ضرب زيد وهو القسم الثاني من المرفوعات فصل اذا تنازع الفعلان في اسم ظاهر بعدهما اي اراد كل واحد من الفعلين ان يعمل في ذلك الاسم فهذا انما يكون على اربعة اقسام الاول ان يتنازعا في الفاعلية فقط نحو ضربني واكرمني زيد الثاني ان يتنازعا في المفعولية فقط نحو ضربت واكرمت زيدا الثالث

وہ جملہ نہیں ہے اور جملہ کے حذف سے مفرد کا حذف اولیٰ ہے پھر حذف کیلئے قرینہ ہونا شرط ہے نہ کہ علت کیونکہ علت تو ایجاز اور اختصار ہے اور اصل اظہار ہے اور یہ جو کہا کہ جائز ہے فعل اور فاعل دونوں کا حذف کرنا اس کے ساتھ یہ قید بھی ہے کہ جب قرینہ موجود ہو مگر چونکہ یہ قید ظاہر تھی اس لئے مصنف نے ترک کردی اور فقط فاعل کا حذف جائز نہیں البتہ بعض نحوی نے تنازع فعلین میں اس کے قائل ہوئے ہیں۔ اور فاعل کو حذف کرکے اس کی جگہ مفعول کو قائم کرنا درست ہے جیسے مفعول مالم یسم فاعلہ ہوتا ہے ۱۲ عہ علی صیغۃ المجہول بغیر تعیین ۱۲ عہ ای فی التذکیر الفعل وتانیثہ ۱۲ عہ ای لک الخیار فی التذکیر والتانیث ۱۲ للمؤ ای فی التذکیر الفعل وتانیثہ ۱۲

(متعلقہ صفحہ ھذا) لہ قولہ اذا تنازع الفعلان الی قولہ واکرمنی زید (ت) جب دو فعل تنازع کریں کسی اسم ظاہر میں جو واقع ہو ان دونوں فعل کے بعد یعنی ارادہ کرے ہر ایک دونوں فعلوں میں سے یہ کہ عمل کرے اس اسم میں تو یہ ہوتا ہے چار قسم پر اول یہ کہ دونوں صرف فاعل ہونے میں نزاع کریں جیسے ضربنی واکرمنی زید دوسری یہ کہ صرف مفعول ہونے میں نزاع کریں جیسے ضربت واکرمت زیدا۔ تیسری یہ کہ دونوں فاعلیت اور مفعولیت میں تنازع کریں اور پہلا فعل فاعل کو اور دوسرا مفعول کو چاہے جیسے ضربنی واکرمت زیدا چوتھی قسم اس تیسری کا عکس ہے جیسے ضربت واکرمنی زید (ش) دونوں فعلوں سے مراد دو عامل ہیں بشرطیکہ دونوں مصدر نہ ہوں لہٰذا اسم فاعل اور اسم مفعول وغیرہ سب مشابہت فعل کو شامل ہے جیسے زید مودب ومعلم عمرا او بکر حاتم وطبیب ابوہ اور فعل کا ذکر اس لئے کیا کہ وہ عمل میں اصل ہے اور باقی فرع اور دو کی قید احترازی نہیں ہے کیونکہ تنازع تین اور چار عاملوں میں بھی ہوتا ہے اور مصدروں کو اس وجہ سے خارج کردیا کہ قطع تنازع وہاں ممکن نہیں اس لئے کہ مصدر میں ضمیر مستتر نہیں ہوتی اور اسم ظاہر کی قید اس وجہ سے لگائی کہ اسم مضمر اگر ضمیر متصل ہو تو اس میں تو تنازع ہی ممکن نہیں اس لئے کہ ضمیر متصل صرف اسی فعل کا معمول ہو سکتی ہے جس کے متصل ہے اور اگر ضمیر منفصل ہو تو اس میں تنازع تو ممکن ہے جیسے ماضرب وما اکرم الا انا مگر اس کا قطع اس طریقہ سے ناممکن ہے جو یہاں مذکور ہے یعنی حذف واضمار کیونکہ اگر ضمیر لائی جائے تو مع الا کے لائی جائے یا بدون الا کے اگر مع الا کے لائی جائیگی تو حرف کا مضمر ہونا لازم آئیگا جو مضمر کبھی نہیں ہوتا اور جو بغیر الا کے ضمیر لائی جائیگی تو معنی فاسد ہوں گے اس لئے کہ بجائے اثبات کے نفی لازم آئے گی اور بعدہما کی قید اسلئے لگائی کہ اگر معمول دونوں فعلوں سے مقدم ہوگا تو وہ بالضرور پہلے فعل کا معمول ہوگا لہٰذا دوسرے فعل کا اس میں نزاع ہی نہیں ہو سکے گا۔ اور تنازع کی تفسیر ارادہ کے ساتھ کریگا (باقی بر صفحہ آئندہ)

(باقی بر صفحہ آئندہ)

بقیہ صفحہ ۲۹) فائدہ یہ ہے کہ چونکہ افعال غیر ذوی العقول ملتے ہیں اس لئے تنازع اس سے متصور نہیں البتہ تقاضا اور ارادہ ممکن ہے ۱۲ ع یا نسبت
یا تمامی مصدر سے را فائدہ می کند اسے کی کو نہ فاعل ۱۲ **متعلقہ صفحہ ہذا** **۱؎ قولہ** واعلم ان فی جمیع ہذہ الاقسام الی قولہ الاستحقاق (ت)
اور جاننا چاہئے کہ ان تمام اقسام میں جائز ہے عمل دلانا پہلے فعل کو اور عمل دلانا دوسرے فعل کو خلاف ہے فراء کا پہلی صورت میں اور تیسری صورت میں اگر دوسرے
فعل کو عمل دلایا جائے اور دلیل اس کا لازم آنا ایک بات کا ہے دو باتوں میں سے یا حذف ہو جانا فاعل کا یا ضمیر لانا قبل ذکر کے اور یہ دونوں باتیں
ناجائز ہیں اور یہ اتفاقی سب نحویوں کا اور اختلاف فراء کا جائز ہونے میں ہے اور بہرحال پسندیدگی سو اس میں بصریوں کا اختلاف ہے

ان یتنازعا فی الفاعلیۃ والمفعولیۃ ویقتضی الاول الفاعل والثانی المفعول نحو ضربنی واکرمت زیدًا الرابع عکسہ نحو ضربتُ واکرمنی زیدٌ واعلم ان فی جمیع ہٰذہ الاقسام یجوز اعمال الفعل الاول واعمال الفعل الثانی خلافا للفراء فی الصورۃ الاولی والثالثۃ ان یعمل الثانی ح دلیلہ لزوم احد الامرین اما حذف الفاعل او الاضمار قبل الذکر وکلاھما محظور ان ھٰذا فی الجواز واما الاختیار ففیہ خلاف البصریین فانھم یختارون اعمال الفعل الثانی اعتبارا للقرب والجوار والکوفیون یختارون اعمال الفعل الاول مراعاۃ للتقدم والاستحقاق فان اعملت الثانی فانظر ان کان الفعل

پس تحقیق وہ لوگ پسند کرتے ہیں دوسرے فعل کے عمل دلانے کو نزدیک ہونے اور ہمسائیگی کا اعتبار کرکے اور کوفی لوگ پسند کرتے ہیں پہلے فعل کے عمل دلانے کو اس رعایت سے کہ وہ مقدم لایا گیا ہے اور مستحق ہے پس اگر تو عمل دلاوے دوسرے فعل کو تو غور کر اگر ہے فعل اول ۔ ۔ ۔

(ش) تمام اقسام سے چار وں قسمیں مراد ہیں جن کا ذکر اوپر ہو چکا۔ مطلب یہ ہے کہ بصریین اور کوفیین سب کے نزدیک ہر ایک فعل کو عمل دلانا درست ہے مگر فراء نحوی کا پہلی قسم میں اختلاف ہے یعنی جب فاعلیت میں تنازع ہو کہ ہر فعل اس کو فاعل بنانا چاہے اور وہ اختلاف یہ ہے کہ وہ اس صورت میں دوسرے فعل کے عمل دلانے کو ناجائز کہتے ہیں اسی طرح تیسری قسم میں بھی جبکہ تنازع فاعلیت اور مفعولیت میں ہو اور پہلا فعل فاعل کو اور دوسرا مفعول کو چاہے تو دوسرے فعل کے عمل دلانے کو ناجائز کہتے ہیں اور ان کی دلیل ظاہر ہے پس ان دونوں صورتوں میں پہلے فعل کے عمل دلانے کو فروری کہتے ہیں اور لفظ خلافا مفعول مطلق ہونے کی وجہ سے منصوب ہے یعنی خولف القول بالجواز خلافا للفراء اور بصریوں کا مذہب پہلے بیان کرنا اس کی دلیل ہے کہ مذہب مختار وہی ہے اور استعمال بھی اسی کا زیادہ ہے اور اس کے مختار ہونے کی وجہ یہ بھی ہے کہ قرآن شریف میں اسی کے مطابق کلام لایا گیا ہے چنانچہ ارشاد ہے آتونی افرغ علیہ قطرا ۔۔۔

اتونی افرغ علیہ قطرا بیٹھ کر اس میں افرغ کو کتابیہ کا عامل قرار دیا ہے جو فعل ثانی ہے اس لئے کہ اگر پہلے فعل یعنی ہاتوم کو عامل ٹھہرایا جاتا تو دوسرے میں ضمیر ہوتی اور افرغہ ہوتا الیہ ہے طفیل شاعر نے بھی اپنے اس شعر میں اسی مذہب پر عمل کیا ہے وہ یہ ہے کہ وکمتا مدنا ۃ کان متونہا ۔ جری فوقہا واستشعرت لون مذہب یعنی تو دیکھیگا ہمارے ساتھ کمیت رنگ کے گھوڑے جو سرخ طول کے مانند ہیں گویا ان کی پشتوں پر جاری ہے اور سونے کے ملمع کے رنگ کو انہوں نے شعار بنا لیا ہے) اس میں جری اور استشعرت نے لون مذہب میں تنازع کیا ہے فعل اول اس کو اپنا فاعل اور دوم اس کو ایک مفعول بنانا چاہتا ہے مگر شاعر نے بصریوں کا مذہب اختیار کرکے دوسرے فعل کو بوجہ قرب عمل دلایا ہے اور پہلے فعل میں ضمیر فاعل کی مستتر ہے اور اگر پہلے فعل کو عمل دلانا تو استشعرت میں مفعول کی ضمیر (۱) ۔ کذا فی المفصل للزمخشری ۱۲

(نقشہ تنازع فعلین کی مثالوں کا نقشہ صفحہ ۱۴۱ پر دیکھو۔)

سلہ قولہ الاول یقتضی الفاعل الی قولہ من الفعل الاول (ت) اگر پہلا فعل اول کو چاہتا ہے فاعل کو تو ضمیر لاوے گا تو اس فاعل کی اول فعل میں جیسا کہ کہے گا تو متوافقین میں ضربنی واکرمنی زید اور ضربانی واکرمنی الزیدان وضربونی واکرمنی الزیدون اور متخالفین میں ضربنی واکرمت زیدا وضربانی واکرمت الزیدین اور ضربونی واکرمت الزیدین اور اگر پہلا فعل اول کو چاہتا ہو مفعول کو اور نہ ہوں دونوں فعل افعال قلوب میں سے تو حذف کرے گا تو مفعول کو پہلے فعل سے (ش) یعنی اگر فعل اول فاعل کو چاہتا ہو تو اسم ظاہر کے مطابق اس میں ضمیر لائیں گے اگر وہ مفرد ہے تو مفرد تثنیہ ہے تو تثنیہ جمع ہے تو جمع مذکر ہے تو مذکر اور مؤنث ہے تو مؤنث اور متوافقین سے مراد یہ ہے کہ دونوں فعل یا فاعل کو چاہیں اور یا دونوں فعل مفعول کو چاہیں مگر یہاں پہلی صورت متعین ہے ضمیر لانے کو فاعل کی صورت میں اس لئے خاص کیا کہ اضمار قبل الذکر لفظًا میں درست ہوتا ہے بشرطیکہ اس کی تفسیر مذکور ہو جیسے قل ہو اللہ احد میں اور اس کو ظاہر نہیں کر سکتے ورنہ تکرار لازم آئے گی اور نہ حذف کر سکتے ہیں کیونکہ حذف فاعل ناجائز ہے البتہ اس حالت میں کہ جب اس کے قائم مقام کوئی چیز ہو۔ اور کسائی اس صورت میں فاعل کو محذوف مانتے ہیں۔ افعال قلوب نہ ہونے کی شرط اس لئے لگائی کہ افعال قلوب کا ذکر آگے آنے والا ہے اور مفعول کو حذف اس لئے کیا ہے کہ اگر ذکر کرتے ہیں تو تکرار لازم آتی ہے اور اگر ضمیر لاتے ہیں تو اضمار قبل الذکر لفظًا میں لازم آتا ہے اور یہ دونوں باتیں ناجائز ہیں اور مرتبہ کا اعتبار جو اضمار قبل الذکر آیا ہے سو وہ فاعل میں ہے

سلہ قولہ کما تقول فی المتوافقین الی قولہ مذہب البصریین (ت) جیسا کہ تو کہے گا متوافقین میں ضربت واکرمت زیدا اور ضربت واکرمت الزیدین اور ضربت واکرمت الزیدین اور متخالفین میں ضربت واکرمنی زید اور ضربت واکرمنی الزیدان اور ضربت واکرمنی الزیدون اور اگر ہوں دونوں فعل افعال قلوب سے تو واجب ہوگا ظاہر کرنا مفعول کا فعل اول کے جیسا کہ کہے گا تو حسبنی منطلقا وحسبت زیدا منطلقا اس لئے کہ جائز نہیں ہے حذف کرنا مفعول کا افعال قلوب میں سے اور ضمیر لانا مفعول کی قبل ذکر کے یہ تو مذہب بصریوں کا ہے (ش) یہ مثال اصل میں یوں تھی کہ حسبنی وحسبت زیدا منطلقا پس حسبنی منطلقا میں حسبنی اور حسبت نے تنازع کیا اور حسبت یعنی دوسرا فعل کو عمل دلاتا ہے تو پہلے فعل یعنی حسبنی کا مفعول دوم ذکر کرنا لازم ہوگا اور پہلا مفعول اس کا یا متکلم موجود ہے اور افعال قلوب کے مفعول کو حذف کرنا اس وجہ سے ناجائز ہے کہ ان کے دو مفعولوں میں سے ایک مفعول پر اقتصار درست نہیں ہذا مذہب البصریین میں ہذا کا اشارہ بیان سابق کی طرف ہے یعنی ثانی کو عمل دلانا ۱۲　عہ زیرا کہ آں نظر است پس باضمار آں حاجت نیست ۱۲

الاولُ يقتضي الفاعلَ اضمرتَه في الاول كما تقول في المتوافقين
ضربني واكرمني زيدٌ وضرباني اكرمني الزيدانِ وضربوني واكرمني
الزيدونَ وفي المتخالفين ضربني واكرمتُ زيدًا وضرباني اكرمتُ
الزيدَين وضربوني واكرمتُ الزيدِين وان كان الفعل الاول يقتضي
المفعولَ ولم يكن الفعلانِ من افعال القلوب حذفتَ المفعولَ من
الفعلِ الاول كما تقول في المتوافقين ضربتُ واكرمتُ زيدًا وضربتُ
واكرمتُ الزيدَين وضربتُ واكرمتُ الزيدِين وفي المتخالفين ضربتُ
واكرمني زيدٌ وضربتُ واكرمني الزيدانِ وضربتُ واكرمني الزيدونَ وان
كان الفعلانِ من افعال القلوب يجب اظهار المفعول للفعل

سله قوله واما ان اعمات الفعل الاول الی قوله واکرمونی الزیدین (ت) اور بہرحال اگر عمل دلا دے تو پہلے فعل کو موافق مذہب کوفیوں کے تو غور کرو اگر ہے دوسرا فعل کہ چاہتا ہے فاعل کو تو ضمیر لا دے گا تو فاعل کی دوسرے فعل میں جیسا کہ کہے گا تو متوافقین میں مارا مجھ کو اور عزت کی میری زید نے اور مارا مجھ کو اور عزت کی میری دونوں زیدوں نے اور مارا مجھ کو اور عزت کی میری بہت سے زیدوں نے اور متخالفین میں مارا میں نے زید کو اور عزت کی اس نے میری اور مارا میں نے دو زیدوں کو اور عزت کی ان دونوں نے میری اور مارا میں نے بہت کر زیدوں کو اور عزت کی ان سب نے میری۔ (ش) یہاں بھی ضمیر تذکیر و تانیث و افراد و تثنیہ و جمع میں اسم ظاہر کے مطابق لائی جائے گی اور یہ حکم بالاجماع ہے یہ سمجھ لینا چاہئے کہ پہلے فعل کو عمل دلانے کی صورت میں عامل اور معمول کے درمیان اجنبی کا فاصلہ لازم آتا ہے سو اس بات کا فعل میں تو کوئی مضائقہ نہیں کیونکہ اس کا عمل قوی ہوتا ہے لیکن جس صورت میں عامل اسم تفضیل ہو تو مضائقہ اور حرج ہوگا کیونکہ اس کا عمل ضعیف ہوتا ہے ۱۲

سله قوله وان کان الفعل الثانی الی قوله مطابقا للمراد (ت)

٣٢

الاول كما تقول حسبني[عه] منطلقا وحسبت زيدا منطلقا اذ لا يجوز حذف المفعول من افعال القلوب وفي اضمار المفعول قبل الذكر هذا هو مذهب البصريين وفي اما ان اعملت الفعل الاول على مذهب الكوفيين فانظر ان كان الفعل الثاني يقتضي الفاعل اضمرت الفاعل في الفعل الثاني كما تقول في المتوافقين ضربني واكرمني زيد وضرباني واكرماني الزيدان وضربوني واكرموني الزيدون وفي المتخالفين ضربت واكرمني زيدا وضربت واكرماني الزيدين وضربت واكرموني الزيدين وان كان[عه] الفعل الثاني يقتضي المفعول ولم يكن الفعلان من افعال القلوب جاز فيه الوجهان حذف المفعول

في الفصلة وهو ايضا ممنوع ۱۲ — اي الذي ذكر ۱۲ — في الاثنين ۱۲ — في الاثنين ۱۲ — المتنازعان ۱۲ — في هذا التقدير ۱۲ — احدهما ۱۲

اور اگر ہو دوسرا فعل کہ چاہتا ہو مفعول کو اور نہ ہوں دونوں فعل افعال قلوب میں سے تو اس میں دونوں صورتیں جائز ہیں مفعول کو حذف کرنا اور ضمیر لانا اور دوسری صورت ہی پسندیدہ ہے تاکہ ہو جائے ملفوظ مطابق مراد (مقصود) کے (ش) ضمیر لانا اس وجہ سے مختار ہے کہ حذف کرنے میں یہ احتمال ہے کہ مخاطب متکلم کے خلاف عبارت کا مطلب سمجھے کیونکہ جب قائل نے کہا کہ ضربني واکرمت زیدا اور زید ضربني کا فاعل ہو گیا تو اگر اکرمت کے مفعول کو محذوف کر دیں اور ضمیر نہ لائیں تو مخاطب اس کا مطلب یہ سمجھے گا کہ مارا ہے مجھ کو زید نے اور عزت کی میں نے کسی اور کی حالانکہ مقصود متکلم کو زید نے مارا ہے تو ظاہر یہ سمجھا جاتا ہے کہ اس نے عزت ۱۲

عه یا نہ کو چلنے والا اور جانا میں نے زید کو چلنے والا ۱۲

۱ قولہ اما الحذف الی قولہ واکرمتہم الزیدون (ت) بہرحال حذف پس جیسا کہ کہے تو متوافقین میں ضربت واکرمت زیدا اور ضربت واکرمت الزیدین اور ضربت واکرمت الزیدین اور متخالفین میں ضربنی واکرمت زید اور ضربنی واکرمت الزیدان اور ضربنی واکرمت الزیدون اور بہرحال ضمیر لانا سو جیسا کہ کہے تو متوافقین میں ضربت واکرمتہ زیدا یعنی میں نے مارا زید کو اور اس کی عزت کی اور ضربت واکرمتہما الزیدین میں نے مارا دونوں زیدوں کو اور ان کی عزت کی اور ضربت واکرمتہم الزیدین میں نے بہت سے زیدوں کو مارا اور ان کی عزت کی اور متخالفین میں ضربنی واکرمتہ زید مجھ کو مارا زید نے اور میں نے اس کی عزت کی اور ضربنی واکرمتہما الزیدان مجھ کو مارا دونوں زیدوں نے اور میں نے ان دونوں کی عزت کی اور ضربنی واکرمتہم الزیدون مجھ کو بہت سے زیدوں نے مارا اور میں ان کی عزت کی (ش) تم پہلے جان چکے کہ ضمیر لانا پسندیدہ ہے اس کی ایک وجہ تو وہی ہے جو مذکور ہو چکی اور دوسری وجہ یہ ہے کہ جب معمول اس کے قریب ہے تو اولیٰ یہ ہے کہ یہ خود بالذات اسی میں عمل کرے اور اگر اس میں بالذات عمل نہ کرے تو کم از کم اس کی ضمیر میں تو ضرور ہی کرے ۱۲

٣٢

والإضمار والثاني هو المختار ليكون الملفوظ مطابقا للمراد أما[۱] الحذف فكما تقول في المتوافقين ضربت وأكرمت زيدا وضربت وأكرمت الزيدين وضربت وأكرمت الزيدين وفي المتخالفين ضربني وأكرمت زيد وضربني وأكرمت الزيدان وضربني وأكرمت الزيدون وأما الإضمار فكما تقول في المتوافقين ضربت وأكرمته زيدا وضربت وأكرمتهما الزيدين وضربت وأكرمتهم الزيدين وفي المتخالفين ضربني وأكرمته زيد وضربني وأكرمتهما الزيدان وضربني وأكرمتهم الزيدون وأما[۲] إذا كان الفعلان من أفعال القلوب فلا بد من إظهار المفعول كما تقول حسبني

۲ قولہ واما اذا کان الفعلان من افعال القلوب الی قولہ وہو غیر جائز (ت) اور بہرحال جب ہوں دونوں فعل افعال قلوب میں سے تو ضروری ہے ظاہر کرنا مفعول کا جیسا کہ کہے تو حسبنی وحسبتہما الزیدان منطلقا گمان کیا مجھ کو دونوں زیدوں نے چلنے والا اور گمان کیا میں نے ان دونوں کو چلنے والا اور یہ اس وجہ سے کہ حسبنی اور حسبتہما نے لفظ منطلقا میں تنازع کیا اور عمل دلایا تو نے پہلے فعل کو اور وہ حسبنی ہے اور ظاہر کر دیا تو نے مفعول دوسرے فعل کا پس اگر تو نے لفظ منطلقین کو حذف کر دے گا اور کہیگا حسبنی وحسبتہما الزیدان منطلقا تو دو مفعولوں میں سے ایک مفعول پر اقتصار کرنا افعال قلوب میں لازم آئے گا اور وہ ناجائز ہے (ش) وذا الک سے مفعول کے ظاہر کرنے کی طرف اشارہ ہے اب سمجھو کہ قطع تنازع کی تین صورتیں استعمال کی جاتی ہیں ایک ظاہر کرنا دوسری ضمیر لانا تیسری حذف کرنا. جب افعال قلوب میں سے کوئی فعل ہو تو کسی تقدیر پر مفعول کا ظاہر کرنا ضروری قرار دے دیا اور اضمار اور حذف ناجائز ہوئے تو مصنف نے ان دونوں کے ناجائز ہونے کی وجہ بالتفصیل بیان کی حذف کی تو یہ کہ اگر حذف کرتے ہیں تو افعال قلوب کے دو مفعولوں میں سے ایک کا لانا اور دوسرے کا نہ لانا لازم آتا ہے اور افعال قلوب میں یہ درست نہیں کہ ایک مفعول ذکر کیا جائے اور دوسرا حذف کر دیا جائے اور ضمیر لانے کے ناجائز ہونے کی وجہ آگے آتی ہے اور لفظ منطلقا میں تنازع کا مطلب یہ ہے کہ حسبنی نے چاہا کہ اس کو میں اپنا مفعول دوم بناؤں اور حسبتہما نے چاہا کہ میں اپنا مفعول دوم بناؤں کیونکہ مفعول اول ہر ایک کا اس کے ساتھ موجود ہے اگر کوئی کہے کہ منطلقا میں دونوں کا تنازع ناممکن ہے کیونکہ فعل اول مفعول مفرد کو چاہتا ہے اور فعل دوم تثنیہ کو اور کوئی کلمہ ایسا نہیں ہو سکتا کہ وہ مفرد بھی ہو اور تثنیہ بھی (باقی بر صفحہ آئندہ)

ـله قوله وان اضمرت فلا يخلو الى قوله وجب الاظهار (ت) اور اگر ضمیر لائے گا تو پس خالی نہیں اس سے کہ ضمیر لائے گا تو مفرد کی اور کہے گا حسبنی وحسبتہما ایاہ الزیدان منطلقا اور اس وقت نہ ہوگا مفعول دوم مطابق مفعول اول کے اور وہ مفعول اول لفظ ہما ہے تیرے اس قول میں کہ حسبتہما اور یہ جائز نہیں یا یہ کہ ضمیر لاوے گا تو تثنیہ کی اور کہے گا تو حسبنی وحسبتہما ایاہما الزیدان منطلقا گمان کیا مجھ کو دونوں زیدوں نے چلنے والا اور گمان کیا میں ان دونوں کو چلنے والا اور اس وقت میں لازم آئے گا لوٹنا ضمیر تثنیہ کا لفظ مفرد کی طرف اور وہ منطلقا ہے وہ منطلقا کہ جس میں تنازع واقع ہے اور یہ بھی ناجائز ہے اور جب جائز نہ ہوا حذف اور ضمیر لانا جیسا کہ تم نے جان لیا تو ظاہر کرنا واجب ہوا (ش) خلاصہ یہ ہے کہ اگر ضمیر مفرد کی لاکر حسبتہما ایاہ کہیں تو مفعول اول ہما تثنیہ اور مفعول دوم ایاہ مفرد ہو جائے گا اور افعال قلوب کے دونوں مفعول افراد تثنیہ جمع میں مطابق ہوا کرتے ہیں اور یہاں مخالفت ہو جائے گی اور مطابقت کی ضرورت اس لئے ہے کہ یہ دونوں مفعول درحقیقت مبتدا و خبر ہوتے ہیں اور اگر ضمیر تثنیہ کی لاتے ہیں تو دونوں مفعولوں میں مطابقت تو ہو جائے گی مگر ضمیر اور مرجع میں مطابقت نہ ہوگی کیونکہ وحسبتہما ایاہما میں ایاہما کا مرجع منطلقا ہوگا جو مفعول دوم اور مفرد ہے اور ہما ضمیر تثنیہ کی ہے ۱۲

(۳۴)

وَحَسِبْتُهُمَا مُنْطَلِقَيْنِ الزَّيْدَانِ مُنْطَلِقًا وَذٰلِكَ لِاَنَّ حَسِبَنِيْ وَحَسِبْتُهُمَا تَنَازَعَا فِيْ مُنْطَلِقًا وَاَعْمَلْتَ الْاَوَّلَ وَهُوَ حَسِبَنِيْ وَاَظْهَرْتَ الْمَفْعُوْلَ فِي الثَّانِيْ فَاِنْ حَذَفْتَ مُنْطَلِقَيْنِ وَقُلْتَ حَسِبَنِيْ وَحَسِبْتُهُمَا الزَّيْدَانِ مُنْطَلِقًا يَلْزَمُ الْاِقْتِصَارُ عَلٰى اَحَدِ الْمَفْعُوْلَيْنِ فِيْ اَفْعَالِ الْقُلُوْبِ وَهُوَ غَيْرُ جَائِزٍ وَاِنْ اَضْمَرْتَ فَلَا يَخْلُوْ مِنْ اَنْ تُضْمِرَ مُفْرَدًا وَتَقُوْلُ حَسِبَنِيْ وَحَسِبْتُهُمَا اِيَّاهُ الزَّيْدَانِ مُنْطَلِقًا وَحِيْنَئِذٍ لَا يَكُوْنُ الْمَفْعُوْلُ الثَّانِيْ مُطَابِقًا لِلْمَفْعُوْلِ الْاَوَّلِ وَهُوَ هُمَا فِيْ قَوْلِكَ حَسِبْتُهُمَا وَلَا يَجُوْزُ ذٰلِكَ وَاِنْ تُضْمِرْ مُثَنًّى وَتَقُوْلُ حَسِبَنِيْ وَحَسِبْتُهُمَا اِيَّاهُمَا الزَّيْدَانِ مُنْطَلِقًا وَحِيْنَئِذٍ يَلْزَمُ عَوْدُ الضَّمِيْرِ الْمُثَنّٰى اِلَى اللَّفْظِ الْمُفْرَدِ وَهُوَ مُنْطَلِقًا الَّذِيْ وَقَعَ فِيْهِ التَّنَازُعُ وَهٰذَا اَيْضًا لَا يَجُوْزُ وَاِذَا لَمْ يَجُزِ الْحَذْفُ وَالْاِضْمَارُ كَمَا عَرَفْتَ وَجَبَ الْاِظْهَارُ

(المفعول ۱۲) (اے اظہار ذالک المفعول) (اے المفعول الثانی ۱۲) (من التفصیل المذکور ۱۲)

(بقیہ صفحہ) تو جواب یہ ہے کہ ہر ایک فعل دونوں میں سے ایک ایسی ذات کے مفعول دوم بنانے کو چاہتا ہے جو انطلاق کی صفت کے ساتھ موصوف ہو۔ اب وہ خواہ مفرد ہو یا تثنیہ ۱۲

ـه خلاف المفعول الثانی اذ ۱۲

ـه اے وجوب اظہار المفعول الثانی ۱۲ ـعـه اے عدم مطابقۃ المفعول الاول للثانی ـھـ اے حین اضمرت المفعول المثنی ۱۲ للعـه اے کون الضمیر المثنی والمرجع مفردا ۱۲

جمہور کے نزدیک تنازع کی مثالیں جبکہ پہلا فعل فاعل کو چاہے

جدول نمبر (۱)

	اسم ظاہر مفرد	اسم ظاہر تثنیہ	اسم ظاہر جمع	جمہور کے نزدیک ضمیر کو
جبکہ دونوں فعل اسم ظاہر کو فاعل بنانا چاہیں	ضربني واكرمني زيد پہلے فعل میں ضمیر "ہو" مستتر ہے۔	ضرباني واكرمني الزيدان پہلے فعل میں ضمیر "ہما" مستتر ہے۔	ضربوني واكرمني الزيدون پہلے فعل میں ضمیر "ہم" مستتر ہے۔	اس صورت میں مرجع سے پہلے لانا درست ہے جبکہ مرجع فاعل ہو۔
جبکہ اسم ظاہر کو پہلا فعل فاعل اور دوسرا مفعول بنانا چاہے	ضربني واكرمت زيدا پہلے فعل میں ضمیر ہو مستتر ہے	ضرباني واكرمت الزيدان پہلے فعل میں ضمیر ہما مستتر ہے۔	ضربوني واكرمت الزيدين پہلے فعل میں ضمیر ہم مستتر ہے	ایضاً

جدول نمبر (۲)

	اسم ظاہر مفرد	اسم ظاہر تثنیہ	اسم ظاہر جمع
جب کہ دونوں فعل اسم ظاہر کو فاعل بنانا چاہیں۔	ضربني واكرمني زيد۔ زید ضربنی کا فاعل ہے اور اکرمنی میں ضمیر ہو پوشیدہ ہے۔	ضربني واكرماني الزيدان۔ زیدان ضربنی کا فاعل ہے اور اکرمانی میں ضمیر ہما پوشیدہ ہے	ضربني واكرموني الزيدون زیدون ضربنی کا فاعل ہے اور اکرمونی میں ضمیر ہم پوشیدہ ہے۔
جب کہ فعل اول اسم ظاہر کو فاعل اور فعل ثانی مفعول بنانا چاہے۔	ضربني واكرمت زيد۔ زید ضربنی کا فاعل ہے اور اکرمت کا مفعول محذوف ہے یا ضربني واكرمته زيد اس میں دوسرے فعل کے لئے مفعول کی ضمیر لائی گئی ہے	ضربني واكرمت الزيدان۔ زیدان ضربنی کا فاعل ہے اور اکرمت کا مفعول محذوف ہے اصل میں اکرمت الزیدین تھا یا ضربني واكرمتهما الزيدان اس میں دوسرے فعل کے لئے مفعول کی ضمیر لائی گئی ہے۔	ضربني واكرمت الزيدون۔ زیدون ضربنی کا فاعل ہے اور اکرمت کا مفعول محذوف ہے۔ یا ضربني واكرمتهم الزيدون اس میں دوسرے فعل کے لئے مفعول کی ضمیر لائی گئی ہے۔

جدول نمبر (۳)

	اسم ظاہر مفرد	اسم ظاہر تثنیہ	اسم ظاہر جمع
اگر دونوں فعل فاعل کو چاہتے ہوں	ضربني واكرمني زيد۔ زید ضربنی کا فاعل ہے اور اکرمنی کا فاعل ضمیر ہو مستتر ہے	ضربني واكرماني الزيدان۔ زیدان ضربنی کا فاعل ہے اور اکرمانی کا فاعل ضمیر ہما مستتر ہے	ضربني واكرموني الزيدون۔ زیدون ضربنی کا فاعل ہے اور اکرمونی کا فاعل ضمیر ہم مستتر ہے۔
اگر فعل ثانی فاعل اور فعل اول مفعول کو چاہے۔	ضربت واكرمني زيد۔ زید ضربت کا مفعول ہے اور اکرمنی کا فاعل ضمیر ہو مستتر ہے	ضربت واكرماني الزيدين۔ زیدین ضربت کا مفعول ہے اور اکرمانی میں ضمیر ہما مضمر ہے	ضربت واكرموني الزيدون۔ زیدون ضربت کا فاعل ہے اور اکرمونی میں ضمیر ہم پوشیدہ ہے

جدول نمبر (۴)

	اسم ظاہر مفرد	اسم ظاہر تثنیہ	اسم ظاہر جمع
اگر دونوں فعل مفعول کو چاہیں	ضربت واكرمته زيدا۔ زیدا ضربت کا مفعول ہے۔ اور اکرمتہ کا مفعول ضمیر منصوب متصل ہے۔	ضربت واكرمتهما الزيدين۔ زیدین ضربت کا مفعول ہے اور اکرمت کا مفعول ضمیر ہما ہے۔	ضربت واكرمتهم الزيدين۔ زیدین ضربت کا مفعول ہے۔ اور اکرمت کا مفعول ضمیر ہم ہے۔
اگر دوسرا فعل مفعول کو اور پہلا فعل فاعل کو چاہے۔	ضربني واكرمته زيد۔ زید ضربنی کا فاعل ہے اور اکرمتہ میں مفعول کی ضمیر لائی گئی ہے	ضربني واكرمتهما الزيدان۔ زیدان ضربنی کا فاعل ہے اور اکرمتہما میں مفعول کی ضمیر لائی گئی ہے۔	ضربني واكرمتهم الزيدون۔ زیدون ضربنی کا فاعل ہے اور اکرمتہم میں مفعول کی ضمیر لائی گئی ہے

ـ ۵۱ قولہ فصل مالم یسم فاعلہ الی قولہ ماعرفت فی الفاعل (ت) مفعول اس فعل کا کہ ذکر نہ کیا گیا ہو اس کا فاعل اور وہ ہر مفعول ہے کہ حذف کیا ہو اس کے فاعل کو اور قائم کیا ہو وہ مفعول جگہ فاعل کے جیسے ضرب زید اور اس مفعول کا حکم اسکی فعل کے واحد اور تثنیہ اور جمع اور مذکر اور مؤنث لانے میں اس طریقہ پر ہے جو تم نے فاعل کے بیان میں جانا۔ (ش) جب مصنف مرفوعات کی قسم اول سے فارغ ہو چکے تو اب دوسری قسم کا بیان شروع کرتے ہیں۔ اس میں لفظ ما اسم موصول ہے اور اس سے مراد فعل ہے اور لم یسم بمعنی لم یذکر ہے اور فاعلہ کی ضمیر کا مرجع ما ہے یعنی جس فعل کا فاعل ذکر نہیں کیا گیا ہے۔ اس کے مفعول کا بیان۔ اور حذف فاعلہ میں فاعل کی اضافت ضمیر کی طرف ہے اور ضمیر کا مرجع مفعول ہے تو فاعل کی اضافت مفعول کی طرف ادنیٰ ملابست (تعلق) کی ہے کیونکہ فاعل بھی اسی فعل کا ہے کہ جس فعل کا مفعول ہے اس مفعول کو نائب فاعل بھی کہتے ہیں اور فاعل کے طریقہ پر اس مفعول کے احکام ہونے کا مطلب یہ ہے کہ جب یہ مفعول مظہر ہوگا تو فعل ہمیشہ واحد لایا جائے گا خواہ مفعول تثنیہ ہو یا جمع جیسے ضرب الزیدان اور ضرب الزیدون اور اگر ضمیر ہو تو فعل کو اس کے مطابق لایا جائے گا یعنی تثنیہ کے لئے تثنیہ اور جمع کے لئے جمع جیسے الزیدان ضربا اور الزیدون ضربوا اور اگر وہ مفعول مؤنث حقیقی ہو تو فعل ہمیشہ مؤنث لایا جائے گا خواہ مظہر ہو یا ضمیر بشرطیکہ فعل اور مفعول مالم یسم فاعلہ کے درمیان کسی چیز کا فاصلہ نہ ہو جیسے ضربت ہند اور ہند ضربت اور اگر فاصلہ ہو تو تم کو اختیار ہے خواہ فعل کو مذکر لاؤ یا مؤنث جیسے ضربت الیوم ہند اسی طرح اگر مؤنث غیر حقیقی ہو اور مظہر ہو تو فعل کو مذکر اور مؤنث دونوں طرح لانا جائز ہے جیسے کور الشمس اور کورت الشمس اور اگر مؤنث غیر حقیقی مضمر ہو تو فعل ہمیشہ مؤنث لانا ہوگا جیسے اذا الشمس کورت ۱۲

٣٦

فَصْلٌ مَفْعُوْلُ مَالَمْ يُسَمَّ فَاعِلُهٗ وَهُوَ كُلُّ مَفْعُوْلٍ حُذِفَ فَاعِلُهٗ وَاُقِيْمَ هُوَ مَقَامَهٗ نَحْوُ ضُرِبَ زَيْدٌ وَحُكْمُهٗ فِیْ تَوْحِيْدِ فِعْلِهٖ وَتَثْنِيَتِهٖ وَجَمْعِهٖ وَتَذْكِيْرِهٖ وَتَاْنِيْثِهٖ عَلٰی قِيَاسِ مَا عَرَفْتَ فِی الْفَاعِلِ فَصْلٌ اَلْمُبْتَدَأُ وَالْخَبَرُ هُمَا اِسْمَانِ مُجَرَّدَانِ عَنِ الْعَوَامِلِ اللَّفْظِيَّةِ اَحَدُهُمَا مُسْنَدٌ اِلَيْهِ وَيُسَمَّی الْمُبْتَدَأَ وَالثَّانِیْ مُسْنَدٌ بِهٖ وَيُسَمَّی الْخَبَرَ نَحْوُ زَيْدٌ قَائِمٌ وَالْعَامِلُ فِيْهِمَا مَعْنَوِیٌّ وَهُوَ الْاِبْتِدَاءُ وَاَصْلُ الْمُبْتَدَأِ اَنْ يَّكُوْنَ مَعْرِفَةً وَاَصْلُ الْخَبَرِ اَنْ يَّكُوْنَ نَكِرَةً وَالنَّكِرَةُ اِذَا وُصِفَتْ جَازَ اَنْ تَقَعَ مُبْتَدَأً نَحْوُ قَوْلِهٖ تَعَالٰی وَلَعَبْدٌ

ـ ۵۲ قولہ فصل المبتدأ والخبر الی قولہ زید قائم (ت) مبتدا اور خبر دونوں اسم ہیں کہ خالی کئے گئے ہیں لفظی عاملوں سے ان دونوں میں سے ایک مسند الیہ ہے اور نام رکھا جاتا ہے مبتدا اور دوسرا مسند ہے اور نام رکھا جاتا ہے خبر جیسے زید قائم (ش) مبتدا اور خبر مرفوعات کی دو قسمیں ہیں لہٰذا قیاس یہ چاہتا تھا کہ ہر ایک کو الگ الگ فصل میں ذکر کرتے مگر چونکہ آپس میں لازم و ملزوم ہیں اس لئے حکماً گویا ایک ہی ہیں اس لحاظ سے ایک ہی فصل میں دونوں کا ذکر کر دیا دوسری وجہ یہ بھی ہے کہ مبتدا اور خبر دونوں عامل میں شریک ہیں یعنی عامل دونوں کا ایک ہی ہے اور وہ ابتدا جو عامل معنوی ہے اور یہ جو کہا کہ اسمان دو اسم ہیں یہ اسم ہونا عام ہے خواہ حقیقۃً ہو جیسے زید قائم میں یا حکماً جیسے وان تصوموا خیر لکم اس لئے کہ یہاں ان تصوموا اسم ہے اگرچہ حکماً ہے کیونکہ یہ بمعنی تصدیکم ہے اور مجردان کا لفظ اگرچہ لغت کے اعتبار سے یہ بتلاتا ہے کہ عامل لفظی اس سے قبل موجود تھے اب ان سے ہٹا دیئے گئے ہیں لیکن کبھی تجرید کا اطلاق بالکل نہ لانے پر بھی ہو جاتا ہے اور وہی یہاں مراد ہے اور عوامل جمع لانے سے کوئی یہ شبہہ نہ کرے کہ ایک آدھ عامل سے خالی ہونا ضروری نہیں کیونکہ عوامل سے مراد جنس عامل ہے جس سے یہ مطلب نکلا کہ ایک عامل بھی اس پر نہیں ہے ۱۲ ـ ۵۳ قولہ والعامل فیہما معنوی الی قولہ من مشرک (ت) اور عامل مبتدا اور خبر دونوں میں معنوی ہوتا ہے اور وہ ابتدا ہے اور اصل مبتدا کی یہ ہے کہ ہو وہ معرفہ اور اصل خبر کی یہ ہے کہ ہو وہ نکرہ اور نکرہ جب صفت لایا جائے تو جائز ہے یہ کہ وہ واقع ہو مبتدا جیسے خدائے تعالیٰ کا یہ قول ہے ولعبد مؤمن خیر من مشرک۔ اور البتہ غلام ایمان والا بہتر ہے مشرک سے (ش) اور یہ جو کہا کہ دونوں کا عامل ابتدا ہے اس میں اختلاف ہے بصریوں کا یہ قول ہے کہ مبتدا اور خبر دونوں میں عامل معنوی ہے یعنی اسم کا عوامل لفظیہ سے خالی ہونا جس کو ابتدا کہتے ہیں اور بعض کا قول یہ ہے کہ ابتدا مبتدا میں عامل ہے اور مبتدا خبر میں۔ (باقی برصفحہ آئندہ)

(بقیہ صفحہ) اور بعض یہ کہتے ہیں کہ مبتدا خبر میں عامل ہے اور خبر مبتدا میں اور اصل مبتدا میں معرفہ ہونا اس وجہ سے ہے کہ کسی شئے پر حکم اس وقت ہی لگایا جاسکتا ہے کہ جب وہ شئے پہلے سے معلوم ہو اور اصل خبر میں نکرہ ہونا اس لئے کہ وہ محکوم بہ ہے اور محکوم بہ نکرہ ہی ہونا چاہئے اور نکرہ کی جب کوئی صفت ذکر کردی جائے تو اس کا مبتدا واقع ہونا درست ہوتا ہے کیونکہ صفت کو نکرہ میں ایک قسم کی تخصیص آجاتی ہے اور تخصیص سے ایک قسم کی تعیین ہو جاتی ہے جیسے ولعبد مؤمن میں عبد کی صفت مؤمن لانے سے اس میں ایک قسم کی تعیین ہوگئی اس لئے اس کا مبتدا ہونا درست ہوگیا اگرچہ نکرہ ہے۔ **متعلقہ صفحہ ھذا** سلہ وکذا اذا تخصصت الیٰ کولہ سلام علیک (ف) اور ایسے ہی جب نکرہ خاص کردیا جائے کسی اور طریقہ سے جیسے أرجل فی الدار الخ یعنی کیا مرد ہے گھر میں یا عورت اور ما أحد الخ نہیں ہے کوئی شخص بہتر تجھ سے اور شر اھر الخ شری نے بھونکایا ہے کتے کو اور

۳۷

مؤمنٌ خيرٌ من مشركٍ وكذا اذا تخصّصت بوجهٍ آخر نحو
أرجلٌ في الدار أم امرأةٌ وما أحدٌ خيرٌ منك وشرٌّ أهرَّ ذا نابٍ
وفي الدار رجلٌ وسلامٌ عليك وإن كان أحدُ الاسمين
معرفةً والآخر نكرةً فاجعل المعرفةَ مبتدأً والنكرةَ خبراً
البتّة كما مرّ وإن كانا معرفتين فاجعل أيّهما شئتَ
مبتدأً والآخر خبراً نحو الله إلٰهنا ومحمدٌ نبيّنا وآدمُ أبونا
وقد يكون الخبر جملةً اسميةً نحو زيدٌ أبوه قائمٌ أو فعليةً

فی الدار الخ گھر میں مرد ہے اور سلام علیک سلامتی ثابت ہو تجھ پر (ش) ایسے ہی کا مطلب یہ ہے کہ اس حالت میں بھی نکرہ کا مبتدا واقع ہونا درست ہے اور وجہ آخر کا مطلب یہ ہے کہ وصف کے علاوہ اور کسی طریقہ سے نکرہ میں تخصیص آجائے اور تخصیص کی کل صورتیں چھ ہیں جیسا کہ کافیہ میں بیان کیا ہے پس أرجل فی الدار میں تخصیص کی وجہ یہ ہے کہ متکلم کو اتنا ضرور معلوم ہے کہ ان دونوں میں سے ایک ہے یا رجل یا مرأۃ ان دو کے علاوہ کوئی اور نہیں ہے اس لئے کہ ام کا استعمال دو چیزوں میں سے ایک کی تعیین کے لئے آیا کرتا ہے اور ما أحد خیر منک میں تخصیص کی وجہ یہ ہے کہ احد نکرہ ہے جو نفی کے تحت میں واقع ہوا ہے اور نکرہ جب تحت نفی واقع ہوتا ہے تو عموم کا فائدہ بخشتا ہے اور عموم میں بھی ایک قسم کا تعین ہے کیونکہ تمام مخلوق ایک طرف ہوگئی اور مخاطب ایک طرف اور تمام مخلوق کا مجموعہ حکم میں امر واحد کے ہے اور امر واحد تو متعین ہوتا ہے تو ایسے ہی یہ مجموعہ بھی متعین ہوگا اور شر اھر ذا ناب میں تخصیص کی دو صورتیں ہیں ایک تو یہ کہ اس کا تنوین تعظیم کا لیا جائے یعنی شر عظیم اھر ذا ناب یا یہ کہا جائے کہ یہ عبارت اصل میں یوں تھی کہ ما اھر ذا ناب الا شر اور شر اس میں اھر کے فاعل سے بدل ہے پھر اس کو فعل سے بھی مقدم کرکے شر اھر ذا ناب بولتے ہیں کیونکہ تقدیم ما حقہ التاخیر مفید حصر ہوتا ہے اور حصر میں ایک قسم کی تخصیص ہوتی ہے پس اس صورت میں یہ معنی ہوں گے کہ شری نے بھونکایا ہے کتے کو اور سلام علیک میں تخصیص اس وجہ سے ہے کہ سلام مبتدا ہے اور چونکہ اس کی نسبت متکلم کی طرف ہے اس وجہ سے اس میں تخصیص آگئی کیونکہ اس کے معنی یہ ہیں کہ سلمت سلاما علیک فعل کو حذف کرکے مفعول مطلق کو اس کی جگہ قائم کردیا پھر سلاما کے نصب کو رفع سے بدل دیا تاکہ استمرار اور دوام حاصل ہو اس لئے کہ نصب دلالت کریگا فعل پر اور فعل میں حدوث ہوتا ہے ۱۲ **سلہ قولہ** وان کان احد الاسمین معرفۃ الیٰ قولہ وعمر فی الدار (ت) اور اگر ہوں دو اسموں میں سے ایک اسم معرفہ اور دوسرا نکرہ تو کر تو معرفہ کو مبتدا اور نکرہ کو خبر ضروری جیسا کہ گذرا اور اگر ہوں دونوں معرفہ تو کر جون سے کو چاہے مبتدا اور دوسرے کو خبر جیسے اللہ الٰہنا اللہ ہمارا معبود ہے اور محمد ہمارے نبی ہیں اور آدم ہمارے باپ ہیں اور کبھی خبر جملہ اسمیہ ہوتی ہے جیسے زید ابوہ قائم زید اس کا باپ کھڑا ہے یا جملہ فعلیہ جیسے زید قام ابوہ زید اس کا باپ کھڑا ہوگیا یا جملہ شرطیہ جیسے زید ان جاءنی فاکرمتہ زید اگر میرے پاس آئے گا تو میں اس کی عزت کروں گا یا جملہ ظرفیہ جیسے زید تیرے پیچھے ہے اور عمر گھر میں ہے (ش) ایک اسم معرفہ اور ایک نکرہ ہونے کی صورت میں معرفہ کو مبتدا اور نکرہ کو خبر اس لئے ٹھہرایا جائے گا کہ یہ بات ناجائز ہے کہ مبتدا نکرہ ہو اور خبر معرفہ اور اگر دونوں معرفہ ہوں تو جس کو چاہو مبتدا بناؤ اور جس کو چاہو خبر اگرچہ معرفہ کی مقداریں مساوی نہ ہوں مثلاً ایک علم ہو اور ایک ضمیر یا اسم اشارہ اور ایک ضمیر خطاب کی ہو اور غائب کی اور وقد یکون الخبر میں لفظ قد لانا اس طرف اشارہ کرتا ہے کہ اصل خبر میں افراد ہے اور افراد سے مراد یہ ہے کہ مرکب تام نہ ہو اور جملہ اسمیہ وہ ہے کہ جس کا جزء اول اسم ہو اور جملہ فعلیہ وہ ہے جس کا جزء اول فعل ہو اور جملہ شرطیہ کے خبر واقع ہونے کی صورت میں نحویوں کا اختلاف ہے بعض کا قول ہے کہ خبر شرط اور جزا دونوں ہیں اور بعض کا قول ہے کہ خبر صرف شرط ہے یا صرف جزا اور بعض کا قول ہے کہ خبر صرف جزا ہے اور بعض کا قول ہے کہ جملہ شرطیہ کا خبر ہونا صحیح نہیں اور ظرفیہ عام ہے خواہ ظرف زمان ہو یا ظرف مکان۔ پھر جب جملہ ظرفیہ خبر ہو تو (باقی برصفحہ دیگر)

(بقیہ صفحہ ۳۷) تو نحویوں کا اختلاف ہے بقول بعض خبر وہ فعل ہے کہ ظرف اس کے قائم مقام کردیا گیا ہے اور بقول بعض خبر ظرف ہی ہے۔ نہ فعل اور بقول بعض فعل اور ظرف دونوں مل کر خبر ہیں بعض نحویوں کے نزدیک جملہ کی کل چار قسمیں ہیں جن کا ذکر ہوا اور بقول بعض تین اور بقول بعض دو ۱۲ (متعلقہ صفحہ ھذا) سلہ قولہ والظرف متعلق بجملۃ الیٰ قولہ زید استقر فی الدار (ت) اور ظرف متعلق ہوتا ہے جملہ کے ساتھ اکثر نحویوں کے نزدیک اور وہ استقر ہے مثلاً تو کہے کہ زید فی الدار۔ اس کی تقدیر زید استقر فی الدار تھی (ش) یعنی جب خبر ظرف واقع ہو تو چونکہ ظرف ایک معمول ہے کہ جس کے لئے کسی عامل کا پایا جانا نہایت ضروری

نحو زيدٌ قام ابوهُ او شرطيةً نحو زيدٌ إن جاءني فاكرمتهُ

او ظرفيةً نحو زيدٌ خلفك وعمرٌو في الدار والظرفُ

متعلقٌ بجملةٍ عند الاكثر وهي استقر مثلاً تقولُ

زيدٌ في الدار تقديرهُ زيدٌ استقر في الدار ولابُدَّ في

الجملةِ من ضميرٍ يعود الى المبتدأ كالهاءِ في ما مرّ

ويجوز حذفهُ عند وجود قرينةٍ نحو السَّمنُ منوانِ بدرهمٍ

والبُرُّ الكرُّ بستّين درهمًا وقد يتقدم الخبرُ على المبتدأ

نحو في الدار زيدٌ ويجوز للمبتدأ الواحد اخبارٌ كثيرةٌ نحو

ہے تو وہ عامل اکثر کے نزدیک فعل ہے خواہ وہ ظرف زمان ہو یا ظرف مکان یا جار مجرور، اب اگر وہ فعل لفظوں میں مذکور ہو تو اس کو ظرف لغو کہتے ہیں اور اگر وہ فعل مقدر رہو تو اس کا نام ظرف مستقر ہے اور بعض نحوی مفرد کے متعلق کرتے ہیں جیسے زید فی الدار یعنی زید ثابت فی الدار یا مستقر فی الدار ۱۲ سلہ قولہ ولا بد فی الجملۃ الیٰ قولہ کا قائل (ت) اور ضروری ہے جملہ میں کوئی ضمیر جو لوٹتی ہو مبتدا کی طرف مثلاً ہا گذشتہ مثال میں اور جائز ہے حذف کرنا اس ضمیر کا وقت پائے جانے کسی قرینہ کے جیسے السمن منوان الخ گھی دو سیر ایک درہم کے عوض ہے گیہوں ایک کر ساٹھ درہم کے عوض ہے اور خبر کبھی مقدم ہوتی ہے مبتدا سے جیسے فی الدار زید اور جائز ہے ایک مبتدا کے لئے بہت سی خبریں جیسے زید عالم فاضل عاقل (ش) اور جب خبر جملہ ہو تو مبتدا کی طرف عائد ہونا ضروری ہے تاکہ اس کے ساتھ ربط اور تعلق ہو جائے جیسے گذشتہ مثالوں میں لفظ ہا ہے جیسے زید ابوہ قائم وغیرہ اور اس عائد کا حذف کرنا بھی جائز ہے جب کوئی قرینہ موجود ہو جیسے السمن منوان الخ گھی دو سیر ہے ایک درہم کے بدلے میں تو یہاں منوان بدرہم جملہ ہے مگر اس میں عائد محذوف ہے یعنی منہ بدرہم اور قرینہ یہ ہے کہ جو شخص جس چیز کا فروخت کرنے والا ہے وہ اسی کا نرخ بتلائے گا اس مثال میں منوان من کا تثنیہ ہے جس کے معنی سیر کے ہیں اور کر ایک پیمانہ ہوتا ہے بارہ وسق کا اور وسق ساٹھ صاع کا اور صاع چار مد کا اور مد ایک سیر کچھ کم اور جس طرح ایک مبتدا کی چند خبریں ہوتی ہیں ایسے ہی ایک خبر کے لئے چند مبتدا بھی ہوتی ہیں مگر چونکہ ایسا بہت کم ہوتا ہے اس لئے مصنف نے اس کا بیان نہیں کیا ۱۲ ع۵ بالضم پیمانہ خوراک اندک ۳ ع۵ بر آوردن قد کر برائے تقلیل ست اشارہ است بسوئے اینکہ اصل در خبر تاخیر ست ۱۲

مبتدا کی یہ دوسری قسم ثابت ہے کیونکہ ان نحویوں کی ترکیب اس کے اعراب کی کہ ا، اور وجہ ظاہر نہیں البتہ بعض نحوی اس کو خبر مقدم اور اس کے بعد جو اسم ظاہر مرفوع آرہا ہے اسکو
مبتدا مؤخر کہتے ہیں اور یہ جو کہا کہ ہو صفۃ اس صفت سے مراد یہ نہیں ہے کہ اس کا مشتق ہونا ضروری ہو بلکہ غیر مشتق بھی جبکہ اس میں کوئی وصفی معنی پائے جائیں گے
اسی حکم میں ہے جیسے اسم منسوب مثلاً بصری کوفی وغیرہ ۱۲ **۲۵ قولہ بشرط ان ترفع تلک الصفۃ الی قولہ بخلاف اقائمان الزیدان** (ت) اس شرط کے ساتھ
کہ رفع دے وہ صفت کا صیغہ اسم ظاہر کو جیسے ما قائم الزیدان اور اقائم الزیدان برخلاف ما قائمان الزیدان کے (کہ یہ مبتدا کی دوسری قسم نہیں ہے) (ش) اور
یہ جو کہا کہ رفع دے رہا ہو وہ صفت کا صیغہ اسم ظاہر کو اس کا مطلب یہ ہے کہ وہ اسم ظاہر اس صفت کا فاعل ہو اس سے معلوم ہوا کہ یہ قسم مبتدا کی

٣٩

ایک تو مسند ہوتی ہے نہ مسند الیہ جیسا کہ پہلی قسم
ہوتی ہے دوسری یہ کہ مبتدا کی پہلی قسم کے واسطے
خبر ہوتی ہے اور اس قسم کے لئے خبر نہیں ہوتی اور
اقائم الزیدان اور ما قائم الزیدان دونوں
مثالوں میں صفت کو مفرد لانا اس کی دلیل ہے
کہ اسم ظاہر جو بعد میں تثنیہ آرہا ہے وہ اس کا
فاعل ہے کیونکہ اگر فاعل نہ ہوتا تو وہ مفرد
نہ لایا جاتا اس لئے کہ جب فاعل ظاہر ہوتا ہے
تو فعل اور شبہ فعل کو مفرد لانا واجب ہوتا ہے
اور جب فاعل ضمیر ہوتی ہے تو فاعل کے مطابق
فعل اور شبہ فعل کو لانا ضروری ہے پس ما قائمان
الزیدان میں الزیدان قائمان کی وجہ سے مرفوع
نہیں ہے ورنہ قائمان کے لئے دو فاعل کا ہونا
لازم آئے گا جو نا جائز ہے ۱۲ **۳۵ قولہ**
خبر ان واخواتہا الی قولہ کحکم خبر المبتدا (ت)
خبر ان اور اس کے اخوات کی خبر کا بیان اور
اخوات انّ وکانّ ولکنّ ولیت ولعل ہیں
پس یہ حروف داخل ہوتے ہیں مبتدا اور خبر پر
پھر نصب دیتے ہیں مبتدا کو اور نام رکھی جاتی ہے
اسم انّ اور رفع دیتے ہیں خبر کو اور نام
رکھی جاتی ہے خبر انّ تو خبر ان وہ مسند ہوتی ہے
انّ کے داخل ہونے کے بعد جیسے ان زیدا
قائم اور حکم خبر ان واخواتہا کا ہونے اس کے
میں مفرد یا جملہ یا معرفہ یا نکرہ مانند حکم خبر مبتدا
کے ہے (ش) مرفوعات کی ایک قسم انّ
اور اس کے اخوات (امثال) کی خبر بھی ہے

زيدٌ عالمٌ فاضلٌ عاقلٌ واعلم[۱] ان لهم قسماً اخر من المبتدأ
ليس مسنداً اليه وهو صفة وقعت بعد حرف النفي نحو ما قائمٌ
زيدٌ او بعد حرف الاستفهام نحو اقائمٌ زيدٌ بشرط[۲] ان ترفع تلك
الصفة اسماً ظاهراً نحو ما قائمٌ الزيدان واقائمٌ الزيدان بخلاف
ما قائمان الزيدان فصل خبر[۳] انّ واخواتها وهي انّ وانّ
وكانّ ولكنّ وليت ولعلّ فهذه الحروف تدخل على المبتدأ
والخبر فتنصب المبتدأ ويسمّى اسم انّ وترفع الخبر ويسمّى خبر
انّ فخبر انّ هو المسند بعد دخولها نحو انّ زيداً قائمٌ وحكمه

۱ قولہ واعلم ان لہم قسما آخر الی قولہ نحو اقائم زید (ت) اور جاننا چاہئے کہ نحویوں کے لئے ایک اور قسم ہے
مبتدا کی جو مسند الیہ نہیں ہے اور وہ صفت کا صیغہ ہے جو واقع ہوا ہو بعد حرف نفی کے جیسے ما قائم زید یا بعد حرف
استفہام کے جیسے اقائم زید (ش) قسم آخر کہنے سے مبتدا کی پہلی قسم خارج ہوگئی اکثر نحویوں کے نزدیک

اس لئے یہاں سے اس کا بیان کرتے ہیں. اخوات جمع ہے اخت کی اور اخت کے معنی ہمشیر کے ہیں مگر یہاں مراد مشابہ اور مثل ہے خبر ان کی تعریف میں جو ہو المسند
کہا تو یہ بمنزلہ جنس کے ہوا کیونکہ جتنے مسند ہیں یہ سب کو شامل ہے جیسے خبر مبتدا اور خبر کان وغیرہ لیکن جب کہا بعد دخولہا تو اس سے باقی مسند سب خارج ہوگئے
اگر کوئی اعتراض کرے کہ ان زیدا یضرب اخوہ میں صرف یضرب پر یہ تعریف صادق ہے حالانکہ صرف یضرب انّ کی خبر نہیں ہے تو جواب یہ ہے کہ بعد دخولہا سے
مراد یہ ہے کہ انّ اور اس کے اخوات کا اس میں اثر بھی ہو گیا ہو اور صرف یضرب میں انّ کا کوئی اثر نہیں ہے بلکہ مجموعہ یضرب ابوہ میں اثر ہے وہ یہ کہ اس کو
کلمہ انّ نے زید کی طرف مسند کر دیا ہے اور مفرد اور جملہ اور معرفہ اور نکرہ یہ سب از قبیل اقسام ہیں اور متعدد ہونا اور واحد ہونا اور مثبت و منفی ہونا وغیرہ
از قبیل احکام اور جملہ ہونے کی حالت میں عائد کا ضروری ہونا از قبیل شرائط ہے ان سب امور میں خبر انّ مثل خبر مبتدا ہے۔　(باقی بر ورق دیگر)

(بقیہ صفحہ ۳۹) اور خبر ان اور خبر مبتدا میں فرق یہ ہے کہ خبر ان کا اسم ان پر مقدم کرنا ناجائز ہے اور خبر مبتدا کو مبتدا پر مقدم کرنا درست ہے اور اسکی وجہ یہ ہے کہ انّ اور اس کے اخوات کا عمل فرعی ہے لہذا فعل کی طرح عامل نہ ہوگا کہ جس طرح فعل میں اس کے مرفوع معمول کو منصوب سے مؤخر کرنا اور مقدم کرنا دونوں باتیں درست ہیں تو ان میں بھی ایسا ہی ہو ۱۲ ؏ خواہ مشتق با غدشل نامرد منصور دکریم خواہ تالم مقام اور مثل اسم منسوب چنانکہ بصری ۱۲ ؏ واسم الاستفہام نگفت تا شل بل قائم زید داخل مانند ۱۲ (متعلقہ صفحہ ہذا) لـ قولہ ولا یجوز تقدیم اخبارہا الی قولہ التوسع فی الظروف (ت) اور نہیں جائز ہے مقدم کرنا ان حروف کی خبروں کا ان کے اسموں پر مگر جب کہ خبر ظرف ہو جیسے ان فی الدار زیدا بوجہ گھومنے فراخی کے ظرف میں (ش) دوسرا فرق خبر مبتدا کے ساتھ اور بھی وہ یہ کہ یہ بات درست نہیں کہ کوئی اسم مفرد کہ جس میں استفہام کے معنی پائے جاتے ہوں ان حروف کے خبر واقع ہو سکے اور یہ بات خبر مبتدا میں درست ہے لہذا انّ این زید نہیں کہہ سکتے اور صرف این زید کہہ سکتے ہیں۔ البتہ اگر خبر ان ظرف ہو تو مقدم کرنے میں کوئی حرج نہیں جیسے ان فی الدار زیدا اور اس کی وجہ یہ ہے کہ ظرف میں وہ باتیں جو دوسری جگہ ناجائز ہوتی ہیں جائز ہو جاتی ہیں کیونکہ اس کا وقوع بہت ہوتا ہے لفظ المجال مصدر میمی ہے اصلی حروف اس کے جول ہیں اور جولان کے معنی گھومنے کے ہوتے ہیں مجال کے بھی یہی معنی ہیں ۱۲ ؏ قولہ فصل اسم کان واخواتہا الی قولہ نحو زید قائما (ت) اسم کان اور اس کے اخوات کا بیان اور وہ اخوات صار اور اصبح اور امسی اور اضحی اور ظل اور بات اور راح اور آض اور عاد اور غدا اور ما زال اور ما برح اور ما فتئ اور ما انفک اور ما دام اور لیس ہیں پس یہ افعال داخل ہوتے ہیں نیز مبتدا اور خبر پر پس رفع دیتے ہیں مبتدا کو اور نام رکھا جاتا ہے وہ مبتدا اسم کان اور نصب دیتے ہیں خبر کو اور نام رکھی جاتی ہے خبر کان۔ پس اسم کان کا وہ مسند الیہ بعد داخل ہونے ان افعال کے جیسے کان زید قائما (ش) تو اسم کان کی تعریف میں یہ لفظ کہ وہ مسند الیہ ہے جنس ہے کہ ہر مسند الیہ کو شامل ہے خواہ مبتدا ہو یا اسم ان اور لا المشبہتین بلیس وغیرہ اور جب کہا بعد دخولہا تو اس سے باقی سب مسند الیہ خارج ہو گئے اور بعد دخولہا پر جو یہ اعتراض پڑتا ہے کہ کان زید یضرب اخوہ میں صرف اخوہ پر بھی تعریف صادق آتی ہے حالانکہ وہ صرف خبر کان نہیں ہے تو اس کا جواب یہ ہے کہ بعد دخولہا سے مراد یہاں بھی وہی ہے جو پہلے بیان ہوا یعنی یہ کہ اس میں ان افعال کا اثر بھی ہو گیا ہو اور صرف اخوہ میں کوئی اثر فعل ناقص کا ہے نہیں البتہ یضرب اخوہ کے مجموعہ میں اثر ہے کہ اس کو کان نے مسند بنایا ہے ۱۲ ؏ قولہ ویجوز فی الکل تقدیم اخبارہا الی قولہ انشاء اللہ تعالیٰ (ت) اور جائز ہے تمام افعال میں ان کے خبروں کو مقدم کرنا ان کے اسموں پر جیسے کان قائما زید اور خود ان فعلوں پر بھی اول کے نو میں جیسے قائما کان زید اور نہیں جائز ہے بر ان فعلوں میں کہ جنکے اول میں لفظ ما ہے پس نہیں کہا جائے گا قائما ما زال زید اور لیس میں اختلاف ہے اور باقی کلام ان افعال کے متعلق آ جائے گا دوسری قسم میں اگر خدائے تعالیٰ نے چاہا (ش) یہ جو کہا کہ انّ کی خبروں کو ان کے (باقی بر صفحہ آئندہ)

فی کونہٖ مفردًا او جملۃً او معرفۃً او نکرۃً کحکم خبر المبتدأ اولا
یجوز تقدیم اخبارھا علٰی اسمائھا الّا اذا کان ظرفًا نحو انّ
فی الدار زیدًا لمجال التوسّع فی الظروف فصل اسم کان
واخواتھا وھی صار واصبح وامسٰی واضحٰی وظلّ وبات وراح
وآض وعاد وغدا وما زال وما برح وما فتئ وما انفکّ وما دام
ولیس فھٰذہ الافعال تدخل ایضًا علی المبتدأ والخبر فترفع
المبتدأ ویسمّٰی اسم کان وتنصب الخبر ویسمّٰی خبر کان
فاسم کان ھو المسند الیہ بعد دخولھا نحو کان زیدٌ قائمًا ویجوز
فی الکل تقدیم اخبارھا علٰی اسمائھا نحو کان قائمًا زیدٌ وعلٰی

(بقیہ صفحہ) ان کے اسموں پر مقدم کرنا جائز ہے تو یہ اس وقت ہے کہ جب اسم وخبر دونوں کا اعراب اور ان میں سے صرف ایک کا اعراب لفظی ہو کیونکہ ان صورتوں میں التباس لازم نہیں آئے گا اور اگر دونوں اسم مقصور ہوں تو اس حالت میں واجب ہوگا کہ پہلا لفظ اسم ہو اور دوسرا خبر جیسے ما کان عیسیٰ موسیٰ اور ان کے اسموں پر خبروں کا مقدم کرنا سب فعلوں میں درست ہے لیکن خود فعلوں پر مقدم کرنا سب افعال میں جائز نہیں صرف اول کے نو فعلوں میں درست ہے اور لفظ اُوَل اولیٰ کی جمع ہے اور یہ نو فعل کان سے لیکر راح تک ہیں اور جن فعلوں کے اول میں لفظ ما ہے ان میں یہ بات جائز نہیں کہ خود فعلوں پر ان کی خبریں مقدم ہوں کیونکہ وہاں مانع موجود ہے یعنی کلمہ ما خواہ مصدریہ ہو یا نافیہ اس لئے کہ حرف نفی اور حرف مصدری دونوں صدارت کلام کو چاہتے ہیں اور لیس میں نحویوں کا اختلاف ہے سیبویہ تو یہ کہتے ہیں کہ ان کا حکم ان فعلوں کی طرح ہے جن کے اول میں ما آرہا ہے اور اکثر بصریوں کا قول یہ ہے کہ اس کا حکم کان کے حکم کی مانند ہے کیونکہ اس کے اول میں ما نہیں ہے ۱۲

اے کہ یجوز فی الکل تقدیم اخبارہا علی اسمائہا

نفس الافعال ایضاً فی التسعۃ الاول نحو قائماً کان زیدٌ ولا یجوز
ذٰلک فی ما فی اولہا ما فلا یقال قائماً مازال زیدٌ وفی لیس خلافٌ
وباقی الکلام فی ہٰذہ الافعال یجیٔ فی القسم الثانی انشاء اللہ تعالیٰ
فصلٌ اسم ما ولا المشبہتین بلیس ھو المسند الیہ بعد
دُخولہما نحو ما زیدٌ قائماً ولا رجلٌ افضل منک ویختصُّ لا
بالنکرۃ ویعمُّ ما بالمعرفۃ والنکرۃ فصلٌ خبر لا لنفی الجنس وھو
المسندُ بعد دخولہا نحو لا رجلَ قائمٌ المقصد الثانی فی
المنصوبات الاسماء المنصوبۃ اثنا عشر قسماً المفعول المطلق
وبہٖ وفیہ ولہٗ ومعہٗ والحال والتمیز والمستثنٰی واسم ان واخواتہا

عے اسمیہ باشد یا فعلیہ ظرفیہ باشد یا شرطیہ ۱۲
عے اے خبر کردہ شدن اخبار مذکور ست ۱۲
شارع سلہ سے جائے جولاں نمودن ۱۲ سے فراخی کردن وفراخ نشستن در مجلس ھے اے اشباہ لفظہ کان ۱۲ سے وما اشتق منہا ۱۲

متعلقہ صفحہ ہذا اے فصل اسم ما ولا المشبہتین بلیس الیٰ قولہ النکرۃ (ت) اسم ما و لا کا ایسے ما اور لا جو مشابہ کئے گئے ہیں لیس کے ساتھ اور وہ مسند الیہ ہوتا ہے بعد داخل ہونے ان دونوں کے جیسے ما زید قائما اور لا رجل افضل منک اور خاص ہے لا نکرہ کے ساتھ اور عام ہے ما معرفہ اور نکرہ دونوں کو (ش) ما و لا کی مشابہت لیس کے ساتھ دو باتوں میں ہے ایک نفی دوسرے مبتدا اور خبر پر داخل ہونے میں اہل حجاز کے نزدیک تو ان دونوں کے سبب اسم مرفوع ہوتا ہے اور بنو تمیم کے نزدیک ان کے اسم مبتدا ہونے کے سبب مرفوع ہوتے ہیں تعریف میں مسند الیہ کا لفظ بمنزلہ جنس کے ہے اور بعد دخولہا بمنزلہ فصل ہے اور جب بعد دخولہا کا مطلب پہلے سمجھ چکے ہو تو اب ما زید یضرب اخوہ میں حرف اخوہ سے تعریف پر اعتراض نہ پڑے گا کہ اس پر تعریف مذکور صادق آتی ہے حالانکہ وہ اسم ما و لا المشبہتین بلیس نہیں ہے اور یختص لا الخ سے ما اور لا میں فرق بیان کیا ہے اور دو طرح سے فرق اور بھی ہے ایک یہ کہ لا ملق نفی کے لئے ہے اور ما نفی حال کے لئے۔ دوسرا یہ کہ لا کی خبر پر با کا داخل ہونا درست نہیں اور ما کی خبر پر درست ہے اور آیہ ولات حین مناص میں بھی لا ئے نفی جنس کیلئے اس میں تا زیادہ کردی ہے یہ مرفوعات کی ساتویں قسم تھی اب آٹھویں قسم لائے نفی جنس ہے اور اس کو لا التبریہ بھی کہتے ہیں ۱۲ ے قولہ فصل خبر لائے نفی الجنس الیٰ قولہ لا رجل قائم (ت) خبر لا کی اس حال میں کہ ثابت ہو وہ لا نفی جنس کے لئے اور وہ خبر مسند ہوتی ہے بعد داخل ہونے لا کے جیسے لا رجل قائم (ش) نفی جنس کے معنی یہ ہیں کہ حکم کی نفی جنس سے کرتا ہے یا کسی صفت کی نفی کیونکہ لا رجل قائم میں نفی رجل کی نہیں ہے بلکہ قیام کی نفی جنس رجل سے ہے اس میں ہو المسند جنس اور بعد دخولہا فصل ہے اور جب بعد دخولہا کے معنی تم سمجھ چکے ہو تو لا رجل یضرب اخوہ میں حرف یضرب سے تعریف پر اعتراض نہیں پڑے گا اس لا کی خبر اکثر افعال عامہ میں سے ہوتی ہے جیسے کون، ثبوت وغیرہ نحویوں کا اس باب میں اتفاق ہے کہ یہ لا اپنے اس اسم کو نصب دیتا ہے جو اس کے متصل ہو اور خبر کو رفع دینے میں اختلاف ہے بعض کہتے ہیں کہ یہ خبر لا کی وجہ سے مرفوع نہیں بلکہ اسی سبب سے مرفوع ہے (باقی بر صفحہ آئندہ)

(بقیہ صفحہ ۴۱) کہ جس سبب سے قبل دخول لا مرفوع ہوتی یہ سیبویہ کا قول ہے اور اخفش اور مبرد اور زمخشری کا قول یہ ہے کہ وہ لا کی وجہ سے مرفوع ہے عبارت میں لنفی الجنس لفظ لا کی صفت بھی ہو سکتا ہے الکائنۃ کے متعلق ہو کر اور ثابتۃ محذوف کے متعلق ہو کر حال بھی ہو سکتا ہے ۵۳ قولہ المقصد الثانی الی قولہ المشبہتین بلیس (ت) دوسرا مقصد منصوبات کے بیان میں۔ اقسام منصوبہ بارہ قسم پر ہیں۔ مفعول مطلق۔ مفعول بہ۔ مفعول فیہ مفعول لہ مفعول معہ حال تمیز مستثنیٰ اسم ان واخواتہا خبر کان واخواتہا منصوب بلا التی لنفی الجنس خبر ما ولا المشبہتین بلیس ۱۲ (متعلقہ صفحہ ہذا) ۱ قولہ فصل المفعول المطلق الی قولہ فعل مذکور قبلہ (ت) مفعول مطلق اور وہ وہ مصدر ہے جو معنی میں اس فعل کے ہوتا ہے جو اس سے پہلے مذکور ہو (ش) مصدر کا لفظ عام ہے خواہ حقیقۃً ہو یا حکماً پس اگر کوئی اسم

بولا جائے اور اس کے حقیقی معنی تو کسی ذات کے ہوں لیکن وہاں مجازاً اور حکماً مصدری معنی مراد ہوں تو وہ بھی مفعول مطلق ہو سکے گا اور یہ جو کہا کہ معنی میں اس فعل کے ہو جو مصدر سے پہلے مذکور ہو اس کا مذکور ہونا بھی عام ہے خواہ حقیقۃً ہو جیسے ضربت ضربا میں ضربت مذکور ہے اور یا حکماً مذکور ہو جیسے فضرب الرقاب میں اضربوا حکماً مذکور ہے اور خواہ فعل صریح مذکور ہو یا معنی فعل کے جیسے زید ضارب ضربا اور اگر کوئی مصدر ایسا ہو کہ اس سے پہلے فعل بالکل مذکور نہ ہو نہ حقیقۃً اور نہ حکماً جیسے الضرب واقع علی زید وہ تعریف سے خارج ہو گیا اس کو مفعول مطلق نہ کہیں گے ایسے ہی وہ مصدر بھی خارج ہو گیا کہ اس سے پہلے فعل تو مذکور ہو مگر مصدر اس فعل کے معنی میں نہ ہو جیسے کرہت قیامی کہ قیام مصدر سے پہلے فعل کرہت مذکور ہے مگر قیام بمعنی کرہت نہیں ہے اور اگر کسی نے کرہت کرہتی کہا تو اگر یہ کراہت متکلم کے فعل کرہت سے پہلے سرزد ہو چکا تھا تب تو یہ مفعول مطلق نہ ہوگا بلکہ مفعول بہ ہوگا اور اگر فعل کرہت سے پہلے سرزد نہ ہوا تو یہ مفعول مطلق ہے ۱۲ ۲ ویذکر للتاکید الی قولہ رعاک اللہ رعیا (ت) اور ذکر کیا جاتا ہے تاکید کے لئے جیسے ضربت ضربا مارا میں نے مارنا یا نوع بیان کرنے کے لئے جیسے جلست جلسۃ القاری جیم کے زیر سے۔ بیٹھا میں قاری کا سا بیٹھنا یا بیان عدد کے لئے جیسے جلست جلسۃ او جلستین او جلسات بیٹھا میں ایک بار بیٹھنا دو بار یا تین بار اور کبھی ہوتا ہے مفعول مطلق سوائے

وخبر كان واخواتها والمنصوب بلا التي لنفي الجنس وخبر ما ولا المشبهتين
بليس فصل المفعول المطلق وهو مصدر بمعنى فعل مذكور قبله
ويذكر للتاكيد كضربت ضربا او لبيان النوع نحو جلست جلسة
القاري ولبيان العدد كجلست جلسة او جلستين او جلسات
وقد يكون من غير لفظ الفعل المذكور نحو قعدت جلوسا
وانبت نباتا وقد يحذف فعله لقيام قرينة جوازا كقولك للقادم
خير مقدم اي قدمت قدوما خير مقدم ووجوبا سماعا نحو سقيا
وشكرا وحمدا ورعيا اي سقاك الله سقيا وشكرتك شكرا
وحمدتك حمدا ورعاك الله رعيا فصل

لفظ اس فعل کے جو مذکور ہوا جیسے قعدت جلوسا اور انبت نباتا اور کبھی حذف کر دیا جاتا ہے فعل مفعول مطلق کا کسی قرینہ کے پائے جانے کے وقت حذف کرنا جائز ہے جیسے قول تیرا آنے والے کے لئے خیر مقدم یعنی قدمت قدوما خیر مقدم آیا تو آنا جو اچھا آنا ہے اور کبھی حذف کیا جاتا ہے حذف کرنا واجب ہو کر سماعی جیسے سقیا (سیراب کرنا) شکرا (شکر کرنا) اور حمدا (تعریف کرنا) اور رعیا (نگاہ رکھنا) یعنی سقاک اللہ سقیا۔ اور شکرتک شکرا اور حمدتک حمدا اور رعاک اللہ رعیا۔ اللہ تجھے سیراب کرے سیراب کرنا اور شکر کرتا ہوں میں تیرا شکر کرنا اور تعریف کرتا ہوں میں تیری تعریف کرنا اور نگاہ رکھے تجھے اللہ تعالیٰ نگاہ رکھنا (ش) مفعول مطلق تاکید کے لئے اس وقت ہوتا ہے کہ جب اس کے معنی فعل کے معنی سے زائد نہ ہوں جیسے ضربت ضربا اور جب اس کے معنی میں عدد ماخوذ ہو تو بیان عدد کے لئے ہوتا ہے اور اس کے معنی میں بیان نوع ہو تو اس وقت وہ بیان نوع کے لئے ہوتا ہے اور غیر لفظ فعل کی دو مثالیں اس وجہ سے دی ہیں کہ تا کہ یہ بتلا دیں کہ غیریت کی دو صورتیں ہیں ایک یہ کہ مادہ ہی مختلف ہو (باقی بر صفحہ آئندہ)

اسی شخص کے لئے استعمال ہوتا ہے جس پر سفر سے آنے کی علامت موجود ہو ایسے ہی لفظ وجوباً بھی مصدر بمعنی اسم فاعل ہے یعنی حذفاً واجباً اور سقیاً وشکراً وغیرہ میں حذف فعل محض تخفیف کی غرض سے واجب ہے کیونکہ ان مصادر کا استعمال عرب میں بکثرت ہوتا ہے اور کثرت استعمال تخفیف کو چاہتی ہے اور قرینہ حالیہ موجود ہے وہ یہ کہ سقیاً مثلاً اس شخص کیلئے بولتے ہیں جو دعا خیر کا مستحق ہو اگر کوئی اعتراض کرے کہ اگر ان مصادر کے افعال کا حذف واجب ہوتا تو ان کا لفظوں میں ذکر کرنا نا جائز ہوتا حالانکہ سقاک اللہ سقیا کہنا بھی درست ہے تو جواب یہ ہے کہ ہماری گفتگو فصیح قدیم عربیوں کے کلام میں ہے اور ان کے نزدیک اظہار درست نہیں البتہ جو عرب بعد کے اور جدید ہیں ان کے نزدیک ایسے بولنا درست ہے اور ہمارے گفتگو ان میں ہے نہیں ۱۲

المفعولُ بہٖ وھو اسم ما وقع علیہ فعل الفاعل کضرب زید عمرًا وقد یتقدّم علی الفاعل کضربَ عمرًا زیدٌ وقد یحذف فعلہ لقیام قرینۃٍ جوازًا نحو زیدًا فی جواب من قال من اضرب ووجوبًا فی اربعۃ مواضع الاول سماعیٌّ نحو امرأً ونفسہٗ وانتھوا خیرًا لکم واھلًا وسھلًا والبواقی قیاسیۃ الثانی التحذیر وھو معمولٌ بتقدیر اتّق تحذیرًا مما بعدہٗ نحو ایاک والاسدَ اصلہٗ اتّقک والاسد وذکر المحذَّرُ منہُ مکررًا

بہ نائب فاعل المفعول وضمیر راجع است سوئے ال ۱۲ — اے حذفاً جائزاً ۱۲ — تقدیرش اضرب زیداً ۱۲ — و دوین قسم بسبب تنگی وقت فعل مذکور نشد ۱۲ — بصیغہ مجہول معطوف بر مقدر کہ اتق و تحذیر است

(متعلقہ صفحہ ہذا) لہ قولہ المفعول بہ الی قولہ الطریق الطریق (ت) مفعول بہ اور وہ اس ذات کا اسم ہے جس پر فعل فاعل کا واقع ہوا ہو جیسے ضرب زید عمراً مارا زید نے عمر کو اور کبھی مقدم ہوتا ہے مفعول بہ فاعل سے جیسے ضرب عمراً زید اور کبھی مفعول بہ کا فعل حذف کر دیا جاتا ہے کسی قرینہ کے موجود ہونے کے وقت حذف کرنا جائز جیسے زیداً اس شخص کے جواب میں جس نے کہا من اضرب (کسکو ماروں) اور حذف کرنا واجب چار جگہ ہے پہلی سماعی ہے جیسے امرأ ونفسہ (چھوڑ آدمی کو اس کے ذات کے ساتھ) اور انتھوا خیرا لکم (بچو تم تثلیث سے اور قصد کرو بہتری (توحید) کا اپنے واسطے) اور اہلاً وسہلاً (آنے تم اہل میں اور طے کیا تم نے نرم زمین کو) اور باقی تینوں جگہیں قیاسی ہیں اور دوسرا مقام تحذیر ہے اور وہ تحذیر ایک معمول ہے ساتھ مقدر ماننے اتق کے اس شئے سے بچانے کے لئے جو اس معمول کے بعد ہے جیسے ایاک والاسد بچا اپنے آپ سے اور شیر سے۔ یہ اصل میں اتقک والاسد تھا یعنی بچ تو اپنے نفس سے یعنی اس سے کہ وہ نفس شیر کے سامنے آئے اور بچ تو شیر سے یعنی اس سے کہ وہ تجھے ہلاک کرے یا ذکر کیا جائے محذر منہ مکرر جیسے الطریق الطریق (راستہ سے راستہ سے) (ش) لفظ مفعول بہ میں بہ جار ومجرور لفظ مفعول کا نائب فاعل ہے یعنی الفعل الذی فعل بہ وہ فعل جو کیا گیا ہے یہ تو اس کے اصلی معنی تھے اب اصطلاح میں اسم مصطلح کا جزو ہو گیا ہے اور ضمیر غائب کا مرجع المفعول کا الف لام ہے اسی طرح المفعول فیہ اور معہ وغیرہ میں لفظ فیہ اور معہ اور ما وقع علیہ فعل الفاعل سے مراد وہ فعل ہے جس کا تعلق اس ذات کے ساتھ ہو کہ اس فعل کا اس ذات کے بغیر سمجھنا ممکن نہ ہو اور من اضرب کے جواب میں زیداً بحذف فعل کہنا جائز ہے اور باقی چار مواقع میں واجب پہلی مثال میں سائل کا سوال قرینہ حذف ہے اگر کوئی کہے کہ وجوب حذف کو چار جگہ کے ساتھ خاص کیوں کیا حالانکہ اس کے علاوہ اغرا اور مدح اور ذم اور ترحم میں بھی حذف واجب ہے تو جواب یہ ہے کہ اغرا تو تحذیر کے ساتھ لاحق ہے اور مدح اور ذم اور ترحم منادی کے ساتھ لاحق ہیں اور تفصیل کتب طویلہ میں دیکھو۔ پہلا مقام سماعی ہے جیسے امرأ ونفسہ یہ اس وقت بولتے ہیں کہ جب کسی آدمی کو نصیحت کرتے کرتے زیادہ دن ہو جائیں اور وہ باز نہ آئے اور اپنی حرکت ناشائستہ نہ چھوڑے۔ اور انتھوا خیرا لکم میں نصاریٰ کو خطاب ہے جو تثلیث کے قائل تھے اور خیر سے مراد توحید ہے۔ اور اقصدوا فعل محذوف ہے اور اہلاً کا فعل اتیت اور سہلاً کا وطئت ہے یہ اس شخص کے لئے بولتے ہیں جو سفر سے آتا ہے مراد یہ ہوتی ہے کہ تو اپنے اہل میں آیا ہے اجنبی لوگوں میں نہیں آیا ہے (باقی بر صفحہ آئندہ)

(بقیہ ص۴۳) جیسے قعدت جلوساً میں اور دوسری یہ کہ مادہ تو ایک ہو مگر باب مختلف ہوں جیسے انبت نباتا کہ انبت باب افعال سے ہے اور نباتا ثلاثی مجرد سے لیکن مادہ دونوں کا نبت ہے اور مفعول مطلق کو مطلق اس وجہ سے کہتے ہیں کہ اس میں فیہ یا بہ یا معہ وغیرہ کی کوئی قید نہیں ہے اور اسی وجہ سے اسکو باقی مفعولوں سے پہلے ذکر کیا اور مفعول مطلق کے فعل سے مراد اس کا عامل ہے جو اس کو نصب دیتا ہے اور قرینہ عام ہے خواہ حالیہ ہو یا مقالیہ لفظ جوازاً مصدر بمعنی اسم فاعل ہے یعنی جائزاً اور جائزاً کا موصوف محذوف ہے یعنی حذفاً جائزاً مذکورہ مثال میں جو خیر مقدم کہا ہے تو وہ اصل میں قدمت قدوماً خیر مقدم تھا۔ موصوف کو حذف کرکے صفت کو اس کی جگہ قائم کر دیا اور یہاں حذف فعل قرینہ حالیہ کی وجہ سے درست ہے کیونکہ یہ جملہ عرف

(بقیہ ص ۴۳) تاکہ اس کو تم سے انسیت اور فرحت حاصل ہو اور سہلاً کے یہ معنی کہ تو نے نرم زمین کو طے کیا ہے یعنی اس میں حزن و مشقت برداشت نہیں کی یہ بھی اس کو خوش کرنے کیلئے یا بطور نیک فال کے بول دیتے ہیں اگرچہ اس نے سفر میں محنت برداشت کی ہو اور تحذیر کے لغوی معنی ڈرانے کے ہیں اور اصطلاح میں مفعول بہ کی ایک قسم کا نام ہے جس کو کتاب میں بیان کردیا ہے اور اس کے عامل کے حذف کرنا اس وجہ سے واجب ہے کہ موقع تنگ اور فرصت کم ہے اور ڈر ہے کہ اگر فعل کو لفظوں میں ذکر کیا جائے تو آدمی اس بلا میں جس سے بچانا مقصود ہے پھنس جائے اور یہ کچھ ضروری نہیں ہے کہ فعل اتق ہی محذوف مانا جائے بلکہ اس کی مثل اور جو فعل ہو وہ محذوف مان سکتے ہیں مثل باعد اور جانب اور بتقدیر اتق کہنے سے وہ معمول خارج ہوگیا جس پر اتق یا اس کی مثل کوئی اور مقدر نہ ہو مثلاً زیداً اس شخص کے جواب میں جو کہے من أضرب کیونکہ اس زیداً پر اضرب

نحو الطريقَ الطريقَ الثالث ما أُضمر عاملُه على شريطة التفسير وهو
كل اسمٍ بعدَه فعلٌ أو شبهُه يشتغل ذلك الفعل عن ذلك
الاسم بضميره أو متعلّقه بحيث لو سُلّط عليه هو أو مناسبُه لنصبه
نحو زيدًا ضربتُه فإن زيدًا منصوبٌ بفعلٍ محذوفٍ مضمرٍ وهو
ضربتُ يفسره الفعل المذكور بعده وهو ضربتُه ولهذا الباب
فروعٌ كثيرة الرابع المنادى وهو اسمٌ مدعوٌّ بحرف النداء لفظًا نحو
يا عبدَ الله أي أدعو عبدَ الله وحرف النداء قائمٌ مقامَ أدعو
وحروف النداء خمسةٌ يا وأيا وهيا وأي والهمزة المفتوحة وقد
يُحذف حرف النداء لفظًا نحو يوسفُ أعرِضْ عن هذا

مقدر ہے نہ اتق اور تحذیراً مابعدہ کہنے سے وہ معمول خارج ہوگیا جس پر لفظ اتق تو محذوف ہے مگر اس سے ڈرانے کے لئے نہ ہو جو ابھی میں مذکور ہے جیسے کسی نے تم سے کہا من أتقی کس سے بچوں تو تم نے اس سے کہا ایاک اپنے آپ سے بچ ایاک والاسد اس معمول کی مثال ہے جس پر اتق محذوف ہے کہ اس کے بعد والے اسم سے ڈرایا جائے اور یہ لفظ اصل میں اتقک والاسد تھا چونکہ اس میں فاعل اور مفعول کا متحد ہونا غیر افعال قلوب میں لازم آتا تھا اس لئے اتق کے بعد نفس کا لفظ اور زیادہ کرکے اتق نفسک کہدیا پھر جب اتق کو حذف کردیا تو نفس کے لفظ کی ضرورت نہ رہی لہذا وہ بھی حذف کردیا پھر کاف کو جو ضمیر متصل تھی منفصل سے بدل دیا کیونکہ کوئی چیز یہاں ایسی موجود نہ رہی جس کے ساتھ یہ ضمیر متصل ہو پس ایاک ہوگیا اور الطریق الطریق اس معمول کی مثال ہے جس میں محذر منہ کو مکرر ذکر کیا ہو محذر منہ وہ چیز ہے جس سے ڈرایا جائے ۱۲

ومتعلقہ نحو ھذا قولہ الثالث ما اضمر عاملہ علی شریطۃ التفسیر الی قولہ والہمزۃ المفتوحۃ

(ت) تیسرا مقام وہ مفعول بہ ہے کہ مقدر کیا گیا ہو عامل بشرط تفسیر اور وہ ہر اسم ہے کہ اس کے بعد کوئی فعل یا شبہ فعل ہو کر اعراض کرتا ہو وہ فعل اس اسم سے بوجہ اپنے ضمیر یا متعلق ضمیر کے اس طور سے کہ اگر اس اسم پر وہ فعل یا مناسب اس فعل کا داخل کیا جائے تو البتہ نصب دے دے وہ فعل یا مناسب اس اسم کو جیسے زیداً ضربتہ پس بیشک زید منصوب ہے اس فعل کی وجہ سے جو محذوف اور مقدر ہے اور وہ ضربت ہے کہ تفسیر کرتا ہے اس کی وہ فعل جو مذکور ہے اس کے بعد اور وہ ضربتہ ہے اور اس باب کیلئے بہت سی شاخیں ہیں اور چوتھا مقام منادیٰ اور وہ وہ اسم ہے جو پکارا جائے بذریعہ حرف ندا کے جو لفظوں میں ہو مثلاً یا عبد اللہ یعنی پکارتا ہوں میں عبد اللہ کو اور حرف ندا ادعو کے قائم مقام ہوتا ہے اور ندا کے حروف پانچ ہیں یا اور أیا اور ہیا اور أی اور ہمزہ مفتوحہ اور کبھی حذف کیا جاتا ہے حرف ندا لفظوں میں جیسے یوسف اعرض عن ہذا اے یوسف اس بات سے اعراض کر (ش) تیسرا قسم ما اضمر عاملہ علی شریطۃ التفسیر ہے اس کی تعریف میں یہ لفظ کہ بعدہ فعل اس اسم کو خارج کرتا ہے کہ جس کے بعد اسم ہو مثلاً زید منطلق یا زید ابوہ منطلق اور زید فی الدار اور أو شبہہ کہنے سے زید انت محبوس علیہ بھی اس قسم میں داخل ہوگیا اور یشتغل عنہ بضمیرہ کہنے سے زیداً ضربت خارج ہوگیا لہذا یہ اس قسم سے نہیں ہے اور أو متعلقہ کہنے سے زیداً ضربت غلامہ اس قسم میں داخل ہوگیا اور لو سلط علیہ لنصبہ کہنے سے زید ہل ضربتہ خارج ہوگیا (باقی بر صفحہ آئندہ)

(بقیہ صفحہ ۴۴) کیونکہ اگر فعل کو زید پر مسلط کیا جائے تو وہ اس کو نصب نہیں دے گا کیونکہ استفہام کا مابعد اس کے ماقبل میں عمل نہیں کرتا اور لفظ متعلق کی ضمیر کے مرجع میں دو احتمال ہیں ایک ضمیر دوسرا اسم یعنی یا وہ فعل اسم کی متعلق کی وجہ سے اسم میں عمل کرنے سے اعراض کرتا ہو یا ضمیر کے متعلق کی وجہ سے اور مناسب سے مراد یہ ہے کہ وہ فعل مذکور کا مرادف یا لازم ہو اور اس باب میں اضمر الخ کے لئے بہت سی شرطیں ہیں جو بڑی بڑی کتابوں میں مذکور ہیں یہاں ان کا ذکر مناسب نہیں ہے نمونہ کے طور پر دو شرطیں بیان کرتا ہوں ایک یہ کہ اگر یہ اسم حرف شرط مثلاً ان ولو وغیرہ کے بعد یا حرف تحضیض کے بعد واقع ہو تو اس کا منصوب ہونا واجب ہے جیسے ان زیداً ضربتہ۔ دوسری شرط یہ کہ یہ اسم اگر ایسے جملہ میں مذکور ہو کہ اس جملہ کا عطف جملہ فعلیہ پر ہو تو اس اسم میں نصب پسندیدہ ہے تاکہ دونوں جملوں معطوف اور معطوف علیہ میں (فعلیہ ہونے کی) مناسبت ہو جائے مثلاً جبت قرید القیتہ او لفظ ادعو بحرف النداء کہنے سے ادعو زیدا خارج ہو گیا اس کو منادی نہیں کہیں گے اور منادی میں حرف اصل لئے واجب ہے کہ اس کا استعمال زیادہ ہے لہٰذا وہ تخفیف کو چاہتا ہے دوسرے اگر فعل کو ذکر کیا جائے تو نائب اور منیب دونوں کا اکٹھا ہونا لازم آتا ہے اور یہ مذہب سیبویہ کا ہے اور مبرد کے نزدیک منادی کا ناصب حرف ندا ہے لہٰذا اس کے نزدیک منادی از قبیل حذف فعل نہیں ہے ۱۲ ع ه وازشبہ دریں جا غرض ذکر وجہ اینکہ قریب مذکور شد ۱۲ ع ه ۱ے متعلق الاسم او متعلق الضمیر ۱۲

متعلقہ صفحہ ہذا ۴۵

واعلم ان المنادى على اقسام فان كان مفردا معرفة يبنى على علامة الرفع كالضمة ونحوها نحو يا زيدُ ويا رجلُ ويا زيدانِ ويا زيدونَ ويخفض بلام الاستغاثة نحو يا لزيدٍ ويفتح بالحاق الفها نحو يا زيداه وينصب ان كان مضافا نحو يا عبدَ الله او مشابها للمضاف نحو يا طالعاً جبلاً او نكرة غير معينة كقول الاعمى يا رجلاً خذ بيدي وان كان معرفا باللام قيل يا ايها الرجل ويا ايتها المرأة ويجوز ترخيم المنادى وهو حذف في آخره للتخفيف كما تقول في مالك يا مالِ وفي منصور يا منصُ وفي عثمان يا عثمُ ويجوز في آخر المنادى المرخم الضم والحركة الاصلية كما تقول في حارث يا حارُ

واعلم ان المنادی الی آخرہ (ضربیہ مات) اور جان تو یہ کہ منادی چند قسم پر ہے پس اگر وہ مفرد معرفہ ہو تو علامت رفع پر مبنی کیا جائے گا مثلاً ضمہ اور اس کی مثل پر جیسے یا زید یا رجل اور یا زیدان اور یا زیدون اور مجرور ہوتا ہے منادی لام استغاثہ کی وجہ سے جیسے یا لزید اور مفتوح ہوتا ہے بوجہ لاحق کرنے الف استغاثہ کے جیسے یا زیداہ اور منصوب ہوتا ہے اگر ہو مضاف جیسے یا عبد اللہ یا مشابہ مضاف جیسے یا طالعا جبلا یا نکرہ غیر معین جیسے اندھے کا قول کہ یا رجلا خذ بیدی اے کوئی آدمی پکڑ میرا ہاتھ (ش) مفرد سے مراد یہ ہے کہ مضاف شبہ مضاف نہ ہو اور معرفہ ہونے سے مراد عام ہے خواہ قبل ندا معرفہ ہو یا بعد ندا اسی لئے دونوں مثالیں بیان کیں یا زید اس معرفہ کی مثال ہے جو قبل ندا معرفہ ہے اور یا رجل اس کی جو بعد ندا معرفہ ہے اور علامت رفع عام ہے حرف اور حرکت دونوں کو شامل ضمہ یہ حرکت ہے اور نحوہا سے مراد الف اور واؤ ہے اور یا زید اور یا رجل اس منادی کی مثال ہے جو ضمہ پر مبنی ہے اور یا زیدان اور یا زیدون اس کی جو حرف پر مبنی ہے لو جس منادی پر لام استغاثہ داخل ہو وہ مجرور ہوتا ہے لام استغاثہ وہ ہے جو استغاثہ (فریاد چاہنے) کے وقت داخل ہو کہ جس پر جس کو پکارا جاتا ہے وہ مستغاث کہلاتا ہے اور جس کے لئے پکارتے ہیں اس کو مستغاث لہ کہتے ہیں مستغاث کا لام مفتوح اور مستغاث لہ کا مکسور ہوتا ہے جیسے یا لزید کے معنی یہ ہوتا ہے کہ اے زید دو مدد کو اور الف استغاثہ کی صورت میں مدخول الف مستغاث ہی ہوتا ہے اور یا طالعا جبلا مشابہ مضاف کی مثال ہے مشابہ مضاف وہ اسم ہے کہ اس کے ساتھ اس چیز متعلق ہو کہ اسم کے معنی کی تکمیل اس چیز کے بغیر نہ ہو سکے یعنی اے چڑھنے والے پہاڑ کے اور جب اندھا کسی رجل کو پکارتا ہے تو وہ معرفہ نہیں بنتا کیونکہ وہ کسی خاص آدمی کو نہیں پکارتا بلکہ یہ کہتا ہے کہ جو کوئی آدمی بھی موجود ہو مجھ کو اس گڑھے یا کانٹوں سے بچا لو اور اگر بالفرض کوئی شخص اس کے نزدیک متعین ہو اور اس کو یا رجل کہہ کر پکارے تو اس حالت میں وہ معرفہ رہے گا جس طرح بینا شخص کے پکارنے کی صورت میں معرفہ ہوتا ہے ۴۵ وان کان معرفا الی قولہ مختفتہ بالمندوب (ت) اور اگر ہو منادی معرف باللام تو بولا جائے گا یا ایہا الرجل اور یا ایتہا المرأۃ اور جائز ہے ترخیم منادی کی اور وہ ترخیم حذف کرنا ہے (باقی بر صفحہ آئندہ)

کہ اگر بغرض تخفیف ایسا نہ ہو بلکہ کسی قانون کے ماتحت ہو اس کو ترخیم نہیں کہیں گے جیسے قاضٍ میں یآ حذف ہو گئی ہے پس ترخیم کی مصنف نے تین مثالیں اس لئے ذکر کیں کہ پہلی مثال مالک اس اسم کی ہے جو غیر مرکب ہے اور اخیر میں دو زیادتیاں ایسی کہ جو حکم میں ایک زیادتی کے ہوں نہیں ہیں اور نہ اس کے اخیر میں کوئی ایسا حرف صحیح ہے کہ اس کے پہلے حرف مدہ ہو ایسے اسم کے اخیر میں وقت ترخیم کے حرف ایک حرف حذف کیا جائے گا اور منصور اور عثمان اس اسم کی مثالیں ہیں جس کے اخیر میں حرف صحیح اور اس سے پہلے مدہ ہے اور دونوں کے اخیر میں دو زیادتیاں حکم میں زیادت واحدہ کے ہیں ایسے اسم میں وقت ترخیم کے دو حرف حذف ہوتے ہیں لہٰذا ان کو یا منص اور یا عثم پڑھیں گے پھر اگر منادیٰ مرخم کو اسم مستقل قرار دیا جائے تو اس پر ضمہ پڑھا جائے گا۔ اور اگر منادیٰ مستقل نہ قرار دیا جائے بلکہ حذف شدہ حرف کو ثابت اور موجود حکما مانا جائے تو حرکت اصلیہ پڑھی جائے گی اور حرکت اصلیہ کا استعمال زیادہ ہے اور مندوب اس اسم کو کہتے ہیں جس پر رویا جاتا ہے کیونکہ ندبہ لغت میں ندبت المیت سے ماخوذ ہے یہ اس وقت بولتے ہیں کہ جب کوئی میت پر روتا ہے اور چونکہ منادیٰ اور مندوب دونوں پکارے جانے میں شریک ہیں اس لئے دونوں میں اس لفظ کا استعمال جائز کر دیا اور تفجع کے معنی رونے اور غم کرنے کے ہیں اس کا صلہ اکثر لام آتا ہے پس ممکن ہے کہ یہاں علیٰ بمعنی لام ہو ۱۲ ع۵ الف وواؤ دریںجا برائے اعراب نیست بلکہ ملحق برائے تشبیہ و جمع است ۱۲ ع۶ مثال حذف دو حرف و حرف اخیر اسم صحیح و قبل او مدہ ۱۲

(۴۶)

ويا حارِ واعلم انّ يا من حروف النداء قد تستعملُ
في المندوب ايضًا وهو المتفجَّعُ عليه بيا او وا كما يقالُ
يا زيداه ووا زيداه فوا مُختصّةٌ بالمندوب ويا مشتركةٌ
بين النداء والمندوب وحكمهٗ في الاعراب و
البناء مثل حكمِ المنادىٰ فصل

(بقیہ صفحہ ۴۵) منادیٰ کے اخیر میں تخفیف کے لئے جیسا کہ کہے تو مالک میں یا مالُ اور منصور میں یا منصُ اور عثمان میں یا عثم اور جائز ہے آخر میں منادیٰ مرخم کے ضمہ دینا اور حرکت اصلیہ جیسا کہ کہے تو یا حارث میں یا حارُ اور یا حارِ اور جاننا چاہئے کہ حرف یا حروف ندا میں سے کبھی مندوب میں استعمال کیا جاتا ہے اور وہ مندوب وہ اسم ہے جس پر درد اور غم کا اظہار کیا جائے بذریعہ لفظ یا ر یا وا کے جیسا کہ بولا جاتا ہے یا زیداہ وا زیداہ پس لفظ وا مخصوص ہے مندوب کے ساتھ (ش) یعنی اگر کلام میں وسعت اور گنجائش ہو تب بھی ترخیم منادیٰ میں درست ہوتا ہے اور غیر منادیٰ میں ضرورت کے وقت درست ہوتا ہے جیسے شاعر نے کہا ہے شعر دِیَارَ مَيَّةَ اِذْمَيُّ تُسَاعِفُهَا ٭ وَلَا يَرٰى مِثْلَهَا عُجْمٌ وَّ عَرَبٌ ۔یعنی اس میں لفظ مَیِّ مرخم ہے کہ اصل میں مَیَّۃ تھا۔ مگر ضرورت شعری کے سبب آخری حرف حذف ہو گیا۔ لغت میں ترخیم کے معنی دم کاٹنے اور نرم کرنے کے ہیں جیسا کہ اصمعی سے منقول ہے اور اصطلاح میں اس کی تعریف وہ ہے جو کتاب میں مذکور ہے اس میں تخفیف کی قید اس لئے لگی ہے

(متعلق صفحہ ہذا) لہ ویا مشترکۃ بین النداء والمندوب الیٰ قولہ مثل حکم المنادیٰ (ت) اور لفظ یا مشترک ہے ندا اور مندوب دونوں کے درمیان اور حکم مندوب کا معرب اور مبنی ہونے میں منادیٰ کے حکم کی مثال ہے (ش) حرف یا اگرچہ مندوب اور منادیٰ دونوں میں مشترک ہے مگر مندوب میں اس کا استعمال قرینہ کے ساتھ ہوتا ہے اور وہ قرینہ مندوب کے اخیر میں الف ہوتا ہے اور حرف یا کے سوا اور کوئی حرف مندوب میں اس وجہ سے مستعمل نہیں کہ کوئی اور حرف یا کی مثل مشہور نہیں یا اس وجہ سے کہ یا ندا میں اصل ہے ۱۲ ع۵ وقت بودن قرینہ واں الف در آخر مندوب ۱۲ درایہ ـــ

اور لیلہ اور شہر اور سنۃ اور تمام ظرف زمان منصوب ہوتے ہیں کلمۂ فی مقدر مان کر کہے گا تو صمت دہرا اور سافرت شہرا یعنی میں نے روزہ رکھا دہر میں اور میں نے سفر کیا مہینہ میں (ش) تعریف میں فعل سے مراد فعل لغوی ہے نہ اصطلاحی لہٰذا مصدر اور اسم فاعل اور اسم مفعول سب اس میں داخل ہیں اور چونکہ فعل کے ساتھ مذکور کی قید نہیں لگائی اس لئے یوم الجمعۃ حسن میں یوم الجمعۃ کو بھی تعریف شامل ہے کیونکہ اس میں کوئی نہ کوئی فعل فرد در واقع ہوتا ہے اور زمان و مکان عام ہیں خواہ حقیقی ہوں یا حکمی حقیقی تو ظاہر ہے اور حکمی کی مثال جلست قدوم زید الشمس ہے: بیٹھا میں زید کے آنے کے وقت دھوپ میں) کیونکہ اس میں قدوم سے حکماً وقت مراد ہے اور الشمس سے حکماً وہ جگہ جہاں آفتاب کا اثر ظاہر ہو۔ اور مفعول فیہ کا نام ظرف بھی رکھا جاتا ہے اس لئے کہ وہ بھی فعل کا ظرف ہوتا ہے اور کلہا منصوب بتقدیر فی میں تقدیر کی قید اس وجہ سے لگائی کہ اگر فی لفظوں میں ہوگا تو اس کو مجرور پڑھنا واجب ہوگا اور اس لفظ میں اس طرف بھی اشارہ ہے کہ اگر فی لفظوں میں ہو تو مفعول فیہ وہ بھی ہوگا صرف اتنی بات ہوگی کہ منصوب نہ ہوگا جیسے خرجت فی یوم الجمعۃ مصنف کا مذہب یہی ہے اگرچہ جمہور کا مذہب یہ ہے کہ مفعول فیہ وہی ہے کہ منصوب ہو اور لفظ فی اس پر مقدر ہو اور جس پر لفظوں میں فی ہوگا وہ مفعول بواسطہ حرف جر کے ہوگا نہ مفعول فیہ اور مقدر اور محذوف میں فرق یہ ہے کہ مقدر کا اثر الفاظ میں موجود ہوتا ہے اور محذوف کا اثر الفاظ میں نہیں ہوتا ۱۲ ﮯ قولہ وظروف المکان کذالک مبہم الی قولہ وفی المسجد (ت) اور ظرف مکان بھی اسی طرح مبہم ہوتا ہے اور وہ منصوب ہوتا ہے کلمہ فی مقدر مان کر جیسے جلست خلفک بیٹھا میں تیرے پیچھے اور جلست امامک بیٹھا میں تیرے سامنے اور محدود ہوتا ہے اور وہ وہ مکان ہے کہ نہ ہو منصوب کلمۂ فی مقدر مان کر بلکہ ضروری ہو اس میں کلمۂ فی ذکر کرنا جیسے جلست فی الدار و فی السوق و فی المسجد بیٹھا میں گھر میں اور بازار میں اور مسجد میں (ش) جلست خلفک و امامک مکان مبہم کی مثال ہے کیونکہ خلف اور امام آسمان کے کنارہ تک کو شامل ہوتا ہے اور جلست فی الدار وغیرہ کا محدود ہونا ظاہر ہے اور اس کی وجہ کہ ظرف زمان سب کے سب تقدیر فی منصوب ہوتے ہیں اور ظروف مکان میں سے فی

۴۷

المفعول فيه هو اسم ما وقع فعل الفاعل فيه من الزمان والمكان ويسمّى ظرفا وظروف الزمان على قسمين مبهم وهو ما لا يكون له حدّ معيّن كدهر وحين ومحدود وهو ما لا يكون له حدّ معيّن كيوم وليلة وشهر وسنة وكلّها منصوب بتقدير في تقول صمت دهرا وسافرت شهرا اي في دهر وشهر وظروف المكان كذلك مبهم وهو منصوب ايضا بتقدير في نحو جلست خلفك وامامك ومحدود وهو ما لا يكون منصوبا بتقدير في بل لا بدّ من ذكر في نحو جلست في الدار وفي السوق وفي

اسم شئ ۱۲ — اضافت دہری بیانیہ است ۱۲ — احدہما ۱۲ — ثانیہما — اے شخص ظروف الزمان علی قسمین ۱۲ — پس — پیش ۱۲

ﮯ قولہ فصل المفعول فیہ الی قولہ فی دہر وشہر (ت) مفعول فیہ اسم ہے اس ذات کا کہ جس پر فعل فاعل کا واقع ہوا ہو خواہ زمان ہو یا مکان اور اس کا نام ظرف رکھا جاتا ہے اور ظرف زمان دو قسم پر ہے ایک مبہم اور وہ وہ زمان ہے کہ اس کے لئے کوئی حد معین نہ ہو جیسے دہر اور حین دوسری قسم محدود ہے اور وہ وہ زمان ہے کہ اس کے لئے کوئی حد معین ہو جیسے یوم

وہی بتقدیر فی منصوب ہوتے ہیں جو مبہم ہوں یہ ہے کہ مکان مبہم فعل کے معنی کا جز ہے جس طرح مصدر جز ہے اور مصدر تو بلا واسطہ حرف منصوب ہوتا ہے ایسے ہی مکان مبہم کو بھی منصوب کر دیا اور زمان محدود کو زمان مبہم پر حمل کر لیا کیونکہ دونوں زمان ہونے میں شریک ہیں اور مکان محدود کو زمان مبہم پر تو اس لئے حمل نہیں کیا کہ کسی بات میں اس کے شریک نہیں نہ ذات میں نہ وصف میں اور مکان مبہم پر اس لئے ذکر کیا کہ مکان مبہم تو خود زمان پر حمل کر لیا گیا ہے اگر مکان مبہم پر حمل کر لیں تو مستعیر سے استعارہ لازم آتا ہے اور وہ ایسا ہے جیسے کوئی شخص فقیر اور سائل سے سوال کرتے ۱۲ ؏ مراد از فعل لغویست کہ مصدر باشد نہ اصطلاحی ۱۲ ؏ مراد از زمان ظرفی ست کہ صلاحیت جواب متی داشتہ باشد و مکان جواب این ۱۲ ؏ اے ظروف الزمان مبہما کان او محدودا معرفۃ کان او ...

ل قولہ فصل المفعول لہ ۔ قولہ جبنت جبنا (ت) مفعول لہ وہ اسم ہے اس ذات کا جس کی وجہ سے وہ فعل واقع ہوتا ہے جو اس ذات سے پہلے مذکور ہے اور نصب دیا جاتا ہے بوجہ لام مقدر ماننے کے جیسے ضربتہ تادیبا یعنی للتادیب (میں نے اس کو سزا دی ادب سکھانے کے لئے) اور بیٹھ گیا لڑائی سے بوجہ بزدلی کی یعنی بزدلی کے باعث اور زجاج نحوی کے نزدیک مفعول لہ مصدر ہے اس کی تقدیر یہ ہے کہ ادبتہ تادیبا یعنی میں نے سزا دی سزا دینا اور بزدل ہوگیا تو بزدل ہونا (ش) لفظ لاجلہ کے دو مطلب ہو سکتے ہیں ایک یہ کہ اس کے حاصل کرنے کے لئے اس کی مثال ادبتہ تادیبا دی ہے کہ ادب حاصل کرنے کے سزا دی دوسرا یہ کہ چونکہ وہ ذات موجود تھی اس لئے فعل مذکور وقوع میں آیا اس کی مثال قعدت عن الحرب جبنا ہے یعنی چونکہ بزدلی موجود تھی اس لئے جنگ سے بیٹھنا پایا گیا اور یہ جو کہا کہ منصب بتقدیر اللام اس میں اس طرف اشارہ کردیا کہ جب لام لفظوں میں موجود ہوں تو مفعول لہ اس وقت بھی ہوگا مگر منصوب نہوگا مجرور ہوگا اور زجاج نحوی ہر اس مفعول لہ جس پر لام مقدر ہو مفعول مطلق بتاتے ہیں جس کا عامل یعنی فعل محذوف ہے مثلاً تادیبا کا عامل ادبتہ ہے اور جبنا کا جبنت جبنا لیکن زجاج کے اس قول کو اس طور پر رد کیا گیا ہے کہ اہل عرب کے نزدیک اس مفعول لہ سے علیت ماقبل کی سمجھی جاتی ہے اور یہ بات مفعول مطلق میں نہیں ہو سکتی

المسجد فصل المفعول لہ هو اسم ما لاجله يقع الفعل المذكور
قبله وينصب بتقدير اللام نحو ضربته تاديبا اي للتاديب وقعدت
عن الحرب جبنا اي للجبن وعند الزجاج هو مصدر تقديره ادبته
تاديبا وجبنت جبنا فصل المفعول معه هو ما يذكر بعد الواو
بمعنى مع لمصاحبة معمول الفعل نحو جاء البرد والجبات وجئت
انا وزيدا اي مع الجبات ومع زيد فان كان الفعل لفظا وجاز
العطف يجوز فيه الوجهان النصب والرفع نحو جئت انا وزيدا
وزيد وان لم يجز العطف تعين النصب نحو جئت وزيدا وان
كان الفعل معنى وجاز العطف تعين العطف نحو ما لزيد وعمرو

ع المفعول معہ الی قولہ ما تصنع (ت) مفعول معہ وہ اسم ہے جو ذکر کیا جاتا ہے اس واؤ کے بعد جو بمعنی مع ہوتا ہے معمول فعل کے مصاحب (ہمراہی) ہونے کی وجہ سے جیسے جاء البرد الخ یعنی آگئی سردی مع جبوں کے اور آیا میں مع زید کے پس اگر ہو فعل لفظوں میں اور عطف جائز ہو تو جائز ہوں گی اس میں دونوں وجہ نصب بھی اور رفع بھی جئت انا وزیدا اور وزید اور اگر عطف جائز نہ ہو تو نصب متعین ہوگا جیسے جئت وزیدا اور اگر ہو فعل معنی کے لحاظ سے اور عطف جائز ہو تو عطف ہی متعین ہوگا جیسے مالزید وعمرو اور اگر عطف جائز نہ ہو تو نصب متعین ہوگا جیسے مالک وزیدا اور ماشانک وعمرا کیونکہ معنی یہ ہے کہ کیا کرتا ہے تو اور زید (ش) عبارت میں لمصاحبۃ معمول الفعل کا لام یذکر کے متعلق ہے اور مصاحبۃ مصدر ہے جس کی اضافت مفعول کی طرف ہو رہی ہے اور فاعل محذوف ہے یعنی لمصاحبۃ معمول الفعل اور اس قید سے یہ مثال خارج ہوگئی جاء زید وعمرو واقف کہ اس میں لفظ میں عمرو اگرچہ بعد واؤ بمعنی مع مذکور ہے لیکن نہ بوجہ مصاحبت معمول فعل کے کیونکہ یہاں کوئی فعل ہی نہیں لہٰذا اس کو مفعول معہ نہیں کہیں گے پھر مفعول معہ کبھی جمع ہوتا ہے جیسے والجبات اور کبھی مفرد جیسے وزیدا اور یہ دونوں مثالیں فعل کے فاعل ہونے کی ہیں اور کبھی معمول فعل مفعول بھی ہوتا ہے جیسے کفاک وزیدا درہم پھر فان کان الفعل میں فعل سے مراد وہ فعل ہے جس کے معمول کی مصاحبت کے لئے واؤ کے بعد مفعول معہ ذکر کیا جاتا ہے اور کلمہ لفظا کان کی خبر بھی ہو سکتا ہے اور حال بھی ہو سکتا ہے یعنی ملفوظا یا ملفوظا اور تمیز بھی ہو سکتی ہے یعنی من حیث اللفظ اور وجاز العطف میں واو حالیہ ہے اور ہو سکتا ہے کہ عاطفہ ہو اور جملہ کا جملہ پر عطف مقصود ہو اور دونوں وجہ نصب اور رفع مراد ہے نصب کو مفعول معہ ہونے کی بنا پر اور رفع عطف کی بنا پر کیونکہ کسی صورت سے یہاں کوئی مانع موجود نہیں ہے جیسے جئت انا وزیدا اور وزید میں کیونکہ جب ضمیر متصل کی تاکید ضمیر منفصل کے ساتھ لے آتے ہیں تو اس پر عطف جائز ہوتا ہے (باقی برصفحہ آئندہ)

ماننا پڑے گا اور عطف ٹھہرانے میں عامل لفظی رہے گا اور کلام میں جب ایسی ترکیب ممکن ہو کہ اس میں عامل لفظی ٹھہرے تو وہ ترکیب متعین ہوتی ہے جیسے مالزید وعمرو کا عطف زید پر درست ہے اور اگر
عطف ناجائز ہو تو اس صورت میں نصب (یعنی مفعول معہ قرار دینا) متعین ہوگا کیوں کہ اس کے سوا اور کوئی صورت ممکن ہی نہیں لہذا مجبوراً یہی متعین ہے جیسے مالک زیدا ور
وماشانک وعمرا میں عمرا و زیدا کا عطف ضمیر مجرور متصل پر ناجائز ہے اس لئے کہ ضمیر مجرور متصل پر عطف اس وقت جائز ہوتا ہے کہ جب جار کو معطوف　　پر لوٹا لیا جائے تو پہلی
مثال میں لام کا لوٹانا اور دوسری میں شان کا لوٹانا جو مضاف ہے عطف کیلئے ضروری ہے ۱۲ (متعلقہ صفحہ ہذا) لــه والحال لفظ یدل الی قولہ او معنی فعل (ت)
حال وہ لفظ ہے جو دلالت کرے فاعل یا مفعول بہ یا　　دونوں کی ہیئت بیان کرنے پر جیسے جاءنی زید راکبا وضربت زیدا مشدودا ولقیت عمرا راکبین آیا میرے پاس زید اس

وان لم یجز العطف تعین النصب نحو مالک وزیدا

فی ما یکون الفعل معنی　وجہ

وماشانک وعمرا لان المعنی ماتصنع فصل الحال

علت تعیین نصب بہ ملبسہ　سادس

لفظ یدل علی بیان ہیئۃ الفاعل او المفعول بہ او کلیہما

نحو جاءنی زید راکبا وضربت زیدا مشدودا ولقیت عمرا

راکبین وقد یکون الفاعل معنویا نحو زید فی الدار قائما

لان معناہ زید استقر فی الدار قائما وکذا المفعول بہ

نحو ہذا زید قائما فان معناہ المشار الیہ قائما ہو

مثال حال از مفعول بہ معنوی ۱۲

زید والعامل فی الحال فعل او معنی فعل

حال میں کہ وہ سوار تھا اور مارا میں نے زید کو اس حال
میں کہ وہ باندھا ہوا تھا اور ملاقات کی میں نے عمرو
سے اس حال میں کہ دونوں سوار تھے اور کبھی فاعل
معنوی ہوتا ہے جیسے زید گھر میں ہے اس حال میں کہ
کھڑا ہے کیونکہ اس کے معنی یہ ہیں کہ زید مستقر ہے گھر
میں اس حال میں کہ کھڑا ہے اور ایسے ہی مفعول بہ کبھی
معنوی ہوتا ہے جیسے ہذا زید قائما اس کے معنی یہ ہیں
کہ وہ شخص کہ جس کی طرف اشارہ کیا گیا ہے اس حال
میں کہ وہ کھڑا ہے زید ہے اور عامل حال میں فعل ہوتا
ہے یا فعل کے معنی (ش) جب مصنف مفاعیل سے
فارغ ہو چکے تو اب ان کے متعلقات بیان کرتے ہیں
حال کی تعریف میں لفظ کا لفظ استعمال کرکے اس
طرف اشارہ کر دیا کہ حال کبھی جملہ بھی ہوتا ہے اور اگر
لفظ اسم ہوتے تو اس کا مفرد ہونا متعین ہوتا اور
اور بیان ہیئۃ الفاعل او مفعول بہ کہکر تمییز کو خارج
کر دیا کیونکہ وہ فاعل کی ذات کا بیان کرتی ہے نہ ہیئت
کا اور چونکہ بیان ہیئت فاعل کے ساتھ یہ قید بھی معتبر
ہے کہ وقت صدور فعل تو اس سے فاعل
کی صفت خارج ہوگئی جیسے جاءنی زید
الراکب اس میں لفظ الراکب اگرچہ زید
فاعل کی ہیئت کو بیان کرتا ہے بوقت صدور
فعل نہیں بیان کرتا ہے یعنی اس سے یہ نہیں سمجھا
جاتا کہ وقت آنے کے زید سوار تھا لیکن
حال مفاعیل میں سے سوائے مفعول بہ کے اور کسی
مفعول کے ہیئت پر دلالت نہیں کرتا کیونکہ باقی
سب مفاعیل بہ نسبت مفعول بہ کے فضلات ہیں

(بقیہ صفحہ ۴۸) لہذا اگر اس کو معطوف قرار دیں تو مرفوع پڑھیں گے اور اگر مفعول معہ قرار دیں تو منصوب اور برخلاف جئت وزیدا
کے کہ یہاں مفعول معہ بنانا متعین ہے عطف کسی طرح درست نہیں کیونکہ ضمیر مرفوع متصل پر بغیر تاکید عطف کرنا لازم آئے گا جو
ناجائز ہے اور جبکہ فعل معنوی ہو اور عطف جائز ہو تو وہاں عطف متعین ہوگا کیونکہ اگر عطف نہ ٹھہرائیں اور مفعول معہ کہیں تو عامل معنوی

اور ہیئت سے مراد حالت ہے اور حالت عام ہے محقق ہو یا مقدر محقق تو ظاہر ہے اور مقدر کی مثال یہ آیت ہے کہ فادخلوہا خالدین داخل ہو جاؤ تم جنت میں اس حالت میں کہ اس میں
ہمیشہ رہنے والے ہو اور ظاہر ہے کہ دخول کے وقت خلود نہیں ہو سکتا مگر فرضاً ہو سکتا ہے یعنی داخل ہو جاؤ جنت میں اس حال میں کہ خلود اور ہمیشگی کو فرض کرنے والے ہو تو اس حال کا
نام حال مقدرہ ہے پھر اور بھی تعمیم ہے وہ یہ کہ خواہ خود فاعل کا حال بیان کرے یا اس کے متعلق کا جیسے جاءنی زید قائما اخوہ آیا میرے پاس زید اس حال میں کہ اس کا بھائی کھڑا
تھا پھر اور بھی تعمیم ہے وہ یہ کہ خواہ حال فاعل کے لئے ہمیشہ رہنے والا ہو اس کو تو حال دائمہ بھی بولتے ہیں یا زائل بھی ہو جاتا ہو اس کو منتقلہ کہتے ہیں اور فاعل اور مفعول بھی عام ہیں
حقیقی ہوں یا حکمی حقیقی کی مثال ظاہر ہے اور حکمی کی مثال جیسے جئت انا وزیدا راکبین میں زید فاعل حکمی ہے اور کبھی مضاف الیہ سے بھی حال واقع ہوتا ہے جب کہ مضاف
فاعل یا مفعول بہ ہو اور فاعل کے معنوی ہونے سے یہ مراد ہے کہ اس کے عامل فعل کے معنی ہوں جو ظرف وغیرہ سے ماخوذ ہوں اور ہذا زید قائما کے معنی مشار الیہ قائم ہو زید (باقی بر صفحہ آئندہ)　۴

تیرے اس قول کی شکل میں کہ رأیت رجلا راکبا اور کبھی ہوتا ہے حال جملہ خبریہ جیسے جاءنی زید وغلامہ راکب یا رکب غلامہ آیا میرے پاس زید اس حال میں کہ اس کا غلام سوار تھا یا سوار ہو رہا تھا غلام اس کا
اور مثال اس حال کی جس کے عامل فعل کے معنی ہوں مثل ہذا زید قائما ہے اس کے معنی انبہ اور اشیر کے ہیں یعنی میں خبر دیتا ہوں اور اشارہ کرتا ہوں اور کبھی حذف کر دیا جاتا ہے عامل وقت قائم ہونے کسی
قرینہ کے جیسا کہ کہے گا تو مسافر کے لئے سالما غانما یعنی لوٹے گا تو سلامتی اور سود مندی کی حالت میں (ش) اور حال کے نکرہ ہونے کے لئے یہ ضروری نہیں کہ لفظوں میں بھی نکرہ ہو بلکہ کبھی صورت کے
اعتبار سے معرفہ مگر معنی کے اعتبار سے نکرہ ہوتا ہے جیسے ارسلہا العراک میں العراک معنیً نکرہ ہے کیونکہ اس کے معنی معترکۃ کے ہیں اور وحدہ کے مررت بہ وحدہ میں متوحدا

٥٠

والحال نکرۃ ابدًا وذو الحال معرفۃ غالبًا کما رأیت فی الامثلۃ المذکورۃ فان کان ذو الحال نکرۃ یجب تقدیم الحال علیہ نحو جاءنی راکبا رجل لئلا تلتبس بالصفۃ فی حالۃ النصب فی مثل قولک رأیت رجلا راکبا وقد تکون الحال جملۃ خبریۃ نحو جاءنی زید وغلامہ راکب او رکب غلامہ ومثال ما کان عاملہا معنی الفعل نحو ھذا زید قائما معناہ انبہ واشیر وقد یحذف العامل لقیام قرینۃ کما تقول للمسافر سالما غانما ای ترجع سالما غانما

فصل التمیز ھو نکرۃ تذکر بعد مقدار من عدد او کیل او وزن

چیزے کہ بادا اندازہ چیزے معلوم شود ۱۲

(بقیہ ص ۴۹) اس وجہ سے ہیں کہ ہذا اسم اشارہ کے معنی اشیر اور انبہ کے ہوتے ہیں اور یہ جو کہا کہ عامل یہ کبھی فعل کے معنی ہوتے ہیں اس سے مراد شبہ فعل ہے جیسے اسم فاعل اسم مفعول وغیرہ ۱۲ ع داسم نہ گفت تا شامل نو مرمانے را کہ جملہ باشد ۱۲ ع مثال حال از فاعل معنوی ہ چنانکہ در جاءنی زید راکبا ۱۲ (متعلقہ صفحہ ہذا) لہ قولہ والحال نکرۃ ابدا الی قولہ سالما غانما (ت)
اور حال نکرہ ہوتا ہے ہمیشہ اور ذو الحال معرفہ ہوتا ہے اکثر جیسا کہ دیکھا تو نے دی ہوئی مثالوں میں پس اگر ذو الحال نکرہ ہو تو واجب ہوگا مقدم کرنا حال کا ذو الحال پر جیسے جاءنی راکبا رجل تاکہ حالت نصب میں صفت کے ساتھ التباس نہ ہو جائے

کے ہیں اور معرفۃ غالبا میں لفظ غالبا ظرف ہے جو ذو الحال معرفۃ کے ساتھ متعلق ہے یعنی تعرف ذو الحال فی غالب الاستعمالات یا مصدر محذوف کی صفت ہے یعنی یتعرف ذو الحال تعرفا غالبا وغیرہ اور جب ذو الحال نکرہ ہو تو اس کو مؤخر کرنا واجب ہے تاکہ رأیت رجلا راکبا جیسی مثال میں صفت کے ساتھ التباس لازم نہ آئے کیونکہ ایسی ترکیب میں راکب حال بھی ہو سکتا ہے اور صفت بھی مگر ایسی جگہ التباس لازم نہیں آئے گا کہ جہاں رجل مرفوع ہو جیسے جاءنی رجل راکبا مگر قانون ہمیشہ کلی ہونا اچھا ہے اور یہ بھی یاد رکھو کہ جب ذو الحال نکرہ ہو تو تقدیم حال اس وقت واجب ہے کہ جب نکرہ مخصصہ ہو اور اگر نکرہ مخصصہ نہ ہو تو واجب نہیں ہے خواہ تخصیص اضافت سے آئی ہو یا نفی یا کسی اور صورت سے مثلا مررت برجل عالم قائما۔ اور ما جاءنی رجل راکبا اور ہل اتٰک فقیر سائلا اور یہ جو کہا کہ کبھی حال جملہ خبریہ بھی ہوتا ہے اس میں خبریہ کی قید اس لئے لگائی کہ جملہ انشائیہ حال کبھی نہیں ہوتا اسی طرح جملہ انشائیہ کبھی صفت اور صلہ بھی نہیں ہوتا ایسا ہی بعض کے نزدیک خبر بھی نہیں ہوتا البتہ تاویل کر کے ہو جاتا ہے پہلی مثال جملہ خبریہ اسمیہ کی ہے اور دوسری جملہ فعلیہ خبریہ کی اور وقد یحذف العامل کہکر اس طرف اشارہ کر دیا کہ خواہ عامل فعل ہو یا شبہ فعل یا معنی فعل ہر حال میں حذف کیا جاتا ہے اور اگر یحذف الفعل کہتا تو صرف فعل ہی کا حذف ہونا سمجھا جاتا اور للمسافر میں مسافر سے مراد وہ ہے جو سفر کا قصد کر رہا ہو۔ اور سالما کے بعد غانما یا تو صفت ہے اور یا حال بعد حال

سے قولہ التمیز ہو نکرۃ الی قولہ او علما او ابا (ت)
تمیز وہ ایک نکرہ ہوتا ہے جو ذکر کیا جاتا ہے ایک مقدار کے بعد خواہ عدد کے ہو یا پیمانہ کے یا وزن کے یا پیمائش کے اور اس کے سوا کسی اور چیز کے بعد ان چیزوں میں سے جن میں ابہام ہو کہ دور کرتا ہے وہ نکرہ اس ابہام کو جیسے عندی عشرون درہما لہٰذا میرے پاس بیس درہم ہیں اور دو قفیز (پیمانے) گیہوں کے یا دو سیر گھی اور دو جریب روئی اور چھوارے پر ہے برابر اسی کے مسکہ اور کبھی ہوتی ہے تمیز غیر مقدار سے جیسے یہ انگوٹھی لوہے کی ہے اور کنگن ہے سونے کا اور اس تمیز میں جر اکثر ہوتا ہے اور کبھی واقع ہوتی ہے تمیز جملہ کے بعد اس کی نسبت سے ابہام دور کرنے کے لئے جیسے طاب زید نفسا یا علما یا ابا۔ اچھا ہے زید ذات کے لحاظ سے یا علم یا باپ کے لحاظ سے (ش) تمیز کو کبھی تبیین یا مبین بھی کہتے ہیں اور تمیز کو منصوبات میں شمار کیا حالانکہ اس میں جر اکثر ہوتا ہے اس لئے کہ اصل تمیز میں نصب ہی ہے عشرون درہما اس تمیز کی مثال ہے جو مفرد مقدار عدد کے بعد ذکر کی جائے اور عشرون اسم تام ہے (باقی بر صفحہ دیگر)

جریان ہے یہ سب مثالیں وہ ہیں کہ ان میں ممیز کی تمامی تثنیہ کے نون سے ہوئی اور علی التمرۃ مثلہا زبدا اس تمیز کی مثال ہے جو مفرد مقدار اندازہ کردہ کے بعد ذکر کی جائے کیونکہ کھجور پر لگا ہوا مسکہ چھوارہ کے برابر اندازہ سے معلوم ہوگا اور زبد کی زا مضموم اور با ساکن ہے بمعنی مسکہ کہ اس مثال میں ممیز کی تمامی اضافت سے ہوئی ہے اور وہ مثلہا ہے اور ہذا خاتم حدیدا اس تمیز کی مثال ہے جو غیر مقدار سے ہو کیونکہ خاتم مبہم ہے جنس کے اعتبار سے نہیں معلوم لوہے کی یا چاندی سونے کی ایسے ہی سوار ذہبا بھی اسی کی مثال ہے اور فیہ الخفض اکثر میں فیہ کی ضمیر کا مرجع وہ تمیز ہے جو غیر مقدار سے ہوئی ہے اور جملہ سے تمیز واقع ہونے کی تین مثالیں اس لئے ذکر کیں کہ پہلی مثال اس تمیز کی ہے جو منتصب عنہ یعنی زید کے لئے مخصوص ہے اس وجہ سے کہ زید خود نفس ہے اور دوسری مثال اس تمیز کی جو صرف منتصب عنہ کے متعلق کے لئے ہے کیونکہ علم زید عین ہے بلکہ اس کے متعلقات میں سے ہے اور تیسری مثال اس تمیز کی جو منتصب عنہ یعنی زید کے لئے بھی ہو سکتی ہے اور اس کے متعلقات سے بھی کیونکہ اب خود زید بھی ہو سکتا ہے اور زید کا باپ بھی جو اس کے متعلقات سے ہے

(متعلقہ صفحہ ہذا) ۵۱ المستثنیٰ ای المستثنیٰ جاءنی الا زیدا احد وقت) مستثنیٰ وہ لفظ ہے جو ذکر کیا جاتا ہے الا اور اس کے اخوات کے بعد تاکہ جانا جائے کہ اس کی طرف اس شئے کی نسبت نہیں کی گئی جس کی نسبت اس کے ماقبل کی طرف کی گئی ہے اور وہ مستثنیٰ دو قسم پر ہے ایک متصل اور وہ وہ مستثنیٰ ہے جو متعدد میں سے نکالا گیا بذریعہ الا اور اس کے اخوات کے جیسے جاءنی القوم الا زیدا اور دوسرا منقطع اور وہ وہ مستثنیٰ ہے جو ذکر کیا جائے بعد الا اور اس کے اخوات کے اس حال میں کہ نہ نکالا گیا ہو متعدد سے بوجہ مستثنیٰ منہ میں داخل نہ ہونے کے جیسے جاءنی القوم الا حمارا۔ اور جاننا چاہئے کہ مستثنیٰ کا اعراب چار قسم پر ہے پس اگر وہ مستثنیٰ متصل ہو کر واقع ہوا ہو بعد الا کے کلام موجب میں یا منقطع ہو جیسا کہ گذرا یا مقدم کیا گیا ہو مستثنیٰ منہ سے جیسے ما جاءنی الا زیدا احد (ش) مستثنیٰ بھی منصوبات سے ایک قسم ہے اس کا بیان شروع کیا اور کلمہ الا کے اخوات خلا اور لیس اور لا یکون اور غیر اور سویٰ ہیں مستثنیٰ کی تعریف ابن حاجب نے کچھ نہیں کی بلکہ شروع سے تقسیم کر دی تھی پھر ہر ہر قسم کی تعریف بیان کی ہے اور یہ کہا ہے کہ

۵۱

او مساحۃ او غیر ذلک مما فیہ ابہام ترفع ذلک الابہام نحو عندی عشرون درھما وقفیزان برا ومنوان سمنا وجریبان قطنا وعلی التمرۃ مثلھا زبدا وقد یکون عن غیر مقدار نحو ھذا خاتم حدیدا وسوار ذھبا وفیہ الخفض اکثر وقد یقع بعد الجملۃ لرفع الابہام عن نسبتھا نحو طاب زید نفسا او علما او ابا

فصل المستثنیٰ لفظ یذکر بعد الا واخواتھا لیعلم انہ لا ینسب الیہ ما نسب الی ما قبلھا وھو علی قسمین متصل فھو ما اخرج عن

(بقیہ صفحہ ۵۰) اس لئے کہ مشابہ نون جمع ہے اس کی تمامی ہوئی ہے اور قفیزان برا اس تمیز کی جو مفرد مقدار کیل کے بعد ذکر کی گئی ہے اور منوان سمنا اس تمیز کی جو مفرد مقدار وزن کے بعد ذکر کی جائے اور منوان تثنیہ ہے جس کا مفرد من بھی ہے اور فصیح منا الف مقصورہ کے ساتھ ہے بمعنی ایک سیر یا ایک پیمانہ ہے اور سمن کی سین مفتوح اور میم ساکن ہے اور جریبان قطنا اس تمیز کی مثال ہے جو مساحت کے آلہ کے بعد ذکر کی جائے مساحت کے معنی پیمائش کے اور جریبان کا مفرد جریب ہے اور جریب بوزن امیر ایک سو چالیس گز کا ہوتا ہے جریبان تثنیہ ہے اور جمع اجربہ اور

اور کیا ایسا مفہوم عام جو مستثنیٰ کی دونوں قسموں کو شامل ہو نہیں ہے متعدد سے نکالنے کا مطلب یہ ہے کہ متعدد سے جو مراد ہے اس سے خارج کیا گیا ہو یعنی مستثنیٰ قرینہ ہو اس کا کہ جمیع متعدد نہیں ہے یہ مطلب نہیں ہے کہ متعدد کے حکم سے نکالا گیا ہو ورنہ لازم آتا ہے کہ پہلے داخل ہو پھر نکالا گیا ہو حالانکہ ایسا نہیں ہے اور یہ بھی ہو سکتا ہے کہ مطلب یہ ہو کہ متعدد کے حکم سے نکالا گیا ہو جس طرح بولتے ہیں ضیق فم الرکیۃ یعنی کنویں کا منہ ابتدا ہی سے تنگ رکھو یہ مطلب نہیں کہ پہلے فراخ تھا اب اس کو تنگ کر دو ایسے ہی یہاں یہ مطلب نہیں کہ مستثنیٰ پہلے حکم میں مستثنیٰ منہ میں داخل تھا اب خارج کر دیا بلکہ پہلے ہی سے خارج رکھا جائے اور مستثنیٰ منقطع کے لئے یہ ضروری نہیں کہ وہ مستثنیٰ منہ کی جنس سے نہ ہو بلکہ اگر کسی نے کہا جاءنی القوم الا زیدا اور اشارہ کیا اس قوم کی طرف جس میں زید نہ تھا تب بھی منقطع ہوگا اور وقع بعد الا کہہ کر اس طرف اشارہ کر دیا کہ اگر لفظ غیر اور سویٰ کے بعد واقع ہو تو وہ منصوب نہ ہوگا کیونکہ وہ مجرور ہوتا ہے کلام موجب سے اور وہ کلام مراد ہے جو نفی یا نہی یا استفہام نہ ہو اور جو ان میں سے کچھ ہو وہ کلام غیر موجب ہے اور (باقی بر صفحہ آئندہ)

(بقیہ صفحہ ۵۱) اور کلام موجب سے مراد کلام تام ہے لہذا قرئی الایوم کذا میں لفظ یوم مرفوع ہوگا کیونکہ قرئی کلام تام نہیں ہے اور مستثنیٰ منقطع ہر حال میں منصوب ہوتا ہے خواہ کلام موجب ہو یا غیر موجب ۱۲ع۵ لے فالاول فان کان آہ ۱۲ (**متعلقہ صفحہ ھذا**) لے او کان بعد خلا وعدا الی قولہ وما مررت الا بزید (ت) یا جو مستثنیٰ بعد خلا اور عدا کے نزدیک اکثر نحویوں کے یا بعد ما خلا اور ما عدا اور لیس اور لا یکون کے جیسے جاءنی القوم خلا زیدا الخ تو ہوگا وہ منصوب اور اگر ہو مستثنیٰ واقع بعد الا کے کلام غیر موجب میں اور وہ غیر موجب ہر کلام ہے کہ ہو اس میں نفی اور نہی اور استفہام اور مستثنیٰ منہ مذکور ہو تو جائز ہیں اس میں دو وجہیں نصب اور بدل اس کے ماقبل سے جیسے ما جاءنی احد الا زیدا اور الا زید اور اگر ہو مستثنیٰ مفرغ

۵۲

مُتَعَدِّدٍ بِاِلَّا وَاَخَوَاتِهَا نَحْوُ جَاءَنِي الْقَوْمُ اِلَّا زَيْدًا اَوْ مُنْقَطِعٌ وَهُوَ الْمَذْكُوْرُ بَعْدَ اِلَّا وَاَخَوَاتِهَا غَيْرَ مُخْرَجٍ عَنْ مُتَعَدِّدٍ لِعَدَمِ دُخُوْلِهِ فِي الْمُسْتَثْنٰى مِنْهُ نَحْوُ جَاءَنِي الْقَوْمُ اِلَّا حِمَارًا وَاعْلَمْ اَنَّ اِعْرَابَ الْمُسْتَثْنٰى عَلٰى اَرْبَعَةِ اَقْسَامٍ فَاِنْ كَانَ مُتَّصِلًا وَقَعَ بَعْدَ اِلَّا فِي كَلَامٍ مُوْجَبٍ اَوْ مُنْقَطِعًا كَمَا مَرَّ اَوْ مُتَقَدِّمًا عَلَى الْمُسْتَثْنٰى مِنْهُ نَحْوُ مَا جَاءَنِي اِلَّا زَيْدًا اَحَدٌ اَوْ كَانَ بَعْدَ خَلَا وَعَدَا عِنْدَ الْاَكْثَرِ اَوْ بَعْدَ مَا خَلَا وَمَا عَدَا وَلَيْسَ وَلَا يَكُوْنُ نَحْوُ جَاءَنِي الْقَوْمُ خَلَا زَيْدًا اِلَخْ كَانَ مَنْصُوْبًا وَاِنْ كَانَ بَعْدَ اِلَّا فِي كَلَامٍ غَيْرِ مُوْجَبٍ وَهُوَ كُلُّ كَلَامٍ يَكُوْنُ فِيْهِ نَفْيٌ وَنَهْيٌ وَاسْتِفْهَامٌ وَالْمُسْتَثْنٰى مِنْهُ مَذْكُوْرٌ يَجُوْزُ فِيْهِ الْوَجْهَانِ النَّصْبُ وَالْبَدَلُ عَمَّا قَبْلَهَا نَحْوُ مَا جَاءَنِي اَحَدٌ اِلَّا زَيْدًا وَاِلَّا زَيْدٌ وَاِنْ كَانَ مُفَرَّغًا بِاَنْ يَكُوْنَ بَعْدَ اِلَّا فِي كَلَامٍ غَيْرِ مُوْجَبٍ وَالْمُسْتَثْنٰى مِنْهُ غَيْرَ

بایں طور کہ ہو بعد الا کے کلام غیر موجب میں اور مستثنیٰ منہ غیر مذکور ہو تو ہوگا اس کا اعراب موافق عوامل کے کہیگا تو ما جاءنی الا زید اور ما رأیت الا زیدا اور ما مررت الا بزید (ش) عند الاکثر کہنے سے بعض کا قول خارج ہو گیا اور وہ یہ کہ بعد خلا اور عدا کے جر پڑھنا بھی درست ہے۔ کیونکہ یہ حرف جر بھی ہوتے ہیں اور ان چاروں قسموں میں مستثنیٰ کے منصوب ہونے کی وجہ یہ ہے کہ پہلی تینوں قسمیں تو مشابہت مفعول کے سبب مستحق نصب ہیں اور چوتھی قسم خلا اور عدا کے بعد واقع ہونے والے مستثنیٰ کے منصوب ہونے کی وجہ یہ ہے کہ وہ مفعول بہ ہے اور بعد الا کہنے سے وہ مستثنیٰ خارج ہو گیا جو خلا اور عدا اور ما خلا اور ما عدا وغیرہ کے بعد واقع ہو کیونکہ وہ ہمیشہ منصوب ہوتا ہے۔ اسی طرح وہ مستثنیٰ بھی خارج ہو گیا جو غیر اور سوی اور سواء کے بعد واقع ہو کیونکہ وہ ہمیشہ مجرور ہوتا ہے اور کلام غیر موجب کی قید سے کلام موجب نکل گیا کیونکہ اس کا حکم گزر گیا اور مستثنیٰ منہ مذکور ہونے کی قید سے وہ مستثنیٰ نکل گیا جس کا مستثنیٰ منہ مذکور ہو کیونکہ اس کا اعراب علی حسب العوامل ہوتا ہے جیسا کہ آئندہ آئیگا لیکن یہ بات سمجھنے کے قابل ہے کہ مستثنیٰ کو مستثنیٰ منہ سے بدل ٹھہرانے کی کچھ اور بھی شرطیں ہیں جن کو مصنف نے بیان نہیں کیا ایک یہ کہ مستثنیٰ لفظ الا کے متصل ہو دوسری مستثنیٰ منہ سے مقدم نہ ہو تیسری یہ کہ کسی ایسے کلام کا جواب نہ ہو جو استثناء کو شامل ہو جیسے کسی نے کہا اقام القوم الا زیدا تو اس کے جواب میں تم نے کہا کہ اقام القوم الا زیدا کیونکہ اس صورت میں بدل غیر اولیٰ ہے اس لئے کہ بدل ٹھہرانے میں سوال اور جواب باہم مطابق نہیں رہینگے چوتھی شرط یہ ہے کہ مستثنیٰ کلام متراخی نہ ہو ورنہ بدل پسندیدہ نہ ہوگا جیسے ما جاءنی احد حین کنت جالسا الا زیدا اور جب سب شرطیں موجود ہوں تو بدل مختار کر

جیسے ما جاءنی احد الا زید اور اس کی وجہ یہ ہے کہ بدل کلام میں مقصود ہوتا ہے اور جب منصوب پڑھیں گے تو فضلہ ہو جائے گا۔ دوسری وجہ یہ ہے کہ بدل ٹھہراتے ہیں مستثنیٰ اور مستثنیٰ منہ دونوں اعراب میں مطابق ہو جائیں گے اور جائز ہے کہ مستثنیٰ بنا کر منصوب پڑھیں کیونکہ وہ مفعول کے ساتھ مشابہ ہے اور جو مستثنیٰ الا کے بعد کلام غیر موجب میں واقع ہو اور مستثنیٰ منہ غیر مذکور ہو تو اس کا نام مفرغ ہے اور مفرغ اس کا نام اس وجہ سے ہے کہ مفرغ کے معنی فارغ کئے گئے کے ہیں تو چونکہ اس مستثنیٰ نے عامل سابق الذکر کو مستثنیٰ منہ میں عمل کرنے سے فراغت دیدی ہے اس لئے اس کو مفرغ کہتے ہیں تو حقیقت میں تو مفرغ عامل ہے مستثنیٰ کو مجازاً مفرغ کہتے ہیں۔ کیونکہ وہ اس کے فارغ ہو جانے کا سبب ہے ۱۲۔

مستثنیٰ کے مجرور ہونے کی وجہ ظاہر ہے یعنی مضاف مضاف الیہ ہونا اور حاشا کے بعد مجرور ہونے کی وجہ یہ ہے کہ حاشا اس وقت حرف جر ہے ۱۵۲ قولہ واعلم ان اعراب غیر الی قولہ ومامررت بغیر (ت) اور جاننا چاہئے کہ اعراب لفظ غیر کا مستثنیٰ بالا کے اعراب کی مثل ہے کہے گا تو جاءنی القوم غیر زید اور غیر حمار الخ نہیں آئی میرے پاس قوم سوا زید کے اور نہیں آئی میرے پاس سوا زید کے قوم اور نہیں آیا میرے پاس کوئی سوائے زید کے اور نہیں آیا میرے پاس سوائے زید کے اور نہیں دیکھا میں نے سوائے زید کے اور نہیں گذرا میں غیر زید پر (ش) یعنی جو تفصیل مستثنیٰ بالا میں بیان ہو چکی ہے وہی تفصیل لفظ غیر کے اعراب میں ہے مثلاً پہلی مثال جاءنی القوم غیر زید میں نصب پڑھا جائے گا کیونکہ وہ کلام موجب ہے اور کلام موجب میں مستثنیٰ منصوب ہوتا ہے لہٰذا یہاں لفظ غیر منصوب ہوگا۔ اور دوسری مثال غیر حمار مستثنیٰ منقطع کی ہے پس اگر مستثنیٰ ہوتا تو وہ منصوب ہوتا لہٰذا اب لفظ غیر منصوب ہوگا۔ اور تیسری مثال ماجاءنی غیر زید القوم مستثنیٰ مقدم کی ہے وہ بھی منصوب ہوتا ہے لہٰذا یہاں لفظ غیر منصوب ہوگا اور ماجاءنی احد غیر زید کلام غیر موجب اور مستثنیٰ منہ مذکور ہونے کی مثال ہے اس میں مستثنیٰ منصوب بھی ہو سکتا ہے اور بدل ٹھہرانا بھی جائز ہے۔ اس طرح اس مثال میں لفظ غیر مستثنیٰ بنا کر منصوب بھی پڑھ سکتے ہیں اور بدل ٹھہرانا بھی درست ہے اور ما جاءنی غیر زید مستثنیٰ مفرغ کی مثال ہے اس میں مستثنیٰ کا اعراب علی حسب العوامل ہوتا ہے لہٰذا یہاں غیر کا اعراب علی حسب العوامل ہوگا ۱۲ ۱۵۳ قولہ واعلم ان لفظۃ غیر موضوعۃ الی قولہ الا اللہ لفسدتا (ت) اور جاننا چاہئے کہ لفظ غیر وضع کیا گیا ہے صفت کے لئے اور کبھی استعمال کیا جاتا ہے استثناء کیلئے بھی جیسا کہ لفظ الا وضع کیا گیا ہے استثناء کے لئے اور کبھی استعمال کیا جاتا ہے صفت کے لئے بھی جیسا کہ خدائے تعالیٰ کے اس قول میں لوکان فیہما الخ اگر ہوتے زمین و آسمان میں چند معبود سوائے اللہ کے تو البتہ وہ دونوں خراب ہو جاتے یعنی الا اللہ بمعنی غیر اللہ ہے اور ایسے ہی تیرا قول لا الٰہ الا اللہ بھی بمعنی غیر اللہ ہے (ش) لفظ الا کے استثناء کے لئے موضوع ہونے کی وجہ یہ ہے

۵۳

مذکورًا کان اعرابہ بحسب العوامل تقول ماجاءنی الا زیدٌ ومارأیتُ الا زیدًا ومامررتُ الا بزیدٍ وان کان بعد غیر وسوٰی وسواءٍ وحاشا عند الاکثر کان مجرورًا نحو جاءنی القوم غیر زیدٍ وسوٰی زیدٍ وسواءَ زیدٍ وحاشا زیدٍ واعلم ان اعراب غیر کاعراب المستثنیٰ بالا تقول جاءنی القوم غیر زیدٍ وغیر حمارٍ وماجاءنی غیر زیدٍ القوم وماجاءنی احدٌ غیرُ زیدٍ وغیرَ زیدٍ وماجاءنی غیرُ زیدٍ ومارأیت غیرَ زیدٍ ومامررتُ بغیرِ زیدٍ واعلم ان لفظۃ غیر موضوعۃٌ للصفۃ وقد تستعمل للاستثناء کما ان لفظۃ الا موضوعۃٌ للاستثناء وقد تستعمل للصفۃ کما فی قولہ تعالیٰ لوکان فیہما اٰلھۃٌ الا اللہُ لفسدتا ای غیرُ اللہِ وکذالک

۱۵۱ قولہ وان کان بعد غیر الی قولہ وحاشا زید (ت) اور اگر ہو مستثنیٰ واقع بعد غیر اور سویٰ اور سواء اور حاشا کے اکثر کے نزدیک تو ہوگا وہ مجرور جیسے جاءنی القوم غیر زید اور سویٰ زید اور سواء زید اور حاشا زید (ش) لفظ غیر اور سویٰ کے بعد

کہ وہ حرف ہے اور حروف میں اصل یہ ہے کہ وہ صفت نہ ہوں مگر چونکہ الا کے معنی غیر کے معنی سے قریب ہیں اس وجہ سے ہر ایک کا استعمال دوسرے کے معنی میں درست ہے۔ مگر کلمہ الا کا استعمال صفت میں اس وقت ہوتا ہے کہ جب استثناء دشوار ہو چنانچہ آیت الا اللہ لفسدتا میں الا کا استثناء میں استعمال دشوار ہے اس وجہ سے کہ جمع منکر سے محققین کے نزدیک استثناء درست نہیں ایسے ہی کلمہ توحید لا الٰہ الا اللہ میں بھی لفظ الا بمعنی غیر ہے کیونکہ استثناء کے لئے نہیں ہو سکتا وجہ یہ ہے کہ اگر مستثنیٰ متصل قرار دیتے ہیں تو لازم آئے گا کہ الٰہ سے مراد الٰہ حق جل وعلا ہو ورنہ اللہ ان میں داخل نہ ہو سکے گا اور مستثنیٰ کا مستثنیٰ منہ میں داخل ہونا ضروری ہے۔ اور جب الٰہ حق مراد ہوئے تو معبودان حق کا تعدد لازم آیا اور اگر مستثنیٰ منقطع قرار دیتے ہیں تو الٰہہ باطلہ مراد لینگے تو الٰہہ باطلہ کی نفی کو الٰہ حق کی نفی لازم نہیں آتی اسلئے توحید ثابت نہیں ہوگی بہرحال کلمہ توحید نہیں رہتا اور مسلمانوں کا اجماع ہے کہ یہ کلمہ توحید ہے ۱۵ بکسر سین وضم آں با تقریر بفتح سین وکسر آں بامد ۱۲ شرح

[1] قولہ فصل خبر کان واخواتہا الی قولہ کان القائم زید (ت) خبر کان اور اس کے اخوات کی وہ مسند ہوتی ہے بعد داخل ہونے کان کے جیسے کان زید قائما تھا زید کھڑا اور حکم اس خبر کا خبر مبتدا کی مانند ہے مگر یہ کہ جائز ہے مقدم کرنا خبر کان واخواتہا کا ان کے اسموں پر باوجود ہونے خبر کان کے معرفہ برخلاف خبر مبتدا کے جیسے کان القائم زید (ش) جب داخل ہونے کے معنی اشرح پہلے نصف کم میں تم مرفوعات میں سمجھ چکے ہو تو اب کان زید یعرب الخ میں صرف یعرب سے تعریف منقوص نہ ہوگی اور حکم سے مراد اقسام اور احکام اور شرائط ہیں اور تقدیم خبر کان کی اسم کان پر ہر حالت میں درست ہے خواہ خبر کان معرفہ ہونے میں یا تخصیص میں اسم کان کے ساتھ مساوی ہو جیسے کان اخاک صدیقک اور جیسے کان خیرا من زید شرا من عمرو لیکن یہ جواز اس صورت میں ہے کہ جب التباس نہ لازم آئے جیسا کہ ان مثالوں میں نصب قرینہ ہے خبر کا جس سے التباس دور ہو جاتا ہے اور اگر مثلا دونوں اسم مقصور ہوں جیسے کان موسیٰ عیسیٰ تو یہاں پہلا ہی اسم اسم کان کے لئے متعین ہوگا البتہ اگر کوئی قرینہ یہاں بھی موجود ہو تو یہ ضروری نہیں کہ پہلا ہی اسم کان کا اسم ہو

قولک لا الہ الا اللہ فصل [1] خبر کان واخواتہا هو المسند بعد دخولها نحو کان زید قائما وحکمه کحکم خبر المبتدأ الا انه یجوز تقدیمه علی اسمائها مع [a] کونه معرفة بخلاف خبر المبتدأ نحو کان القائم زید. فصل [2] اسم ان [ما ترجم] واخواتها هو المسند الیه بعد دخولها نحو ان زیدا قائم. فصل [3] المنصوب [b] بلا التی لنفی الجنس [حاوی عشر] هو المسند الیه بعد [c] دخولها یلیها نکرة مضافا نحو لا غلام رجل فی الدار او مشابها [d] له نحو لا عشرین درهما فی الکیس فان کان بعدها نکرة [لغة] مفردة [e] تبنی علی الفتح نحو لا رجل فی الدار وان کان معرفة او نکرة مفصولا بینها وبین لا کان مرفوعا ویجب تکریر لا مع اسم آخر تقول لا زید فی الدار [معه] ولا عمرو ولا فیها رجل ولا امرأة

[2] قولہ فصل ان واخواتہا هو المسند الیہ الی قولہ ان زیدا قائم (ت) اسم ان اور اس کے اخوات کا وہ مسند الیہ ہوتا ہے ان اور اس کے اخوات کے داخل ہونے کے بعد جیسے ان زیدا قائم (ش) اس کی کچھ زیادہ تفصیل تیسری قسم میں آجائے گی انشاء اللہ تعالیٰ ۱۲

[3] قولہ فصل المنصوب بلا التی لنفی الجنس الی قولہ رجل ولا امرأۃ (ت) وہ اسم منصوب ہوتا ہے اس لا کے بعد جو نفی جنس کے لئے آتا ہے وہ مسند الیہ ہوتا ہے لا کے داخل ہونے کے بعد اس حال میں کہ متصل ہوتا ہے اسی لا کے اس حال میں کہ مضاف ہوتا ہے جیسے لا غلام رجل فی الدار (نہیں ہے کوئی غلام کسی مرد کا موجود گھر میں) یا اس حال میں کہ مشابہ ہو مضاف کے جیسے لا عشرین درہما فی الکیس (نہیں ہیں بیس درہم تھیلی میں) سو اگر جو منصوب بلا واقع ہوگا اس کے بعد نکرہ مفردہ ہو تو وہ مبنی ہوگا فتح پر جیسے لا رجل فی الدار (نہیں ہے کوئی مرد گھر میں) اور اگر ہو وہ منصوب بلا معرفہ یا ایسا نکرہ کہ فاصلہ لایا گیا ہو اس کے درمیان اور لا کے درمیان تو ہوگا وہ مرفوع اور واجب ہوگا مکرر لانا لا کا ایک اور اسم کے ساتھ کہیگا تو لا زید فی الدار ولا عمرو ولا فیہا رجل ولا امرأۃ (نہ زید ہے گھر میں نہ عمرو اور نہ گھر میں کوئی مرد ہے نہ عورت) (ش) اس کی وجہ کہ یہاں اسم لا التی لنفی الجنس نہ کہا بلکہ المنصوب بلا کہا یہ ہے کہ ہر حال میں منصوب نہیں ہوتا بلکہ بعض صورتوں میں منصوب ہوتا ہے اور وہ صورتیں بہت کم ہیں پس اگر اسم لا کہہ دیتے تو یہ سمجھا جاتا کہ تمام اقسام اسم لا کے منصوب ہی ہوتے ہیں حالانکہ ایسا نہیں ہے لفظ یلیہا میں ضمیر مرفوع مستتر مسند الیہ کی طرف راجع ہے اور ضمیر بارز لا کی طرف اور یہ جملہ یا تو الیہ کی ضمیر سے حال ہے یا دخولہا کی ضمیر سے حال ہے (اور نکرۃ) یلیہا کی ضمیر مستتر سے حال ہے اور اس قید سے معرفہ نکل گیا کیونکہ اس کا حکم آئندہ بیان کیا گیا ہے اور لفظ مضافۃ نکرہ کی صفت ہے اس کے کہنے سے نکرہ مفردہ نکل گیا اس کا حکم آئندہ مذکور ہے لا عشرین درہما مشابہ مضاف کی مثال ہے کیونکہ عشرین کے پورے معنی بغیر درہما کے سمجھ میں نہیں آسکتے اور لا رجل فی الدار فتح پر مبنی ہونے کی مثال ہے اور حروف پر مبنی ہونے کی مثالیں یہ ہیں لا غلامین لک کہ یہ یائے ماقبل مفتوح پر مبنی ہونے کی مثال ہے اور لا مسلمین لک یہ یائے ماقبل مکسور پر مبنی ہونے کی مثال ہے اور یہ دونوں حرف یعنی یائے ماقبل مفتوح اور یائے ماقبل مکسور تثنیہ اور جمع میں نصب کی جگہ آتے ہیں اور اگر اسم لا کا معرفہ ہو تو رفع واجب ہونے کی وجہ یہ ہے کہ لفظ لا اس میں کچھ عمل نہ کرے گا اور نکرہ مفصولہ میں رفع کی وجوب کی وجہ یہ ہے (باقی بر صفحہ آئندہ)

اول کا اور رفع دوم کا اور رفع اول کا اور فتح دوم کا اور کبھی حذف کر دیا جاتا ہے اسم لا کا کسی قرینہ کے وقت جیسے لا علیک یعنی لا باس علیک تجھ پر کوئی مضائقہ نہیں۔ (ش) اور مثل لاحول ولا قوۃ سے مراد یہ ہے کہ وہ ترکیب ایسی ہو کہ اس میں نکرہ مع لا کے مکرر لایا گیا ہو اور درمیان میں فاصلہ کچھ نہ ہو اور لاحول ولا قوۃ الخ کے معنی یہ ہیں کہ نہ گناہ سے پھرنا ہے اور نہ اطاعت پر قدرت پانا ہے مگر اللہ تعالیٰ کے ساتھ اس ترکیب میں دونوں اسموں کا فتح تو اس وجہ سے جائز ہے کہ لا دونوں میں نفی جنس کا ہو اور دونوں کے رفع سے مراد پیش کی تنوین ہے یہ اس وجہ سے جائز ہے کہ اسکو مبتدا پڑھتے ہیں تاکہ جواب سوال کے مطابق ہو جائے کیونکہ کسی سائل نے سوال کیا تھا کہ احول لنا ام قوۃ تو جواب میں بھی دونوں کو مرفوع لائے اور تیسری ترکیب میں فتح اول کا لائے نفی جنس ہونیکی وجہ سے ہے اور نصب ثانی کا بغرض تاکید محض لا ثانی کے زائد ہونیکی وجہ سے یا اول کے لفظ پر عطف ہونیکی وجہ سے اور نصب سے مراد زبرکی تنوین ہے اور چوتھی ترکیب میں اول کا فتح تو اس وجہ سے کہ لائے نفی جنس ہے اور دوسرے کا رفع اس وجہ سے کہ لا دوم محض تاکید نفی کے لیئے زائد لایا گیا ہے یا اس وجہ سے کہ اس کا عطف ہو اول کے محل پر اور اول محلا مرفوع ہے کیونکہ مبتدا ہے اس لئے یہ بھی مرفوع کیا گیا اور پانچویں ترکیب میں اول کا رفع اس وجہ سے کہ وہ لا بمعنی لیس ہے اگرچہ یہ عمل ضعیف ہے کیونکہ لا بمعنی لیس کم آتا ہے اور دوم کا فتح اس وجہ سے کہ وہ لا لائے نفی جنس ہے اور لا علیک میں حذف اسم کا قرینہ یہ ہے کہ کلمہ لا علی پر داخل نہیں ہوتا کیونکہ علی حرف ہے اور حرف پر لا داخل نہیں ہوتا اور یہ اس شخص کے لئے بولتے ہیں جس کو کسی بات کا ڈر ہو اور تم انکو تسلی دینا چاہتے ہو

۵۶ قولہ فصل خبر ما ولا الی قولہ بطل العمل (ت) خبر ما اور لا کی ایسے ما اور لا جو مشابہ کئے گئے ہیں لیس کے ساتھ وہ مسند ہوتی ہے ان دونوں کے داخل ہونے کے بعد جیسے ما زید قائما اور لا رجل حاضرا نہیں زید کھڑا اور نہیں ہے کوئی مرد موجود اور اگر واقع ہو خبر بعد الا کے جیسے ما زید الا قائم یا پہلے آوے اسم سے جیسے ما قائم زید یا زیادہ کیا جائے کلمہ ان بعد ما کے جیسے ما ان زید قائم تو باطل ہوگا عمل (ش) مرفوعات کی بحث میں ما اور لا کی لیس کے ساتھ مشابہت کا بیان ہو چکا کہ کن کن باتوں میں مشابہت رکھتا ہے اسم سے پہلے خبر آنے کی مثال لفظ ما میں تو بیان کر دی اور لفظ لا میں لا افضل منک رجل سمجھو اور لفظ ان کو حرف ما کے بعد زیادہ ہونا بیان کیا نہ لا کے بعد اس کی وجہ یہ ہے کہ ان کی زیادتی لا کے بعد کبھی نہیں دیکھی پھر اس لفظ ان میں جو کلمہ ما کے بعد آتا ہے نحویوں کا اختلاف ہے بصری تو یہ کہتے ہیں کہ یہ زائد ہے ان نافیہ نہیں ہے اور کوئی یہ کہتے ہیں کہ یہ نافیہ ہے محض تاکید نفی کے لئے لایا گیا ہے ورنہ نفی کی نفی اثبات ہوتا ہے اس سے اس کلام کا اثبات ہونا لازم آئے گا اور خبر ما و لا کے بعد واقع ہونے کی صورت میں تو ما و لا کا عمل اس لئے باطل ہے کہ ما و لا کا عمل نفی کی وجہ سے تھا اور وہ کلمہ الا کی وجہ سے جاتی رہی لیکن یاد رکھو کہ یونس نحوی الا کے بعد بھی عمل کو جائز کہتے ہیں اور خبر کے اسم سے پہلے آنے کی صورت میں اس لئے باطل ہے کہ ما اور لا دونوں عامل ضعیف ہیں کیونکہ ان پر لیس کے برابر بھی گردان نہیں ہوتی اور جب ضعیف العمل ہیں تو مقدم میں عمل نہیں کر سکتے اور اسی سے کلمہ ان بعد ما واقع ہونے کی صورت میں عمل باطل ہونیکی وجہ (باقی بر صفحہ آئندہ)

۵۵

وَيَجُوزُ فِي مِثْلِ لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ خَمْسَةُ اَوْجُهٍ فَتْحُهُمَا وَرَفْعُهُمَا وَفَتْحُ الْاَوَّلِ وَنَصْبُ الثَّانِي وَفَتْحُ الْاَوَّلِ وَرَفْعُ الثَّانِي وَرَفْعُ الْاَوَّلِ وَفَتْحُ الثَّانِي وَقَدْ يُحْذَفُ اِسْمُ لَا لِقَرِيْنَةٍ نَحْوُ لَا عَلَيْكَ اَيْ لَا بَاسَ عَلَيْكَ فَصْلٌ خَبَرُ مَا وَلَا الْمُشَبَّهَتَيْنِ بِلَيْسَ هُوَ الْمُسْنَدُ بَعْدَ دُخُوْلِهِمَا نَحْوُ مَا زَيْدٌ قَائِمًا وَلَا رَجُلٌ حَاضِرًا وَاِنْ وَقَعَ الْخَبَرُ بَعْدَ اِلَّا نَحْوُ مَا زَيْدٌ اِلَّا قَائِمٌ اَوْ تَقَدَّمَ الْخَبَرُ عَلَى الْاِسْمِ نَحْوُ مَا قَائِمٌ زَيْدٌ اَوْ زِيْدَتْ اِنْ بَعْدَ مَا نَحْوُ مَا اِنْ زَيْدٌ قَائِمٌ

(حواشی بین السطور: اسم بمعنی ۲ — ثانی خبر ۳ — ولا رجل الا افضل منک ۳ — ولا افضل منک رجل ۳ — زیرا کہ پس اگر لا بحکم استقرار زیادہ کی شود ۴)

سلہ قولہ فصل اسماء العدد الی قولہ الی عشرۃ رجال (ت) اسماء عدد وہ اسم ہیں جو وضع کئے گئے ہوں تاکہ دلالت کریں چیزوں کی اکائیوں کی مقدار پر اور اصول عدد کی بارہ کلمے ہیں ایک سے لیکر دس تک اور لفظ مائۃ اور لفظ الف اور استعمال اس عدد کا واحد سے اثنین تک موافق قیاس کے ہے مراد لیتا ہوں مذکر کے لئے بغیر تاء کے اور مؤنث کے لئے مع تاء کے کہیگا تو ایک مرد کے بارے میں واحد اور دو مردوں کے بارے میں اثنان اور ایک عورت کے بارے میں واحدۃ اور دو عورتوں کے بارے میں اثنتان اور ثنتان اور ثلثۃ سے لیکر عشرۃ تک خلاف قیاس ہے مراد لیتا ہوں مذکر کے لئے مع تاء کے کہیگا تو ثلثۃ رجال سے عشرۃ رجال تک (ش) یعنی اسم عدد وہ اسم ہے جو افراد اشیاء کی مقدار کو بتلاتے ہیں اس تعریف میں واحد اور اثنان وغیرہ سب داخل ہیں گو کہ یہ سب کم منفصل کے جواب میں واقع ہوتے ہیں مگر اکثر حساب دانوں کے نزدیک واحد عدد نہیں ہے اور بعض کے نزدیک اثنان بھی عدد نہیں ہے اور اصول عدد کے بارہ کلمہ ہیں جو یہ ہیں واحد اثنان ثلثۃ اربعۃ خمسۃ ستۃ سبعۃ ثمانیۃ تسعۃ عشرۃ مائۃ الف کیونکہ ان کے سوا جس قدر اعداد ہیں وہ سب انہی سے ترکیب پاتے ہیں یا ان کے تثنیہ اور جمع سے بنتے ہیں اور قیاس کے مطابق استعمال یہ بتایا ہے کہ مذکر کیلئے بلا تاء ہو اور مؤنث کے لئے مع تاء کیونکہ اصل اور قیاس یہی ہے کہ مذکر میں تاء نہ لائی جائے اور ثلثۃ سے لیکر عشرۃ تک خلاف قیاس مستعمل اس وجہ سے ہے کہ ثلثۃ رجال میں رجال بتاویل جماعت ہو کر مؤنث ہے لہذا جمع مذکر کیلئے بھی تاء لگا دی گئی اور جب مذکر کے لئے اس علت سے تاء لگا دی گئی تو پھر مؤنث کے لئے تاء نہیں لگائی گئی تاکہ مذکر اور مؤنث میں فرق رہے ۱۲ سلہ اسے مقدار افرادہا ای المعدودات فیدخل فی الحد الواحد والاثنان ۱۲ درایۃ النحو۔

بالتاء تقول في رجلٍ واحدٌ وفي رجلين اثنان (بصيغة الخطاب ١٢) (بدون التاء ١٢) وفي امرأةٍ واحدةٌ وفي امرأتين اثنتان وثنتان ومن ثلثة الى عشرة على خلاف القياس اعني للمذكر بالتاء تقول ثلثةُ رجالٍ الى عشرة (والاصل ١٢) رجالٍ وللمؤنث بدونها[١] تقول ثلث نسوةٍ الى عشر نسوةٍ (اے بدون تاء ١٢) وبعد العشرة تقول احد عشر رجلاً واثنا عشر رجلاً وثلثة عشر رجلاً (بتانيث الجزء الاول ١٢) الى تسعة عشر رجلاً احدى عشرة امرأةً واثنتا عشرة امرأةً (بتذكير الجزء الثاني ١٢) وثلث عشرة امرأةً الى تسع عشرة امرأةً وبعد ذلك تقول عشرون (بتانيث الجزء الثاني ١٢) رجلاً وعشرون امرأةً بلا فرق بين المذكر والمؤنث الى تسعين رجلاً وامرأةً واحدٌ وعشرون رجلاً واحدى وعشرون امرأةً واثنان وعشرون رجلاً واثنتان وعشرون امرأةً وثلثة وعشرون

[١] قوله وللمؤنث بدونها الى قوله وثلثة وعشرون رجلا (ف) اور مؤنث کیلئے بغیر تا کے کہے گا تو ثلث نسوة سے عشر نسوة تک اور عشرہ کے بعد کہیگا تو احد عشر رجلا اور اثنا عشر رجلا اور ثلثة عشر رجلا سے تسعة عشر رجلا تک اور احدى عشرة امرأة اور اثنتا عشرة امرأة اور ثلث عشرة امرأة سے تسع عشرة امرأة تک اور اس کے بعد کہیگا تو عشرون رجلا اور عشرون امرأة بغیر فرق کے درمیان مذکر اور مؤنث تسعون رجلا اور تسعون امرأة تک اور کہیگا تو احد وعشرون رجلا احدى وعشرون امرأة اکیس مرد اور اکیس عورتیں اور اثنان وعشرون رجلا اور اثنتان وعشرون امرأة بائیس مرد اور بائیس عورتیں اور ثلثة وعشرون رجلا تئیس مرد (ش) پھر جب مؤنث کے لئے استعمال کیا گیا تو اگر مع تا استعمال کرتے ہیں تو مذکر کے ساتھ التباس لازم آتا ہے یوں اس سے تا حذف کردی گئی اور برعکس اس لئے نہیں کیا گیا کہ مذکر مؤنث سے مقدم ہے پہلے اس کے لئے لفظ ثلثة کو مقرر کرنا ضروری ہے اور احد عشر اور اثنا عشر میں تو موافق قیاس کے استعمال رکھا کہ مذکر کے لئے بلا تا اور مؤنث کے لئے مع التا۔ اور یہ تا تصرف تخفیف کی غرض سے اور یہی کیا کہ واحد کا احد اور واحدہ کا احدی کردیا اور ثلثة عشر سے لیکر تسعة عشر تک خلاف قیاس ہے وہ یہ کہ مذکر کے لئے اس کا استعمال اس طرح ہوگا کہ دوسرے جزء سے تا کو حذف کردیں گے اور پہلے میں باقی رکھیں گے اور مؤنث کے لئے برعکس کریں گے اس کی وجہ یہ ہے کہ ترکیب کے بعد لفظ عشرۃ اصل کی طرف رجوع کرے گا نہ جزء اول تاکہ اصل کا خلاف حتی الامکان کم ہے اور جب عشرون وغیرہ کا عطف احد اور عشرون پر کیا جائے تو احد اور عشرہ اسی قاعدہ پر رہیں گے جو مذکور ہوا یعنی احد اور اثنان موافق قیاس کے اور ثلثة سے تسعة تک خلاف قیاس اور لفظ عشرون ہر حال میں یکساں ہی رہیگا اور بیچ میں حرف عطف ضرور ہوگا اور عشر کی طرح آحاد کو عشرون کے ساتھ مرکب نہ کریں گے کہ حرف عطف بیچ میں نہ لائیں اس کی وجہ یہ ہے کہ عشرون وغیرہ میں واؤ نون علامت اعراب ہے اور اگر ترکیب کردی جائے یعنی واؤ بیچ میں نہ لایا جاتے تو یہ ترکیب مبنی بنانا چاہتی ہے تو اس میں اجتماع نقیضین لازم آتا ہے اس لئے کہ واؤ نون جمع کا اس کے معرب ہونے کو چاہتا ہے اور بعد با لکسر سے مراد بعد تسعة عشرہ ہے اور مطلب یہ ہے کہ جب عشرون اور اس کے اخوات ثلثون اور اربعون وخمسون وستون وغیرہ کا عطف ایک سے لیکر دس تک کے کسی عدد پر کروگے تو دس سے کم والا عدد تو موافق بیان سابق کے استعمال ہوگا یعنی بلا عطف اور عشرون اور اس کے اخوات کو اس پر عطف کر کے استعمال کرینگے ١٢

لـــه قوله وثلث وعشرون امرأة الى قوله ما عرفت (ت) اور تئیس عورتیں اور تسعة وتسعون رجلا اور تسع وتسعون امرأة تک یعنی ننانوے مرد اور ننانوے عورتیں اور مائة رجل اور مائة امرأة ایک سو مرد اور ایک سو عورتیں اور الف رجل اور الف امرأة ایک ہزار مرد اور ایک ہزار عورتیں اور مائتا رجل اور مائتا امرأة دو سو مرد اور دو سو عورتیں اور الفا رجل دو ہزار مرد اور الفا امرأة دو ہزار عورتیں بغیر فرق کے درمیان مذکر اور مؤنث کے پھر جب عدد زیادہ ہو جائے مائة اور الف پر تو استعمال کیا جائے گا موافق اس قاعدہ کے جو تم نے جانا (ش) اور آحاد یعنی اکائیوں کی عشرات اور یعنی دہائی کے ساتھ ترکیب نہیں کی جائیگی جس طرح خود عشرہ کے ساتھ کی جاتی ہے اس لئے کہ واؤ اور یا عشرون اور اس کے اخوات میں علامت معرب ہونے کی ہو اور ترکیب موجب بناء ہے اور ان دونوں میں ضدیت ہے ایک جگہ دونوں کیسے جمع ہو سکتی ہیں اور علی قیاس ما عرفت کا مطلب یہ ہے کہ جب مائة سے کچھ زیادہ ہو جائے تو واحد کو تسعة تک اس طریقہ پر استعمال کرو جو تم نے سمجھ لیا یعنی واحد واثنان تو موافق قیاس کے مذکر کیلئے مذکر اور مؤنث کیلئے مؤنث اور ثلثة سے تسعة تک خلاف قیاس اور پھر مائة اور دوسرے عدد کے درمیان حرف عطف بھی لانا ہوگا جیسے مائة وخمسة رجال اور مائة وخمسة نسوة۔ ٢ـــه قوله ويقدم الالف على المائة الى قوله فلا بد لها من مميز (ت) اور مقدم کیا جاتا ہے الف مائة پر اور مائة اکائیوں پر اور اکائیاں مقدم کی جائیں گی دہائیوں پر کہے گا تو عندي الف ومائة واحد وعشرون رجلا میرے پاس ایک ہزار ایک سو اکیس مرد ہیں اور دو ہزار دو سو بائیس مرد اور چار ہزار نو سو پینتالیس عورتیں اور لازم ہے تجھ پر باقی میں قیاس کرنا اور جاننا چاہئے کہ واحد اور اثنان کیلئے تمیز نہیں ہوتی کیونکہ لفظ ممیز دونوں میں ذکر عدد سے بے پرواہ کرتا ہے کہے گا تو عندي رجل ورجلان اور بہرحال باقی اعداد پس ضروری ہے ان کیلئے کوئی تمیز (ش) الف مقدم ہوتا ہے مائة پر اور مائة اکائیوں پر اور اکائیاں دہائیوں پر مثلاً عندي الف ومائة واحد وعشرون رجلا میرے پاس ایک ہزار ایک سو اکیس مرد ہیں اور علیک بالقیاس کا مطلب یہ ہے کہ افراد میں یوں بولیں گے عندي الف ومائة واحد وواحدة ومائتان واثنتان اور اضافت میں یوں عندي الف ومائة وثلثة رجال وثلث نسوة اور ترکیب میں یوں کہ عندي الف ومائة واحد عشر رجلا واحدى عشرة امرأة وعندي الف ومائة وثلثة عشر رجلا وثلث عشرة امرأة اور یوں بولیں گے کہ عندي الفان ومائتان وثلث آلاف وثلث مائة سے لیکر تسع آلاف اور تسع مائة تک اور ان سب مثالوں میں معطوف کے اندر عکس بھی درست ہے اور جس طرح واحد اور اثنان کی تمیز ذکر نہیں کی جاتی ایسے ہی واحدة اور اثنتان کی بھی لہذا واحد رجل اور اثنین رجلان نہیں بولا جائے گا کیونکہ ممیز کا لفظ خود ہی عدد کو بتلا دیتا ہے اور یہ جو کسی جگہ رجل واحد اور رجلان اثنان بولتے ہیں وہاں تاکید مقصود ہوتی ہے نہ ممیز تمیز ١٢ ع‌ه و كذا الواحدة والثنتان ١٢ هـ‌ه اے در واحد واثنين ١٢

بیہ ای غير الواحد والاثنين ١٢

٨٤

رجلا وثلث وعشرون امرأة[١] الى تسعة وتسعين رجلا وتسع و
تسعين امرأة ثم تقول مائة رجل ومائة امرأة والف رجل والف
امرأة ومائتا رجل ومائتا امرأة والفا رجل والفا امرأة بلا فرق بين
المذكر والمؤنث فاذا زاد على المائة والالف يستعمل على
قياس ما عرفت ويقدم[٢] الالف على المائة والمائة على الاحاد
والاحاد على العشرات تقول عندي الف ومائة وواحد وعشرون
رجلا والفان ومائتان واثنان وعشرون رجلا واربعة الاف و
تسعمائة وخمس واربعون امرأة وعليك بالقياس واعلم ان
الواحد والاثنين لا مميز لهما لان لفظ المميز يغني عن ذكر
العدد فيهما تقول عندي رجل ورجلان واما سائر[٥] الاعداد فلابد

۱؎ قولہ فتقول مميز الثلثة الى العشرة الى قولہ او مئين (ت) پس کہا جائے گا تو تمیز ثلثہ سے عشرہ تک مجرور و جمع ہوتی ہے کہا جائیگا تو ثلثہ رجال اور ثلث نسوۃ مگر جبکہ تمیز لفظ مائۃ ہو تو اس وقت ہوگی وہ مجرور مفرد کہا جائیگا تو ثلث ماۃ اور تسع ماۃ یعنی تین سو اور نو سو اور قیاس ثلث مات یا ثلث مئین تھا (ش) اور یہ جو کہا کہ تمیز ثلثہ کی عشرہ تک مجرور جمع ہوتی ہے تو اس میں جمع عام ہے خواہ لفظا ہو یا معنی جیسے تسعۃ رہط اور ثلث ذود وغیرہ اور ثلثہ سے لیکر عشرہ تک کی تمیز مجرور اس لئے ہوتی ہے کہ اعداد کی تمیز موصوف ہے جو معنی کے لحاظ سے مقصود ہوتی ہے کیونکہ ثلثہ رجال اصل میں رجال ثلثۃ تھا اور اگر یہ تمیز منصوب کردی جاتی تو فضلہ کی صورت میں ہوجاتی اس لئے اس سے بچنے کیواسطے مجرور رکھی اور ما بعد عشرہ کی تمیز منصوب اس لئے رکھی کہ وہاں اضافت دشوار ہے اور ثلث مائۃ میں قیاس یہی تھا کہ ثلث ماۃ مؤنث کے لئے اور ثلث مئین مذکر کے لئے مستعمل ہوتا ہے ۱۲ ۲؎ قولہ ومميز احد عشر الى تسعة وتسعين الى قولہ وتسعة وتسعون امرأة (ت) اور تمیز احد عشر کی تسعۃ و تسعین تک کی منصوب مفرد ہوتی ہے کہے گا تو عشر رجلا اور احدی عشرۃ امرأۃ الخ گیارہ مرد اور گیارہ عورتیں اور ننانوے مرد اور ننانوے عورتیں (ش) احد عشر سے تسعۃ و تسعون تک کی تمیز اس وجہ سے منصوب ہوتی ہے کہ اضافت دشوار ہے احد عشر سے تسعۃ و تسعون تک مرکبات تک اضافت کا دشوار ہونا تو ظاہر ہے کیونکہ یہ مرکب الفاظ ہیں اور اضافت مرکب کی نہیں ہوسکتی اور عشرون وغیرہ کی اضافت اس لئے دشوار ہے کہ اضافت یا مع النون ہوگی تو لازم آئیگا شبہ نون جمع کا مضاف میں باقی رہنا جو ناجائز ہے اور اگر بلا نون اضافت کی جائے تو اصل نون کا حذف کرنا لازم آئیگا جس پر کلمہ کی وضع ہوئی ہے اور اس تمیز کے مفرد لانے کی وجہ یہ ہے کہ مفرد اصل اور جمع سے اخف ہے اور تمیز سے جو مقصود ہے یعنی تفسیر وہ اس سے کما حصل ہے ۱۲ ۳؎ قولہ ومميز مائة والف الى قولہ وقس على هذا (ت) اور تمیز ماۃ اور الف اور ان کے تثنیہ کی اور الف کے جمع کی مجرور مفرد ہوتی ہے کہے گا تو ماۃ رجل اور ماۃ امرأۃ ایک سو مرد اور ایک سو عورتیں ایک ہزار مرد اور ایک ہزار عورتیں اور دو سو مرد اور دو سو عورتیں اور دو ہزار مرد اور دو ہزار عورتیں اور تین ہزار مرد اور تین ہزار عورتیں اور قیاس کر و اسی پر (ش) اور تمیز ماۃ اور الف اور ان کے تثنیہ اور الف کی جمع کی مجرور مفرد ہوتی ہے ماۃ اور الف کا تثنیہ ماتان اور الفان ہے اور الف کی جمع آلاف اور الوف ہے اور جمع اس لئے نہ کہا کہ ماۃ کی جمع متروک ہے چنانچہ ثلث مات یا ثلثۃ مئین نہیں بولتے بلکہ ثلث ماۃ بولتے ہیں اور یہ تمیز مجرور تو اس لئے ہے کہ تمیز اس کی طرف مضاف ہے اور مفرد اس لئے کہ نحوی لوگ عدد کثیر کی تمیز جمع لانا برا جانتے ہیں اور قس على هذا کا یہ

لها من مميز فتقول مميز الثلثة[۱] الى العشرة مخفوض مجموع
(بجہت اضافت اعداد سوی مميزات خود ۱۲)
تقول ثلثة رجال وثلث نسوة الا اذا كان المميز لفظ المائة
(اسے مميز ثلثہ عشرہ ۱۲)
فحينئذ يكون مخفوضا مفردا تقول ثلث مائة وتسعمائة و
(یعنی بافزار ماۃ ۱۲)
القياس ثلث مأت او مئين ومميز[۲] احد عشر الى تسعة
(برائے مؤنث ۱۲ — برائے مذکر ۱۲)
وتسعين منصوب مفرد تقول احد عشر رجلا واحدى
عشرة امرأة وتسعة وتسعون رجلا وتسع وتسعون امرأة
ومميز[۳] مائة والف وتثنيتهما وجمع الالف مخفوض مفرد تقول
(کہ الفان ماتان باشد ۱۲ — وآں آلاف والوف ست ۱۲)
مائة رجل ومائة امرأة والف رجل والف امرأة ومائتا رجل ومائتا
امرأة والفا رجل والفا امرأة وثلثة آلاف رجل وثلث آلاف
امرأة وقس على هذا فصل[۴] الاسم اما مذكر واما مؤنث فالمؤنث

مطلب یہ ہے کہ باقی اسماء عدد کی مثالیں اسی طرح سمجھ لو ۴؎ قولہ فصل الاسم اما مذکر واما مؤنث الی قولہ کامرات) اسم یا مذکر ہوتا ہے اور یا مؤنث پس مؤنث وہ ہے کہ اس میں علامت تانیث لفظا یا تقدیرا ہو اور مذکر اس کے برخلاف ہے اور علامات تانیث تین ہیں تا جیسے طلحۃ اور الف مقصورہ جیسے حبلی (حاملہ) اور الف ممدودہ جیسے حمراء (سرخ عورت) (ش) تقسیم میں مذکر کو مقدم اس لئے کیا کہ مذکر اصل ہے اور تعریف میں مؤنث کو مقدم کیا کیونکہ اس میں اختصار ہے لیکن اس لئے کہ مذکر عدمی ہے اور تانیث وجودی اور وجود عدم سے اشرف ہے اور لفظا میں تعمیم ہے خواہ حقیقۃ ہو جیسے امرأۃ اور ناقۃ اور طلحۃ وغیرہ یا حکما جیسے عقرب کیونکہ اس میں جو تا محذوف ہے وہ تانیث کے حکم میں ہے اور تاء کو جو علامت تانیث بنایا اس تاء سے تاء مراد ہے جو حالت وقف میں ہا ہو جاتی ہے اور تا کا لفظ کہتے ہیں کو فیوں کا رد ہے کیونکہ ان کے نزدیک علامت تانیث ہا ہے اور لفظ طرح مؤنث بالعلامۃ کی مثال اس وقت ہوگا کہ جب کسی مرد کا نام ہو اور الف مقصورہ وہ ہوتا ہے جو تین حرف کے بعد واقع ہو اور الحاق کے لئے نہ ہو اور الف ممدودہ وہ ہے جو ہمزہ کے قبل واقع ہو ۱۲

۱ قوله والمقدرة انما هو التاء فقط الى قوله المؤنث فلا نعيدها (ت) اور علامت تانیث جو مقدر ہوتی ہے اس کے سوا نہیں کہ وہ صرف تا ہے جیسے ارض اور دار، اُرَیضۃ اور دُوَیرۃ کی دلیل سے پھر مونث دو قسم پر ہے ایک حقیقی اور وہ وہ مونث ہے کہ اس کے مقابلہ میں کوئی مذکر جاندار ہو جیسے امراۃ اور ناقۃ (عورت اور اونٹنی) اور دوسری قسم لفظی ہے اور وہ وہ مونث ہے جو اس کے برخلاف ہے مثلاً ظلمۃ (تاریکی) اور لفظ عین بمعنی آنکھ یا چشمہ اور تم جان چکے ہو احکام فعل کے جبکہ وہ مونث کی طرف اسناد کیا جائے لہذا ہم اس کو نہیں لوٹائیں گے (ش) اور یہ جو کہا کہ انما ہو التاء فقط اس کا مطلب یہ ہے کہ علاوہ تا کے اور علامات کبھی مقدر نہیں ہوتیں اور اس کی دلیل کہ ارض میں تا مقدر ہے یہ ہے کہ اس کی تصغیر

مافيه علامة التانيث لفظا او تقديرا والمذكر ما بخلافه وعلامة
التانيث ثلثة التاء كطلحة والالف المقصورة كحبلى والالف
(التي تصير عند الوقف هاء ۱۲)
الممدودة كحمراء والمقدرة انما هو التاء فقط كارض ودار
(تذكير باعتبار خبره ۱۲)
بدليل اريضة ودويرة ثم المؤنث على قسمين حقيقي وهو
ما بازائه ذكر من الحيوان كامرأة وناقة ولفظي وهو ما بخلافه
(وجد فيه علامة التانيث او لم يوجد كما تأتى ۱۲)
كظلمة وعين وقد عرفت احكام الفعل اذا اسند الى
(مثال تانيث لفظي حقيقة ۱۲)
المؤنث فلا نعيدها فصل المثنى اسم الحق باخره الف او
(اى باخره مفرده على حذف المضاف ۱۲)
ياء مفتوح ما قبلها ونون مكسورة ليدل على ان معه اخر
(اى مع الملحق ۱۲)
مثله نحو رجلان ورجلين وهذا في الصحيح اما المقصور فان
(ما يماثله في الوحدة والجنس جميعا ۱۲ — اى الالحاق المذكور ۱۲ — اى لاسم المقصور ۱۲)
كانت الفه منقلبة عن واو وكان ثلاثيا رد الى الاصل كعصوان
(اى عوضا ۱۲ — اى مجردا فانه ثلثة احرف ۱۲)

اُرَیضۃ تا کے ساتھ آتی ہے اسی طرح دار کی تصغیر دُوَیرۃ تا کے ساتھ آتی ہے اور یہ قاعدہ ہے کہ تصغیر میں سب اصلی حروف لوٹ آتے ہیں دُوَیرۃ کے معنی چھوٹا گھر اور اُرَیضۃ چھوٹی زمین مونث حقیقی کی تعریف میں جو یہ کہا کہ اس کے مقابلہ میں کوئی جاندار مذکر ہو اس میں تعمیم ہے کہ خواہ علامت تانیث لفظوں میں ہو یا نہ ہو اور امراۃ تو منجملہ انسانوں کے مونث حقیقی ہے اور ناقۃ منجملہ حیوانات کے اور مونث لفظی حقیقی کے برخلاف ہے یعنی وہ کہ اس کے مقابلہ میں کوئی جاندار مذکر نہ ہو اس میں تعمیم ہے کہ خواہ اس میں علامت تانیث موجود ہو یا نہ ہو پس ظلمۃ اس مونث لفظی کی مثال ہے جس میں علامت تانیث لفظاً موجود ہے اور عین اس مونث لفظی کی جس میں علامت تانیث کی مقدر ہے کیونکہ اس کی تصغیر عُیَینۃ آتی ہے اور فعل کو مونث کی طرف مسند کرنے کی بحث گذر چکی اسلئے اعادہ بیکار ہے اور مونث حقیقی وغیرہ کی تعریف بھی اگرچہ گذر چکی مگر چونکہ وہاں تبعاً گذری تھی اور یہاں قصداً ذکر کی جائے گی کیونکہ یہ اسکی بحث کا موقع ہے اس لئے یہاں اس کا ذکر ضروری کر دیا (ط)

۲ قوله المثنى اسم الى قوله بنائه الصحيح (ت) تثنیہ وہ اسم ہے کہ لاحق کیا گیا ہو اس کے آخر میں الف یا یا کہ مفتوح ہو اس کا ماقبل اور نون مکسور تاکہ دلالت کرے اس پر کہ اس کے ساتھ کوئی دوسرا ہے اسی کی مانند جیسے رجلان اور رجلین یہ آخر میں الف یا یا کا لاحق کرنا صحیح میں ہے (ش) تثنیہ کا بیان جمع سے پہلے اس لئے لائے کہ تثنیہ جمع سے مقدم ہے اور باخرہ کا مطلب یہ ہے کہ آخر مفردہ یعنی خود اس کے آخر میں نہیں بلکہ اسکے مفرد کے آخر میں اور اس سے لفظ اثنان اور کلیہما خارج ہو گئے کہ ان کو تثنیہ نہیں کہہ سکتے کیونکہ ان دونوں کا مفرد نہیں ہے اور یہ جو کہا کہ لیدل علی ان معہ آخر مثلہ تو اس سے اسم مشترک کا تثنیہ نکل گیا جبکہ دو مختلف معنی کے اعتبار سے تثنیہ بنایا گیا ہو لہذا قرء کا تثنیہ قرءان اس وقت نہیں ہو سکتا جبکہ اسکے معنی ایک حیض اور ایک طہر کے ہوں بلکہ یا دونوں طہر اور یا دونوں حیض ہوں گے اور قمرین جو سورج اور چاند کو کہتے ہیں وہ تغلیباً کہتے ہیں نہ اس وجہ سے کہ یہ تثنیہ ہے اور یہ جو کہا کہ یہ الحاق صرف صحیح میں ہے اس سے مراد یہ ہے کہ اور تمام مقام صحیح میں بھی ۱۲

۳ قوله اما المقصور فان كانت الفه الى قوله من اشتان (ت) بہرحال اسم مقصور پس اگر ہے اس کا الف بدلا ہوا واؤ سے اور ہے وہ تین حرف والا تو لوٹایا جائے گا اپنی اصل کی طرف جیسے عصوان عصا میں اور اگر ہے اس کا الف بدلا ہوا یا واو سے اور حال یہ ہے کہ وہ زیادہ ہے تین حروف والے سے (ش) اور اسم مقصور کو مقصور اس لئے کہتے ہیں کہ اس کا الف دراز نہیں کیا جاتا اور یہ جو کہا کہ اگر اس کا الف واو سے بدلا ہوا ہو اس میں تعمیم ہے کہ خواہ حقیقۃً بدلا ہوا ہو جیسے عصا یا حکماً بدلا ہوا ہو اور ثلاثی سے مراد اصطلاحی ثلاثی نہیں ہے کہ جس میں تینوں حروف کا اصلی ہونا بھی ضروری ہے بلکہ مراد یہ ہے کہ اس میں کل حرف تین ہوں اور یہ جو کہا کہ منقلبۃ عن ایاء (باقی بر صفحہ آئندہ)

فی عصا وان کانت عن یاء او واو وھو اکثر من الثلاثی او لیست منقلبۃ عن شیٔ تقلب یاءً کرحیان فی رحی وملھیان فی ملھی وحباریان فی حباری وحبلیان فی حبلی واما الممدود فان کانت ھمزتہ اصلیۃ تثبت کقرّاأن فی قرّاء وان کانت للتانیث تقلب واوًا کحمراوان فی حمراء وان کانت بدلا من اصل واوًا او یاءً جاز فیہ الوجھان ککساوان وکساأن ویجب حذف نونہ عند الاضافۃ تقول جاءنی غلاما زیدٍ ومسلما مصرٍ کذلک تحذف تاء التانیث فی تثنیۃ الخصیۃ والالیۃ خاصۃ تقول خصیان والیان لانھما متلازمان فکانھما شیٔ واحد

متعلقہ صفحہ ھذا لے قولہ ولیست منقلبۃ عن شیٔ تقلب یا الی قولہ تقلب واوًا کحمراوان فی حمراء (ت) یا نہیں ہے وہ الف بدلا ہوا کسی چیز سے تو بدلا جائے گا وہ الف یا سے جیسے رحیان رحی میں اور ملھیان ملھی میں اور حباریان حباری میں اور حبلیان حبلی میں اور بہرحال الف ممدودہ پس اگر ہے ہمزہ اس کا اصلی تو وہ ثابت رہیگا جیسے قرآن قراء میں اور اگر ہو وہ ہمزہ تانیث کا تو بدلا جائے گا واؤ سے جیسے حمراوان حمراء میں (ش) رحیان رحی کا تثنیہ ہے بمعنی چکی یہ اس کی مثال ہے کہ الف مقصورہ اس کا یا سے بدلا ہوا ہے اور ملھیان ملھی کا تثنیہ ہے بمعنی مشغول کیا گیا یہ اس اسم مقصورہ کی مثال ہے جس کے الف مقصورہ واؤ کے عوض میں آیا ہے اور وہ اسم تین حروف سے زیادہ کا ہے اور حباری کا تثنیہ ہے، حباری ایک چرپایا کو کہتے ہیں اردو میں اس کا نام سرخاب ہے یہ اس اسم کی مثال ہے جس کا الف کسی چیز سے بھی بدلا ہوا نہیں اور حبلیان حبلی کا تثنیہ ہے یہ اسم رباعی ہے کہ اس کا الف کسی چیز سے بدلا ہوا نہیں اور اگر اسم ممدودہ کا ہمزہ اصلی ہو تو وہ ہمزہ تثنیہ میں اسلئے ثابت رہتا ہے کہ وہ اصلی ہے جیسے قراء کا تثنیہ قرآن اور قراء عمدہ قرأت کرنیوالے کو کہتے ہیں یا عبادت گذار کو اور بعض عربی اس ہمزہ کو بھی واؤ سے بدل لیتے ہیں اور واؤ سے اس لئے بدل دیتے ہیں کہ ہمزہ کا جو کہ علامت تانیث ہے وسط میں واقع ہونا برا جانا جاتا ہے اور مسلمتان جو تا وسط میں آگئی ہے اس کی وجہ مجبوری ہے کیونکہ اگر تا نہ لاتے تو مذکر کے ساتھ التباس لازم آجاتا اور اس ہمزہ کو یا سے نہ بدلا کہ حالت نصب وجر میں التقی نہ ہو ۱۲

سے قولہ وان کانت بدلا الی قولہ شیٔ واحد (ت) اور اگر ہے وہ ہمزہ عوض کسی اصل حرف سے واؤ ہو وہ حرف یا یا تو اس اسم میں دونوں وجہ جائز ہیں جیسے کساوان اور کساآن اور واجب ہے حذف کرنا نون تثنیہ کا وقت اضافت کے کہے گا تو جاءنی غلاما زید الخ آیا میرے پاس دو غلام زید کے اور دو مسلمان شہر کے اور ایسے حذف کی جاتی ہے تا تانیث کی تثنیہ خصیہ اور الیہ میں خاص کر کہے گا تو خصیان اور الیان اس لئے کہ وہ دونوں باہم ایک دوسرے کو لازم ہیں پس گویا وہ دونوں ایک ہی شئے ہیں (ش) لفظ واوًا او یاءً خبر ہے کان محذوف کی یعنی واؤ کان او یاءً واو کی مثال کساء ہے کہ اصل میں کساؤ تھا اور یا کی مثال رداء ہے کہ اصل میں ردای تھا اور اس میں دونوں وجہ جائز ہونے سے یہ مراد کہ خواہ اس ہمزہ کو ثابت رکھو یا بدل دو ثابت رکھنے کی مثال کساوان ہے اور بدل دینے کی مثال کساوان ہے۔ ثابت رکھنا تو اس وجہ سے جائز ہے کہ وہ اصلی حرف کی جگہ ہے اور بدلنا اس وجہ سے جائز ہے کہ اصلی ہونے میں ہمزہ تانیث کے مشابہ ہے اور کذلک تحذف تا التانیث الخ کا مطلب یہ ہے کہ جب خصیۃ اور الیۃ کا تثنیہ بنایا جائے گا تو تا کو ان سے حذف کر دیں گے اور خصیان اور الیان پڑھیں گے یعنی دو خصیے اور دو سرین اور یہ تا کا حذف کرنا ان ہی دونوں اسموں میں جائز ہے اور اسماء میں ایسا نہیں ہے جیسے شجرۃ کا تثنیہ شجرتین اور شجرتان اور تمرۃ کا تمرتان ہوتا ہے اور قیاس یہاں بھی یہی تھا کہ تا حذف نہ ہوتی تو مذکر کا مؤنث سے التباس نہ لازم آتا مگر چونکہ دونوں الیے اور دونوں خصیے باہم متلازم ہیں (باقی بر صفحہ آئندہ)

(بقیہ حاشیہ) اس میں بھی تعمیم ہے کہ خواہ حقیقۃً بدلا ہوا نہیں حقیقت کی مثال رحی ہے اور حکماً کی مثل اور بلی جب کہ کسی آدمی کے یہ نام رکھ دیئے ہوں اور اکثر من الثلاثی کا یہ مطلب کہ اس میں کم سے کم چار حروف ہوں خواہ سب اصلی ہوں یا نہ ہوں ۱۲

(بقیہ حاشیہ) کہ ایک خصیہ دوسرے سے جدا نہیں ہوتا اور ایک الیہ دوسرے الیہ سے الگ نہیں ہوتا اس لئے گویا یہ دونوں بمنزلہ واحد کے ہیں لہٰذا یہ تثنیہ مفرد کے حکم میں ہوا اور تا تانیث مفرد کے وسط میں کبھی نہیں آتی (متعلقہ صفحہ ہٰذا) لہ قولہ واعلم انہ اذا اریداِلی قولہ لفظا ومعنی (ت) اور جاننا چاہئے کہ شان یہ ہے کہ جب ارادہ کیا جائے تثنیہ کو تثنیہ کی طرف مضاف کرنے کا تو اول تثنیہ کو لفظ جمع کے ساتھ تعبیر کیا جائے گا جیسے اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ فقد صغت قلوبکما پس کج ہوگئے دل تم دونوں کے اور فاقطعوا ایدیہما یعنی پس کاٹ ڈالو ہاتھ ان دونوں کے اور یہ بوجہ برا جاننے اکٹھے ہونے دو تثنیوں کے ہے اس شئے میں کہ مضبوط ہوا اتصال ان دونوں کے درمیان لفظ اور معنی کے لحاظ سے (ش) مضاف سے تنوین حذف کرنے کی وجہ بھی یہی ہے کہ تنوین دلالت کرتی ہے

واعلم انه اذا اريد اضافة المثنى الى المثنى يعبر عن الاول بلفظ الجمع كقوله تعالى فقد صغت قلوبكما فاقطعوا ايديهما وذلك لكراهة اجتماع تثنيتين فيما تأكد الاتصال بينهما لفظا ومعنى

فصل المجموع اسم دل على احاد مقصودة بحروف مفردة بتغيير ما اما لفظي كرجال في رجل او تقديري كفلك على وزن اسد فان مفرده ايضا فلك لكنه على وزن قفل فقوم ورهط ونحوه وان دل على احاد لكنه ليس بجمع اذ لا مفرد له ثم الجمع على قسمين مصحح وهو ما لم يتغير بناء واحده ومكسر وهو ما يتغير فيه بناء واحده والمصحح على قسمين مذكر وهو ما الحق باخره واو مضموم ما قبلها ونون مفتوحة كمسلمون او ياء مكسور ما قبلها ونون

في حالة الرفع لموافقة الواو ١٢ — في حالة النصب والجر لموافقة الياء ١٢

کلمہ کے انفصال پر اور مضاف مضاف الیہ میں اتصال شدید ہوتا ہے یعنی اگر تثنیہ کو تثنیہ کی طرف مضاف کریں اور مضاف کو تثنیہ ہی باقی رکھیں تو ایسی دو چیزوں میں جن کے درمیان لفظ اور معنی دونوں اعتبار سے سخت اتصال ہے دو تثنیوں کا اکٹھا ہونا لازم آتا ہے اور ایسے وہ لوگ ناپسند کرتے ہیں اس لئے مضاف کو تثنیہ نہیں بناتے اور مفرد اس لئے نہیں کرتے کہ تثنیہ کے ساتھ اس کو مشابہت نہیں مجبوراً جمع بنا لیتے ہیں اور مضاف و مضاف الیہ میں لفظاً اتصال تو ظاہر ہے کہ اعراب کا اثر صرف ایک ہی کلمہ پر ہوتا ہے اور معنی اس وجہ سے ہے کہ مضاف کا معنی مضاف الیہ کا جز ہوتے ہیں اور پہلی مثال میں قلوب کی اضافت اس کی طرف ہے اس لئے قلوب قلب کی جمع بنائی گئی ہے پھر مضاف کیا گیا ہے قلبا کما نہیں کہا گیا ہے ایسے ہی دوسری مثال میں یدا ہما کہنا چاہئے تھا مگر ایدی جمع بنا کر مضاف کیا گیا ١٢ ٭ قولہ المجموع اسم دل علی آحاد الی قولہ بناء واحدہ (ت) جمع وہ اسم ہے جو دلالت کرے اکائیوں پر ایسی اکائیاں جو قصد کی گئی ہیں اس کے مفرد کے حروف سے تھوڑے سے تغیر کے ساتھ (وہ تغیر) یا لفظی ہو جیسے رجال رجل میں یا تقدیری ہو جیسے فلک بر وزن اسد کیونکہ اس کا مفرد بھی فلک ہی ہے مگر وہ بر وزن قفل ہے پس لفظ قوم اور رہط اور اس کی مثل اگرچہ دلالت کرتے ہیں اکائیوں پر لیکن وہ جمع نہیں ہیں اس لئے کہ ان کے لئے کوئی مفرد نہیں پھر جمع دو قسم پر ہے ایک مصحح اور وہ وہ ہے جس کے واحد کا وزن نہ بدلا ہو اور ایک مکسر ہے اور وہ وہ جمع ہے کہ اس میں اس کے واحد کا وزن بدل گیا ہو (ش) آحاد واحد کی جمع ہے بمعنی اکائی اور بحروف کی با دل کے متعلق ہے اور مقصودۃ کے متعلق بھی ہو سکتی ہے اور بتغیر ما مفرد کی صفت ہے اور تغیر ما میں لفظ ما نکرہ ہے یعنی کسی قسم کا تغیر بھی ہو تو وہ کافی ہے خواہ لفظی یا تقدیری پس فلک اگر بر وزن اسد لیا جائے تو جمع ہے کیونکہ اسد بھی جمع ہے اسد کی اور اگر بر وزن قفل لیا جائے تو مفرد ہے کیونکہ قفل بھی مفرد ہے اور دل علی آحاد مقصودۃ کہنے سے اسم جنس نکل گیا جیسے نخل و تمر کیونکہ ان کی دلالت ایسی اکائیوں پر نہیں ہے جو مقصود ہوں اور بحروف مفردہ کہنے سے اسم جمع نکل گیا جیسے قوم اور رہط وغیرہ کیونکہ اگرچہ ان الفاظ کی دلالت مقصود اکائیوں پر تو ہے مگر وہ اکائیاں اس کے مفرد کے حروف سے مقصود نہیں ہیں اس وجہ سے کہ ان کا مفرد ہی کچھ نہیں اور جمع صحیح اور جمع مکسر میں جو وزن واحد کے ٹوٹنے اور نہ ٹوٹنے کا ذکر ہے اس سے مراد یہ ہے کہ جمع بنانے کی غرض سے وزن واحد ٹوٹ گیا ہو تب تو جمع تکسیر ہے اور اگر جمع بنانے کی غرض سے وزن واحد نہ ٹوٹا ہو تو وہ جمع صحیح ہے پس اگر تعلیل کے سبب (باقی بر صفحہ آئندہ)

(بقیہ ص۸۸) وزن ٹوٹ گیا ہو تو اس کا کوئی اعتبار نہ ہوگا ۳۵ قولہ والصحیح الٰی قولہ ماقبلہا نون (ت) اور جمع صحیح دو قسم پر ہے ایک مذکر اور وہ وہ جمع ہے کہ لاحق کیا گیا ہو اسکے آخر میں واو کہ مضموم ہو اس کا ماقبل اور نون مفتوحہ جو بمنزلہ تنوین کے ہے اور وہ کسرہ ہو ماقبل اس کا اور نون دیا یعنی مفتوح تاکہ دلالت کرے اس بات پر کہ اس کے ساتھ اکثر اسی سے ہے جیسے مسلمین اور یہ الحاق کرنا (جمع مذکر صحیح میں) ہوتا ہے (ش) پھر جو کہ لاحق کیا گیا ہو اس کے اخیر میں اس سے مراد یہ کہ اس کا مفرد کی طرح جمع صحیح میں وہ لفظ بحالت رفع ہوتا ہے اور واو کا ماقبل مضموم تاکہ واو کیساتھ موافقت ہے اور یا مکسور اور نون مفتوح حالت نصب و جر میں جمع نون دونوں حالتوں میں مفتوح ہوتا ہے اور دلیل کا لام الحق کے متعلق ہے اور دلیل میں ضمیر مرفوع کا مرجع مفرد ہے یعنی تاکہ دلالت کرے وہ مفرد بسبب الحاق کے اور یہ جو کہا کہ دلالت کرے اس بات پر کہ اس کے ساتھ اکثر ہیں اسی سے یعنی اس کی جنس سے اور معہ اور منہ کی ضمیر مفرد کی طرف راجع ہے ۱۲

متعلقہ صفحہ ھذا ۳۶ قولہ اما المنقوص الی قولہ وقلون فشاذ (ت) بہرحال اسم منقوص پس حذف کیا جاتا ہے اسکی یا جیسے قاضون اور داعون یعنی ادا کرنے والے اور بلانے والے اور اسم مقصور حذف کیا جاتا ہے الف اس کا اور باقی رہتا ہے اس کا ماقبل مفتوح تاکہ دلالت کرے محذوف کئے ہوئے الف پر مثلا مصطفون اور مخصوص ہے یہ جمع صحیح ذوی العقول کے ساتھ لیکن بہرحال قول عرب کا سنون اور ارضون اور ثبون اور قلون پس شاذ ہے (ش) اور اسم منقوص کی جب جمع صحیح بنائی جائیگی تو اس کی یا اس وجہ سے حذف کی جائے گی کہ حرکت نقل کرنے کے بعد التقاء ساکنین ہو جائیگا مثلا قاضون اصل میں قاضیون تھا حرکت یا کی نقل کر کے ماقبل کو دیدی پھر دو ساکن جمع ہوئے ایک یا دوسرا واو یا کو حذف کردیا قاضون ہوگیا اور داعون اصل میں داعوون تھا واو واقع ہوا طرف میں اور ماقبل کی حرکت کسرہ تھی اس لئے اس واو کو یا سے بدل دیا پھر قاضون کی طرح یا کو گرا دیا اور مصطفون اصل میں مصطفیون تھا یا کو الف سے بدل کر الف کو دو ساکنوں کے جمع ہونے سے حذف کر دیا پھر فا کا فتحہ باقی رکھا تاکہ معلوم ہو کہ یہاں الف حذف ہوا ہے اور چونکہ یہ قاعدہ کہ جمع صحیح ذوی العقول کیساتھ خاص ہے ان الفاظ میں ٹوٹتا نظر آتا ہے سنۃ بمعنی سال اور ارض بمعنی زمین اور ثبۃ بمعنی جماعت مردان اور قلۃ بمعنی گلی ڈنڈا کیونکہ یہ سب غیر ذوی العقول ہیں حالانکہ ان کی جمع واو نون کیساتھ آتی ہے تو اس کا جواب دیدیا گیا کہ یہ شاذ ہے

كذلك ليدل على ان معه اكثر منه نحو مسلمين وهذا في

اے المفتوحۃ ۱۲ — اے الحرف والالحاق فقط ای جمع الملحق — اے الواو مع المذکر ۱۲

الصحيح اما المنقوص فتحذف ياءه مثل قاضون وداعون

کقاض وداع

والمقصور يحذف الفه ويبقى ما قبلها مفتوحا ليدل على الف

کالمصطفیٰ ۱۲ — لالتقاء الساکنین ۱۲ — اے الفتح ۱۲

محذوفة مثل مصطفون ويختص باولي العلم واما قولهم

دراصل مصطفیون — اے ذوی العقول ۱۲

سنون وارضون وثبون وقلون فشاذ ويجب ان لا يكون افعل

مؤنثه فعلاء كاحمر وحمراء ولا فعلان مؤنثه فعلى كسكران

وسكرى ولا فعيلا بمعنى مفعول كجريح بمعنى مجروح ولا فعولا

بمعنى فاعل كصبور بمعنى صابر ويجب حذف نونه بالاضافة نحو

مسلمو مصر ومؤنث وهو ما الحق باخره الف وتاء نحو مسلمات و

شرطه ان كان صفة وله مذكر ان يكون مذكره قد جمع بالواو والنون نحو

اے الاسم الذی جمع بالف وتاء ۱۲ — خبرہ ۱۲

۳۷ قولہ ویجب ان لا یکون افعل الی قولہ نحو مسلمون (ت) اور واجب ہے یہ کہ نہ ہو وہ افعل کہ مونث اس کا فعلاء آئے جیسے احمر اور حمراء اور نہ فعلان ہو کہ جس کا مونث فعلی ہو جیسے سکران اور سکری اور نہ فعیل ہو جو معنی میں مفعول کے ہوتا ہے مثلا جریح بمعنی مجروح (زخمی) اور نہ فعول ہو جو معنی میں فاعل کے ہوتا ہے جیسے صبور بمعنی صابر (صبر کرنے والا) اور واجب ہے حذف کرنا اس جمع کے نون کا اضافت کے سبب جیسے مسلمو مصر (شہر کے مسلمان) اور دوسری قسم جمع مونث ہے اور وہ وہ جمع ہے جس کے آخر میں الف اور تا ہو جیسے مسلمات اور جمع مونث کی شرط اگر وہ صفت ہو اور حال یہ کہ اس کے لئے کوئی مذکر بھی ہو یہ کہ ہو اس کا مذکر جمع لایا گیا ہو واو اور نون کیساتھ جیسے مسلمون (ش) اور یہ جو کہا کہ وہ افعل نہ ہو جس کا مونث فعلاء آتا ہے اسکی وجہ یہ ہے تاکہ اس افعل میں اور افعل التفضیل میں فرق رہے کیونکہ افعل التفضیل کا جو افعل ہوتا ہے اسکی جمع افعلون کے وزن پر آتی ہے اور یہ جو کہا کہ وہ فعلان بھی نہ ہو جس کا مونث فعلی آتا ہے اسکی وجہ بھی وہی ہے تاکہ اس فعلان میں اور اس فعلان میں فرق رہے کیونکہ جس کا مونث فعلی آتا ہے اسکی جمع فعلانون نہیں آتی مثلا سکران کی جمع سکرانون نہیں آئے گی اور فعیل کے وزن نہ ہونے کی شرط اس لئے لگائی کہ اگر فعیل کے وزن پر کوئی اسم ہوگا تو اس میں مذکر اور مونث سب یکساں ہونگے تو اگر اسکی جمع مذکر واو نون کے ساتھ آئے گی تو اسکی جمع مونث الف تا کے ساتھ آئے گی پھر مذکر مونث کی برابری جو اس وزن سے مقصود تھی وہ کہاں رہے گی اور مفعول کے وزن پر ہونیکی شرط (باقی بر صفحہ آئندہ)

(بقیہ صـ۹۰) شرط لگانے کی وجہ بھی یہی ہے اور اضافت کیوقت نون جمع مذکر کا حذف ہو جاتا ہے چنانچہ مسلمو مصر میں مسلمو اصل میں مسلمون تھا تو اس کا نون اضافت کیوجہ سے گر گیا جس طرح تثنیہ کا نون حذف ہو جاتا ہے اور لفظ مؤنث کا عطف مذکر پر ہے اور یہ جو کہا الحق باخرہ الخ یعنی آخر مفردہ مراد ہے جمع مؤنث کی مثال مسلمات ہے جو مسلمۃ کی جمع ہے اور ہندات جو ہند کی جمع ہے یہ جمع غیر ذوی العقول کے ساتھ مخصوص نہیں ہے اگرچہ مذکر ہی کیوں نہ ہو جیسے الکواکب الطالعات کہ اس میں الطالعات کواکب کی صفت ہے حالانکہ کوکب مذکر ہے مگر غیر ذوی العقول ہے اور شرط کی ضمیر کا مرجع یا وہ اسم ہے جس کی جمع الف تا کے ساتھ لانا مقصود ہے اور یا مؤنث کی طرف راجع ہے مطلب یہ ہے کہ اگر وہ اسم جس کی جمع الف تا کے ساتھ لائی جاتی ہے اسم صفت ہو اور اس کیلئے کوئی مذکر بھی ہو تو یہ شرط ہے کہ اسکے مذکر کی جمع واو نون کے ساتھ لائی جاتی ہو مثلاً مسلمات کہ اس کا مذکر مسلم ہے اور اسکے **۹۰** مذکر یعنی مسلم کی جمع واو نون کے ساتھ آتی ہے اور یہ شرط اسلئے لگائی ہے کہ مذکر اصل ہوتا ہے اور مؤنث فرع تو اگر مؤنث کی جمع الف تا کے ساتھ آتی ہو اور مذکر کی جمع واو نون کے ساتھ نہ لائی جاتی ہو تو مؤنث یعنی فرع کا اصل (مذکر) سے بڑھ جانا لازم آئے گا اور حدیث شریف میں جو خضراوات الف تا کے ساتھ جمع آئی ہے حالانکہ اسکے مذکر کی جمع واو نون کے ساتھ نہیں آتی سو اسکی وجہ یہ ہے کہ خضر اصل میں وصف تھا لیکن اب اس پر اسمیت غالب آگئی ہے لہٰذا وہ حکماً اسم محض ہے ۱۲ ح ح

مسلمون وان لم یکن لہ مذکر فشرطہ ان لا یکون مؤنثا مجردا عن التاء کالحائض والحامل وان کان اسما غیر صفۃ جمع بالالف والتاء بلا شرط کھندات والمکسر صیغتہ فی الثلاثی کثیرۃ تعرف بالسماع کرجال وافراس وفلوس وفی غیر الثلاثی علی وزن فعالل وفعالیل قیاسا کما عرفت فی التصریف ثم الجمع ایضا علی قسمین جمع قلۃ وھو ما یطلق علی العشرۃ فما دونھا وابنیتہ افعل وافعال وافعلۃ وفعلۃ والجمعا الصحیح بدون اللام کزیدون ومسلمات وجمع کثرۃ وھو ما یطلق علی ما فوق العشرۃ وابنیتہ ما عدا ھذہ الابنیۃ

متعلقہ صفحہ ھذا سلے قولہ وان لم یکن الی قولہ فی التصریف (ت) اور اگر نہ ہو اسکے لئے کوئی مذکر تو اسکی شرط یہ ہے کہ نہ ہو وہ ایسا مؤنث کہ تا سے خالی کر دیا گیا ہو مثلاً حائض اور حامل اور اگر ہو اسم غیر صفت تو جمع لایا جائے گا الف اور تا کے ساتھ بغیر کسی شرط کے جیسے ہندات اور جمع مکسر صیغے اسکے ثلاثی میں بہت ہیں جو سننے سے پہچانے جاتے ہیں مثلاً رجال و افراس و فلوس اور غیر ثلاثی میں فعالل اور فعالیل کے وزن پر از روئے قیاس آتے ہیں جیسا کہ تم نے علم صرف میں جانا (ش) اور اگر اس کے لئے کوئی مذکر موجود نہ ہو تو تا سے خالی نہ ہونا شرط ہے کیونکہ اگر وہ مؤنث تا سے خالی ہو اور اسکی جمع بھی الف تا کے ساتھ جمع لائی جائے تو یہ نہ معلوم ہو سکے گا کہ اس کا مفرد تا والا ہے یا بلا تا والا اور التباس لازم ہوگا اور جمع تکسیر کے وزن ثلاثی مجرد میں مقرر نہیں ہیں بلکہ کلام عرب کے سننے پر موقوف ہیں اور بکثرت ہیں جیسے رجال رجل کی جمع اور افراس فرس کی اور فلوس فلس کی اور غیر ثلاثی میں اسکے وزن مقرر ہیں جیسے فعالل اسکی مثال دراہم ہے اور فعالیل اسکی مثال دنانیر ہے ۱۲ سلے قولہ ثم الجمع ایضا الی قولہ فما دونھا (ت) جمع پھر دو قسم پر ایک جمع قلت اور وہ وہ جمع ہے کہ جس کا اطلاق دس اور اس سے کم پر ہوتا ہے (ش) جب جمع کی تقسیم بلحاظ لفظ کر چکے تو اب اسکی تقسیم بلحاظ معنی کرتے ہیں اور یہ جو تقسیم ہے خاص جمع تکسیر ہی کی نہیں ہے بلکہ جمع مطلق کی ہے اور فما دونہا جو کہا اس سے مراد یہ ہے کہ دس سے کم بھی اس کا اطلاق کیا جاتا ہو مگر یہ بات واضح ہے کہ یہ کمی تین سے نیچے نہیں جائے گی ۱۲ سلے قولہ وابنیتہ افعل الی قولہ ومسلمات (ت) اور اسکے اوزان افعل اور افعال اور افعلۃ اور فعلۃ ہیں اور دو صیغے جمع صحیح کے بغیر لام کے جیسے زیدون اور مسلمات (ش) ابنیۃ جمع بناء کی ہے یعنی وزن افعل کی مثال جیسے اکلب یہ کلب کی جمع اور افعال کی مثال جیسے اجسام کہ یہ جسم کی جمع ہے اور افعلۃ کی مثال اشلۃ ہے کہ رشال کی جمع ہے اور فعلۃ کی مثال غلمۃ ہے کہ یہ غلام کی جمع ہے اور جمعا الصحیح میں جمعا اصل میں جمعان تھا نون بوجہ اضافت کے گر گیا اور ان دونوں جمع صحیح سے مراد جمع مذکر اور جمع مؤنث ہے اور فراء نے ایک وزن فعلۃ بھی زیادہ کیا ہے جیسے اکلۃ آکل کی جمع ہے اور بعض نے افعلاء کو بھی اس میں داخل کیا ہے جیسے اصدقاء اور بدون اللام تمام وزنوں کی قید ہے لہٰذا ان میں سے اگر کوئی وزن بھی معرف باللام ہو (باقی بر صفحہ آئندہ)

(باقی بر صفحہ آئندہ)

(بقیہ صفحہ ۹۰) تو اس کا حکم ایسا نہ ہوگا اس لئے کہ اصل معرف باللام میں استغراق ہے ۱۲ سے قولہ جمع کثرۃ الی قولہ بناء الابنیۃ (ت) اور دوسری قسم جمع مطلق کی جمع کثرت ہے اور وہ جمع ہے جس کا اطلاق کیا جاتا ہے دس سے زیادہ پر اور اس کے اوزان ان وزنوں کے ماسوا ہیں (ش) اور جمع کثرت جو فوق عشرہ پر اطلاق کی جاتی ہے سو وہ کسی خاص حد تک محدود نہیں ہوتی بلکہ جتنے بھی عدد ہوں سب پر اطلاق کی جاتی ہے اور کبھی ایسا بھی ہوتا ہے کہ ایک جمع کا وزن دوسری جمع میں استعمال کیا جاتا ہے باوجودیکہ دوسری کا وزن موجود ہوتا ہے مثلاً ثلثۃ قروء میں فعول کا وزن آگیا حالانکہ اقراء اس کے لئے موجود تھا لیکن اس میں کوئی نہ کوئی نکتہ فوید ہوتا ہے ۱۲ ع ۵ لے لذالک المونث فی الصفۃ ۱۲ عہ اے شرط اسم کہ جمع آورده شود بتا ۱۲
سے ۱ے ذالک المونث او الاسم ۱۲ ۱۲ + + + +

(۹۱) متعلقہ صفحہ ھذا) لے قولہ فصل المصدر اسم یدل الی قولہ والفعللۃ والتفعلل مثلاً (ت)

فصل المصدر اسم یدل علی الحدث فقط ویشتق منه الافعال کالضرب والنصر مثلا وابنیته من الثلاثی المجرد غیر مضبوطة تعرف بالسماع ومن غیرہ قیاسیة کالافعال والانفعال والاستفعال والفعللة والتفعلل مثلا فالمصدر ان لم یکن مفعولا مطلقا یعمل عمل فعله اعنی یرفع الفاعل ان کان لازما نحو اعجبنی قیام زید و ینصب مفعولا ایضا ان کان متعدیا نحو اعجبنی ضرب زید عمرا ولا یجوز تقدیم معمول المصدر علیه فلا یقال اعجبنی زید ضرب عمرا او عمرا ضرب زید ویجوز اضافته الی الفاعل نحو کرهت ضرب زید عمرا والی المفعول نحو کرهت ضرب

مصدر ایک اسم ہے جو دلالت کرتا ہے فقط حدث پر اور اس سے افعال مشتق ہوتے ہیں جیسے الضرب اور النصر مثلاً اور اس کے وزن ثلاثی مجرد سے ضبط کئے ہوئے نہیں ہیں بلکہ سننے سے پہچانے جاتے ہیں اور ثلاثی کے غیر سے قیاسی ہیں جیسے افعال انفعال استفعال فعللۃ تفعلل مثلاً (ش) تمام متعلقات فعل سے پہلے مصدر کو لانا اس کی دلیل ہے کہ مصنف کے نزدیک مصدر اشتقاق میں اصل ہے جیسے بصریوں کی رائے ہے تعریف میں لفظ اسم بڑھا کر اس طرف اشارہ کر دیا کہ مصدر ان کے نزدیک لفظ کا نام ہے نہ کہ معنی کا اور جس طرح مصدر سے افعال مشتق ہوتے ہیں اسی طرح متعلقات فعل بھی اور اشتقاق کی تعریف یہ ہے کہ وہ ایک کلمہ کو دوسرے کلمہ کی طرف رد کرنا اور لوٹانا ہے اس وجہ سے کہ ان دونوں میں لفظی اور معنوی مناسبت ہے اور مناسبت لفظی تو ظاہر ہے اور مناسبت معنویہ یہ ہے کہ مشتق منہ کے معنی مشتق میں داخل ہوں اور اوزان ثلاثی مجرد کے محفوظ نہیں ہیں بلکہ عرب سے سننے جانے پر موقوف ہیں اور دوسرے الفاظ کو سنے ہوؤں پر قیاس نہیں کر سکتے اور سیبویہ کے نزدیک وہ اوزان تینتیس ہیں جیسا کہ علم صرف میں اس کی تفصیل مذکور ہے اور غیر ثلاثی مجرد کے اوزان کو قیاس کر سکتے ہیں۔ ۲ے قولہ فالمصدر ان لم یکن الی قولہ کرهت ضرب عمرو زید (ت) پس مصدر اگر نہ ہو مفعول مطلق تو وہ عمل کرے گا اپنے فعل کا سا عمل کرنا مراد لیتا ہوں رفع دیگا فاعل کو اگر ہو لازم جیسے اعجبنی قیام زید پسند آیا مجھ کو زید کا کھڑا ہونا اور نصب دیگا مفعول کو بھی اگر ہو متعدی جیسے اعجبنی ضرب زید عمرا پسند آیا مجھ کو زید کا عمرو کو مارنا اور نہیں جائز ہے مقدم کرنا معمول مصدر کو مصدر پر پس نہ بولا جائیگا اعجبنی زید ضرب عمرا اور نہ یہ بولا جائے گا کہ عمرا ضرب زید اور جائز ہے مصدر کو مضاف کرنا فاعل کی طرف جیسے کرهت ضرب زید عمرا یعنی برا جانا میں نے زید کا عمرو کو مارنا اور مضاف کرنا مفعول کی طرف جیسے کرهت ضرب عمرو زید برا جانا میں نے عمرو کو زید کا مارنا (ش) یعنی اگر مصدر مفعول مطلق نہ ہو تو وہ اپنے فعل کا سا عمل کریگا اپنے فعل سے وہ فعل مراد ہے جو اس مصدر سے مشتق ہوا ہو اور اس مصدر کے عمل میں یہ قید نہیں ہے کہ وہ زمانہ حال یا استقبال رکھتا ہو بلکہ اگر ماضی کا زمانہ بھی رکھتا ہوگا تب بھی عمل کریگا اور مثال مذکور یعنی اعجبنی قیام زید میں دونوں مرفوع ہیں بلا اضافت کے اسی طرح دوسری مثال ضرب زید میں بھی دونوں مرفوع ہیں اور اعجبنی زید ضرب عمرا بولنا ناجائز ہے کیونکہ اس میں زید ضرب کا فاعل ہے اور وہ ضرب سے پہلے ہے اور نہ اعجبنی عمرا ضرب زید جائز ہے کیونکہ اس میں عمرا ضرب کا مفعول ہے اور وہ ضرب سے مقدم ہے خلاصہ یہ کہ ضرب مصدر کا تو فاعل اس سے پہلے آ سکتا ہے اور نہ مفعول اس کی وجہ یہ ہے کہ مصدر (باقی بر صفحہ آئندہ)

(بقیہ صفحہ ۹۱) کہ مصدر ان مع الفعل کی تقدیر میں ہوتا ہے اور یہ قانون ہے کہ ان کی خبر میں جو چیز ہوتی ہے وہ اس ان سے متقدم کسی اسم میں عمل نہیں کر سکتی لیکن علامہ رضی نے ظرف میں اس کو جائز بتلایا ہے واللہ اعلم۔ اور جب مصدر کی اضافت فاعل کی طرف کی جائے تو مفعول کا ذکر اور حذف دونوں جائز ہیں ایسے ہی جب اسکی اضافت مفعول کی طرف کی جائے تو فاعل کا ذکر اور حذف دونوں جائز ہیں البتہ محذوف کیلئے قرینہ شرط ہے اور اضافت الی الفاعل اور حذف مفعول کی مثال کرہت ضرب زید ہے اور اضافت الی المفعول اور حذف فاعل کی مثال لایسام الانسان من دعاء الخیر ہے کہ اس میں خیر مفعول بہ ہے اور فاعل محذوف ہے ۱۲ (متعلقہ صفحہ ھذا) ۱ قولہ واما ان کان مفعولا مطلقا الی قولہ ومنصوب بضربت (ت) اور بہر حال اگر ہو مصدر مفعول مطلق پس عمل اس فعل کے لئے ہوگا جو اس سے پہلے ہے جیسے ضربت

۹۲

ضربا عمرا مارا میں نے مارنا عمرو کو پس لفظ عمرو منصوب ہے بوجہ ضربت کے (ش) اور مصدر جب مفعول مطلق ہو تو اس حالت میں عمل نہیں کریگا بلکہ اسوقت عامل وہ فعل ہوگا جس کا یہ مصدر مفعول مطلق ہے کیونکہ عامل قوی کے موجود ہوتے ضعیف عامل کا معمول بنانا درست نہیں ۱۲ ۲ قولہ فصل اسم الفاعل اسم الی قولہ کمدخل ومستخرج (ت) اسم فاعل وہ اسم ہے جو مشتق ہوتا ہے فعل سے تاکہ دلالت کرے اس ذات پر جس کے ساتھ فعل قائم ہے اس حال میں کہ ثابت ہو وہ اسم معنی حدوث اور صیغہ اسم فاعل کا ثلاثی مجرد سے بروزن فاعل آتا ہے جیسے ضارب اور ناصر اور غیر ثلاثی مجرد سے اس صیغہ مضارع کے وزن پر آتا ہے جو اس فعل سے بنایا جائے مع میم مضموم کے بجائے علامت مضارع کے اور مع کسرہ ماقبل آخر کے جیسے مدخل اور مستخرج (ش) اور یہ جو کہا کہ اسم فاعل وہ اسم ہے جو مشتق ہوتا ہے اسکے کہنے سے غیر مشتق نکل گیا کیونکہ اس کا نام اسم فاعل نہیں ہے مشتق بھی فعل سے بتلایا کیونکہ اگر تمام صفات مصدر ہی سے مشتق ہوتے ہیں مگر بالواسطہ تو اسم فاعل بذات خود فعل سے مشتق ہے اگرچہ فعل مصدر سے مشتق ہوتا ہے اور لیدل کا لام مشتق کے متعلق ہے اور من قام بہ الفعل کہنے سے اسم مفعول نکل گیا کیونکہ وہ وہ اسم ہے جو فعل سے مشتق ہوتا ہے تاکہ اس ذات پر دلالت کرے جس پر فعل واقع ہوا اور بمعنی الحدوث کہنے سے صفت مشبہ نکل گئی کیونکہ وہ بمعنی الثبوت ہوتی ہے نہ بمعنی الحدوث جیسے حسن اور کریم وہ شخص ہوتا ہے جس کے لئے حسن اور کرم دائم ثابت ہو نہ وہ کہ جس کے لئے یہ صفات

عمرٌو زيدٌ وأمّا إن كان مفعولاً مطلقاً فالعملُ للفعلِ الذي قبله

نحو ضربتُ ضرباً عمراً فعمرٌو منصوبٌ بضربتُ فصلٌ اسمُ

الفاعلِ اسمٌ مشتقٌّ من فعلٍ ليدلَّ على من قامَ به الفعلُ

بمعنى الحدوثِ وصيغتُه من الثلاثيِّ المجرّدِ على وزنِ فاعلٍ

كضاربٍ وناصرٍ ومن غيرِه على صيغةِ المضارعِ من ذلك

الفعلِ بميمٍ مضمومةٍ مكانَ حرفِ المضارعةِ وكسرِ ما قبلَ الآخرِ

كمُدخِلٍ ومستخرِجٍ وهو يعملُ عملَ فعلِه المعروفِ إن كان

بمعنى الحالِ والاستقبالِ ومعتمداً على المبتدأ نحو زيدٌ قائمٌ

أبوه أو ذي الحالِ نحو جاءني زيدٌ ضارباً أبوه عمراً أو موصولٍ

نحو مررتُ بالضاربِ أبوه عمراً أو موصوفٍ نحو عندي رجلٌ ضاربٌ

عدم کے بعد حادث ہوں اور اسم تفضیل بھی اس سے خارج ہو گئی اور من الثلاثی المجرد جار اور مجرور باہم مل کر متعلق الثابتہ محذوف کے ہو کر صیغہ کی صفت ہو یعنی الثابتۃ یا الکائنۃ من الثلاثی المجرد اور یہ جملہ کہ ومن غیرہ علی صیغۃ المضارع جملہ وصیغتہ من الثلاثی المجرد پر معطوف ہے اور غیر ثلاثی مجرد میں ثلاثی مزید فیہ بھی داخل ہے اور علامت مضارع کی جگہ میم مضموم ہر حال میں لائی جائے گی خواہ علامت مضارع مضموم ہو یا نہ ہو ایسے ہی ماقبل آخر کو کسرہ ہر حال میں دیا جائے گا خواہ مضارع میں مکسور ہو یا نہ ہو ۱۲ ۳ قولہ وھو یعمل عمل فعلہ الی قولہ نحو ما قائم زید (ت) اور وہ اسم فاعل اپنے فعل معروف کا سا عمل کرتا ہے اگر ہو وہ اسم فاعل معنی میں حال یا استقبال کے اور ہو اعتماد کرنے والا مبتدا پر جیسے زید قائم ابوہ زید کھڑا ہونیوالا ہے باپ اس کا یا اعتماد کرنے والا ذوالحال پر جیسے جاءنی زید ضاربا ابوہ عمرا (باقی بر صفحہ آئندہ)

(بقیہ صفحہ ۹۲) آیا میرے پاس ... کہ ما زید الا ضارب ابوہ عمروا ... اعتماد کرنے والا موصول پر جیسے صورت بالضارب ابوہ عمرو ... [illegible]

جیسے ... ضارب ابوہ عمرو ... اعتماد کرنے والا ہمزہ استفہام پر جیسے اقائم زید ... اعتماد کرنے والا حرف نفی پر جیسے ما قائم زید ... [illegible]

... اسم فاعل کا عمل مضارع کی مشابہت کی وجہ سے ہے ... زمانہ حال یا استقبال شرط کر دیا گیا اور اعتماد کی شرط ... [illegible]

... کا استعمال ان تینوں صورتوں میں ... [illegible]

... اعتماد کی شرط نہیں کرتے ہیں ۱۲

ابوه عمرو او همزة الاستفهام نحو اقائم زيد او حرف النفي نحو ما قائم زيد فان كان بمعنى الماضي وجبت الاضافة معنى نحو زيد ضارب عمرو امس هذا اذا كان منكرا اما اذا كان معرفا باللام يستوي فيه جميع الازمنة نحو زيد الضارب ابوه عمرو الآن او غدا او امس

فصل اسم المفعول اسم مشتق من فعل متعد ليدل على من وقع عليه الفعل وصيغته من مجرد الثلاثي على وزن مفعول لفظا كمضروب او تقديرا كمقول ومرمي ومن غيره كاسم الفاعل بفتح ما قبل الآخر كمدخل ومستخرج ويعمل عمل فعله المجهول بالشرائط المذكورة في اسم الفاعل نحو زيد مضروب غلامه الآن او غدا او امس

متعلقہ صفحہ ہذا ~~۱~~ قولہ فان کان بمعنی الماضی الخ نحو زید ضارب عمرو امس (ت) پس اگر ہو اسم فاعل معنی میں ماضی کے تو واجب ہے اضافت معنوی جیسے زید ضارب عمرو امس ... (ش) اسم فاعل ... [illegible] ... حال یا استقبال ... اضافت معنوی ... اضافت لفظی ... معمول کی طرف مضاف ہے ... [illegible]

~~۲~~ قولہ ہذا اذا کان منکرا الخ او غدا او امس (ت) یہ جو بیان ہوا کہ اسم فاعل کو بشرط حال یا استقبال ... جب اسم فاعل نکرہ ہو ... جب معرف باللام ہو تو اس میں تمام زمانے برابر ہوتے ہیں جیسے زید الضارب ابوہ عمرو الآن ... یا کل آئندہ یا کل گزشتہ ... [illegible]

~~۳~~ قولہ فصل اسم المفعول الخ کمدخل ومستخرج (ت) اسم مفعول وہ اسم مشتق ہے فعل متعدی سے ... [illegible]

... قولہ ویعمل عمل فعلہ الی قولہ او غدا او امس (ت) اور عمل کرتا ہے وہ اسم مفعول ... ان شرائط کے جو اسم فاعل میں ذکر کیے گئے جیسے زید مضروب غلامہ الآن ... یا کل آئندہ یا کل گزشتہ ... [illegible] (باقی برصفحہ آئندہ)

(بقیہ صفحہ ۹۳) مشابہت رکھتا ہے اور اسکے ساتھ ساتھ یہ کہ جس طرح کہ اسم فاعل محتاج ہوتا ہے اسی کا یہ بھی محتاج ہوتا ہے اسلئے مشابہت فعل اور شرائط کی شرطیت میں اسم فاعل کا شریک ہو گیا اور زمانہ حال یا استقبال کی شرط متقدمین نحویوں کے کلام میں نہیں پائی گئی لیکن متاخرین نے یہ شرط اعتبار کی ہے اور کتاب میں لفظ مضروب اس قول میں کہ نحو زید مضروب الآن غیر معرف باللام ہے تو شاید مصنف نے متقدمین کا مسلک اختیار کیا ہے ورنہ کاتب کی غلطی ہے مضروب لکھا گیا ہے اور صحیح المضروب الف لام کے ساتھ واللہ اعلم ۱۲ از عاجز شارح محمد حیات عفی عنہ (متعلقہ صفحہ ھذا) لے قولہ فصل الصفۃ المشبہۃ الی قولہ ثمانیۃ عشرت صفت مشبہ وہ اسم ہے جو مشتق ہوتا ہے فعل لازم سے تاکہ دلالت کرے اس ذات پر کہ قائم ہو اس کے ساتھ فعل بمعنی ثبوت اور اس کا صیغہ اسم فاعل اور اسم مفعول کے خلاف ہے اور سوائے اس کے نہیں کہ پہچانے جاتے ہیں صیغے اس کے سننے سے جیسے حسن اچھا اصعب دشوار ظریف خوش طبع اور وہ صفت مشبہ عمل کرتا ہے

اپنے فعل کی مثل مطلقاً (یعنی لازم یا متعدی) بشرط اعتماد مذکور اور صفت مشبہ کے مسائل اٹھارہ ہیں (ش) صفت مشبہ کو مشبہ اس وجہ سے کہتے ہیں کہ وہ اسم فاعل کے ساتھ مشابہ ہوتی ہے یعنی تثنیہ اور جمع اور مذکر اور مؤنث ہونے میں اور اسم مشتق من فعل لازم کہنے سے وہ اسم فاعل اور اسم مفعول اور افعل التفضیل خارج ہو گئے جو فعل متعدی سے مشتق ہوتے ہوں اور لیدل علی من قام بہ الفعل کہنے سے اسم زمان اور اسم مکان اور اسم آلہ نکل گیا اور بمعنی الثبوت کہنے سے وہ اسم تفضیل اور اسم فاعل نکل گیا جو فعل لازم سے مشتق ہوتا ہے اور بمعنی الثبوت ترکیب میں حال ہے یعنی حال کون ذالک الاسم کائنا بمعنی الثبوت جیسے زید کریم میں کریم کے معنی اس شخص کے ہیں جس کیلئے کرم ثابت ہو نہ اس کے جس کیلئے کرم حادث ہو اور صفت مشبہ کے صیغے اسم فاعل اور اسم مفعول کے صیغوں کے برخلاف ہیں اور یہ بات یاد رکھو کہ صفت مشبہ کا عمل اپنے فعل لازم کے ساتھ اس بات میں مخالف ہے کہ فعل لازم تو کسی اسم کو نصب نہیں دیتا مگر صفت مشبہ اسم کو مفعول کے ساتھ مشابہ کر کے نصب دیتا ہے اور یہ جو کہا کہ مسائلہا ثمانیۃ عشر سوان پر مسائل کا اطلاق اس وجہ سے کیا کہ ان کے حکم سے سوال کیا جاتا اور بحث کیجاتی ہے ۱۲

فصل

الصفة المشبهة اسم مشتق من فعل لازم ليدل على من قام به الفعل بمعنى الثبوت وصيغتها على خلاف صيغة اسم الفاعل والمفعول وانما تعرف بالسماع كحسن وصعب وظريف وهي تعمل عمل فعلها مطلقا بشرط الاعتماد المذكور ومسائلها ثمانية عشر لأن الصفة اما باللام او مجردة عنها ومعمول كل واحد منهما اما مضاف او باللام او مجرد عنهما فهذه ستة ومعمول كل منها اما مرفوع او منصوب او مجرور فذلك ثمانية عشر وتفصيلها نحو جاءني زيد الحسن وجهه ثلثة اوجه وكذلك الحسن الوجه والحسن وجه وحسن وجهه وحسن الوجه وحسن وجه وهي على خمسة اقسام منها ممتنع الحسن وجه والحسن وجهه

کے قولہ لان الصفۃ اما باللام الی قولہ والحسن وجہہ۔ (ت) صفت مشبہ یا الف لام کے ساتھ ہوگی یا خالی از الف لام اور معمول ہر ایک کا ان دونوں میں سے یا مضاف ہوگا یا معرف باللام ہوگا یا خالی از ہر دو پس یہ کل چھ قسمیں ہوئیں اور معمول ہر ایک کا ان چھوں میں سے یا مرفوع ہوگا یا منصوب یا مجرور پس یہ سب قسمیں اٹھارہ ہوئیں اور تفصیل ان مسائل کی یہ ہے کہ جیسے جاءنی زید الحسن وجہہ یہ تین صورتیں ہیں یعنی آیا میرے پاس زید کہ حسین ہے چہرہ اس کا اور ایسے ہی الحسن الوجہ اور حسن وجہہ اور حسن وجہ اور حسن الوجہ اور وہ مسائل صفت مشبہ کے پانچ قسم پر ہیں بعض ان میں ممتنع ہیں یعنی الحسن وجہ اور الحسن وجہہ (ش) صفت مشبہ کے اٹھارہ مسائل کی تفصیل یہ ہے کہ صفت مشبہ دو حال سے خالی نہیں یا اس پر الف لام تعریف کا داخل ہوگا جیسے الحسن اور یا نہ ہوگا جیسے حسن اور پھر دونوں قسموں میں سے ہر ایک کا معمول تین حال خالی نہیں یا معرف باللام ہوگا جیسے الوجہ یا مضاف ہوگا جیسے وجہہ یا دونوں سے خالی ہوگا جیسے وجہ پس یہ کل چھ قسمیں ہوئیں کیونکہ دو کو تین میں ضرب دینے سے چھ قسمیں ہوتی ہیں پھر ان چھ قسموں میں سے ہر ایک قسم کا معمول یا مرفوع ہوگا یا منصوب یا مجرور تو کل اٹھارہ قسمیں ہوئیں کیونکہ چھ کو تین میں ضرب دینے سے اٹھارہ ہوتے ہیں اور یہ جو کہا کہ فذالک ثمانیۃ عشر یہ جملہ مستانفہ ہے اور سوال محذوف کا جواب ہے سوال یہ تھا کہ کم کانت الاقسام کل قسمیں کتنی ہوئیں تو اس کا جواب یہ ہوگا کہ اٹھارہ خلاصہ یہ ہے کہ صفت مشبہ کی استعمال کی جو کل اٹھارہ صورتیں ہیں ان میں سے بعض صورتیں ممتنع یعنی ناجائز ہیں اور وہ کل دو ہیں اول صفت مشبہ معرف باللام اور معمول مجرور دوسرے صفت مشبہ معرف باللام اور معمول مضاف مجرد اور ان کے ناجائز ہونے کی وجہ یہ ہے کہ ان میں اضافت بیکار ہے باقی بر صفحہ آئندہ

(بقیہ ص۹۴) اور دوسری صورت میں علاوہ اضافت کے بیکار رہنے کے یہ بات بھی ہے کہ معرفہ کی اضافت نکرہ کی طرف لازم آتی ہے جو اضافت کی وضع کے خلاف ہے اور گو یہ اضافت لفظی ہے لیکن اس بارہ میں یہ اضافت معنویہ کا حکم رکھتی ہے ۱۲ (متعلقہ صفحہ ھذا) ۱؎ قولہ ومختلف فیہ الی قولہ نحو زید حسن وجہہ (ت) اور بعض قسمیں مختلف فیہ ہیں (یعنی) حسن وجہہ اور باقی سب قسمیں احسن ہیں اگر ان میں ایک ضمیر ہو اور حسن ہیں اگر ان میں دو ضمیریں ہوں اور قبیح ہیں اگر ان میں کوئی ضمیر نہ ہو اور قاعدہ کلیہ یہ ہے کہ تو جب اس صفت کی وجہ سے رفع دے اس کے معمول کو تو کوئی ضمیر نہ ہوگی صفت میں اور جب نصب دے گا تو یا جر دے گا تو اس صفت میں موصوف کی طرف لوٹنے والی ضمیر ہوگی جیسے زید حسن وجہہ (ش) اور بعض صورتیں مختلف فیہ ہیں اور وہ وہ صفت مشبہ ہے جو الف لام سے خالی ہو اور اس کا معمول مجرور مضاف ہو اور بعض لوگ یہ سمجھ کر کہ اسمیں اضافت شئی کی اپنے نفس کی طرف لازم آتی ہے ناجائز کہتے ہیں اور بعض جائز کہتے ہیں اور یہی قوی ہے اسلئے کہ حسن کا لفظ وجہ سے عام ہے اور ان کے علاوہ باقی پندرہ صورتوں میں سے کل صورتوں کا یہ حکم ہے کہ اگر اس میں صرف ایک ضمیر ہے تو وہ احسن ہے کیونکہ اس سے مقصد مع الاختصار حاصل ہے یعنی موصوف کے ساتھ لفظوں میں ربط ہے اور اگر اس میں دو ضمیریں ہیں تو وہ حسن ہے کیونکہ گو مقصد تو اس میں بھی حاصل ہے مگر کچھ مقصد سے زیادتی بھی ہے اسلئے احسن سے کم درجہ ہے اور اگر ایک بھی ضمیر نہ ہو تو وہ قبیح ہے کیونکہ موصوف کے ساتھ ربط جو مقصود تھا حاصل نہیں اور چونکہ صفت مشبہ میں ضمیر ہونا نہ ہونا پوشیدہ چیز ہے اور معمول میں ضمیر کا ہونا نہ ہونا اظہر ہے اس لئے اس کا ایک ضابطہ بتلانا پڑا کہ یہ بات دیکھو کہ معمول مرفوع ہے یا منصوب یا مجرور اگر معمول صفت مشبہ کی وجہ سے مرفوع ہے تو صفت میں ضمیر نہ ہوگی کیونکہ وہ معمول صفت کا فاعل ہو جائے گا اور اگر معمول منصوب یا مجرور ہوگا تو صفت میں ضمیر ضرور ہوگی تاکہ وہ صفت کا فاعل بنے ۱۲ تمام قسموں کو مع امثلہ و احکام اس نقشہ سے سمجھ سکتے ہو

۱؎ ومختلف فیه حسن وجهه والبواقی احسن ان کان فیه ضمیر واحد وحسن ان کان فیه ضمیران وقبیح ان لم یکن فیه ضمیر والضابطة انك متی رفعت بها معمولها فلا ضمیر فی الصفة ومتی نصبت او جررت ففیها ضمیر الموصوف نحو زید حسن وجهه

نمبر شمار	قسم صفت مشبہ	قسم معمول	رفع بوجہ فاعلیت	حکم	نصب بوجہ تشبیہ بمفعول یا تمیز	حکم	جر بوجہ اضافت	حکم
۱	جب کہ صفت مشبہ معرف باللام ہو	جبکہ معمول مضاف ہو	زید الحسن وجہہ	احسن	زید الحسن وجہہ مشابہ بہ مفعول	حسن	زید الحسن وجہہ	ممنوع
۲	″	جبکہ معمول معرف باللام ہو	زید الحسن الوجہ	قبیح	زید الحسن الوجہ مشابہ بہ مفعول	احسن	زید الحسن الوجہ	احسن
۳	″	جب کہ معمول نہ معرف باللام ہو نہ مضاف	زید الحسن وجہٌ	″	زید الحسن وجہًا مشابہ بہ تمییز	احسن	زید الحسن وجہٍ	ممنوع
۴	جبکہ غیر معرف باللام ہو	جبکہ معمول مضاف ہو	زید حسن وجہہ	احسن	زید حسنٌ وجہہ مشابہ بہ مفعول	حسن	زید حسن وجہہ	مختلف فیہ
۵	″	جبکہ معمول معرف باللام ہو	زید حسن الوجہ	قبیح	زید حسن الوجہ مشابہ بہ مفعول	احسن	زید حسن الوجہ	احسن
۶	″	جبکہ معمول نہ معرف باللام ہو نہ مضاف	زید حسن وجہٌ	″	زید حسن وجہًا	″	زید حسن وجہٍ	″

لہ قولہ اسم التفضیل الیٰ قولہ واقبح عرجا (ت) اسم تفضیل وہ اسم ہے جو مشتق ہوتا ہے فعل سے تاکہ دلالت کرے اس پر جو موصوف ہے زیادتی کے ساتھ اپنے غیر پر اور صیغہ اس کا افعل ہے پس نہیں بنایا جائے گا مگر ثلاثی مجرد سے وہ ثلاثی مجرد جو نہ ہو رنگ اور نہ عیب جیسے زید افضل الناس زید سب لوگوں سے افضل ہے یعنی بہتر ہے اور اگر ہو وہ زائد ثلاثی سے یا ہو رنگ یا عیب تو واجب ہوگا یہ کہ بنایا جاوے کوئی فعل ثلاثی مجرد سے تاکہ دلالت کرے مبالغہ اور شدت اور کثرت پر پھر ذکر کیا جائے اس افعل کے بعد اس فعل کا مصدر اس حال میں کہ منصوب ہو بنا بر تمیز کے جیسا کہ کہے گا تو ہو اشد استخراجا وہ بہت سخت ہے نکالنے میں ہو اقوی حمرۃ وہ زیادہ سخت ہے سرخی میں ہو اقبح عرجا وہ بہت برا ہے لنگڑا ہونے میں (مش) علی غیرہ کی ضمیر موصوف کی طرف راجع ہے اور لفظ علی الموصوف کہا اور علی من قام بہ یا علی من وقع علیہ نہیں کہا تاکہ اسم تفضیل کی دونوں قسموں کو شامل ہو جائے یعنی اس کو جو فاعل کی زیادتی کے لئے آتا ہے اور اس کو بھی جو مفعول کی زیادتی کے لئے آتا ہے جیسے اضرب بمعنی زیادہ ضارب اور اشہر بمعنی زیادہ مشہور اور افعل جو صیغہ ہے مذکر کے لئے ہے اور مونث کے لئے فعلیٰ ہے اور خیر اور شر بھی صیغہ اسم تفضیل کا ہے کیونکہ وہ اصل میں اخیر اور اشرر تھا اور چونکہ رباعی اور ثلاثی مزید سے افعل کا وزن نہیں بن سکتا اس لئے افعل التفضیل ان سے نہیں آتا اسی طرح رنگ اور عیب کے معنی میں جو مصدر ہوا ہے بھی افعل التفضیل نہیں آتا کیونکہ اس سے افعل صفتی آتا ہے جیسے اعمیٰ اور اعور عیب کے لئے اور احمر اور اصفر رنگ کے لئے اور اگر کوئی چاہے کہ ثلاثی مزید یا رباعی سے اسم تفضیل کے معنی ادا کرے تو اس کی ترکیب یہ ہے کہ شدت یا کثرت یا مبالغہ پر دلالت کرنے والے مصدر سے افعل بناؤ پھر جس مصدر کو اسم تفضیل کے معنی ادا کرتے ہیں اس کو اس افعل کے بعد ذکر کرو مثلاً استخراج سے اسم تفضیل کے معنی ادا کرنے ہوں تو لفظ اشد کے بعد استخراج کو منصوب لاؤ اور یوں کہو کہ اشد استخراجا اور حمرۃ سے اسم تفضیل کے معنی ادا کرنے ہوں تو اقویٰ حمرۃ کہو جو رنگ کے معنی میں ہے اور عرج جو عیب ہے اس سے اسم تفضیل کے معنی ادا کرنے ہوں تو اقبح عرجا کہو۔

فصل اسمُ التفضیلِ اسمٌ مشتقٌّ من فعلٍ لیدلَّ علی الموصوفِ بزیادةٍ علی غیرِہٖ وصیغتُہٗ اَفْعَلُ فلا یُبنیٰ الّا من الثلاثیِ المجردِ الذی لیس بلونٍ ولا عیبٍ نحو زیدٌ افضلُ الناسِ فانْ کان زائدًا علی الثلاثیِ او کان لونًا او عیبًا یجبُ ان یُبنیٰ افعلُ من الثلاثیِ المجردِ لیدلَّ علی مبالغةٍ وشدةٍ وکثرةٍ ثم یذکرُ بعدَہٗ مصدرُ ذٰلک الفعلِ منصوبًا علی التمییزِ کما تقولُ ھو اشدُّ استخراجًا واقویٰ حُمرةً واقبحُ عَرَجًا وقیاسُہٗ ان یکونَ للفاعلِ کما مرَّ وقد جاء للمفعولِ قلیلًا نحو اعذرُ واشغلُ واشھرُ واستعمالُہٗ علی ثلٰثةِ اوجُہٍ

لہ قولہ وقیاسہ ان یکون للفاعل الیٰ قولہ واستعمالہ علی ثلثۃ اوجہ (ت) اور قیاس اسم تفضیل کا یہ ہے کہ وہ فاعل کے لئے ہو جیسا کہ گذرا اور کبھی آجاتا ہے مفعول کے لئے بھی جیسے اعذر زیادہ معذور اور اشغل زیادہ مشغول اور اشہر زیادہ مشہور اور استعمال اسم تفضیل کا تین طرح ہوتا ہے (مش) اور قیاس تو یہی ہے کہ اسم تفضیل زیادتی معنی فاعل کے لئے ہو لیکن کبھی زیادتی معنی مفعول کے لئے بھی آجاتا ہے اور اس کی وجہ کہ قیاس سے زیادتی معنی فاعل کے لئے آنا چاہئے یہ ہے کہ اسم تفضیل اس ذات کے لئے موضوع ہے جس کے لئے فعل میں زیادتی اور نقصان کی تاثیر ہو اور وہ فاعل ہی ہوتا ہے دوسری وجہ یہ بھی ہے کہ اگر دونوں معنی کی زیادتی کے لئے آوے تو التباس لازم آئیگا اور جس طرح زیادتی معنی فاعل کے لئے اسم تفضیل کا آنا قیاسی ہے ایسے ہی زیادتی معنی صفت مشبہ کے لئے بھی جیسے اکرم اور احسن وغیرہ اور اسم تفضیل مفعول کے معنی کی زیادتی کے لئے بہت کم آتا ہے لفظ قلیلا کتابوں میں یا ظرف ہے بمعنی زمانا قلیلا اور یا مفعول مطلق ہے بمعنی مجیئا قلیلا اور لفظ استعمالہ مبتدا اور علی ثلثۃ اوجہ اس کی خبر ہے

۱؎ قولہ اما مضاف الی قولہ وافضلوا القوم (ت) یا مضاف ہو کر جیسے زید افضل القوم یا معرف باللام جیسے زید الافضل اور یا من کے ساتھ جیسے زید افضل من عمرو اور جائز ہے اول استعمال میں مفرد لانا اور مطابق ہونا اسم تفضیل کا موصوف کے جیسے زید افضل القوم والزیدان افضل القوم اور افضلا القوم اور الزیدون افضل القوم اور افضلوا القوم (ش) اور اما مضاف خبر ہے مبتدا محذوف کی یعنی ہو مضاف اور ہو کا مرجع اسم تفضیل ہے اور ان تینوں استعمالوں میں لفظ من کے ساتھ استعمال اصل ہے اس کے بعد اضافت اس کے بعد الف لام اور لفظ اخر یہاں مستعمل ہے دعا انفصال حقیقی کے لئے ہے جیسے جمع اور کلو دونوں منع میں یعنی کوئی اسم تفضیل ان تینوں استعمالوں سے خالی ہی نہیں ہو سکتا اور کوئی اسم تفضیل ایسا نہیں کہ ان میں سے دو استعمال اس میں جمع ہوں البتہ اگر مفضل علیہ معلوم ہو تو لفظوں میں اس کو حذف کرنا درست ہے جیسے اللہ اکبر میں کل شئی محذوف ہے اس وجہ سے کہ لفظ اللہ قرینہ ہے کہ وہ ہر شئے سے بڑا ہے ایسے ہی زید کریم وعمرو اکرم میں بھی قرینہ موجود ہے کہ اکرم کے بعد من زید محذوف ہے علی ہذا القیاس جو اسم تفضیل ایسا ہو کہ اسکو تفضیل کے معنے سے خالی کر لیا ہو اور نفس فعل کے معنی اس میں رکھے ہوں تو وہاں بھی مفضل علیہ مذکور نہ ہوگا اور نہ الف لام جیسے اخر اور جمع کہ یہ لفظ غیر کے معنی میں ہیں تفضیل مقصود نہیں ہے ایسے ہی لفظ دنیا اور حبلی میں بھی کیونکہ یہ اسم محض ہیں اور جو اسم تفضیل مستعمل بہ اضافت ہوتا ہے اس کو باوجود موصوف کے تثنیہ جمع ہونے کے مفرد لانا اور باوجود تانیث موصوف کے مذکر لانا بھی درست ہے یہ تو اس اعتبار سے کہ یہ اسم تفضیل اس اسم تفضیل کے مشابہ ہے جو مستعمل بہ من ہے اس امر میں کہ مفضل علیہ مذکور ہے ۲؎ قولہ وفی الثانی الی قولہ ذالک المضمر (ت) اور دوسرے استعمال میں واجب ہے مطابق ہونا جیسے زید الافضل اور الزیدان الافضلان اور الزیدون الافضلون اور تیسرے استعمال میں واجب ہے ہونا اس کا مفرد مذکر ہمیشہ جیسے زید اور ہند اور الزیدان اور الہندان اور الزیدون اور الہندات افضل من عمرو اور تینوں استعمالوں کی تقدیر پر ضمیر لائی جاتی ہے اسم تفضیل میں فاعل کی اور وہ اسم تفضیل عمل کرتا ہے اس ضمیر میں (ش) اور یہ بھی جائز ہے کہ

اما مضاف ۱؎ كزيد افضل القوم او معرف باللام نحو زيد الافضل او بمن نحو زيد افضل من عمرو ويجوز في الاول الافراد ومطابقة اسم التفضيل للموصوف نحو زيد افضل القوم والزيدان افضل القوم وافضلا القوم والزيدون افضل القوم وافضلوا القوم وفي الثاني ۲؎ يجب المطابقة نحو زيد الافضل والزيدان الافضلان والزيدون الافضلون وفي الثالث يجب كونه مفردا مذكرا ابدا نحو زيد وهند والزيدان والهندان والزيدون والهندات افضل من عمرو وعلى الاوجه الثلثة يضمر فيه الفاعل وهو يعمل في ذالك المضمر

اسم تفضیل موصوف کے مطابق لایا جائے یہ اس اعتبار سے کہ یہ اسم تفضیل اس اسم تفضیل کے مخالف ہے جو مستعمل بہ من ہوتا ہے اس لحاظ سے کہ اس میں اضافت ہے اور اس میں اضافت نہیں ہے اور جو اسم تفضیل مستعمل بہ الف لام ہوتا ہے اس میں مطابقت ہی ضروری ہے اس کی وجہ یہ ہے کہ یہ صفت ہے اور صفت کا ہمیشہ موصوف کے مطابق ہونا ضروری ہے جبکہ کوئی مانع موجود نہ ہو اور یہاں مانع کوئی نہیں اور مستعمل بہ من میں لفظ من اور اس کا مدخول مانع ہے اور جو اسم تفضیل مستعمل بہ من ہوتا ہے اس کا ہمیشہ مفرد مذکر ہونا واجب ہے چاہے موصوف تثنیہ ہو یا مونث اس کی وجہ یہ ہے کہ من تفضیلیہ بمنزلہ جزو کلمہ کے ہو گیا اس لئے اسم تفضیل کا اخیر وسط بن گیا اور علامت تثنیہ جمع کلمہ کے اخیر میں لگا کرتی ہے نہ وسط میں اور اسم تفضیل مظہر میں بالکل عمل نہیں کرتا خواہ وہ اسم فاعل ہو یا مفعول بہ۔ خلاصہ یہ ہے کہ اسم تفضیل مفعول بہ میں کسی حالت میں عمل نہیں کرتا خواہ مظہر ہو یا ضمیر الا اس صورت میں کہ حرف جر کا واسطہ ہو اور فاعل مضمر میں بہر حال عمل کرتا ہے

لہ قولہ ولا یعمل فی المظہر اصلا الی قولہ وہہنا بحث (ت) اور نہیں عمل کرتا ہے اسم مظہر میں بالکل مگر ہے ایسے اس قول میں کہ ما رایت رجلا احسن فی عینہ الکحل الخ نہیں دیکھا میں نے کوئی آدمی کہ زیادہ اچھا ہو اسکی آنکھ میں سرمہ اسی سرمہ سے جبکہ وہ زید کی آنکھوں میں ہو پس تحقیق کحل احسن کا فاعل ہے اور اس جگہ بحث ہے (ش) اور فاعل مظہر میں اس شرط کے ساتھ عمل کرتا ہے جس کو مصنف نے الا فی مثل الخ میں بتایا ہے اور جس طرح اسم مظہر میں عمل نہیں کرتا ایسے ہی ضمیر بارز میں بھی عمل نہیں کرتا البتہ اس مثال میں مظہر کے اندر عمل کرتا ہے اور مثال سے مراد یہ ہو کہ لفظوں میں اسم تفضیل ایک شئے کی صفت ہو اور معنی میں وہ اس شئے کے سبب کی صفت ہو یعنی اسکے متعلق کی اور وہ متعلق اس شئے کے اعتبار سے مفضل اور اسکے غیر کے اعتبار سے مفضل علیہ ہو اور پھر تفضیل کی نفی کر دی گئی ہو چنانچہ لفظ احسن مثال مذکور میں لفظ کے اعتبار سے رجل کی صفت ہے اور معنی کے اعتبار سے اس کے متعلق یعنی کحل کی صفت ہے اور کحل باعتبار رجل کے مفضل اور باعتبار غیر کے مفضل علیہ ہے اور پھر اس تفضیل کی نفی ہے تو خلاصہ یہ ہوتا ہے کہ ایسا نہیں ہے کہ سرمہ بہ نسبت زید کی آنکھ کے کسی آدمی کی آنکھ میں زیادہ اچھا ہو ۱۲

ولا یعمل فی المظہر اصلا الا فی مثل قولہم ما رأیت رجلا احسن فی عینہ الکحل منہ فی عین زید فان الکحل فاعل لاحسن وہہنا بحث القسم الثانی فی الفعل وقد سبق تعریفہ واقسامہ ثلثۃ ماض ومضارع وامر الاول الماضی وہو فعل دل علی زمان قبل زمانک وہو مبنی علی الفتح ان لم یکن معہ ضمیر مرفوع متحرک ولا واو کضرب ومع الضمیر المرفوع المتحرک علی السکون کضربت وعلی الضم مع الواو کضربوا

لہ قولہ القسم الثانی فی الفعل الی قولہ مع الواو کضربوا (ت) دوسری قسم فعل کے بیان میں اور فعل کی تعریف گزر گئی اور اس کی قسمیں تین ہیں ایک ماضی دوسرے مضارع تیسرے امر پہلی قسم ماضی ہے اور وہ وہ فعل ہے جو دلالت کرے اس زمانہ پر جو تیرے زمانہ سے پہلے ہے اور وہ فتحہ پر مبنی ہوتا ہے اگر نہ ہو اس کے ساتھ ضمیر مرفوع متحرک اور نہ واو جیسے ضرب اور ضمیر مرفوع متحرک کے ساتھ مبنی سکون پر ہوگا جیسے ضربت اور ضمہ پر مبنی ہوگا واو کے ساتھ جیسے ضربوا (ش) یعنی اس قسم میں فعل کا بیان ہوگا اور چونکہ اس کی تعریف اور بعض علامات گزر چکیں اس لئے ان کو دوبارہ لانے کی ضرورت نہیں اور فعل کے تین قسموں میں انحصار کی وجہ یہ ہے کہ فعل دو حال سے خالی نہیں یا اخباری ہوگی یا انشائی اگر اخباری ہوگا تو دو حال سے خالی نہیں چار حروف زوائد میں سے اسکے اول میں کوئی حرف ہوگا یا نہیں اگر نہیں ہوگا تو وہ ماضی ہے اور اگر ہوگا تو وہ مضارع ہے اور اگر انشائی ہوگا تو وہ امر ہے اور حروف زوائد سے مراد حروف اتین ہیں اور لفظ قبل زمانک ظرف ہے اور زمان کی صفت ہے اور ماضی کے مبنی ہونے کی وجہ یہ ہے کہ اصل افعال میں بنا ہے اور فتحہ پر مبنی ہونے کی وجہ یہ ہے کہ وہ سب حرکتوں میں خفیف تر ہے اور بنا کی شرط یہ ہے کہ اس کے ساتھ ضمیر مرفوع متحرک نہ لگی ہو تو ماضی مبنی بر سکون ہوگا اس وجہ سے کہ چار پے در پے حرکتوں کا ہونا معیوب ہے اور واو کی صورت میں کبھی ضمہ لفظی ہوگا جیسے ضربوا اور کبھی تقدیری جیسے رموا اور ضمہ کی وجہ یہ ہے کہ واو کے ساتھ یہی موافق ہے ۱۲ ع ۵ اعتراض یہ ہے کہ اس قسم کا مضمون تو دوسری عبارتوں کے ساتھ بھی ادا ہو سکتا ہے جو اس عبارت سے زیادہ مختصر بھی ہے اور موافق قواعد نحو یہ بھی مثلاً یوں کہا جائے کہ ما رأیت

رجلا احسن فی عینہ الکحل من عین زید یا یوں کہا جائے

کہ ما رأیت کعین زید احسن فیہا الکحل ۱۲

حرکات و سکنات کے متفق ہونے میں جیسے یضرب اور یستخرج کہ یہ دونوں مشابہ ہیں ضارب اور مستخرج کے اور داخل ہونے میں لام تاکید کے ان دونوں کے اول میں کہے گا تو ان زیدا لیقوم جیسا کہ کہے گا تو ان زیدا لقائم اور برابر ہونے میں ان دونوں کے عدد حروف میں اور مشابہت معنوی اس امر میں کہ وہ فعل مضارع مشترک ہے حال اور استقبال میں مثل اسم فاعل کے اور اسی لئے نام رکھا نحویوں نے اس فعل کا مضارع اور سین اور سوف خاص کر دیتے ہیں مضارع کو استقبال کے ساتھ جیسے سیضرب اور سوف یضرب اور لام مفتوحہ خاص کر دیتا ہے مضارع کو حال کے ساتھ جیسے لیضرب یعنی البتہ مارتا ہے وہ (ش)

اور مضارع کی تعریف مذکور پر لفظ یزید اور یشکر کا اعتراض پڑتا ہے کیونکہ علامت مضارع کی یعنی حروف اتین میں سے حرف یا ان میں موجود ہے اور باوجود اس کے وہ مضارع نہیں ہیں بلکہ اسم ہیں تو جواب یہ ہے کہ مضارع کی تعریف مذکور میں یہ قید اور زیادہ ہے کہ بقصد مضارع اس میں کوئی حرف حروف اتین سے نہ زیادہ کیا ہو اور یہاں بقصد اسم زیادہ کیا ہے یا یہ جواب دیا جائے کہ اصل کے اعتبار سے یہ بھی مضارع ہیں ان کو اسم کی طرف نقل کر لیا ہے اور مضارع لغت میں اس بچہ کو کہتے ہیں جو دوسرے بچے کے ساتھ اپنی ماں کا دودھ پیتا ہے پھر مشابہ کے معنی میں استعمال ہوتا ہے اور مضارع کو مضارع اس وجہ سے کہتے ہیں کہ وہ اسم فاعل کے ساتھ لفظاً اور معنیً مشابہت رکھتا ہے۔ لفظاً تو اس لئے کہ جہاں جہاں اس میں حرکت و سکون ہے وہیں وہیں اسم فاعل میں بھی حرکت اور سکون ہے جیسے یضرب میں پہلا حرف متحرک ہے تو ضارب میں بھی پہلا حرف متحرک ہے اور اس میں دوسرا یعنی ضاد ساکن ہے تو ضارب میں بھی ایسا ہی ہے پھر یضرب میں تیسرے حرف جر ہے تو ضارب میں بھی ایسا ہی ہے پھر چوتھا حرف یضرب میں متحرک ہے تو ضارب میں بھی ایسا ہی ہے دوسرے یہ کہ جس طرح لام تاکید کا اسم فاعل میں داخل ہوتا ہے ایسے مضارع پر بھی داخل ہوتا ہے اور تعداد حروف میں بھی اسم فاعل کے برابر ہے اور معنوی مشابہت یہ ہے کہ جس طرح زمانہ حال و استقبال کا اسم فاعل میں ہوتا ہے ایسے ہی مضارع میں بھی ہوتا ہے پھر اتنی بات فرید ہے کہ اگر مضارع پر سین یا سوف داخل ہو جائے تو وہ اس کو زمانہ استقبال کے ساتھ مخصوص کر دیتا ہے جیسے سیضرب اور سوف یضرب کے معنی یہ ہوں گے کہ عنقریب مارے گا اور اگر مضارع پر لام مفتوحہ داخل ہو جائے تو اس کو زمانہ حال کے ساتھ خاص کر دے گا جیسے لیضرب کے معنی یہ ہیں کہ البتہ مارتا ہے ۱۲۰۵ ۱۲ ۱۲۔

٩٩

والثاني المضارع وهو فعل يشبه الاسم باحدى حروف اتين في اوله لفظا في اتفاق الحركات والسكنات نحو يضرب ويستخرج كضارب ومستخرج وفي دخول لام التاكيد في اولهما تقول ان زيدا ليقوم كما تقول ان زيدا لقائم وفي تساويهما في عدد الحروف ومعنى في انه مشترك بين الحال والاستقبال كاسم الفاعل ولذلك سموه مضارعا والسين وسوف تخصصه بالاستقبال نحو سيضرب وسوف يضرب واللام المفتوحة بالحال نحو ليضرب

ل قولہ والثانی المضارع الیٰ قولہ نحو لیضرب (ت) اور دوسری قسم فعل کی مضارع ہے اور وہ وہ فعل ہے جو مشابہ ہوتا ہے اسم کے مع ایک حرف کے حروف اتین سے جو اس کے اول میں ہو مشابہت لفظی

وحروف المضارعة[1] مضمومة في الرباعي نحو يُدحرج ويُخرج لان اصله يُأخرج ومفتوحة في ما عداه كيضرب ويستخرج وانما اعربوه مع ان اصل الفعل البناء لمضارعته اي لمشابهته الاسم في ما عرفت واصل الاسم الاعراب وذلك اذا لم يتصل به نون تاكيد ولا نون جمع المؤنث واعرابه[2] ثلثة انواع رفع ونصب وجزم نحو هو يضرب ولن يضرب ولم يضرب فصل[3] في اصناف اعراب الفعل وهي اربعة الاول ان يكون الرفع بالضمة والنصب بالفتحة والجزم بالسكون ويختص بالمفرد الصحيح غير المخاطبة تقول هو يضرب ولن يضرب ولم يضرب والثاني ان يكون الرفع بثبوت النون والنصب والجزم بحذفها

---

[1] قولہ وحروف المضارعة مضمومة الی قولہ ولا نون جمع المؤنث (ت) اور مضارع کے حرف رباعی میں مضموم ہوتے ہیں جیسے یدحرج اور یخرج کیونکہ یخرج بھی رباعی ہے بایں وجہ کہ اصل میں یأخرج تھا اور مفتوح ہوتے ہیں اس کے ماسوا میں جیسے یضرب اور یستخرج اور اس کے سوا نہیں کہ اس (مضارع) کو معرب پڑھتے ہیں حالانکہ اصل فعل میں بناء ہے بوجہ اس کی مشابہت کے اسم کو ان باتوں میں جو تم جان چکے اور اصل اسم میں معرب ہونا ہے اور یہ (معرب ہونا) اس وقت ہے کہ جب اس کے ساتھ نون تاکید اور نون جمع مونث متصل نہ ہو (ش) اور یہ جو کہا کہ رباعی میں علامت مضارع کی مضموم ہوتی ہے اس رباعی سے مراد وہ مضارع ہے کہ جس کی ماضی چہ حرفی ہو خواہ سب اصلی ہوں یا نہ ہوں اور یخرج اصل میں یأخرج تھا ہمزہ کو اس لئے حذف کر دیا کہ متکلم واحد میں دو ہمزے جمع ہو جاتے ہیں جو عرب کے نزدیک قبیح ہے اور اگر اس پر ہمزہ استفہام داخل کیا جائے تو تین ہمزے جمع ہو جاتے ہیں اور جب ایک صیغہ میں ایسا تھا تو باقی صیغوں میں بھی حذف کر دیا تاکہ باب مطرد ہو جائے اور رباعی میں علامت مضارع کو مضموم اور غیر رباعی میں مفتوح رکھنے کی وجہ یہ ہے کہ فتحہ خفیف ہے لہٰذا غیر رباعی کے ساتھ مناسب ہے اور چونکہ ضمہ فتحہ کی فرع ہے بوجہ ثقل کے اس لئے رباعی کو دینا مناسب ہے کیونکہ رباعی بھی غیر رباعی کی فرع ہے اور یہ جو کہا کہ اصل فعل میں بناء ہے اسکی وجہ یہ ہے کہ فعل میں موجب اعراب موجود نہیں ہے یعنی فاعلیت اور مفعولیت وغیرہ اور فیما عرفت سے مراد وہی ہے جو مذکور ہوا یعنی لفظاً اور معنی میں اسم فاعل کے ساتھ مضارع کا مشابہ ہونا اور مضارع میں جب نون تاکید کا لگ جائے خواہ خفیفہ ہو یا ثقیلہ اور یا نون جمع مونث کا لگ جائے تو وہ مبنی ہو جاتا ہے اور وجہ یہ ہے کہ جب مضارع میں نون تاکید لگ جاتا ہے تو وہ ماضی کے ساتھ مشابہ ہو جاتا ہے کیونکہ ضمائر متحرکہ کے ضم ہونے میں اصل ماضی ہی ہے اور نون جمع مونث اور نون ثقیلہ بمنزلہ ضمائر متحرکہ کے ہیں ۱۲

[2] قولہ واعرابہ ثلثة انواع الی قولہ ولم یضرب (ت) اور اعراب مضارع کے تین قسم پر ہیں رفع نصب جزم جیسے ہو یضرب ولن یضرب اور لم یضرب (ش) اور انواع اعراب مضارع میں جر کی جگہ جو اسم کے ساتھ خاص ہے جزم دیا گیا ہے تاکہ فعل اسم سے بڑھ نہ جائے ۱۲

[3] قولہ فصل فی اصناف اعراب الفعل الی قولہ والجزم بحذفہا (ت) فصل اقسام اعراب فعل کے بیان میں اور وہ قسم چار ہیں اول یہ کہ ہو رفع ضمہ کے ساتھ اور نصب فتحہ کے ساتھ اور جزم سکون کے ساتھ اور مخصوص ہے یہ قسم مفرد صحیح غیر مخاطبہ کے ساتھ کہے گا تو ہو یضرب اور لن یضرب اور لم یضرب اور دوسری قسم یہ ہے کہ رفع ثبوت نون کے ساتھ اور نصب و جزم حذف نون کے ساتھ (ش) فعل کے اعراب کی پہلی قسم جو مفرد صحیح غیر مخاطبہ کے ساتھ خاص کی اس میں مفرد سے مراد وہ فعل ہے جو تثنیہ جمع نہ ہو اور صحیح سے مراد وہ ہے جو ناقص نہ ہو جیسے یدعو وغیرہ اور غیر مخاطبہ کی قید سے فعل مونث مخاطبہ خارج ہو گیا جیسے تضربین مثال میں ہو یضرب مضارع مرفوع ہے اور لن یضرب منصوب اور جزم کی مثال لم یضرب ہے ۱۲

وتختص[1] بالتثنية وجمع المذكر والمفردة المخاطبة صحيحا كان (مذكرا كان او مؤنثا) او غيره تقول هما يفعلان وهم يفعلون وانتِ تفعلين و (في الرفع) لن يفعلا ولن يفعلوا ولن تفعلي (في النصب) ولم تفعلا ولم تفعلوا ولم تفعلي (في الجزم) والثالث ان يكون الرفع بتقدير الضمة (بسبب ثقل الضمة بر واو ويا) والنصب بالفتحة لفظا والجزم بحذف اللام ويختص بالناقص اليائي والواوي غير تثنية وجمع ومخاطبة تقول هو يرمي ويغزو (في الرفع) ولن يرمي ويغزو ولم يرم ويغز والرابع[2] ان يكون الرفع بتقدير الضمة (في النصب) والنصب بتقدير الفتحة (في الجزم) والجزم بحذف اللام ويختص بالناقص الالفي غير (لعدم قبول الالف الحركة) تثنية وجمع ومخاطبة نحو هو يسعى ولن يسعى ولم يسع فصل[3] المرفوع عامله معنوي وهو تجرده عن الناصب والجازم (اي عن عمل الناصب والجازم) نحو هو يضرب ويغزو ويرمي ويسعى

[1] قولہ وتختص بالتثنیۃ الی قولہ ولم یرم ویغز (ت) اور مخصوص ہے یہ قسم تثنیہ اور جمع مذکر اور مفرد مخاطبہ کے ساتھ صحیح ہو یا غیر صحیح کہے گا تو ہما یفعلان اور یفعلون اور انت تفعلین اور لن یفعلا اور لن یفعلوا اور لن تفعلی اور لم تفعلا اور لم تفعلوا اور لم تفعلی اور تیسری قسم یہ ہے کہ ہو رفع تقدیر ضمہ کیساتھ اور نصب فتحہ لفظی کے ساتھ اور جزم حذف لام کے ساتھ اور مخصوص ہے یہ قسم ناقص واوی اور یائی کے ساتھ سوا تثنیہ اور جمع اور مونث مخاطبہ کے کہے گا تو ہو یرمی ویغزو اور لن یرمی ویغزو اور لم یرم ویغز (ش) اور اعراب کی دوسری قسم تثنیہ کے ساتھ خاص ہے خواہ مذکر ہو یا مونث اور جمع مذکر کے ساتھ خواہ غائب ہو یا حاضر اور مفرد مخاطبہ کے ساتھ خاص ہے خواہ یہ ہر ایک تثنیہ اور جمع اور مفرد مخاطبہ صحیح ہو یا غیر صحیح اور ان قسموں کا اعراب بالحروف اس وجہ سے رکھا کہ یہ صورۃً اسماء کے تثنیہ اور جمع کے ساتھ مشابہت رکھتے ہیں اور جزم کی حالت میں نون اسلئے گر جاتا ہے کہ نون مفرد میں حرکت کی مانند ہے پس جس طرح مفرد میں حرکت گر جاتی ہے ایسے ہی یہاں نون گر جاتا ہے اور حالت نصب میں نون اس وجہ سے گر جاتا ہے کہ نصب افعال میں ایسا ہے کہ جیسے جر اسماء میں پس جس طرح بعض اسماء میں نصب جر کے تابع ہو جاتا ہے ایسے نصب کو افعال میں جزم کے تابع کر دیا اور تیسری قسم اعراب کی خاص ہے ناقص یائی اور واوی کے ساتھ اس سے ناقص الفی غیر تثنیہ و جمع و مخاطبہ نکل گیا پس جو ناقص ان میں سے کسی صیغہ پر ہوگا تو اس کا یہ اعراب نہ ہوگا مثال ایکی ہو یرمی ویغزو ہے یہاں ضمہ تقدیری اس لئے ہے واو اور یا پر ضمہ ثقیل ہوتا ہے اور لن یغزو اور لن یرمی یہاں فتحہ لفظی اس وجہ سے ہے کہ فتحہ اخف الحرکات ہے اور لم یرم اور لم یغز میں جب جازم نے کوئی حرکت گرانے کے لئے نہ پائی تو حرف علت ہی کو حذف کر دیا

[2] قولہ والرابع ان یکون الرفع الی قولہ ولن یسعی ولم یسع (ت) اور چوتھی قسم یہ ہے کہ رفع تقدیر ضمہ کے ساتھ ہو اور نصب تقدیر فتحہ کے ساتھ اور جزم حذف لام کے ساتھ اور خاص ہے یہ اعراب ناقص الفی کے ساتھ جو تثنیہ و جمع و مخاطبہ کا غیر ہو جیسے ہو یسعی اور لن یسعی اور لم یسع (ش) ناقص الفی کہنے سے ناقص یائی اور واوی نکل گیا اور غیر تثنیہ و جمع و مخاطبہ کہنے سے وہ ناقص نکل گیا جو ان میں سے کوئی صیغہ ہو ہو یسعی میں تقدیر ضمہ اس لئے ہے کہ اس کا اخیر حرف قابل حرکت نہیں ایسے ہی لن یسعی میں تقدیر فتحہ اس وجہ سے ہے اور لم یسع میں حذف لام اس وجہ سے ہے کہ اخیر میں حرکت مفقود ہے ١٢

[3] قولہ فصل المرفوع الی قولہ ویرمی ویسعی (ت) مضارع مرفوع کا عامل معنوی ہے یعنی اس کا خالی ہونا ناصب اور جازم سے جیسے ہو یضرب ویغزو ویرمی ویسعی (ش) یہ مذہب اکثر کوفیوں کا ہے اور بصریوں کا قول یہ ہے کہ مضارع مرفوع کا عامل اس کا اسم کی جگہ واقع ہوتا ہے مثلاً یضرب اسم کی جگہ واقع ہے اس وجہ سے کہ جب متکلم کلام کی ابتدا کرتا ہے تو اس کو اختیار حاصل ہوتا ہے کہ خواہ اسم سے کرے یا فعل سے پس جب اسم سے نہ کرے بلکہ فعل سے کرے تو وہ فعل اسم کی جگہ واقع ہوا یہی اس میں رفع کا عامل ہے ١٢

فصل[۱] المنصوب عامله خمسة أحرف أن ولن وكي وإذن وأن المقدرة نحو أريد أن تحسن إلي وأنا لن أضربك وأسلمت كي أدخل الجنة وإذن يغفر الله لك وتقدر[۲] أن في سبعة مواضع بعد حتى نحو أسلمت حتى أدخل الجنة ولام كي نحو قام زيد ليذهب ولام الجحد نحو ما كان الله ليعذبهم والفاء الواقعة في جواب الأمر والنهي والاستفهام والنفي والتمني والعرض نحو أسلم فتسلم ولا تعص فتعذب وهل تعلم فتنجو وما تزورنا فنكرمك وليت لي مالا فأنفق وألا تنزل بنا

(التي تقدر في سبعة مواضع — دراں وقت خواہد بخشید ترا خدائے تعالی)

۱؎ قولہ فصل المنصوب عامله خمسة احرف الی قولہ اذن یغفر اللہ لک (ت) فصل مضارع منصوب عامل اس کے پانچ حرف ہیں ایک أن دوسرا لن تیسرا کی چوتھا اذن پانچواں أن مقدرہ جیسے أرید ان تحسن الیّ میں چاہتا ہوں کہ تو میری طرف احسان کرے اور انا لن اضربک میں تجھے ہرگز نہ ماروں گا اور اسلمت کی ادخل الجنۃ میں مسلمان ہوا تاکہ جنت میں جاؤں اور اذن یغفر اللہ لک اب اللہ تعالیٰ تجھے بخش دے گا (ش) یہ جو پانچ حرف مضارع کے ناصب ہیں ان میں سے أن اصل ہے اس لئے کہ وہ أن مخففہ کے ساتھ مشابہ ہے لفظاً مشابہت تو ظاہر ہے اور معنی اس وجہ سے کہ دونوں اپنے مدخول کو مصدر بنا دیتے ہیں اور باقی حروف کو عمل میں اس پر محمول کر لیا ہے اور حرف لن بھی مطلقا نصب دیتا ہے اور اس کے معنی مستقبل میں نفی کے ہوتے ہیں اور اس کی نفی بہ نسبت لا کی نفی کے زیادہ تاکید والی ہوتی ہے اور حرف کی سببیت کے لئے ہے یعنی اس کا ماقبل مابعد کے لئے سبب ہوتا ہے اور حرف اذن اس وقت نصب دیتا ہے کہ جب وہ کسی کلام کا جواب یا شرط کی جزا ہو اور اگر ایسا نہ ہو تو وہ نصب نہیں دے گا جیسے کسی نے کہا آنا آتیک اذن احسن الیک میں تیرے پاس آؤں گا اس وقت تجھ پر احسان کروں گا ایسے ہی یہ بھی شرط ہے کہ اس کے مدخول میں زمانہ استقبال کا ہو ورنہ نصب نہ دے گا جیسے کوئی آدمی تم سے بات کرتا ہے تو تم اس سے کہو کہ اذن اظنک کاذبا اب میں تجھ کو جھوٹا سمجھتا ہوں کہ جہاں نصب نہیں دے گا ۱۲

۲؎ قولہ وتقدر أن في سبعة مواضع الی قولہ فتصیب خیرا (ت) اور تقدیر أن کی سات جگہ ہوتی ہے ایک حتی کے بعد جیسے اسلمت حتی ادخل الجنۃ مسلمان ہوا میں تاکہ جنت میں داخل ہوں دوم لام کے بعد جیسے قام زید لیذہب کھڑا ہوا زید تاکہ جاوے سوم لام جحد کے بعد جیسے ما کان اللہ لیعذبہم نہیں ہے اللہ تاکہ عذاب دے ان کو چہارم فا کے بعد جو واقع ہو جواب میں امر اور نہی اور استفہام اور نفی اور تمنی اور عرض کے جیسے اسلم فتسلم آخر تک مسلمان ہو جا پس اسلامت رہے گا اور نافرمانی نہ کریں عذاب دیا جائے گا اور کیا تو علم سیکھتا ہے پس نجات پاوے اور نہیں آتا ہے تو ہمارے پاس تاکہ ہم تیری عزت کریں اور کاش میرے پاس مال ہوتا تاکہ میں اس کو خرچ کرتا اور نہیں آتا ہے تو ہمارے پاس تاکہ بھلائی پاوے (ش) قام زید لیذہب میں لام بمعنی کیْ کے ہے یعنی کی یذہب اور لام جحد وہ لام ہے جو نفی کی تاکید کے لئے آتا ہے اور اس کا استعمال کان منفی کے بعد آتا ہے بشرطیکہ کان ماضی ہو خواہ لفظا ماضی ہو جیسے مثال مذکور یا معنی جیسے لم یکن لیذہب اور جن چھ چیزوں کے جواب میں فا آتی ہے ان کی مثالیں ترتیب وار مذکور ہیں سمجھ لینا چاہیے ۱۲

فتصيب خيرا وبعد الواو[۱] الواقعة في جواب هذه المواضع
كذلك نحو اسلم وتسلم الى آخره وبعد او بمعنى الى ان (نزد جمہور نحات ۱۲)
او الا ان نحو لاحبسنك او تعطيني حقي وواو العطف[۲] اذا (نزد سیبویہ ۱۲ — بل حروف العطف اذا کان آہ ۱۲)
كان المعطوف عليه اسما صريحا نحو اعجبني قيامك و
تخرج ويجوز اظهار ان مع لام كي نحو اسلمت لان ادخل الجنة
ومع واو العطف نحو اعجبني قيامك وان تخرج ويجب
اظهار ان في لام كي اذا اتصلت بلا النافية نحو لئلا يعلم
واعلم[۳] ان ان الواقعة بعد العلم ليست هي الناصبة
للفعل المضارع وانما هي المخففة من المثقلة نحو علمت ان سيقوم
قال الله تعالى علم ان سيكون منكم مرضى وان الواقعة بعد الظن

۱؎ قولہ وبعد الواو الواقعة الی قولہ او تعطینی حقی (ت) اور پنجم واو کے بعد جو واقع ہو ان پانچ جگہ فا کی طرح جیسے اسلم وتسلم آخر تک ششم او کے بعد جو معنی الی ان یا الا ان کے ہوتا ہے جیسے لاحبسنك الخ یعنی البتہ فرزند قید رکھوں گا تجھ کو یا دیدے تو مجھ کو حق میرے (ش) اور فا کی طرح جو واو ان چھ چیزوں کے جواب میں آتا ہے اس کی مثالیں بھی یہی ہیں جو اوپر مذکور ہوئیں صرف فا کی جگہ واو کے آنا چاہئے اور اس واو کو واو جمع اور واو الصرف کہتے ہیں ۱۲

۲؎ قولہ واو العطف اذا کان الی قولہ نحو لئلا یعلم (ت) اور ہفتم واو عطف کے بعد جبکہ معطوف علیہ اسم صریح ہو جیسے اعجبنی قیامک وتخرج تعجب میں ڈالا مجھ کو تیرے کھڑے ہونے اور نکلنے نے اور جائز ہے ظاہر کرنا ان کا لام کے ساتھ جیسے اسلمت لان ادخل الجنة مسلمان ہوا میں تاکہ داخل ہوں جنت میں اور واو عطف کے ساتھ جیسے اعجبنی قیامک وان تخرج اور واجب ہے ظاہر کرنا ان کا لام کے جبکہ لا نافیہ کے ساتھ متصل ہو جیسے لئلا یعلم (ش) واو عطف کے بعد ان اس وقت مقدر ہوتا ہے کہ جب معطوف علیہ اسم ہو تاکہ فعل کا عطف اسم پر نہ لازم آئے اور یہ یاد رکھو کہ جس طرح واو عطف کے بعد ان مقدر ہوتا ہے بشرطیکہ معطوف علیہ اسم ہو ایسے ہی باقی حروف عطف کے بعد بھی اسی شرط کے ساتھ مقدر ہوتا ہے کہ معطوف علیہ اسم ہو اور حتی اور لام جحد کے بعد ان مقدر ہونا واجب ہے ورنہ حرف جر کا فعل پر داخل ہونا لازم آئے گا اور وہ ناجائز ہے اور جس طرح لام کی کے ساتھ ان کو ظاہر لانا جائز ہے ایسے ہی لام زائدہ کے ساتھ بھی جیسے اردت لان تقوم میں لام زائدہ ہے اور جب لام کی سے پہلے لام نافیہ آجائے تو وہاں ان کو ظاہر کرنا واجب ہے تاکہ دو لام نہ جمع ہو جائیں ۱۲

۳؎ قولہ واعلم ان ان الواقعة الی قولہ نحو ظننت ان سیقوم (ت) اور جاننا چاہئے کہ ان جو واقع ہوتا ہے علم کے بعد نہیں ہوتا وہ ناصبہ فعل مضارع کے لئے اور اس کے سوا نہیں کہ وہ مخففہ ہوتا ہے مثقلہ سے جیسے علمت ان سیقوم جان لیا میں نے یہ کہ شان یہ ہے کہ وہ عنقریب کھڑا ہوگا اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ علم ان سیکون الخ جان لیا اللہ تعالیٰ نے یہ کہ شان یہ ہے کہ عنقریب ہوں گے تم میں بعض بیمار اور ان جو واقع ہوتا ہے ظن کے بعد جائز ہوتی ہیں اس میں دونوں صورتیں اس کے سبب نصب دینا اور رفع کہ تو اس کو ان کے مانند کر دے جو علم کے بعد واقع ہوتا ہے جیسے ظننت ان سیقوم میں نے یہ خیال کیا کہ شان یہ ہے وہ عنقریب کھڑا ہوگا (ش) اور جب ان علم کے بعد واقع ہو تو وہ ان ناصبہ اس لئے نہیں ہوتا کہ ان ناصبہ تو امید و رجا کے لئے موضوع ہے جو اسکی دلیل ہے کہ اس کا مابعد یقینی نہیں ہے اور علم اسکی دلیل ہے کہ اس کا مابعد قطعی اور یقینی ہے لیکن اس صورت میں ان کا فعل سے فصل بذریعہ حرف سین وسوف ضروری ہے پھر ایک بات یہ سمجھو کہ جو ان واقع ہوتا ہے علم اور ظن کے غیر کے بعد مثلاً رجاء کے بعد یا طمع یا خشیہ یا خوف یا شک یا وہم وغیرہ کے بعد وہ مصدریہ ہوتا ہے نہ مخففہ جیسے رجوت ان تقوم اور طمعت ان تقعد وغیرہ ۱۲

ك قولہ تفصل المجزوم الی قولہ واین ومتی (ت) مجزوم مضارع کا عامل لم اور لمّا اور لام امر اور لائے نہی اور مجازات (شرط و جزا) کے کلمے ہیں اور وہ اِن اور مہما اور اذ ما اور حیثما اور این اور متی ہیں (مش)۔ چونکہ لفظ لام نکرہ تھا اس لئے اس میں اضافت کی قابلیت تھی بایں وجہ اس کی امر کی طرف مضاف کردیا اور لفظ لا خود بخود معلوم تھا اس لئے اس کو نہی کی طرف مضاف نہیں کیا بلکہ یوں کہا کہ ولا فی النہی اور کلم المجازاۃ سے مراد شرط وجزا کے کلمے یعنی جو اس پر دلالت کرتے ہیں کہ جملہ ثانیہ جزا اور جملہ اولیٰ اس کا سبب اور شرط ہے مگر چونکہ ان میں بعض حروف اور بعض اسماء ہیں اس لئے لفظ کلم استعمال کیا تاکہ دونوں کو شامل ہو جائے اور لفظ الخ سے مراد یہ ہے کہ باقی جازموں کی مثالیں بھی ایسے ہی سمجھ لو ۱۲

جاز فیہ الوجہان النصب بہا وان تجعلہا کالو اقعۃ بعد العلم نحو ظننت ان سیقوم فصل المجزوم عاملہ لم ولما ولام الامر ولا فی النہی وکلم المجازات وھی اِن ومہما واذ ما وحیثما واین ومتی وما ومن وای وانی وان المقدرۃ نحو لم یضرب ولما یضرب ولیضرب ولا تضرب وان تضرب اضرب واعلم ان لم تقلب المضارع ماضیا منفیا ولما کذالک الا ان فیہا توقعا بعدہ ودواما قبلہ نحو قام الامیر لما یرکب وایضا یجوز حذف الفعل بعد لما خاصۃ تقول ندم زید ولما ای لما ینفعہ الندم ولا تقول ندم زید ولم واما کلم المجازات حرفا کانت او اسماء فہی تدخل علی

اے کلمات الشرط والجزاء المعدودۃ من قبل ۱۲

ك و ما ومن الی قولہ ان الاولی سبب للثانیۃ (ت) اور ما من وای وانی اور اِنْ مقدرہ ہیں جیسے لم یضرب اور لما یضرب اور لیضرب اور لا تضرب اور ان تضرب اضرب وغیرہ اور جاننا چاہیے کہ لفظ لم پلٹ دیتا ہے مضارع کو ماضی منفی میں اور لما بھی ایسا ہی ہے مگر یہ کہ لما میں توقع ہوتی ہے بعد اس نفی کے اور دوام نفی ہوتا ہے قبل نفی کے جیسے قام الامیر لما یرکب امیر کھڑا ہو گیا سوار نہیں ہوا اور نیز جائز ہے حذف کرنا فعل کا بعد لما کے خاص کر کہے گا تو ندم زید ولما زید پشیمان ہوا اور نہیں یعنی اور نہیں نفع دیا اس کو پشیمان ہونے نے اور نہیں کہے گا تو ندم زید ولم اور جب جزم دینے والے کلموں کی تعداد اور مثالوں سے فارغ ہوگئے تو اعلم سے ان کے معانی بیان کرنے شروع کئے اور لفظ منفیا یا ماضیا کی صفت ہے یا مفعول سے حال ہے یعنی حال کون المضارع منفیا میں لفظ لم یضرب اور ما ضرب کے معنی ایک ہیں اور لفظ لما کو جو کذالک کہا اس کا مطلب یہ ہے کہ وہ مضارع کو ماضی منفی بنانے میں لم کی مثل ہے پھر الا ان الخ سے یہ بتلایا کہ دونوں میں کچھ فرق بھی ہے وہ یہ کہ لما میں نفی کرنے کے بعد آئندہ کے لئے ثبوت کی امید بھی ہوتی ہے جیسے مثال مذکور میں امیر کے سوار ہونے کی نفی کی تو اس میں آئندہ اس کے سوار ہوجانے کی امید بھی ہوتی ہے جیسے ندم زید ولما میں یہ امید نہیں ہے اور جبکہ ہم نے قبلہ اور بعدہ کی ضمیر نفی کی طرف راجع کردی تو اب اسکی ضرورت نہ رہی کہ ضمیر لما کی طرف راجع کرکے یہ تاویل کی جائے کہ اس کے لفظ کی طرف راجع ہے نہ معنی کی کیونکہ لما باعتبار معنی کے مونث ہے اور حذف مدخول لم کا اس شعر میں کہ شعر احفظ ودیعتک التی استودعتہا یوم الاعازۃ ان وصلت وان لم۔ یعنی وان لم تصل شاذ ہے اور لم اور لما میں کچھ فرق اور بھی ہیں جن کو ہم اختصار کی غرض سے ترک کرتے ہیں اور کلم جمع ہے کلمہ کی اور مجازاۃ سے مراد شرط وجزا ہونے کے ہیں اور کلم مجازاۃ پہلے بتلادیئے وہ ہمیشہ دو جملوں پر داخل ہوتے ہیں اور وہ دونوں جملے فعلیہ ہوتے ہیں جن میں سے پہلا جملہ سبب اور دوسرا مسبب ہوتا ہے اس پر یہ آیہ کریمہ وما بکم من نعمۃ فمن اللہ کا اعتراض پڑتا ہے کہ یہ شرط وجزا ہیں اور اسکے باوجود پہلا جملہ دوسرے کا سبب نہیں کیونکہ بندوں کے پاس نعمت ہونا خدا کے پاس سے ہونیکا سبب نہیں ہوسکتا بلکہ معاملہ برعکس ہے کہ خدا کے پاس سے آنا بندوں کے پاس ہونے کا سبب ہے (باقی بر صفحہ آئندہ)

[1] قولہ وتسمّی الاولٰی شرطًا الی قولہ نحو جئتنی اکرمک (ت) اور نام رکھا جاتا ہے پہلا جملہ شرط اور دوسرا جزا پھر اگر ہو شرط اور جزا مضارع تو واجب ہوگا جزم دونوں میں لفظًا جیسے ان تکرمنی اکرمک اور اگر ہوں دونوں ماضی تو ان میں عمل نہیں کریں گے لفظًا جیسے ان ضربتَ ضربتُ اور اگر ہو صرف جزا ماضی تو واجب ہوگا جزم شرط میں جیسے ان تضربنی ضربتک اور اگر ہو صرف شرط ماضی تو جائز ہوں گی جزا میں دونوں صورتیں جیسے ان جئتنی اکرمک (ش) اور شرط و جزا دونوں کے مضارع ہونے کی صورت میں جزم اس وجہ سے واجب ہے کہ جازم عامل موجود ہے اور مضارع معرب قابل جزم ہے برخلاف ماضی کے کہ وہ مبنی ہے اور ایسی مثال کہ اس میں مضارع شرط اور ماضی جزا ہو بہت نادر ہے قرآن مجید میں تو کہیں ہے نہیں البتہ کہیں ضرورت شعری کے موقع میں آجاتی ہے اور جب کہ شرط ماضی اور جزا مضارع ہو تو مضارع میں جزم تو اسی وجہ سے جائز ہے جو ذکر کی گئی اور رفع اس وجہ سے جائز ہے کہ جب ماضی میں جزم نہیں جو شرط ہے تو مضارع کو اس کے تابع کر لیا گیا ۱۲

[2] قولہ واعلم انہ اذا کان الی قولہ ومن دخلہ کان اٰمنًا (ت) اور جاننا چاہئے کہ جب ہو جزا ماضی بغیر قد کے تو فا اس میں ناجائز ہوگی جیسے ان اکرمتنی اکرمتک اگر تو میری عزت کرے گا تو میں تیری عزت کروں گا فرمایا خدائے تعالیٰ نے اور جو شخص داخل ہوگا اس میں ہوگا وہ امن پانے والا (ش) لفظ انہ میں ضمیر شان کی ہے اور ماضی عام ہے لفظی ہو یا معنوی جیسے ان قمت لم اقم اور بغیر قد جار مجرور مل کر ماضیًا کی صفت ہے یعنی کائنًا بغیر قد اور اس صورت میں جزا پر فا لانا اس وجہ سے ناجائز ہے کہ حرف شرط نے اس کے معنی میں اثر کر دیا کیونکہ ماضی کو مستقبل کے معنی میں کر دیا پھر ربط کے لئے فا کی حاجت نہ رہی ۱۲

الجملتین لیدلّ علٰی انّ الاولٰی سببٌ للثانیۃ وتسمّی[1] (اے الجملۃ ۱۲) الاولٰی شرطًا والثانیۃ جزاءً ثمّ ان کان الشرط والجزاء (الجملۃ ۱۲) مضارعین یجب الجزم فیہما لفظًا نحو انْ تکرمْنی اکرمْک وان کانا ماضیین لم یعمل فیہما لفظًا نحو انْ ضربتَ ضربتُ وان کان الجزاء وحدہٗ (دون الشرط ۱۲) ماضیًا یجب الجزم فی الشرط نحو انْ تضربْنی ضربتُک وان کان الشرط وحدہٗ (لا فی الجزاء ۱۲) ماضیًا جاز فی الجزاء (وکان الجزاء مضارعا ۱۲) الوجہان (بالرفع والجزم) نحو انْ جئتنی اکرمُک واعلم[2] انّہ اذا کان الجزاء ماضیًا بغیر قد لم یجز الفاء فیہ نحو انْ اکرمتنی اکرمتُک قال اللّٰہ تعالٰی ومَنْ دخلہ کان اٰمنًا

(بقیہ صفحہ ۱۰۴) تو جواب یہ ہے کہ سببیت عام ہے اگر حقیقۃً نہ ہو تو حکمًا کافی ہے یہاں سببیت حکمیہ موجود ہے اس لئے کہ معنی یہ ہیں کہ بندوں کے پاس نعمتوں کا ہونا اس امر کا سبب ہے کہ یہ حکم لگایا جائے کہ یہ نعمتیں خدائے تعالیٰ کی جانب سے جزا دی گئی ہیں ۱۲ ع ه والحسبان والعلم الموول بالظن

وَاِنْ كَانَ مُضَارِعًا مُثْبَتًا اَوْ مَنْفِيًّا بِلَا جَازَ فِيهِ الْوَجْهَانِ
نَحْوَ اِنْ تَضْرِبْنِي اَضْرِبْكَ اَوْ فَاَضْرِبُكَ وَاِنْ تَشْتِمْنِي لَا
اَضْرِبْكَ اَوْ فَلَا اَضْرِبُكَ وَاِنْ لَمْ يَكُنِ الْجَزَاءُ اَحَدَ
الْقِسْمَيْنِ الْمَذْكُورَيْنِ فَيَجِبُ الْفَاءُ فِيهِ وَذٰلِكَ فِي
اَرْبَعِ صُوَرٍ الْاُولٰى اَنْ يَكُونَ الْجَزَاءُ مَاضِيًا مَعَ قَدْ كَقَوْلِهٖ
تَعَالٰى اِنْ يَسْرِقْ فَقَدْ سَرَقَ اَخٌ لَهٗ مِنْ قَبْلُ وَالثَّانِيَةُ
اَنْ يَكُونَ مُضَارِعًا مَنْفِيًّا بِغَيْرِ لَا كَقَوْلِهٖ تَعَالٰى وَمَنْ
يَبْتَغِ غَيْرَ الْاِسْلَامِ دِينًا فَلَنْ يُقْبَلَ مِنْهُ وَالثَّالِثَةُ اَنْ
يَكُونَ جُمْلَةً اِسْمِيَّةً كَقَوْلِهٖ تَعَالٰى مَنْ جَاءَ بِالْحَسَنَةِ فَلَهٗ عَشْرُ اَمْثَالِهَا

اگر تو مجھے مارے گا تو میں تجھے ماروں گا اور اگر تو مجھے گالی دے گا تو میں تجھے نہیں ماروں گا۔ یا پس تجھے میں نہ ماروں گا اور اگر نہ ہو جزا ایک قسم دونوں مذکورہ قسموں میں سے تو واجب ہوتی ہے اس میں فا اور یہ واجب ہونا فا کا چار صورتوں میں ہے پہلی یہ کہ ہو جزا ماضی مع قد کے جیسے قول خدا تعالیٰ کا ان یسرق فقد سرق اخ لہ من قبل اگر اس نے چوری کی ہے تو چوری کر چکا ہے اس کا بھائی پہلے اس کے اور دوسری صورت یہ ہے کہ ہو جزا مضارع منفی بغیر لا جیسے اللہ تعالیٰ نے فرمایا ومن یبتغ غیر الاسلام دینا الخ یعنی جو شخص تلاش کرے اسلام کے سوا کوئی اور دین تو ہرگز نہ قبول کیا جائے گا اس سے (ش) جب جزا مضارع ہو تو اس میں دونوں وجہ جائز ہونے کی شرط یہ ہے کہ وہ مضارع لام امر وغیرہ کی وجہ سے مجزوم نہ ہو اور دعا یا تمنی نہ ہو کیونکہ دعا اور تمنی کلمہ ان داخل ہونے سے قبل ہی مستقبل ہے اس لئے ان کے اندر کلمہ ان کا کوئی اثر نہ ہوگا اور منفی بلا کہنے سے منفی بلم نکل گیا کیونکہ اس پر فا لانا ضروری ہے جیسا کہ عنقریب آجائے گا اور دونوں وجہ جائز ہونے کی وجہ یہ ہے کہ چونکہ حرف شرط اس میں ایسا معنوی اثر نہیں کرتا جیسا ماضی میں کرتا تھا اس لئے فا لائی جائے گی اور چونکہ کچھ تو اثر کرتا ہی ہے اس لحاظ سے اس کو زمانہ مستقبل کے ساتھ خاص کر دیتا ہے حال کا زمانہ باقی نہیں رکھتا تو اس لئے ترک فا جائز ہے کیونکہ حرف شرط کی تاثیر من وجہ پائی گئی اگرچہ وہ قوی نہیں ہے اور اگر اس مضارع میں یہ قید اور لگا دی جاتی کہ اس پر سین اور سوف نہ ہو تو اچھا ہوتا کیونکہ جزا جب مضارع با سین یا سوف ہو تو اس پر فا کا ترک ناجائز ہے اور پہلی صورت میں یہ ضروری نہیں ہے کہ لفظ قد لفظوں میں موجود ہو بلکہ اگر قد معنی میں ہو تو وہ بھی کافی ہے جیسے ان کان قمیصہ قد من قبل فصدقت کہ یہاں قد کے معنی ہیں یعنی فقد صدقت ١٢

١ قولہ وان کان مضارعًا مثبتا او منفیًا الیٰ قولہ فلن یقبل منہ (ت) اور اگر ہو جزا مضارع مثبت یا منفی بلا تو جائز ہوں گی ان میں دونوں صورتیں جیسے ان تضربنی اضربک الخ

٢ قولہ والثالثۃ ان یکون جملۃ اسمیۃ الیٰ قولہ امثالہا (ت) اور تیسری صورت یہ ہے کہ ہو جزا جملہ اسمیہ جیسے اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے جو شخص لائے گا ایک نیکی تو اس کے واسطے ہوگا دس حصے اس کے (ش) اور تیسری صورت میں جملہ اسمیہ مضارع مجزوم کا عطف درست ہے جیسے من یضلل اللہ فلا ہادی لہ ویذرہم ایک قرات میں کرو ... مجزوم ہو کیونکہ ایک قرات میں رفع ہے ظاہر جملہ اسمیہ پر محمول کر کے اور جزم اس وجہ سے درست ہے کہ جملہ اسمیہ محلاً مجزوم ہے ١٢

۱۰۷

وَالرَّابِعَةُ اَنْ یَکُوْنَ جُمْلَةً اِنْشَائِیَّةً اِمَّا اَمْرًا کَقَوْلِهٖ تَعَالٰی قُلْ اِنْ کُنْتُمْ تُحِبُّوْنَ اللّٰهَ فَاتَّبِعُوْنِیْ وَاِمَّا نَهْیًا کَقَوْلِهٖ تَعَالٰی فَاِنْ عَلِمْتُمُوْهُنَّ مُؤْمِنَاتٍ فَلَا تَرْجِعُوْهُنَّ اِلَی الْکُفَّارِ وَقَدْ یَقَعُ اِذَا مَعَ الْجُمْلَةِ الْاِسْمِیَّةِ مَوْضِعَ الْفَاءِ کَقَوْلِهٖ تَعَالٰی وَاِنْ تُصِبْهُمْ سَیِّئَةٌ بِمَا قَدَّمَتْ اَیْدِیْهِمْ اِذَا هُمْ یَقْنَطُوْنَ وَاِنَّمَا تُقَدَّرُ اِنْ بَعْدَ الْاَفْعَالِ الْخَمْسَةِ الَّتِیْ هِیَ الْاَمْرُ نَحْوُ تَعَلَّمْ تَنْجُ وَالنَّهْیُ نَحْوُ لَا تَکْذِبْ یَکُنْ خَیْرًا لَّکَ وَالْاِسْتِفْهَامُ نَحْوُ هَلْ تَزُوْرُنَا نُکْرِمُکَ وَالتَّمَنِّیْ نَحْوُ لَیْتَکَ عِنْدِیْ اَخْدُمُکَ وَالْعَرْضُ نَحْوُ اَلَا تَنْزِلُ بِنَا تُصِبْ خَیْرًا وَبَعْدَ النَّفْیِ فِیْ بَعْضِ الْمَوَاضِعِ نَحْوُ لَا تَفْعَلْ شَرًّا یَکُنْ خَیْرًا لَّکَ وَذٰلِکَ اِذَا قُصِدَ اَنَّ الْاَوَّلَ سَبَبٌ لِّلثَّانِیْ کَمَا رَاَیْتَ فِی الْاَمْثِلَةِ

(دوست می دارید خدا را — پس متابعت من بکنید — مع الشرط — شاید لفظ افعال بجائے اشیاء از قلم ناسخ برآمدہ یوسفیہ)

لہ تقریر ... مع شرط ... تحکانہ ۱۲ — من المحشی — مضمون الرازی

لہ قولہ والرابعۃ ان یکون جملۃ انشائیۃ الی قولہ اذا ہم یقنطون (ت) اور چوتھی صورت یہ ہے کہ ہو جزا جملہ انشائیہ یا امر جیسے اللہ تعالیٰ نے فرمایا قل ان کنتم الخ یعنی کہو اے نبی کریم صلعم کہ اگر تم دوست رکھتے ہو اللہ کو تو اتباع کرو میرا۔ اور یا نہی جیسے اللہ تعالیٰ کا قول ہے فان علمتموہن الخ یعنی پس اگر تم ان عورتوں کو جانو ایمان والیاں تو نہ لوٹاؤ ان کو کافروں کی طرف اور کبھی واقع ہو جاتا ہے اذا مع جملہ اسمیہ کے فا کی جگہ جیسے اللہ تعالیٰ کا قول ہے وان تصبہم الخ یعنی اگر پہونچتی ہے ان کو کوئی برائی بوجہ ان اعمال کے جن کو پہلے کر چکے ہیں باتھ ان کے تو اچانک وہ ناامید ہو جاتے ہیں (ش) اور چوتھی صورت میں یہ بھی داخل ہے کہ جزا استفہام ہو جیسے حدیث میں ہے ان ترکتنا فمن یرحمنا اگر تو ہم کو چھوڑ دیگا تو پھر کون رحم کرے گا ہم پر یا دعا ہو جیسے ان اکرمتنا فیرحمک اللہ اگر تو ہمارا اکرام کرے تو تجھ پر خدائے تعالیٰ رحم فرمائے اور جزا میں فا کے واجب ہونے کی پانچویں صورت بھی ہے وہ یہ کہ جزا مضارع مثبت مع السین یا مع سوف ہو اور ان سب صورتوں میں جزا پر فا لانا اسلئے واجب ہے کہ حرف شرط اس جزا میں کچھ اثر نہیں کرتا کیونکہ ان صورتوں میں حرف شرط زمانہ استقبال کا نہیں بناتا اور نہ لفظاً اثر کرتا ہے کیونکہ حرف شرط اس کو مجزوم نہیں بناتا (فائدہ) جزا پر فا لانے نہ لانے کا ضابطہ یہ ہے کہ اگر حرف شرط جزا میں مؤثر ہو تو فا لانا ناجائز ہے اور اگر تاثیر اور عدم تاثیر دونوں باتوں کا احتمال ہو تو اس میں فا لانا اور نہ لانا دونوں جائز ہے اور اگر بالکل مؤثر نہ ہو تو فا لانا واجب ہوتا ہے اور کبھی فا کی جگہ جملہ اسمیہ میں اذا مفاجاتیہ بھی آجاتا ہے اور فا کے ساتھ اذا مفاجاتیہ کو مناسبت یہ ہے کہ فا کی طرح اذا بھی تعقیب پر دال ہوتا ہے کیونکہ مفاجات کسی امر عادی کے حدوث پر مبنی ہوتی ہے لہذا جزا کے ساتھ مشابہ ہوگئی مفاجات کے معنی کسی کام کے اچانک ہو جانے کے ہیں اور جملہ اسمیہ کی قید اکثری بنا پر ہے کہ غیر جملہ اسمیہ اذا مفاجاتیہ کے ساتھ کم آتا ہے اور جملہ اسمیہ میں بھی بہ نسبت فا کے اذا کم آتا ہے اور لفظ قد لا کر اسی طرف اشارہ کیا ہے ۱۲ **لہ قولہ** وانما تقدر ان بعد الافعال الی قولہ ولذالک البواقی (ت) اور سوا اس کے نہیں کہ مقدر ہوتا ہے ان شرطیہ بعد پانچ چیزوں کے وہ چیزیں کہ ایک ان میں سے امر ہے جیسے تعلم تنج تو علم سیکھ نجات پائے گا اور دوسری نہی ہے جیسے لا تکذب الخ یعنی جھوٹ نہ بول ہوگا یہ بہتر تیرے لئے اور تیسری استفہام ہے جیسے ہل تزورنا الخ کیا تو ہمارے پاس آئیگا ہم تیرا اکرام کریں گے اور چوتھی تمنی ہے جیسے لیتک عندی الخ کاش تو میرے پاس ہوتا تو میں تیری خدمت کرتا اور پانچویں عرض ہے جیسے الا تنزل بنا الخ کیونکہ نہیں نازل ہوتا تو ہمارے پاس تاکہ پہونچے تو بہتری کو اور چھٹی بعد نفی کے بعض مقامات پر جیسے لا تفعل الخ یعنی شرارت مت کر ہوگا یہ بہتر تیرے لئے اور یہ مقدر ہونا ان شرطیہ کا اس وقت ہے کہ جب قصد کیا جائے یہ کہ اول جملہ دوسرے کے لئے سبب ہے جیسا کہ تم نے مثالوں میں دیکھا پس تحقیق معنی ہمارے اس قول کے کہ تعلم تنج ان تعلم تنج ہے ہیں اور ایسے ہی باقی مثالیں ہیں (ش) اور پانچ جگہ جو ان شرطیہ کے مقدر ہونے کی بتلائی ہیں ان میں ہر ایک کے اندر ان مقدر سمجھو جیسا تعلم تنج کے (باقی بر صفحہ آئندہ)

فَاِنَّ مَعْنٰی قَوْلِنَا تَعَلَّمْ تَنْجُ هُوَ اِنْ تَتَعَلَّمْ تَنْجُ وَكَذٰلِكَ الْبَوَاقِيْ فَلِذٰلِكَ[1] اِمْتَنَعَ قَوْلُكَ لَا تَكْفُرْ تَدْخُلِ النَّارَ لِامْتِنَاعِ السَّبَبِيَّةِ اِذْ لَا يَصِحُّ اَنْ يُقَالَ اِنْ لَا تَكْفُرْ تَدْخُلِ النَّارَ وَالثَّالِثُ الْاَمْرُ وَهُوَ صِيْغَةٌ يُطْلَبُ بِهَا الْفِعْلُ مِنَ الْفَاعِلِ الْمُخَاطَبِ بِاَنْ تَحْذِفَ مِنَ الْمُضَارِعِ حَرْفَ الْمُضَارَعَةِ ثُمَّ تَنْظُرَ فَاِنْ كَانَ مَا بَعْدَ حَرْفِ الْمُضَارَعَةِ سَاكِنًا زِدْتَ هَمْزَةَ الْوَصْلِ مَضْمُوْمَةً اِنِ انْضَمَّ ثَالِثُهٗ نَحْوُ اُنْصُرْ وَمَكْسُوْرَةً اِنِ انْفَتَحَ اَوِ انْكَسَرَ كَاِعْلَمْ وَاِضْرِبْ وَاِسْتَخْرِجْ وَاِنْ كَانَ مُتَحَرِّكًا فَلَا حَاجَةَ اِلَى الْهَمْزَةِ نَحْوُ عِدْ وَحَاسِبْ وَالْاَمْرُ[2] مِنْ بَابِ الْاِفْعَالِ مِنَ الْقِسْمِ الثَّانِيْ

زیرا کہ تعلم سبب نجات ست ۱۲ — بتقدیر الشرط علی وفق النہی ۱۲ — بجانب المعنی — ماضی و مضارع خارج شدہ — اے بر شطے ۱۲ — از نہی خارج شدہ — اے صدور الفعل — احتراز شد از امر مجہول — فی تعد ۱۲ — فی تحاسب ۱۲ — زیرا کہ ما بعد حرف مضارعہ متحرک ست ۱۲

(بقیہ صفحہ) یہ معنی ہیں کہ ان تعلم تنج اور لاتکذب یکن خیرالک کا یہ مطلب ہے کہ ان لاتکذب یکن خیرالک اور ایسے ہی سب مثالیں جانو۔ اور ذالک کا مشار الیہ تقدیر ان بعد افعال خمسہ ہے اور یہ شرط تقدیر ان کی اس لئے کی گئی ہے تاکہ شرط کے معنی موجود ہوجائیں ۱۲ ا ر منتعلقہ صفحہ ھذا ۱ے قولہ فلذالک امتنع قولک الی قولہ نحو عد و حاسب (ت) پس اسی وجہ سے منع ہے تیرا یہ قول کہ لاتکفر تدخل النار کفر مت کر ورنہ داخل ہوگا تو دوزخ میں بوجہ منع ہونے سببیت کے اس لئے کہ صحیح نہیں ہے یہ کہ کہا جائے ان لاتکفر تدخل النار اگر تو کفر نہ کرے گا داخل ہوگا تو دوزخ میں اور تیسری قسم فعل کی امر ہے اور وہ ایک صیغہ ہے کہ طلب کیا جاتا ہے اس کی وجہ سے فعل فاعل مخاطب سے بایں طریق کہ حذف کر دے تو مضارع سے علامت مضارع کو پھر تو دیکھے کہ اگر ہے ما بعد علامت مضارع کا ساکن تو زیادہ کرے گا تو ہمزہ وصلی مضموم اگر اس کا تیسرا حرف مضموم ہو جیسے انصر اور مکسور اگر تیسرا حرف مفتوح یا مکسور ہو جیسے اعلم اور اضرب اور استخرج اور اگر ہو ما بعد علامت مضارع کا متحرک تو ہمزہ کی حاجت نہیں جیسے عد و حاسب (ش) اور اسطرح لاتکفر تدخل النار بولنا اس وجہ سے صحیح نہیں کہ عدم کفر دخول نار کا سبب نہیں ہو سکتا ایسے ہی لاتفعل یکن خیرالک بولنا بھی صحیح نہیں ہوگا کیونکہ یہاں بھی ان مقدر نہیں ہو سکتا اس لئے کہ عدم فعل مطلق خیر کا سبب نہیں ہو سکتا اور جب ان چھوں مقامات میں کہ جہاں ان مقدر ہوتا ہے اگر سببیت مقصود نہ ہو تو جزم پڑھنا درست نہ ہوگا بلکہ واجب ہوگا کہ رفع پڑھا جائے یا صفت بنا کر اگر اس میں صفت بننے کی قابلیت ہو جیسے فہب لی من لدنک ولیا یرثنی یعنی ولیا وارثا اور یا حال بنا کر اگر حال کی قابلیت ہو جیسے تذرہم فی خوضہم یلعبون بمعنی لاعبین اور جملہ مستانفہ بنا کر جیسے قم یدعوک الامیر اس میں یدعوک جملہ مستانفہ ہے اور امر کی تعریف میں ہو صیغۃ بمنزلہ جنس کے ہے کہ مقصود اور غیر مقصود سب کو شامل ہے اور باقی قیود بمنزلہ فصل کے ہیں چنانچہ یطلب سے ماضی اور مضارع دونوں نکل گئے اور الفعل سے نہی نکل گئی اور من الفاعل کہنے سے فعل مجہول نکل گیا اور المخاطب کہنے سے امر غائب اور متکلم خارج ہوگیا اور بان تحذف فعل کی دوسری صفت ہے یعنی فعل متلبس بحذف حرف المضارعۃ اور یہ جزو تعریف نہیں ہے بلکہ یہ امر کی کیفیت اشتقاق کا بیان ہے اور اگر تیسرا حرف مضارع کا مضموم ہو گا تو ہمزہ کو مضموم اس وجہ سے کریں گے کہ اگر مفتوح کر دیں تو مضارع متکلم کے ساتھ التباس لازم آئے گا اور ہمزہ وصلی کو مکسور اس لئے رکھتے ہیں کہ تاکہ اگر مضموم کریں اور مضارع کا تیسرا حرف مفتوح ہو تو مضارع مجہول کے ساتھ التباس نہ لازم آئے گا اور مفتوح کریں تو ماضی رباعی کے ساتھ التباس نہ لازم آئے گا اور اگر تیسرا حرف مضارع کا مکسور ہو تو ہمزہ کو فتح دینے سے امر رباعی کے ساتھ اور ضمہ دینے سے ماضی رباعی مجہول کے ساتھ التباس نہ لازم آئے گا ۱۲ ا ر ۲ے قولہ والامر من باب الافعال الی قولہ واقربوا واقربی (ت) اور امر باب افعال کا دوسری قسم سے ہے اور وہ امر مبنی ہے علامت جزم پر جیسے اقرب اور اغز اور ارم اور اسع اور اقربا اور اقربوا اور اقربی (ش) یہ ایک اعتراض کا جواب ہے اعتراض یہ ہے کہ تم نے یہ بیان کیا ہے کہ ما بعد حرف مضارع کا اگر ساکن ہو تو ہمزہ وصل مکسور ہو گا بشرطیکہ عین کلمہ مضارع کا مضموم نہ ہو تو یہ قاعدہ باب افعال میں ٹوٹتا ہے اس لئے کہ اکرم مثلا مضارع باب افعال کا ہے اس میں علامت مضارع کے بعد والا حرف ساکن ہے لہذا اس میں علامت مضارع کی حذف کر کے ہمزہ مکسور لانا چاہئے حالانکہ مفتوح لاتے ہیں اور جواب یہ ہے کہ ہمزہ اس وقت مکسور ہوتا ہے کہ جب ما بعد علامت مضارع کا ساکن ہو اور یہاں ما بعد علامت (باقی بر صفحہ آئندہ)

اور یائی اور الفی میں حذف حرف علت ہے اس وجہ سے اغز میں سے واؤ اور ارم میں سے یا اور اسع میں سے الف حذف ہو گیا اور صحیح کے تثنیہ جمع واحد مؤنث حاضر میں نون کا حذف ہو جانا علامت جزم ہے اس لئے اضربا اضربوا اضربی سے نون حذف ہو گیا ۱۲ (متعلقہ صفحہ ھذا) ملہ قولہ فصل فعل مالم یسم فاعلہ الی قولہ نحو ضرب و دحرج واکرم (ت) فعل اس مفعول کا کہ نہ ذکر کیا گیا ہو فاعل اس مفعول کا وہ فعل ہے کہ حذف کیا گیا ہو فاعل اس کا اور قائم کیا گیا ہو مفعول جگہ اس فاعل کے اور خاص ہے یہ فعل متعدی کے ساتھ اور علامت اس کی ماضی میں یہ ہے کہ ہو صرف پہلا حرف اس فعل کا مضموم اور ماقبل اس کے اخیر کا مکسور ان بابوں میں کہ نہ ہو ان کے اول میں ہمزہ وصل اور نہ تا زائدہ **۱۰۹** جیسے ضرب اور دحرج اور اکرم (ش) مالم یسم فاعلہ میں ما سے مراد مفعول ہے اور فاعلہ کی ضمیر ما کی طرف راجع ہے اور فاعل کی اضافت مفعول کی طرف ادنیٰ ملابست کی ہے اور یہ بھی ممکن ہے کہ ماموصولہ سے مراد فعل ہو اور فعل کی اضافت اس کی طرف بیانیہ ہو اور اس کی وجہ کہ اس مفعول کو فاعل کے قائم مقام کرنا جائز ہو گیا یہ ہے کہ فعل کے لئے دو طرفین ہوتی ہیں ایک طرف صدور وہ تو فاعل ہے اور ایک طرف وقوع وہ مفعول ہے تو گویا ان دونوں میں طرف ہونے کے اعتبار سے مشابہت ہے جس لئے ایک کا دوسرے کی جگہ واقع ہو کر مرفوع ہونا درست ہو گیا اور اس کی وجہ کہ یہ فعل مالم یسم فاعلہ صرف مجہول ہی سے بنتا ہے یہ ہے کہ اگر فعل لازم سے بھی بنایا جائے تو فاعل نسیا منسیا ہی ہو جائے اور وہ چیز بالکل باقی نہ رہے جو فعل کا مسند الیہ ہوتی ہے اور اس کی وجہ کہ فعل مجہول میں اس طرح کا تغیر کیا گیا اور اس کا اول مضموم اور ماقبل آخر مکسور ہو یہ ہے کہ اس فعل مجہول کے معنی معمول کے خلاف ہیں اور وہ مفعول کی طرف اسناد کرتا ہے لہذا مناسب ہوا کہ اس کا وزن بھی معمول کے خلاف ہو یعنی فعل کہ جس میں ضمہ سے کسرہ کی طرف انتقال کیا گیا ہے اور ایسا وزن عرب کی زبان میں شاذ ہے ۱۲ ملہ قولہ وان یکون اولہ الی قولہ نحو یحاسب ویدحرج (ت) اور علامت فعل مجہول کی یہ ہے کہ ہو پہلا حرف اس کا اور دوسرا اس کا مضموم اور اس کے اخیر کا ماقبل بھی ایسا ہی ان بابوں میں کہ جن کے اول میں تا زائدہ ہے جیسے تفضل اور تضورب اور علامت فعل مجہول کی یہ ہے کہ ہو اول حرف اور تیسرا حرف اس کا

وهو مبنيٌّ على علامة الجزم كاضرِبْ واغزُ وارمِ واسعَ واضرِبا واضرِبُوا واضرِبِي

فصلٌ فعلُ ما لم يسمَّ فاعلُه

هو فعلٌ حُذِفَ فاعلُه وأُقيمَ المفعولُ مقامَه ويختصُّ بالمتعدّي وعلامتُه في الماضي أن يكونَ أوّلُه مضمومًا فقط وما قبلَ آخرِه مكسورًا في الأبواب التي ليست في أوائلها همزةُ وصلٍ ولا تاءٌ زائدةٌ نحو ضُرِبَ ودُحرِجَ وأُكرِمَ وأن يكونَ أوّلُه وثانيه مضمومًا وما قبلَ آخرِه كذلك فيما في أوّله تاءٌ زائدةٌ نحو تُفُضِّلَ وتُضُورِبَ

(بقیہ صفحہ) مضارع کا ساکن نہیں ہے اس لئے کہ مابعد علامت مضارع کا کاف نہیں ہے بلکہ ہمزہ ہے کیونکہ اصل میں تاکرم تھا اور وہ مفتوح ہے اور جب علامت مضارع کے بعد والا حرف مفتوح ہوتا ہے تو قانون یہ ہے کہ امر میں ہمزہ وصلی نہیں لایا جاتا لہذا اکرم امر میں یہ ہمزہ وصلی نہیں ہے بلکہ وہی ہے جو تاکرم میں تا کے بعد تھا اور مضارع میں ہمزہ اس لئے حذف ہو گیا کہ مضارع کے واحد متکلم میں دو ہمزے اکٹھے ہو گئے پھر اس کی مناسبت سے بحث کی سب صیغوں سے حذف کر دیا تاکہ باب مطرد ہو جائے اور علامت جزم صحیح کے صیغے میں سکون ہے اس لئے اضرب کی با ساکن ہے اور ناقص (۱۲)

مضموم اور اس کے اخیر حرف کا ماقبل بھی ایسا ہی ہو (یہ علامت) اس فعل میں ہے کہ جس کا اول ہمزہ وصل ہو جیسے استخرج اور اقتدر اور ہمزہ حرف مضموم کے تابع ہوتا ہے بشرطیکہ درج کلام میں ساقط نہ ہوا ہو اور مضارع میں علامت مجہول کی یہ ہے کہ ہو علامت مضارع کی مضموم اور اس کے اخیر حرف کا ماقبل مفتوح جیسے یضرب ویستخرج مگر باب مفاعلت اور افعال اور تفعیل اور فعللہ اور اس کے آٹھوں ملحقات میں کیونکہ علامت مضارع مجہول کی ان بابوں میں اخیر حرف کے ماقبل کا مفتوح ہونا ہے جیسے یحاسب اور یدحرج (ش) اور جن بابوں میں اول حرف تا زائدہ ہے ان کے اندر ایک تغیر یہ اور کیا ہے کہ اس کے دوسرے حرف کو بھی ضمہ دیا ہے اس کی وجہ یہ ہے کہ اگر دوسرے حرف کو ضمہ نہ دیا جائے تو باب تفعیل کے مضارع کے صیغہ واحد مؤنث غائب مذکر حاضر کے ساتھ التباس لازم آئے گا مثلاً تفضل میں اگر فا کو فتحہ دیں تو تفضل ہو جائے گا (بقیہ ص ۱۱۱)

(بقیہ صفحہ ۱) اور ان یکون ثالثہ کی ضمیر ماضی کی طرف لوٹتی ہے اور جن بابوں کے اول میں ہمزہ وصل آتا ہے اور ان میں سے یہاں صرف دو بابوں کی دو مثال دی ایک افتعال دوم استفعال اور باب انفعال اور افعلال کی مثال انقلب اور افعنلال کی احرنجم اور افعیلال اخشوشن اور ان بابوں میں ہمزہ وصل کے ضمہ پر قناعت نہیں کی بلکہ تا کو بھی ضمہ دینا ضروری ٹھہرایا کیونکہ اگر تا کو ضمہ نہ دیا جاتا تو حالت وسع میں بصورت الف امر کے ساتھ التباس لازم آتا اور ہمزہ وصل ماضی مجہول میں حرف مضموم کا تابع ہوتا ہے نہ مکسور کا اس کی وجہ یہ ہے کہ اگر حرف مکسور کے بعد بھی ہمزہ وصل ماضی کے آوے تو انتقال کسرہ سے ضمہ کی طرف لازم آ جائے گا جو عرب کے نزدیک قبیح ہے

اور اگر کوئی کہے کہ حرف مکسور اور حرف مضموم کے درمیان حرف ساکن حائل ہے لہٰذا انتقال کسرہ سے ضمہ کی طرف نہ ہوگا تو جواب یہ ہے کہ حرف ساکن مانع قوی نہیں ہے لہٰذا کالعدم ہے اور یہ حکم اتباع صرف اس حالت میں ہے کہ جب ہمزہ درج کلام میں ساقط نہ کیا جائے اور حرف ساکن سے مراد تنوین کا نون ہے جو ہمزہ وصل سے پہلے حرف ہے اور اگر ہمزہ کو ساقط کیا جائے کہ اس کا تلفظ ہی نہ ہو تو اتباع سے کوئی تعلق نہیں اور فعل مضارع میں چونکہ علامت مضارع کی سب سے پہلا حرف ہے اس لئے ماضی کی طرح مجہول بناتے وقت اس کو ضمہ دیں گے مگر یہاں قبل آخر کو فتحہ دیں گے اس وجہ سے کہ فتحہ خفیف اور مضارع حروف زیادت کی وجہ سے ثقیل اور باب مفاعلت وغیرہ میں علامت مجہول علامت مضارع کا ضمہ نہیں ہے اس لئے کہ علامت مضارع کی ان بابوں کے معروف میں بھی مضموم ہے ۱۲ (متعلقہ صفحہ ہذا)

ف قولہ وفی الاجوف ماضیہ الی قولہ مستقیمی (ت) اور اجوف یعنی اس کی ماضی میں کہے گا تو قیل اور بیع اور اشمام کے ساتھ قیل اور بیع اور واو کے ساتھ قول اور بوع اور اسی طرح کہے گا تو باب اختیر اور انقید میں نہ استخیر اور اقیم میں بوجہ معدوم ہونے قیل کے ان دونوں میں اور اس اجوف کے مضارع میں بدل دیا جائے گا عین الف سے جیسے یقال اور یباع جیسا کہ جان چکا تو علم صرف میں کامل طور پر (ش) اور اجوف کی ماضی مجہول

وان یکون اولہٗ وثالثہٗ مضموما وما قبل اخرہ کذلک (مکسورا ۱۲) فی ما فی اولہٖ ھمزۃ وصلٍ نحو اُستُخرِجَ واُقتُدِرَ (اے وہذہ العلامۃ ۱۲) والھمزۃ تتبع المضموم ان لم تُدرَج (اے ان لم تسقط ۱۲) وفی المضارع (فی الماضی المجہول) ان یکون حرف المضارعۃ مضموما وما قبل اٰخرہ مفتوحا نحو یُضرَبُ ویُستَخرَجُ الا فی باب المفاعلۃ (وہذہ العلامۃ جاریۃ فی جمیع الابواب الاخر ۱۲) والافعال والتفعیل والفعللۃ وملحقاتھا الثمانیۃ فان العلامۃ فیھا فتح ما قبل الاخر نحو یُحَاسَبُ ویُدَحرَجُ وفی الاجوفِ ماضیہ (عطف بیان اجوف ۱۲) قِیلَ وبِیعَ وبالاشمام (باشباع کسرہ ایں الضم است ۱۲) قیل وبیع وبالواو قُولَ وبُوعَ وکذلک باب اُختِیرَ (اختور ۱۲) وانقِیدَ (انقود ۱۲) دون اُستُخِیرَ (باسکان الواو علی العطف ۱۲)

میں تین لغت ہیں افصح تو قیل اور بیع ہے یعنی حرکت واو اور یا کی نقل کر کے ماقبل کو دے دینا اور پھر واو کو یا سے بدل لینا۔ اور دوسرا لغت اشمام ہے اور اشمام یہ ہے کہ فا فعل کے کسرہ کو ضمہ کی طرف مائل کر کے یا ساکنہ کو کچھ تھوڑا سا واو کی طرف مائل کر دینا تیسرا لغت یہ ہے کہ واو کی حرکت کو نقل نہ کریں بلکہ اس کو ساکن کر دیں اور قول پڑھیں اور یا ہو تو اس کو واو سے بدل لیں کیونکہ وہ خود ساکن اور اس کا ماقبل مضموم ہے اور کذلک باب اختیر وانقید کا یہ مطلب ہے کہ باب افتعال اور انفعال کی ماضی مجہول معتل میں بھی قیل اور بیع کی طرح تین لغت ہیں کیونکہ اختیر اور انقید کی تعلیل قیل اور بیع کی مانند ہے اور استخیر اور اقیم یعنی باب افعال اور استفعال کا ماضی مجہول معتل ایسا نہیں ہے کہ اس میں تینوں لغت جاری ہوں بلکہ صرف کسرہ ہے اشمام اور واو نہیں ہے کیونکہ ان میں تعلیل قیل اور بیع کی طرح نہیں ہے اور یہ جو کہا کہ لانہ قد فقد فیہما اس کا مطلب یہ ہے کہ چونکہ استخیر اصل میں استخیر۔ اور اقیم اصل میں اقوم تھا اور ماقبل عین کلمہ متحرک نہ تھا اس لئے قیل ان میں نہ پایا گیا جس لئے اس کی سی تعلیل بھی اس میں نہ ہوئی بلکہ عین کلمہ کی حرکت نقل کر کے ماقبل کو دے دی اور اقوم میں جب حرکت واو کی قاف کو دے دی تو واو بوجہ ماقبل کسرہ کے یا سے بدل لی لہٰذا ان دونوں میں صرف ایک ہی لغت رہا اور اجوف مجہول کے مضارع میں خواہ یائی ہو یا واوی عین کو الف سے بدلیں گے جیسے یقال اور یباع کیونکہ علم صرف میں یہ قاعدہ گذر چکا ہے کہ حرف واو یا یا متحرک ہو (باقی برصفحہ آئندہ)

ـلـه قوله فصل الفعل اما متعد الی قوله کضرب (ت) فعل یا متعدی ہوگا اور وہ وہ فعل ہے کہ موقوف ہو سمجھنا اس کے معنی کا کسی متعلق پر سوائے فاعل کے جیسے ضرب (ش) متعدی کی تعریف مذکوران متعدی افعال پر بھی صادق ہے جو بالواسطہ متعدی ہوتے ہیں جیسے ضرب اور ان پر بھی جو بالواسطہ متعدی ہوتے ہیں جیسے امرض عنہ اور رغیب الیہ کیونکہ اعراض اور رغبت بغیر معروض عنہ اور مرغوب الیہ کے تام نہیں ہوتے برخلاف قام کے کہ یہ بغیر کسی متعلق کے تام ہو سکتا ہے البتہ اگر اس کے ساتھ یا ملاوی بلنے تو اس حالت میں یہ متعدی ہو جائے گا اور اس کے معنی قام کے ہوں گے **ـلـه قوله** واما لازم وہو ما بخلافہ کقعد الی قولہ تعول اعلم اللہ زیدا (ت) اور یا لازم ہوگا اور وہ وہ فعل ہے جو اس کے برخلاف ہو جیسے قعد اور قام اور متعدی کبھی ہوتا ہے ایک مفعول کی طرف جیسے ضرب زید عمرًا اور کبھی دو مفعول کی طرف جیسے اعطی زید عمرًا درہمًا دیا زید نے عمرو کو ایک درہم اور جائز ہوتا ہے اس قسم میں اکتفا کرنا ایک پر اس کے دونوں مفعولوں میں سے جیسے اعطیت زیدًا یا اعطیت درہمًا برخلاف باب علمت کے اور کبھی متعدی ہوتا ہے تین مفعول کی طرف جیسے اعلم اللہ زیدًا عمرًا فاضلًا بتلا دیا اللہ نے زید کو عمرو فاضل اور اسی باب سے ہے فعل اری اور انبا اور نبا اور اخبر اور خبر اور یہ ساتوں فعل ان کا پہلا مفعول پچھلے دونوں مفعولوں کے ساتھ اعطیت کے دونوں مفعولوں کی مانند ہے اور مفعولین پر اقتصار جائز ہونے میں کہے گا تو اعلم اللہ زیدا (ش) (فائدہ) فعل لازم کو متعدی بنانے کے کئی طریقے ہیں (۱) حرف جر کیذریعہ جیسے ذہبت بزید (۲) ہمزہ لگا کر باب افعال میں لیجانے سے جیسے اذہبت زیدًا (۳) باب تفعیل میں لیجانے سے جیسے فرحت زیدًا (۴) باب مفاعلت میں لیجانے سے جیسے ماشیتہ یعنی چلنے میں میں نے اسکی مصاحبت کی (۵) باب استفعال میں لے جانے سے جیسے استخرجتہ میں نے اس کو نکالا (۶) فعل لازم کے فعل متعدی کے معنی کو متضمن ہونے سے جیسے رحب بمعنی وسع اور فعل متعدی کو لازم بنانا ہو تو باب انفعال یا باب تفعلل میں لے جاؤ جیسے انقطع اور تدحرج اور باب اعطیت میں اقتصار ایک مفعول پر درست ہے یعنی چاہو تو صرف پہلے مفعول لے آؤ اور چاہو تو صرف دوسرا اور باب علمت میں اگر ایک مفعول لایا جائے تو دوسرا ضرور لانا پڑے گا اور باب اعلم میں تین مفعول کی ضرورت اس وجہ سے ہوتی ہے کہ علم دو مفعول چاہتا تھا

واقيم لفقد فُعِلَ فيهما وفي مضارعه تقلب العين الفا نحو يقال ويباع كما عرفت في التصريف مستقصًى ـلـه

فصل الفعل اِمّا متعدٍ وهو ما يتوقف فهم معناه على متعلقٍ غير الفاعل كضرب ـلـه واما لازم وهو ما بخلافه كقعد وقام والمتعدي قد يكون الى مفعولٍ واحدٍ كضرب زيدٌ عمرًوا والى مفعولين كاعطى زيدٌ عمرًا درهمًا ويجوز فيه الاقتصار على احد مفعوليه كاعطيتُ زيدًا او اعطيت درهمًا بخلاف باب علمت والى ثلثة مفاعيل نحو اعلم الله زيدًا عمرًا فاضلًا ومنه ارى وانبأ ونبّأ واخبر وخبّر وحدّث

بقیہ صـ۱۱۰) اور اس کا ماقبل ساکن ہو تو اس کی حرکت نقل کر کے ماقبل کو دیدیں گے اور واو یا یا کو الف سے بدلینگے اور یہ بدلنا واجب ہوگا چونکہ یہ مسئلہ علم صرف سے متعلق تھا اس لئے اس کا حوالہ دے دیا۔ اور مستقصیٰ اسم مفعول کا صیغہ باب استفعال سے ہے اس کا مصدر استقصاء ہے اور ترکیب میں یہ حال واقع ہے ۱۲

اور اس کو جب باب افعال میں لے گئے تو ایک مفعول کی اور زیادہ پڑ گئی تین مفعول چاہنے میں اعلم تو اصل ہے اور باقی یعنی انبا اور نبا وغیرہ فرع ہیں یعنی چونکہ یہ افعال اعلام کے معنی کو شامل ہیں اس لئے یہ بھی تین مفعول کو چاہنے لگے۔ اور اخفش نے اظننت اور احسبت اور اخلت اور ازعمت کو اعلمت کے معنی میں شمار کر کے متعدی بسہ مفعول قرار دیا ہے مطلب یہ ہے کہ اعلمت میں یہ بات جائز ہے کہ اس کا پہلا مفعول لاؤ اور پچھلے دونوں مفعول نہ لاؤ اور برعکس یعنی یہ کہ اس کا پہلا مفعول نہ لاؤ اور پچھلے دونوں مفعول لاؤ اور برعکس یعنی یہ کہ اس کا پہلا مفعول نہ لاؤ اور پچھلے دونوں لاؤ چنانچہ اعلم اللہ زیدا عمرًا فاضلًا میں صرف اعلم اللہ زیدًا کہنا بھی درست ہے اور اعلم اللہ عمرًا فاضلًا کہنا بھی درست ہے ۱۲ عـه اے مضارع مجہول اجوف واوی باشد یا یائی ۱۲

لہ قولہ والثانی مع الثالث الی قولہ خیر الناس (ت) اور دوسرا مفعول تیسرا مفعول کے ساتھ علمت کے دونوں مفعول کے مانند ہے احد المفعولین پر اقتصار نا جائز ہونے میں پس نہ کہہ سکے گا تو اعلمت زیدا خیر الناس بلکہ کہے گا تو اعلمت زیدا عمروا خیر الناس (ش) اور اعلمت کے دوسرے اور تیسرے مفعول میں یہ بات درست نہیں کہ دوسرا لاؤ اور تیسرا نہ لاؤ یا تیسرا لاؤ اور دوسرا نہ لاؤ بلکہ لانا ہوں گے تو دونوں اور ترک کرنا ہوں گے تو دونوں اس لئے اعلمت زیدا عمروا خیر الناس میں یہ درست نہیں کہ اعلمت زید عمروا فقط یا اعلمت زیدا خیر الناس فقط کہو ۱۲ **سلہ قولہ** فصل افعال القلوب الی قولہ علمت زیدا عالما (ت) افعال قلوب یہ ہیں علمت اور ظننت اور حسبت اور خلت اور رأیت اور وجدت اور زعمت اور یہ سب ایسے افعال ہیں کہ داخل ہوتے ہیں مبتدا اور خبر پر پھر نصب دیتے ہیں ان دونوں کو بنا بر مفعولیت کے جیسے علمت زیدا عالما (ش) ان افعال کو افعال الشک والیقین بھی کہتے ہیں اور افعال قلوب ان کو اس وجہ سے کہتے ہیں کہ ان کے صدور میں جوارح اور اعضاء کی ضرورت نہیں پڑتی اور افعال شک ویقین ان کا نام اس لئے رکھتے ہیں کہ ان میں سے بعض افعال تو شک کے معنی میں ہیں جیسے ظننت اور حسبت اور خلت اور تین ہی فعل یقین کے معنی میں ہیں جیسے علمت رأیت وجدت اور ایک فعل ایسا ہے کہ وہ دونوں میں کام آسکتا ہے یعنی زعمت اور سات عدد میں ان کا انحصار عقلی نہیں ہے بلکہ استقرائی ہے کیونکہ کچھ افعال ان کے علاوہ بھی ان کے ہم معنی ہیں مثلاً عرفت اور اعتقدت مگر استعمال میں ان کے دو مفعول نہیں آتے اور نہ افعال قلوب کے باقی احکام ان پر جاری ہوتے ہیں ۱۲ **سلہ قولہ** واعلم ان لہذہ الافعال الی قولہ نحو علمت لزید منطلق (ت) اور جاننا چاہئے کہ ان فعلوں کے لئے کچھ خاصیات ہیں ایک ان میں سے یہ ہے کہ ان کے دو مفعولوں میں سے ایک پر اقتصار نہیں کیا جاتا برخلاف باب اعطیت کے پس تو نہیں کہے گا علمت زیدا اور بعض ان میں سے الغا کا جائز ہونا ہے جبکہ یہ افعال وسط میں واقع ہوں جیسے زید ظننت قائم یا موخر واقع ہوں جیسے زید قائم ظننت اور بعض ان میں سے یہ ہے کہ یہ افعال معلق کر دئے جاتے ہیں جبکہ استفہام سے پہلے واقع ہوں جیسے علمت ازید عندک ام عمرو اور ما نفی سے پہلے جیسے علمت ما زید فی الدار یا لام ابتدا سے پہلے جیسے علمت لزید منطلق (ش)

١١٢

وهٰذه السبعة مفعولها الاول مع الاخيرين كمفعولي اعطيت
(فی بعض النسخ الستة مقام السبعة وهو سهو ۱۲)
فى جواز الاقتصار على احدهما تقول اعلم الله زيدا والثاني مع
(اى يجوز الاقتصار على المفعول الاول) (اى احد مفعولي باب اعطيت ۱۲)
الثالث كمفعولي علمت فى عدم جواز الاقتصار على احدهما
فلا تقول اعلمت زيدا خير الناس بل تقول اعلمت زيدا عمروا
(بالاقتصار على المفعول الاول)
خير الناس فصل افعال القلوب علمت وظننت وحسبت
وخلت ورأيت ووجدت وزعمت وهي افعال تدخل على
المبتدأ والخبر تنصبهما على المفعولية نحو علمت زيدا عالما
واعلم ان لهذه الافعال خواص منها ان لا تقتصر على احد
مفعوليها بخلاف باب اعطيت فلا تقول علمت زيدا ومنها
(بالاقتصار على المفعول الاول)
جواز الالغاء اذا توسطت نحو زيد ظننت قائم او تأخرت
(اى ابطال العمل لفظا جوازا ۱۲)

خواص خاصہ کی جمع ہے اور خاصہ شئی کا وہ ہے جو اس شئی کے ساتھ خاص ہو اور کسی دوسری شئی میں نہ پایا جائے پہلا خاصہ افعال قلوب کا یہ ہے کہ ان میں ایک مفعول پر اقتصار درست نہیں یعنی یہ کہ ایک مفعول ذکر کیا جائے اور دوسرا نہ کیا جائے البتہ یہ جائز ہے کہ دونوں کو نہ ذکر کیا جائے جس طرح قرآن شریف میں ہے ویوم یقول نادوا شرکائی الذین زعمتم کہ اصل میں زعمتموا ایاہم تھا اور عدم جواز اقتصار کی وجہ یہ ہے کہ ان کے دونوں مفعول مبتدا خبر ہوتے ہیں اور یہ ناجائز ہے کہ مبتدا بغیر خبر کے یا خبر بغیر مبتدا کے ذکر کی جائے اور باب اعطیت کے دونوں مفعول ایسے نہیں ہیں یعنی وہ مبتدا خبر نہیں ہیں دوسرا خاصہ یہ ہے کہ افعال قلوب کو ملغی کرنا درست ہے الغا اسے کہتے ہیں کہ لفظاً ومعنیً دونوں طرح عمل کو باطل کر دیا جائے یہ دو صورتوں میں درست ہے ایک تو یہ کہ افعال قلوب مبتدا خبر کے درمیان واقع ہوں دوسری یہ کہ مبتدا خبر کے بعد (باقی برصفحہ آئندہ)

بقیہ صـ۱۱۱) واقع ہو اور وجہ یہ ہے کہ ان افعال کا عمل ان صورتوں میں ضعیف ہے اور مبتدا اور خبر دونوں مستقل چیزیں ہیں لہذا توسط اور تاخر کی صورت میں اپنے ماقبل کے اندر عمل نہیں کر سکتے مگر چونکہ ان کا عمل فی نفسہ ضعیف نہیں ہے اس لئے جائز یہ بھی ہے کہ عمل دلایا جائے اسی لئے مصنف نے جواز کا لفظ استعمال کیا ہے مگر یہ بات یاد رکھو کہ توسط کی صورت میں گو جائز دونوں باتیں ہیں مگر اولیٰ یہ ہے کہ عمل دلایا جائے اور تاخر کی صورت میں اولیٰ یہ ہے کہ عمل نہ دلایا جائے اور اس میں اقوال اور بھی ہیں ہم بخوف طوالت ذکر نہیں کرتے اور یہ بات بھی یاد رکھو کہ یہ افعال الغاکی حالت میں اس مصدر کے معنی میں ہوتے ہیں جو ظرف واقع ہو مثلاً زید ظننت قائم. قائم کے معنی یہ ہیں کہ زید قائم فی ظنی اور تیسرا خاصہ یہ ہے کہ یہ افعال اگر حرف استفہام ۱۱۳ سے پہلے واقع ہوں تو معلق کر دیئے جاتے ہیں ایسے ہی حرف نفی سے پہلے اور ایسے ہی لام ابتداء سے پہلے اور تعلیق اسے کہتے ہیں کہ لفظاً تو عمل باطل کر دیا جائے مگر معنی باقی رہے اور ان تینوں صورتوں میں ان افعال کے معلق ہونے کی وجہ یہ ہے کہ یہ تینوں چیزیں یعنی حرف استفہام اور حرف نفی اور لام ابتدا صدارت کلام کو چاہتے ہیں اور اگر افعال کو عامل رکھا جائے تو ان کی صدارت باطل ہوتی ہے اس لئے محض لفظوں میں ان کے عمل کو باطل کر دیا ۱۲

نحو زيدٌ قائمٌ ظننتُ ومنها انها تعلّق اذا وقعت قبل الاستفهام نحو علمتُ أزيدٌ عندك أم عمرٌو وقبل النفي نحو علمتُ ما زيدٌ في الدار وقبل لام الابتداء نحو علمتُ لزيدٌ منطلقٌ ومنها انه يجوز ان يكون فاعلها ومفعولها ضميرين لشيءٍ واحدٍ نحو علمتني منطلقًا وظننتك فاضلًا واعلم انه قد يكون ظننتُ بمعنى اتهمتُ وعلمتُ بمعنى عرفتُ ورأيتُ بمعنى أبصرتُ ووجدتُ بمعنى اصبتُ الضالّةَ فتنصب مفعولًا واحدًا فقط فلا تكون حينئذٍ من افعال القلوب

فصلٌ الافعال الناقصة هي افعالٌ وضعت لتقرير الفاعل

سلے قولہ ومنہا انہا لا یجوز ان یکون فاعلہا الیٰ قولہ وظننتک فاضلا (ت) اور بعض ان میں سے یہ ہے کہ یہ افعال جائز ہوتا ہے ہونا ان کے فاعل اور مفعول کا دو ضمیریں کہ راجع ہوں وہ دونوں ایک شی کی طرف جیسے علمتنی منطلقا اور ظننتک فاضلا میں نے اپنے آپ کو چلنے والا جانا اور تو نے اپنے آپ کو فاضل گمان کیا (ش) اور چوتھا خاصہ یہ ہے کہ افعال قلوب کا فاعل اور ان کا پہلا مفعول ایسی دو متصل ضمیریں ہو سکتی ہیں کہ جن دونوں کا مرجع ایک شخص ہو برخلاف باقی افعال کے کہ ان میں یہ جائز نہیں مثلاً کوئی شخص ضربتنی اور ضربتک نہیں کہہ سکتا بلکہ اگر اس طرح کہنا ضروری ہوگا تو یوں کہے گا ضربت نفسی اور ضربت نفسک اور اس کی وجہ یہ ہے کہ دوسرے افعال میں اکثر یہ ہوتا ہے کہ فاعل کا فعل غیر سے متعلق ہوا کرتا ہے پس اگر بلا زیادتی لفظ نفس بولا جائیگا تو التباس لازم آئے گا یعنی یہ وہم ہوگا کہ شاید دونوں (فاعل اور مفعول) ایک نہیں ہیں مثلاً ضربتنی بصیغہ متکلم کسی نے کہا تو وہم ہوگا کہ شاید یہ ضربتنی بصیغہ خطاب ہے اور بعض غیر افعال قلوب میں بھی یہ چوتھا خاصہ پایا جاتا ہے مثلاً فقدتنی اور عدمتنی اس کی وجہ یہ ہے کہ یہ اگرچہ افعال قلوب میں سے نہیں ہیں مگر افعال قلوب کی ضد ہیں مثلاً فقد وجد کی ضد ہے اور ایسے ہی عدم ۱۲ سلے قولہ واعلم انہ قد یکون الیٰ قولہ من افعال القلوب (ت) اور جاننا چاہئے کہ کبھی ہوتا ہے ظننت بمعنی اتہمت اور علمت بمعنی عرفت اور رأیت بمعنی ابصرت اور وجدت بمعنی اصبت الضالۃ میں نے گم شدہ کو پایا (ان صورتوں میں) نصب دیتے ہیں صرف ایک مفعول کو پس اس حالت میں افعال قلوب سے نہیں ہوتے (ش) ظن کبھی تہمت لگانے کے معنی میں بھی آتا ہے جیسے اللہ تعالیٰ کا قول وما ہو علی الغیب بظنین یعنی نہیں ہیں وہ رسول غیب پر متہم اور علمت بمعنی عرفت بھی قرآن کریم میں ہے ارشاد ہے ولقد علمتم الذین اعتدوا منکم اور رأیت بمعنی ابصرت بھی قرآن شریف میں ہے ارشاد ہے فانظر ماذا تری یعنی غور کر کیا دیکھتا ہے اور کبھی حسبت کے معنی صرت یا حسب کے ہو گئے ہیں حسب مالا اور جلت کے معنی ہو گئے ہیں خال (ت) والا اور عمت کے معنی تکمیل ہمارا بھی آتے ہیں ۱۲ سلے قولہ فصل الافعال الناقصۃ الیٰ قولہ الیٰ آخرہا (ت) افعال ناقصہ وہ افعال ہیں جو وضع کئے گئے ہیں واسطے (باقی بر صـ۱۱۴)

(بقیہ صـــــ۱۱۳) ثابت کرنے فاعل کے اوپر ایک صفت کے سوائے صفت مصدر اس کے کے اور وہ وہ افعال کان اور صار اور ظل اور بات ہے آخر تک (اش) ان افعال کو ناقصاس وجہ سے کہتے ہیں کہ یہ بہ نسبت دوسرے افعال کے ناقص ہیں کیونکہ یہ افعال محض زمان پر دال ہیں اور دوسرے افعال حدث اور زمان دونوں پر دال ہوتے ہیں دوسری وجہ یہ کہ یہ افعال مرفوع سے تام نہیں ہوتے بلکہ منصوب کے بھی محتاج ہوتے ہیں تب فائدہ پہونچاتے ہیں یا اس لئے کہ ان کا عدد بہ نسبت افعال تامہ ناقص یعنی کم ہے ۱۲ (متعلقہ صفحہ ہذا) لـــہ قولہ تدخل علی الجملۃ الاسمیۃ الی قولہ کقول الشاعر (ت) داخل ہوتے ہیں یہ افعال جملہ اسمیہ پر واسطے فائدہ

علیٰ صفۃ غیر صفۃ مصدرھا وھی کانَ وصارَ وظلَّ وباتَ الیٰ
آخرھا تدخل علی الجملۃ الاسمیۃ لافادۃ نسبتھا حکمَ معناھا
فترفع الاولَ وتنصبُ الثانی فتقول کان زیدٌ قائما وکانَ علیٰ
ثلثۃ اقسامٍ ناقصۃ وھی تدل علیٰ ثبوتِ خبرھا لفاعلھا
فی الماضی امّا دائمًا نحو کان اللہ علیمًا حکیمًا او منقطعًا نحو
کان زیدٌ شابًّا وتامّۃٌ بمعنیٰ ثبتَ وحصلَ نحو کان القتالُ
ای حصل القتالُ وزائدۃ لا یتغیر باسقاطھا معنی الجملۃ کقول
الشاعر شعر جیادُ ابنی ابی بکرٍ تسامیٰ علیٰ کان المسوّمۃِ العرابِ
ای علی المسوّمۃ وصار للانتقال نحو صار زیدٌ غنیًّا واصبحَ وامسیٰ واضحیٰ تدل
علیٰ اقتران مضمون الجملۃ بتلک الاوقات نحو اصبح زیدٌ ذاکرا

پہونچانے نسبت جملہ کے حکم معنی اپنے کا پس رفع دیتے ہیں یہ افعال پہلے جزو کو اور نصب دیتے ہیں دوسرے لہذا کہے گا تو کان زید قائما اور کان تین قسم پر ہے۔ ایک ناقصہ اور وہ دلالت کرتا ہے اپنی خبر کا اپنے فاعل کے لئے زمانہ گذشتہ میں ثابت ہونے پر ایسا ثابت ہونا جو دائم ہو جیسے کان اللہ علیما حکیما یا ایسا ثابت ہونا جو ختم ہونے والا ہو جیسے کان زید شابا اور دوسرا تامہ بمعنی ثبت اور حصل جیسے کان القتال یعنی حصل القتال (اش) اور یہ جو کہا کہ حکم معناہا یعنی یہ افعال جملہ کی نسبت کو اپنے معنی کے حکم کا فائدہ دیتے ہیں اس کی وجہ یہ ہے کہ مثلا صار کے معنی انتقال کے ہیں مگر اس کی خبر انتقال کے ساتھ موصوف نہیں بلکہ خبر تو منتقل الیہ ہوگی اس لئے حکم انتقال خبر کو دیا گیا نہ کہ انتقال بایں وجہ مصنف نے لفظ حکم زیادہ کیا اور بقول بعض حکم کے معنی یہاں اثر کے ہیں یعنی یہ افعال اپنے معنی کے اثر کا فائدہ بخشتے ہیں اور ظاہر ہے کہ انتقال کا اثر منتقل الیہ اور دوام کا اثر دائم ہے اور یہ افعال اسم کو رفع اس وجہ سے دیتے ہیں کہ وہ حکما فاعل ہے اور خبر کو نصب اس وجہ سے کہ وہ مشابہ مفعول بہ کے ہے ۱۲ سـلـہ قولہ وزائدۃ لا یتغیر الی قولہ کقول الشاعر (ت) اور تیسرا زائدہ ہے کہ نہیں بدلتے اس کے ساقط کر دینے سے معنی جملہ کے جیسے قول شاعر کا شعر (اش) زائد کان وہ ہوتا ہے جس کا وجود اور عدم دونوں برابر ہوں اور یہ زائد ہونا صرف لفظ کان کے ساتھ خاص ہے اس کے اور صیغوں میں نہیں پایا جاتا برخلاف ناقصہ اور تامہ ہونے کے کہ وہ دونوں کان اور اس کے تمام صیغوں میں پائے جاتے ہیں ۱۲ سـلـہ قولہ جیاد ابن ابی بکر الی قولہ وبمعنی صار (ت) یعنی قبیلہ بنو ابی بکر کے کھرے گھوڑے غالب آگئے ان گھوڑوں پر جو نشان دئے گئے خالص عربی ہیں یعنی اصل عبارت علی المسومۃ ہے اور لفظ صار انتقال کے لئے ہے جیسے صار زید غنیا اور اصبح اور امسی اور اضحی دلالت کرتے ہیں مضمون جملہ کے ان اوقات کے ساتھ متصل ہونے پر جیسے اصبح زید ذاکرا یعنی ہوگیا وہ ذکر کرنے والا صبح کے وقت اور بمعنی صار جیسے اصبح زید غنیا ہوگیا زید مالدار اور یہ تامہ بھی ہوتے ہیں جیسے اضحی ذو العبد الخ داخل ہوا وہ صبح کے وقت میں اور دوپہر کے وقت میں اور شام کے وقت میں اور ظل اور بات دلالت کرتے ہیں مضمون جملہ کے ان کے اوقات کے ساتھ متصل ہونے پر جیسے ظل زید کاتبا یعنی اس کی کتابت دن میں حاصل ہوئی اور یہ دونوں بمعنی صار بھی آتے ہیں (اش) جیاد جید کی جمع ہے تیز رو گھوڑے کو کہتے ہیں اور تسامی اصل میں تتسامی تھا ان میں سے ایک تا کو تخفیف کے لئے حذف کر دیا اس کا مصدر تسامی ہے (باقی بر صفحہ)

(بقیہ صفحہ ۱۱۴) یعنی بلندی اور علی المسومۃ میں مسومۃ کا مصدر تسویم ہے ان گھوڑوں کو کہتے ہیں جن پر علامت لگائی گئی ہو اور عِراب بکسر عین عربی کی جمع ہے جیاد مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مبتدا اور تسامی جملہ ہو کر اس کی خبر ہے اور کبھی کان ملغاۃ بھی ہوتا ہے یعنی وہ جو لفظوں میں کچھ عمل نہ کرے مگر معنی میں اثر کرے جیسے زید کان قائم کہ لفظ میں اس کا کوئی فائدہ نہیں مگر معنی میں زمانہ گذشتہ بتلاتا ہے اور صار جو انتقال کے لئے ہے تو انتقال کی دو صورتیں ہوتی ہیں ایک تو ایک حقیقت سے دوسرے حقیقت کی طرف منتقل ہونا جیسے صار الطین خزفا اور دوسری ایک مکان سے دوسری مکان کی طرف منتقل ہونا اقتران مضمون الجملۃ میں سے وہ جملہ مراد ہے جو ان افعال کے واقع ہوگا اور بوقتیہما سے مراد دن اور رات ہے دن تو ظل میں اور رات بات میں. اور ظل وبات کبھی

۱۱۵

اى كان ذاكرا فى وقت الصبح وبمعنى صار نحو اصبح زيد غنيا وتامة بمعنى دخل فى الصباح والضحى والمساء وظل وبات يدلان على اقتران مضمون الجملة بوقتيهما نحو ظل زيد كاتبا وبمعنى صار وما زال وما فتئ وما برح وما انفك تدل على استمرار ثبوت خبرها لفاعلها منذ قبله نحو ما زال زيد اميرا ويلزمها حرف النفى وما دام يدل على توقيت امر بمدة ثبوت خبرها لفاعلها نحو اقوم ما دام الامير جالسا وليس يدل على نفى معنى الجملة حالا وقيل مطلقا وقد عرفت بقية احكامها فى القسم الاول فلا نعيدها فصل

تامہ بھی ہوتے ہیں مگر بہت کم جیسے ظللت بمکان لطیف دن گذارا میں نے پاکیزہ جگہ اور بت بمکان طیب رات گذاری میں نے پاکیزہ کوٹھری میں ۱۲

متعلقہ صفحہ ھذا (۱۱۵) قولہ وما زال وما فتئ الی قولہ فلا نعیدہا (ت) اور ما زال اور ما فتئ اور ما برح اور ما انفک دلالت کرتے ہیں اپنی خبر کے اپنے فاعل کے لئے دائما ثابت رہنے پر جس وقت سے کہ قبول کیا ہے فاعل نے خبر کو جیسے ما زال زید امیرا ہمیشہ رہا زید امیر اور لازم ہے ان افعال کو حرف نفی اور ما دام دلالت کرتا ہے کسی بات کے مؤقت کرنے پر ساتھ مدت ثبوت خبر ان افعال کے ان کے فاعل کے لئے جیسے اقوم ما دام الامیر جالسا کھڑا رہوں گا میں جب تک کہ امیر بیٹھنے والا ہے اور لیس دلالت کرتا ہے معنی جملہ کی نفی پر زمانہ حال میں اور بقول بعض ہر زمانہ میں اور جان چکے ہو تم باقی احکام افعال ناقصہ کے پہلی قسم میں اس لئے ہم ان کو نہیں لوٹاتے (ش) ۱۱۵ قبلہ قبل فعل ماضی معروف کے مذکر غائب کا صیغہ ہے اس کی ضمیر مستتر مرفوع کا مرجع فاعل ہے اور ضمیر بارز منصوب کا مرجع خبر ہے یعنی جب قبول کیا ہے فاعل نے خبر کو اس وقت سے اب تک وہ خبر فاعل میں ثابت چلی آرہی ہے چنانچہ ما زال زید امیرا کے یہ معنی ہیں کہ جب سے زید میں امارت آئی ہے اس وقت سے برابر امیر چلا آتا ہے اس سے معلوم ہوا کہ بچپن کا زمانہ اس سے خارج ہے کیونکہ بچپن کا زمانہ امیر ہونے کا وقت نہیں ہے اور یہ جو کہا کہ ان افعال کو حرف نفی لازم ہے اس کی وجہ یہ ہے کہ مقصد بتلانا ہے کہ خبر کا ثبوت اسم کیلئے علی الدوام ثابت ہے اور وہ اسی وقت حاصل ہو سکتا ہے کہ جب حرف نفی ان پر داخل ہو اس لئے کہ ان افعال کے معنی نفی انعدام اور ضد ... کے ہیں اور جب ان پر حرف نفی داخل ہوگا تو نفی کی نفی ہو جائے گی اور نفی کی نفی ثبوت ہوتا ہے (ف) یاد رکھو کہ کبھی قسم کے موقع پر ان الفاظ سے حرف نفی کو لفظا حذف بھی کر دیتے ہیں اگرچہ معنی میں وہ نفی ملحوظ رہتی ہے مثلا تاللہ تفتؤ تذکر یوسف کہ یہ اصل میں تھا لا تفتؤ یعنی قسم اللہ کی ہمیشہ رہتا ہے تو کہ ذکر کرتا ہے یوسف کا اور ما دام کی دلالت اس پر ہے کہ فلاں کام اس وقت تک ہے کہ جب تک ما دام کی خبر اس کے اسم کے واسطے ثابت ہے مثلا اقوم ما دام الامیر جالسا اس کے معنی یہ ہیں کہ اقوم مدۃ دوام جلوس زید اور جو لوگ لیس کے بارہ میں یہ کہتے ہیں کہ وہ مطلق زمانہ کی نفی کے لئے آتا ہے وہ اس کی دلیل یہ دیتے ہیں الا یوم یاتیہم لیس مصروفا عنہم یعنی ہوشیار ہو جاؤ جس دن آئے گا ان لوگوں کے پاس وہ عذاب تو نہ ہوگا وہ ہٹایا ہوا ان سے اس آیت میں لیس نفی مستقبل کے لئے آیا ہے کیونکہ یہ واقعہ قیامت کے دن کا ہے اور جواب یہ ہے کہ چونکہ یہ خبر ایسے شخص نے دی ہے جس کی خبر میں شک و شبہ نہیں تو گویا آئندہ آنے والا

(باقی بر صفحہ ۱۱۶)

(بقیہ صفحہ ۱۱۵) مگر بوجہ یقینی ہونے کے ایسا ہے کہ گویا گذر چکا۔ اور بقیہ احکام سے مراد خبروں کو ان کے اسموں پر مقدم کرنا اور خود ان فعلوں پر مقدم کرنا ہے۔

۱ قولہ فصل افعال المقاربۃ الی قولہ نحو کاد زید یقوم (ت) افعال مقاربہ وہ افعال ہیں جو وضع کئے گئے ہیں واسطے دلالت کرنے کے اوپر قریب ہونے خبر کے ان کے فاعل کے لئے اور وہ افعال تین قسم پر ہیں پہلی قسم امید کرنے کے لئے ہے اور وہ عسیٰ ہے اور وہ فعل جامد ہے کہ اس سے بجز ماضی کے اور کچھ مستعمل نہیں ہے اور وہ عسیٰ عمل میں کاد کی مثل ہے مگر یہ کہ اس کی خبر فعل مضارع مع اَن ہے جیسے عسیٰ زید ان یقوم اور جائز ہے مقدم کرنا خبر کا اس کے اسم پر جیسے عسیٰ ان یقوم زید اور کبھی حذف کر دیا جاتا ہے اَن جیسے عسیٰ زید یقوم اور دوسری قسم حصول کے لئے ہے اور وہ کاد ہے اور اس کی خبر مضارع بغیر ان ہے جیسے کاد زید یقوم (ش) افعال ناقصہ کے بعد افعال مقاربہ بیان کرنے کی وجہ یہ ہے کہ اس بات میں دونوں شریک ہیں کہ خبر کو چاہتے ہیں کیونکہ یہ سب افعال اس بات کے لئے موضوع ہیں کہ فاعل کا ایک صفت معینہ پر ہونا ثابت کرتے ہیں مگر فرق یہ ہے کہ افعال مقاربہ کی خبر اخص ہے یعنی فعل مضارع اور یہ جو کہا کہ اس سے بجز ماضی کے اور کچھ مستعمل نہیں اس کا یہ مطلب کہ مضارع اور ماضی مجہول اور امر و نہی اور اسم فاعل اسم مفعول وغیرہ اس سے کچھ نہیں بنتا کیونکہ یہ انشا کے معنی کو متضمن ہونے کے باعث لعل کی مثل ہے اور لعل کی تو گردان ہے نہیں ایسے ہی اس کی بھی نہیں اور یہ جو کہا کہ فعل مضارع مع اَن اس کی خبر ہے یہ اکثر نحویوں کا مذہب ہے اور بعض یہ کہتے ہیں کہ اَن مع فعل مضارع کے مرفوع المحل ہے اس لئے کہ وہ لفظ عسیٰ کا فاعل ہے اور زید یقوم کا فاعل تقدیم اور تاخیر ہو گئی ہے اور کوئی لوگ یہ کہتے ہیں کہ ان یقوم لفظ زید سے بدل ہے اور خبر میں اَن اس وجہ سے شرط ہے کہ ترجی ایسی صورت میں پائی جا سکتی ہے کیونکہ اس کے لئے زمانہ مستقبل ضروری ہے اس لئے ان لانے میں جو استقبال پر دال ہے اور تقدیم خبر کی صورت میں یعنی جب عسیٰ ان یقوم زید کہا جائے تو ان یقوم عسیٰ کا فاعل اور زید یقوم کا فاعل ہوگا اور اس حالت میں خبر کی حاجت نہ ہوگی کیونکہ عسیٰ اس وقت تامہ ہوگا اور پہلی صورت میں ناقصہ تھا اور جب خبر سے ان کو حذف کرتے ہیں تو اس وقت عسیٰ کاد کے مشابہ ہوتا ہے اور ان کے حذف ہونے کی مثال یہ شعر ہے شعر عسی الکرب الذی امسیت فیہ: یکون وراءہ فرج قریب

ترجمہ: عنقریب جس مصیبت میں میں نے شام کی ہے اس کے بعد جلد کشادگی ہوگی ۲ ۔

۲ قولہ وقد تدخل ان الی قولہ مثل عسیٰ وکاد (ت) اور کبھی داخل ہوتا ہے اَن جیسے کاد زید ان یقوم اور تیسری قسم اخذ اور فعل میں شروع ہو جانے کے لئے ہے اور وہ طفق اور جعل اور کرب اور اخذ ہے اور ان سب کا استعمال عسیٰ اور کاد کی مثل ہے (ش) اور کبھی کاد کی خبر ان آ جاتا ہے کیونکہ اس کو عسیٰ کے مشابہ کر دیتے ہیں اس کی مثال یہ مصرع ہے ع قد کاد من طول البلی ان یمحی یعنی قریب تھا کہ زیادہ پرانے ہونے کے سبب مٹ جائے اور یہ جو کہا کہ استعمال ان چاروں فعلوں کا کاد کی مثل ہے اس کا یہ مطلب ہے کہ جس طرح کاد اسم و خبر کو چاہتا ہے اور اس کی خبر فعل مضارع بغیر ان کے ہوتی ہے ایسے ہی ان چاروں فعلوں کا بھی حال ہے اور یہ جو کہا کہ استعمال اوشک کا عسیٰ اور کاد کی مثل ہے اس کا یہ مطلب کہ کبھی اوشک عسیٰ کی مانند مستعمل ہوتا ہے اور کبھی خبر کو چاہتا ہے اور کبھی خبر سے بے نیاز ہوتا ہے جیسے اوشک زید ان یقوم اور اوشک ان یقوم زید اور کبھی کاد کی مانند اسم و خبر کو چاہتا ہے (باقی بر صفحہ آئندہ)

۱۱۶

أفعال المقاربة هي أفعال وضعت للدلالة على دنوّ الخبر لفاعلها وهي ثلثة أقسام الأول للرجاء وهو عسى وهو فعل جامد لا يستعمل منه غير الماضي وهو في العمل مثل كاد إلا أنّ خبره فعل مضارع مع أن نحو عسى زيد أن يقوم ويجوز تقديم الخبر على اسمه نحو عسى أن يقوم زيد وقد يحذف أن نحو عسى زيد يقوم والثاني للحصول وهو كاد وخبره مضارع دون أن نحو كاد زيد يقوم وقد تدخل أن نحو كاد زيد أن يقوم والثالث للأخذ والشروع في الفعل وهو طفق وجعل وكرب وأخذ واستعمالها مثل كاد نحو طفق زيد يكتب وأوشك واستعمالها مثل عسى وكاد

اور یا ما موصولہ ہے بمعنی الذی یہ اخفش کا مذہب ہے اور جملہ اس کے بعد ہے وہ صلہ ہے اور موصول اپنے صلہ سے مل کر مبتدا ہے اور خبر محذوف ہے اصل میں الذی احسن زیدا شئ تھا اور بعض کے نزدیک ما استفہامیہ ہے اور مبتدا اور اس کا مابعد خبر ہے اصل میں ای شئ احسن زیدا تھا اور احسن بزید میں جار مجرور سیبویہ کے نزدیک فاعل ہے اس صورت میں احسن کے اندر ضمیر نہ ہوگی کیونکہ فاعل ظرف ایک ہی ہوتا ہے اور اخفش کے نزدیک جار مجرور مفعول ہے اور چونکہ اس کا حذف بھی جائز ہے اس سے اس قول کی تائید بھی ہوتی ہے حذف کی مثال یہ آیت ہے اسمع بہم و ابصر کہ اس میں ابصر بعد بہم کو حذف کر دیا پہلے مذہب کی بنا پر احسن امر بمعنی ماضی ہے اور اس مذہب کی بنا پر امر ہی ہے اور اس میں ضمیر انت مستتر ہے اور اس کا فاعل ہے یعنی احسن انت بزید ۱۲ سے قولہ ولا یبنیان الا مما یبنی منہ افعل التفضیل الی قولہ احسن الیوم زیدا (ت) اور نہیں بنتے ہیں یہ دونوں فعل مگر اس سے کہ جس سے افعل التفضیل بنتا ہے اور ذریعہ بنایا جاتا ہے اس فعل میں کہ منع ہے اسم تفضیل اس سے ساتھ مثل ما اشد استخراجا کے پہلے فعل میں اور اشدد باستخراجہ کے دوسرے فعل میں جیسا کہ جانا تو نے اسم تفضیل کے بیان میں اور نہیں جائز ہے تصرف ان دونوں فعلوں میں تقدیم کا اور نہ تاخیر کا اور نہ فصل کا اور مازنی نے جائز رکھا ہے فصل کو ظرف کے ساتھ جیسے ما احسن الیوم زیدا (ش) اور یہ جو کہا کہ جس فعل سے اسم تفضیل نہیں بنتا اس سے یہ افعال التعجب بھی نہیں بنتے اس کا مطلب یہ ہے کہ صرف اس ثلاثی مجرد سے بنتے ہیں جو لون اور عیب کے معنی میں نہ ہو اور ممتنع سے مراد وہ فعل ہے جس سے اسم تفضیل نہیں بنتا اور نہ اس سے فعل تعجب بنتے ہیں اور وہ رباعی مجرد اور ثلاثی مزید ہے اور وہ ثلاثی مجرد ہے جو لون اور عیب کے معنی میں ہو اور یہ جو کہا کہ ان دونوں فعلوں میں تقدیم و تاخیر کا تصرف نہیں کر سکتے اس کا یہ مطلب کہ مثلا ما زیدا احسن نہیں کہہ سکتے اور نہ بزید احسن کہہ سکتے ہیں اور یہ جو کہا کہ فصل کا تصرف بھی نہیں کر سکتے اس کا یہ مطلب کہ عامل اور معمول کے درمیان کسی چیز کا فاصلہ نہیں لا سکتے البتہ ما کے بعد کان فاصل ہو سکتا ہے مثلا یوں کہہ سکتے ہیں ما کان احسن زیدا اور لفظ لیکن کے بعد لانا درست نہیں اور ان کے مضارع اور مجہول اور امر و نہی نہ آئیگی وجہ یہ ہے کہ جب یہ افعال نعت کے معنی میں آنے لگے تو امثال کے حکم میں ہو گئے اور امثال میں تغیر درست نہیں تو ان میں بھی درست نہیں اور مازنی نے ظرف کے فاصلہ کو اس وجہ سے جائز رکھا ہے کہ ظرف میں وہ باتیں درست ہوتی ہیں جو دوسری چیزوں میں درست نہیں ہوتیں مگر اس میں بھی یہ شرط ہے کہ وہ ظرف صرف تعجب کے ساتھ متعلق ہوں اگر ان کے متعلق نہ ہوں تو ظرف کا فصل بھی درست نہیں جیسے لقیتہ ما احسن امس زید کیونکہ اس میں امس لقیتہ کے متعلق ہے اس میں نحویوں کا اختلاف ہے کہ یہ افعال افعال ہیں یا اسماء۔ اکثر نحوی تو افعال کہتے ہیں اور بعض اسماء، دلیلیں دونوں طرف ہیں یہاں اختصار کی وجہ سے ان کو ترک کرتا ہوں ۱۲ سے قولہ فصل افعال المدح والذم الی قولہ نعم الرجل زید (ت) افعال مدح اور ذم کے وہ افعال ہیں کہ وضع کئے گئے ہیں مدح یا ذم پیدا کرنے کے لئے بہرحال مدح سو اس کے لئے دو فعل ہیں ایک نعم اور اس کا فاعل اسم معرف باللام ہوتا ہے جیسے نعم الرجل زید (باقی بر صفحہ آئندہ)

فصل فعلا التعجب

فصل فعلا التعجب ما وُضِعَ لانشاء التعجب وله صيغتان ما افعله نحو ما اَحْسَنَ زيدًا اي شيءٌ اَحْسَنَ زيدًا وفي احسن ضمير وهو فاعله وافعِلْ به نحو اَحْسِنْ بزيدٍ ولا يُبْنَيَان الا مما يُبْنٰى منه افعل التفضيل ويُتَوَصَّلُ في الممتنع بمثل ما اَشَدَّ استخراجًا في الاول واَشْدِدْ باستخراجه في الثاني كما عرفت في اسم التفضيل ولا يجوز التصرف فيهما بتقديم ولا تاخير ولا فصل والمازني اجاز الفصل بالظرف نحو ما اَحْسَنَ اليوم زيدًا

فصل افعال المدح والذم

فصل افعال المدح والذم ما وُضِعَ لانشاء مدح او ذم اما المدح فله فعلان نِعْمَ وفاعله اسم معرف باللام نحو نِعْمَ

(بقیہ صفحہ ۱۱۶) اور خبر فعل مضارع بغیر ان ہو آتی ہے جیسے اوشک زید یقوم ۱۲ (متعلقہ صفحہ ہذا) لـہ قولہ فعلا التعجب الی قولہ نحو احسن بزید (ت) دو فعل تعجب کے وہ ہیں جو وضع کئے گئے ہوں تعجب پیدا کرنے کیلئے اور اس کیلئے دو صیغے ہیں ایک ما افعلہ جیسے ما احسن زیدا یعنی کس چیز نے اچھا کر دیا زید کو اور احسن میں ایک ضمیر ہے جو احسن کا فاعل ہے اور دوسرا صیغہ افعل بہ جیسے احسن بزید کس قدر اچھا ہے زید (ش) ما احسن زیدا میں ما مبتدا ہے اور نکرہ ہے بمعنی شئ یہ سیبویہ اور خلیل کا مذہب ہے ان کے نزدیک اس کی اصل شئ احسن زیدا تھی اور احسن زیدا جملہ ہو کر اس کی خبر ہے

(بقیہ صفحہ ۱۱۷) (ش) جبکہ تعریف میں انشا کا لفظ زیادہ کیا تو اب تعریف پر کرم زید اور شرف عمرو اور مدحت اور ذممت کا اعتراض نہیں پڑے گا کیونکہ یہ سب الفاظ انشا مدح یا ذم کے لئے موضوع نہیں ہیں اور نعم اصل میں نعم بکسر عین تھا اور جو اسم یا فعل مکسور العین ہو اور اس کی فا مفتوح اور اس کا عین کلمہ حلقی ہو تو اس میں چار لغت ہیں (۱) فا کلمہ مفتوح اور عین مکسور اور اصل یہی ہے (۲) فا مفتوح اور عین ساکن (۳) فا مکسور اور عین ساکن (۴) فا مکسور اور عین بھی مکسور پھر نعم اور بئس کے فعل ہونے میں نحویوں کا اختلاف ہے۔ کسائی اور بصری کہتے ہیں کہ فعل ہیں اور باقی اسمیت کے قائل ہیں دونوں فریق اپنی اپنی دلیلیں پیش کرتے ہیں بغرض اختصار ہم اس جگہ بیان نہیں کرتے ۱۲ (متعلقہ صفحہ ھذا)

الرجل زيدٌ او مضافا[١ه] الى المعرف باللام نحو نعم غلام الرجل زيدٌ

وقد يكون فاعله مضمرا ويجب تمييزه بنكرة منصوبة نحو نعم

(والضمير قبل المخصوص مفردة)

رجلا زيدٌ او بما نحو قوله تعالى فنعما هي اي نعم شيئا هي فزيد يسمى

المخصوص بالمدح وحبذا نحو حبذا زيدٌ حبّ فعل المدح وفاعله

(وهو اسم اشارة مذكورة وفاعل ۱۲) (الثاني)

ذا والمخصوص بالمدح زيدٌ ويجوز ان يقع قبل مخصوص وبعده

(او واقع بعد حبذا ۱۲)

تمييز نحو حبذا رجلا زيدٌ وحبذا زيدٌ رجلا او حال نحو حبذا راكبا

زيدٌ وحبذا زيدٌ راكبا واما الذم[٥٢] فله فعلان ايضا بئس نحو بئس

(كما يكون فعلان للمدح ۱۲) (احدهما)

الرجل عمروٌ وبئس غلام الرجل عمروٌ وبئس رجلا عمروٌ وساء نحو

(مثال فاعل معرف باللام ۱۲) (مثال فاعل مضاف سوى معرف باللام ۱۲) (مثال فاعل ضمير منصوب بنكرة ۱۲) (ثانيهما ۱۲)

ساء الرجل زيدٌ وساء غلام الرجل زيدٌ وساء رجلا زيدٌ وساء مثل

بئس في سائر الاقسام القسم الثالث[٥٣] في الحرف وقد مضى تعريفه

(في المقدمة) (گزشتہ ۱۲)

٥١ قولہ او مضاف الی المعرف الی قولہ وحبذا زید راکبا (ت) یا (نعم کا فاعل) معرف باللام کی طرف مضاف ہوتا ہے جیسے نعم غلام الرجل زید اور کبھی ہوتا ہے فاعل اس کا ضمیر اور واجب ہوتا ہے تمیز لانا اس ضمیر کا نکرہ منصوب کے ساتھ جیسے نعم رجلا زید یا لفظ ما کے ساتھ جیسے اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے فنعما ہی یعنی نعم شیئا ہی اور لفظ زید نام رکھا جاتا ہے مخصوص بالمدح۔ اور دوسرا فعل حبذا ہے جیسے حبذا زید حب فعل مدح ہے اور فاعل اس کا ذا ہے اور مخصوص بالمدح زید ہے اور جائز ہے کہ واقع ہو مخصوص سے پہلے یا اس کے بعد کوئی تمیز جیسے حبذا رجلا زید یا حبذا زید رجلا یا کوئی حال جیسے حبذا راکبا زید و حبذا زید راکبا (ش) نعم کا فاعل معرف باللام اس لئے ہوتا ہے کہ تاکہ مدح میں مبالغہ حاصل ہو جائے کیونکہ یہ الف لام عہد ذہنی کا ہوتا ہے جس کا مقاد وامر غیر معین ہے پھر اس کے بعد مخصوص بالمدح کو ذکر کر کے تعیین کر دیتے ہیں تاکہ اجمال کے بعد تفصیل حاصل ہو جائے اور نعم کا فاعل ضمیر ہوتی ہے ایک تو اس لئے کہ اس میں اختصار ہے دوسرے اس میں مبالغہ در مدح ہے پھر اس ضمیر کی تمیز نکرہ کے ساتھ ضروری ہوتی ہے اس لئے کہ اگر اس کی تمیز نہ لائی جائے تو یہ معلوم کیسے ہوگا کہ فعل میں ضمیر مستتر ہے اور وہ تمیز منصوب اس لئے ہوتی ہے کہ مجرور لانے کی کوئی صورت ہی نہیں اور نعما ہی اصل میں نعم الشیئ شیئا ہی ہے اور ہی کا مرجع صدقات ہیں اور صدقات سے مراد صدقات کے ظاہر کر کے دینا ہے اور یہ بھی لفظ ما نکرہ بمعنی شیئ ہے نہ تو موصولہ ہے اور نہ موصوفہ اور کلمہ ہی مخصوص بالمدح ہے اور بعض نحوی اس کو موصولہ بھی کہتے ہیں اور بعض نحویوں کے نزدیک یہ ما معرفہ بمعنی الشیئ ہے اور حبذا میں ذا اسم اشارہ ہے جو حب کا فاعل ہے اور مشار الیہ ما فی الذہن ہے اور وہ تمیز جو مخصوص سے پہلے یا بعد آتی ہے اس کا مخصوص کے ساتھ افراد و تثنیہ جمع میں اور مذکر و مؤنث ہونے میں مطابق ہونا ضروری ہوتا ہے حبذا رجلا زیدا اس مخصوص کی مثال ہے جس سے پہلے تمیز آتی ہے اور حبذا زید رجلا اس کی مثال ہے کہ جس میں تمیز مخصوص حبذا کے بعد واقع ہو اور حبذا راکبا زید میں مخصوص سے پہلے حال واقع ہے اور حبذا زید راکبا میں حال مخصوص کے بعد واقع ہے اور حال اور تمیز دونوں میں عامل حب فعل ہے اور ذوالحال لفظ ذا ہے نہ زید ۱۲ ٥٢ قولہ واما الذم الی قولہ فی سائر الاقسام (ت) اور بہر حال ذم سو اس کے لئے بھی دو فعل ہیں ایک بئس جیسے بئس الرجل عمرو برا آدمی عمرو (باقی بر صفحہ ۱۱۹)

(بقیہ ش ۱۱) اور بئس غلام الرجل عمرو برا ہے غلام آدمی کا عمرو اور بئس رجلا عمرو اور دوسرا فعل ساء ہے جیسے ساء الرجل زید اور ساء غلام الرجل زید اور ساء رجلا زید اور ساء کا عمل بئس کی طرح ہے باقی اقسام میں (ش) اور بئس الرجل عمرو میں فاعل معرف باللام ہے اور بئس غلام الرجل میں فاعل مضاف معرف باللام ہے اور بئس رجلا عمرو اسکی مثال ہے کہ جس میں فاعل بئس کا ضمیر ہے جس کی تمیز نکرہ منصوب ہے اسی طرح ساء کی سب مثالیں بنا سکتے ہو ۱۲ سے قولہ القسم الثالث فی الحروف الی قولہ وحروف الایجاب (ت) تیسری قسم حروف کے بیان میں اور تعریف حروف گذر چکی اور اس کی قسمیں سترہ ہیں حروف جر. حروف مشبہ بفعل. حروف عطف. حروف تنبیہ. حروف ندا. حروف ایجاب ۱۲ (متعلقہ صفحہ ہذا) ۱۱۹ لہ قولہ وحروف الزیادۃ الی قولہ ونونا التاکید (ت) حروف زیادت وحروف تفسیر حروف مصدر حروف تحضیض یعنی آمادہ کرنے کی حروف. حروف توقع یعنی امید کرنے کی حروف. استفہام کے دو حروف یعنی دریافت کرنے کے. حروف شرط. حروف ردع یعنی جھڑکنے کے حروف. تاء تانیث ساکنہ. تنوین. دو نون تاکید کے

واقسامه سبعة عشر حروف الجر والحروف المشبهة بالفعل وحروف العطف وحروف التنبيه وحروف النداء وحروف الايجاب وحروف الزيادة وحرفا التفسير وحروف المصدر وحروف التحضيض وحروف التوقع وحرفا الاستفهام وحروف الشرط وحرف الردع وتاء التانيث الساكنة والتنوين ونونا التاكيد

فصل

حروف الجر حروف وضعت لافضاء الفعل او شبهه او معنى الفعل الى ما تليه نحو مررت بزيد وانا مار بزيد وهذا في الدار ابوك اي اشير اليه فيها وهي تسعة عشر حرفا من وهي لابتداء الغاية وعلامته ان يصح في مقابلته الانتهاء كما تقول سرت من البصرة الى

سے قولہ فصل حروف الجر حروف الی قولہ وہی تسعۃ عشر حرفا (ت) جر دینے کے حروف وہ حروف ہیں جو وضع کئے گئے ہیں فعل یا شبہ فعل یا معنی فعل کو اس اسم تک پہونچانے کے لئے جو اس کے متصل ہے جیسے مررت بزید گذرا میں زید پر اور انا مار بزید میں زید پر گذرنے والا ہوں اور ہذا فی الدار ابوک یہ گھر میں تیرا باپ ہے یعنی میں اشارہ کرتا ہوں اس کی طرف اس حال میں کہ وہ اس گھر میں ہے اور وہ حروف انیس ہیں (ش) چونکہ حروف جر کا عمل بالاصالۃ تھا اس وجہ سے ان کو اور حروف پر مقدم کیا اس لئے کہ باقی حروف کا عمل فرعی ہے اور یہ بھی ممکن ہے کہ چونکہ کلام میں استعمال ان کا زیادہ ہوتا ہے اس لئے ان کو پہلے بیان کیا اور ان کو حروف جر اس لئے کہتے ہیں کہ جر کے معنی کھینچنے کے ہیں تو چونکہ یہ حروف افعال کے معانی کو ان کے متصل کے اسماء تک کھینچ کر لے جاتے ہیں اس لئے ان کا نام حروف جر رکھا. اور شبہ فعل سے مراد وہ اسماء ہیں جو اپنے فعل کا سا عمل کرتے ہیں مثلا اسم فاعل. اسم فعول. صفت مشبہ وغیرہ اور معنی فعل سے مراد وہ ہے جس سے معنی فعل کے استنباط کئے جائیں اور ترکیب ان کی فعل کی سی نہ ہو جیسے جار مجرور ظرف حروف ندا حروف تنبیہ اسم اشارہ اسم فعل وغیرہ اور مررت بزید افضاء فعل کی مثال ہے اور انا مار بزید افضاء شبہ فعل کی مثال ہے اور ہذا فی الدار ابوک افضاء معنی فعل کی مثال ہے ۱۲ سے قولہ من وہی لابتداء الغایۃ الی قولہ سرت من البصرۃ الی الکوفۃ (ت) مَن اور وہ ابتداء غایت کے لئے وضع کیا گیا ہے اور علامت اس من کی یہ ہے کہ اس کے مقابلہ میں انتہا لانا صحیح ہوتا ہے جیسا کہ کہے تو سرت من البصرۃ الی الکوفۃ چلا میں بصرہ سے کوفہ تک (ش) پہلا حرف جر کلمہ من ہے اور یہ جو ابتدا غایت کیلئے کہا اس کا یہ مطلب ہے کہ اس ابتدا کے لئے ہے جس کے واسطے انتہا ہے تو اس کا استعمال ان چیزوں میں نہیں ہوگا کہ جن کی انتہا نہ ہو مثلا امور ابدیہ اور بعض لوگ غایت کی تفسیر مسافت کے ساتھ کرتے ہیں مگر وہ ٹھیک نہیں اور اس کے مقابلہ میں انتہا لانا صحیح ہو اس کا یہ مطلب کہ اس کے بعد الی یا اس کے ہم معنی لفظ کا اطلاق درست ہو اور سرت من البصرۃ الی الکوفۃ ابتداء مکانی کی مثال ہے اور ابتداء زمانی کی مثال یہ ہے کہ صمت من یوم الجمعۃ الی یوم الخمیس (باقی بر صفحہ آئندہ)

میرے پاس کوئی نہیں آیا اور نہیں زیادہ کیا جاتا من کلام موجب میں خلاف ہے کوفیوں کا (ش) اور تبیین کے معنی کسی امر مبہم سے مقصود کو ظاہر کرنے کے ہیں اور اس کی علامت من کی جگہ الذی رکھنے سے مطلب صحیح ہوتا ہے چنانچہ فاجتنبوا الرجس من الاوثان میں اگر من کو دور کر کے الذی رکھدیں اور یوں کہیں کہ الرجس الذی ہو الوثن تو صحیح ہے اور اخذت من الدراہم میں من تبعیض کا ہے اس کی پہچان یہ ہے کہ لفظ بعض من کی جگہ رکھ سکتے ہیں یعنی اخذت بعض الدراہم اور یہ جو کہا کہ لفظ من کلام موجب میں زیادہ نہیں ہوتا یہ مذہب اہل بصرہ کا ہے اور کوفی لوگ کلام موجب میں بھی زیادتی کے قائل ہیں جیسے یغفر لکم من ذنوبکم میں من زائد ہے حالانکہ کلام موجب ہے کیونکہ دوسری جگہ ارشاد فرمایا ہے ان اللہ یغفر الذنوب جمیعا مگر یہ استدلال درست نہیں کیونکہ ان اللہ یغفر الذنوب جمیعا میں امت محمدیہ کے ذنوب مراد ہیں اور یغفر لکم من ذنوبکم میں امت نوح کے ذنوب اور امت محمدیہ کے سب گناہ معاف ہونے سے یہ لازم نہیں آتا کہ امت نوح کے بھی سب گناہ معاف ہوں پس معلوم ہوا کہ وہاں من ذنوبکم سے مراد بعض ذنوبکم ہے ۱۲ ⁣سے قولہ واما قولہم قد کان من المطر الی قولہ الی المرافق (ت) اور بہرحال قول عرب کا قد کان من المطر اور اس کے مشابہ پس تاویل کیا گیا ہے. دوسرا حرف جر کا الی ہے اور وہ موضوع ہے انتہا غایت کے لئے جیسا کہ گزرا اور بمعنی مع کم ہوتا ہے جیسے اللہ تعالیٰ نے فرمایا فاغسلوا وجوھکم وایدیکم الی المرافق پس دھوؤ تم اپنے چہرے اور اپنے ہاتھ کہنیوں سمیت (ش) قد کان من مطر میں تاویل یہ ہے کہ مراد بعض مطر ہے کیونکہ جب بارش ہوتی ہے تو سب نہیں ہوتی بعض ہی ہوتی ہے (ف) کبھی من فی کے معنی میں آتا ہے جیسے اذا نودی للصلوٰۃ من یوم الجمعۃ یعنی فی یوم الجمعۃ اور کبھی با کے معنی میں بھی آتا ہے جیسے ینظرون من طرف خفی یعنی بطرف خفی اور کبھی بدل کے معنی میں بھی ہوتا ہے جیسے اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے ارضیتم بالحیٰوۃ الدنیا من الآخرۃ یعنی بدل الآخرۃ اور کبھی استغراق کے لئے بھی آتا ہے جیسے ما جاءنی من رجل میرے پاس کوئی مرد نہیں آیا اور کبھی علیٰ کے معنی میں آتا ہے

۱۲۰

الکوفۃ وللتبیین ⁣لہ وعلامتہ ان یصح وضع لفظ الذی مکانہ کقولہ تعالیٰ فاجتنبوا الرجس من الاوثان وللتبعیض وعلامتہ ان یصح وضع لفظ بعض مکانہ نحو اخذت من الدراہم وزائدۃ وعلامتہا ان لا یختل المعنی باسقاطہا نحو ما جاءنی من احد ولا تزاد من فی الکلام الموجب خلافا للکوفیین ⁣سے واما قولہم قد کان من مطر وشبہہ فمتأول والی وھی لانتہاء الغایۃ کما مر وبمعنی مع قلیلا کقولہ تعالیٰ فاغسلوا

(ارتفاعہا بناء علی حذف المعطوف ۱۲ — اے لاظہار المقصود من امر مبہم ۱۲ — اے علامۃ کون من للتبیین ۱۲ — اے مکان لفظ من ۱۲ — ای الرجس الذی ہو الوثن ۱۲ — اے علامۃ کون من للتبعیض ۱۲ — اے بعض الدراہم ۱۲ — ای یبقی المعنی علیٰ حالہ ۱۲ — اے ما جاءنی احد ۱۲ — اے کلامیکہ در وی نفی واستفہام نباشد ۱۲ — ثمانیہا ۱۲)

(بقیہ صفحہ ۱۱۹) اور کبھی محض ابتدا کے لئے آتا ہے اس میں کوئی قصدا انتہا مخصوص کا نہیں ہوتا پھر اس کے مقابلہ میں انتہا کا ذکر صحیح ہوتا ہے جیسے اعوذ باللہ من الشیطان الرجیم کیونکہ اس کے معنی یہ ہیں کہ التجی من الشیطان الی اللہ میں شیطان سے پناہ شروع کر کے اللہ تک پہنچتا ہوں ۱ متعلقہ صفحہ ھذا لہ قولہ وللتبیین الی قولہ خلافا للکوفیین (ت) اور من توضیح کرنے کے لئے ہے اور اس کی علامت یہ ہے کہ صحیح ہوتا ہے رکھنا لفظ الذی کا جگہ میں اس کی جیسے اللہ تعالیٰ کا قول ہے فاجتنبوا الرجس من الاوثان پس بچو تم پلیدی سے کہ جو بت ہیں اور واسطے تبعیض کے ہوتا ہے اور علامت اس کی یہ ہے کہ صحیح ہوتا ہے رکھنا لفظ بعض کا اس کی جگہ جیسے اخذت من الدراہم میں نے بعض درہم لئے اور زائد ہوتا ہے اس کی علامت یہ ہے کہ خلل ناک نہیں ہوتے معنی اس کو حذف کر دینے سے جیسے ما جاءنی من احد

جیسے نصرناہ من القوم ہم نے اس کی قوم پر مدد دی اور کبھی قسم کے لئے بھی آتا ہے جیسے من ربی لافعلن کذا اور علامہ رضی نے ذکر کیا ہے کہ من کبھی انتہا کے لئے بھی آتا ہے جیسے قربت منہ یعنی قربت الیہ اور کبھی فصل اور تمیز کے لئے آتا ہے جبکہ دو امر متضاد کے مابین لاوے جیسے اللہ تعالیٰ کا قول ہے واللہ یعلم المفسد من المصلح اور دوسرا حرف جر کلمہ الی ہے یہ انتہا غایت کے لئے آتا ہے لہذا اس کا مابعد اس کے ماقبل میں داخل نہیں ہوتا مگر مجازا اور بعض نے کہا حقیقۃ داخل ہوتا ہے اور بعض نے کہا کہ اگر مابعد ماقبل کی جنس سے ہو تو داخل ہوتا ہے ورنہ نہیں پھر یہ غایت کبھی مکان میں ہوتی ہے جیسا کہ گذشتہ مثال میں ہے اور کبھی زمان میں جیسے اتموا الصیام الی اللیل ۱۲

وجوهكم وأيديكم إلى المرافق وحتى وهي مثل إلى نحو نمت البارحة حتى الصباح وبمعنى مع كثيرا نحو قدم الحاج حتى المشاة ولا تدخل إلا على الظاهر فلا يقال حتاه خلافا للمبرد وقول الشاعر شعر

فلا والله لا يبقى أناس	فتى حتاك يا ابن أبي زياد

شاذ وفي وهي للظرفية نحو زيد في الدار والماء في الكوز وبمعنى على قليلا نحو قوله تعالى ولأصلبنكم في جذوع النخل والباء وهي للإلصاق نحو مررت بزيد أي التصق مروري بموضع يقرب منه زيد وللاستعانة نحو كتبت بالقلم وقد يكون للتعليل كقوله تعالى إنكم ظلمتم أنفسكم باتخاذكم العجل

ا قولہ وحتی وہی مثل الی الی قولہ شاذ (ت) اور تیسرا حرف جر کلمہ حتی ہے اور وہ الی کے مثل ہے جیسے نمت البارحۃ حتی الصباح سویا میں شب گذشتہ صبح تک اور بمعنی مع بہت جیسے قدم الحاج حتی المشاۃ آگئے حاجی یہاں تک کہ پیدل چلنے والے اور نہیں داخل ہوتا حتی مگر اسم ظاہر پر پس نہیں بولا جاتا حتاہ خلاف ہے مبرد کا اور شاعر کا یہ قول شعر فلا واللہ الخ شاذ ہے یعنی پس قسم اللہ کی نہیں باقی رہیں گے لوگ جوان یہاں تک کہ تو بھی اے ابن زیاد (ش) اور تیسرا حرف کلمہ حتی ہے اور وہ بھی انتہا غایت ہونے میں الی کے مثل ہے اور یہ جو کہا کہ او بمعنی مع کثیرا اس کثیرا صفت ہے مفعول مطلق محذوف کی اصل میں جیسا کثیرا انتہا یا صفت ظرف ہے یعنی زمانا کثیرا اور مثال میں مشاۃ جمع ہے ماشی کی پیدل اور حتی اس میں بمعنی مع ہے اور کلمہ الی تو ضمیر پر داخل ہوجاتا ہے چنانچہ الیہ بول سکتے ہیں اور حتی ضمیر پر داخل نہیں ہوتا لہذا حتاہ نہیں بول سکتے اور مبرد کی طرف سے جو ضمیر پر داخل ہونے کے جواز میں ایک شعر نقل کیا ہے اس کو شاذ کہہ کر رد کر دیا ہے میں کہتا ہوں کہ صاحب مغنی اللبیب نے مبرد کے ساتھ کوفیوں کا بھی خلاف نقل کیا ہے کہ وہ بھی ضمیر پر داخل ہونے کے قائل ہیں اور استدلال میں ایک اور شعر نقل کیا ہے وہ یہ کہ شعر اتت حتاک تقصد کل فج ؛ ترجی منک انہا لا تخیب۔ یعنی وہ تیری طرف آئی اس حال میں کہ قصد کرتی تھی ہر راستہ کا امید رکھتی تھی تجھ سے کہ وہ ناکام نہ رہے گی اور کبھی حتی عطف کے لئے بھی آتا ہے اور کبھی استثناء کے معنی میں بھی مستعمل ہوتا ہے مگر کم۔ اور کبھی ابتدا کے لئے بھی آجاتا ہے ۱۲

ے قولہ وفی وہی للظرفیۃ الی قولہ نحو ذلک (ت) اور چوتھا حرف جر فی ہے اور وہ ظرفیت کے لئے ہے جیسے زید فی الدار اور الماء فی الکوز زید گھر میں ہے اور پانی کوزہ میں اور بمعنی علی کم آتا ہے جیسے اللہ تعالی نے فرمایا ولاصلبنکم الخ یعنی البتہ ضرور سولی چڑھاؤں گا تم کو کھجور کی شاخوں پر اور پانچواں حرف جر باء ہے وہ الصاق کے لئے ہے جیسے مررت بزید یعنی متصل ہوا گزرنا میرا ایسی جگہ کے کہ قریب ہے اس سے زید اور مدد لینے کے لئے جیسے کتبت بالقلم لکھا میں نے قلم سے اور کبھی ہوتا ہے بی علت بتلانے کے لئے جیسے قول خداوندی ہے انکم ظلمتم انفسکم الخ یعنی بے شک تم نے ظلم کیا اپنی جانوں پر بوجہ بنانے تمہارے کے گئو سالہ اور با مصاحبت کیلئے بھی ہوتی ہے جیسے خرج زید بعشیرتہ نکلا زید اپنے کنبہ کے ساتھ اور مقابلہ کے لئے بھی ہوتی ہے جیسے بعت الخ یعنی بیچا میں نے اسکو اس کے بدلہ (ش) اور چوتھا حرف جر کلمہ فی ہے جو ظرفیت کے لئے آتا ہے تو ظرفیت عام ہے خواہ حقیقی ہو جیسے کتاب میں مثالیں مذکور ہوئیں اور کبھی ظرفیت مجازی ہوتی ہے جیسے نظرت فی الکتاب والنجاۃ فی الصدق اور یہ جو کہا کہ فی جذوع النخل اس فی کی مثال ہے جو علی کے معنی میں ہو اس پر زمخشری نے اعتراض کیا ہے وہ کہتے ہیں کہ یہاں فی کو علی کے معنی میں لینے کی کیا ضرورت ہے جبکہ اس کی حقیقی معنی درست ہوسکتے ہیں یعنی تمکن کیونکہ جس طرح ہر شے اپنے ظرف میں متمکن ہوتی ہے ایسے ہی مصلوب جذوع میں بھی متمکن ہوا کرتا ہے اور ابن حاجب نے فرمایا کہ جو مقام استقرار اور نزول کی جگہ ہے وہ موقع کلمہ فی کا ہے (باقی بر صفحہ آئندہ)

(بقیہ صفحہ ۱۲۱) اور جو مقام استعلاء کی جگہ ہے وہ موقع علی کا ہے اور جو مقام دونوں کی جگہ ہو وہاں دونوں حرف آسکتے ہیں جیسے جلست علی الارض بھی کہہ سکتے ہیں اور فی الارض بھی اور کلمہ فی بمعنی مع بھی آتا ہے جیسے ادخلوا فی امم یعنی مع امم اور استعانت جس کے لئے با آتا ہے اسے کہتے ہیں کہ اس کا مدخول فعل کا آلہ ہو اور مقابلہ کا یہ مطلب ہے کہ اس کا معمول کسی دوسری شئی کے مقابل ہے اور آیہ کریمہ ارضیتم بالحیوٰۃ الدنیا من الآخرۃ میں بھی با مقابلہ کی ہے۔ ۱۲ ف ف ف

(متعلقہ صفحہ ھٰذا) ۱ قولہ وللتعدیۃ کذہبت بزید الی قولہ اے ردفکم (ت) اور تعدیہ کیلئے بھی با ہوتی ہے جیسے ذہبت بزید لے گیا میں زید کو اور ظرفیت کیلئے بھی ہوتی ہے جیسے جلست بالمسجد میں مسجد میں بیٹھا اور زائد بھی ہوتی ہے از روئے قیاس کے خبر نفی میں جیسے ما زید بقائم زید کھڑا

وللمصاحبة كخرج زيدٌ بعشيرته وللمقابلة كبعتُ هٰذا بذاكَ
وللتعدية كذهبتُ بزيدٍ وللظرفية كجلستُ بالمسجد وزائدةً
قياسًا في خبر النفي نحو ما زيدٌ بقائمٍ وفي الاستفهام نحو هل زيدٌ
بقائمٍ وسماعًا في المرفوع نحو بحسبك زيدٌ اي حسبك زيدٌ
وكفى بالله شهيدًا اي كفى الله وفي المنصوب نحو القى بيده اي القى
يده واللام وهي للاختصاص نحو الجلُّ للفرس والمالُ لزيدٍ و
للتعليل كضربتُه للتاديب وزائدةً كقوله تعالى ردف
لكم اي ردفكم وبمعنى عن اذا استعمل مع القول كقوله
تعالى وقال الذين كفروا للذين امنوا لو كان خيرًا ما سبقونا
اليه وفيه نظرٌ وبمعنى الواو في القسم للتعجب كقول الهذلي

نہیں ہے اور استفہام میں جیسے ہل زید بقائم کیا زید کھڑا ہے اور از روئے سماع کے اسم مرفوع میں جیسے بحسبک زید یعنی کافی ہے تجھ کو زید اور کفی باللہ شہیدا اللہ تعالیٰ کافی ہے از روئے گواہ کے بمعنی کفی اللہ اور اسم منصوب میں جیسے القی بیدہ یعنی القی یدہ اس نے اپنا ہاتھ ڈالا اور چھٹا حرف جر لام ہے اور وہ خاص ہونے کیلئے ہے جیسے الجل للفرس جھول گھوڑے کیواسطے ہے اور المال لزید مال زید کے لئے ہے اور علت بیان کرنے کے لئے جیسے ضربتہ للتادیب میں نے اس کو ادب دینے کیلئے مارا اور زائد بھی ہوتا ہے جیسے قول خداوندی ہے ردف لکم یعنی ردفکم (ش) لفظ وزائدۃ جو کتاب میں مذکور ہے اس کا عطف للتعلیل پر ہے اور لفظ قیاسًا مفعول مطلق ہے اصل میں قسنا ہا قیاسًا تھا اور یہ بھی ممکن ہے کہ یکون محذوف کی خبر ہو یعنی وتلک الزیادۃ یکون قیاسًا اور یہ بھی ممکن ہے کہ منصوب بنزع الخافض ہو یعنی عرفنا زیادۃ الباء بالقیاس پس فعل اور فاعل اور مفعول بہ مع جار مجرور کے حذف کردیا گیا اور یہ جو کہا کہ نفی کی خبر پر با کا زائد ہونا قیاسی ہے اس نفی سے مراد حرف لیس اور ما ہے اور استفہام سے مراد حرف ہل ہے اور سماعًا کا عطف قیاسًا پر ہے ۱۲ ۲ قولہ وبمعنی عن اذا استعمل مع القول الی قولہ کقول الہذلی (ت) اور لام بمعنی عن بھی آتا ہے جبکہ قول کے ساتھ مستعمل ہو جیسے آیت میں ہے قال الذین کفروا للذین امنوا الخ یعنی کہا کافروں نے مؤمنوں سے اگر ہوتا یہ ایمان بہتر تو نہ سبقت لے جاتے مؤمن ہم سے اسکی طرف اور اس میں اعتراض ہے اور بمعنی واو قسم میں تعجب کے وقت جیسے ہذلی کا قول ہے (ش) اور کبھی با من کے معنی میں بھی آجاتی ہے جیسے سال سائل بعذاب واقع یعنی سال عن عذاب اور بمعنی من بھی آتی ہے جیسے یوم تشقق السماء بالغمام اور بمعنی علی بھی جیسے ومنہم من ان تامنہ بقنطار یؤدہ الیک یعنی بعض ان میں سے وہ لوگ ہیں کہ اگر امانت رکھدے تو ان کے پاس مال کثیر تو وہ اس کو ادا کردیں اور کبھی با بمعنی تجرید آتی ہے جیسے رایت زیدًا بالعلم یعنی میں نے زید کو علم سے خالی دیکھا اور یہ جو کہا کہ لام تعلیل کے لئے آتا ہے تو علت کی دو قسمیں ہیں ایک غائیہ جو بعد میں مرتب ہوتی ہے جیسے ضربتہ للتادیب کہ ضرب پر ادب مرتب ہے دوسری علت داعیہ ہے جو اس فعل کے لئے باعث ہی ہے جیسے خرجت لمخافتک یعنی میرا خروج کا باعث تیرا خوف ہے ۱۲ (باقی بر صفحہ ۱۲۳)

(بقیہ صفحہ ۱۲۳) اور یہ جو کہا کہ اس میں اعتراض ہے سو اعتراض یہ ہے کہ آیت مذکورہ کو اس بات کی دلیل میں لانا ٹھیک نہیں کہ لام عن کے معنی میں آتا ہے کیونکہ علامہ زمخشری اور دوسرے معتبر مفسرین کے کلام سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ کفار کا کلام ہے اور اس کے مخاطب مؤمنین ہیں لہٰذا لام اپنے معنی میں ہے اور عن کے معنی میں اس وقت ہوتا کہ جب مؤمنین مخاطب نہ ہوتے بلکہ ان کے بارہ میں کسی اور سے خطاب ہوتا ۱۲ (متعلقہ صفحہ ہذا) سلہ قولہ شعر لله یبقی علی الایام الی قولہ رب رجل کریم لقیتہ (ت) شعر لله علی الایام الخ یعنی قسم خدائے تعالیٰ کی نہیں باقی رہے گا باوجود گزرنے زمانہ یا دنوں کے کوئی گرہ دار سینگ والا جو اونچے پہاڑ پر رہتا ہے کہ جہاں ظیان اور آس ہوتے ہیں۔ اور رُبّ کمی ظاہر کرنے کے لئے ہے جس طرح کم خبریہ زیادتی دکھلانے کے لئے اور سزاوار ہے رب کلام

١٢٣

شعر: لِلّٰهِ يَبْقٰى عَلَى الْاَيَّامِ ذُوْ حِيَدٍ ۞ بِمُشْمَخِرٍّ بِهِ الظَّيَّانُ وَالْاٰسُ

وَرُبَّ وَهِيَ لِلتَّقْلِيْلِ كَمَا اَنَّ كَمِ الْخَبَرِيَّةَ لِلتَّكْثِيْرِ وَتَسْتَحِقُّ صَدْرَ الْكَلَامِ وَلَا تَدْخُلُ اِلَّا عَلٰى نَكِرَةٍ مَوْصُوْفَةٍ نَحْوُ رُبَّ رَجُلٍ كَرِيْمٍ لَقِيْتُهٗ اَوْ مُضْمَرٍ مُبْهَمٍ مُفْرَدٍ مُذَكَّرٍ اَبَدًا مُمَيَّزٍ بِنَكِرَةٍ مَنْصُوْبَةٍ نَحْوُ رُبَّهٗ رَجُلًا وَرُبَّهٗ رَجُلَيْنِ وَرُبَّهٗ رِجَالًا وَرُبَّهٗ امْرَاَةً كَذٰلِكَ وَعِنْدَ الْكُوْفِيِّيْنَ يَجِبُ الْمُطَابَقَةُ نَحْوُ رُبَّهُمَا رَجُلَيْنِ وَرُبَّهُمْ رِجَالًا وَرُبَّهَا امْرَاَةً وَقَدْ تَلْحَقُهَا مَا الْكَافَّةُ فَتَدْخُلُ عَلَى الْجُمْلَتَيْنِ نَحْوُ رُبَّمَا قَامَ زَيْدٌ وَرُبَّمَا زَيْدٌ قَائِمٌ وَلَا بُدَّ لَهَا مِنْ فِعْلٍ مَاضٍ لِاَنَّ رُبَّ لِلتَّقْلِيْلِ الْمُحَقَّقِ وَهُوَ لَا يَتَحَقَّقُ اِلَّا بِهٖ وَيُحْذَفُ ذٰلِكَ الْفِعْلُ غَالِبًا كَقَوْلِكَ رُبَّ رَجُلٍ اَكْرَمَنِيْ

کی صدارت کا اور داخل نہیں ہوتا مگر نکرہ پر جو صفت لایا گیا ہو جیسے رب رجل کریم لقیتہ کم ہیں ایسے آدمی جو کریم ہیں کہ میں ان سے ملا ہوں (اصل) اور شعر مذکور میں للہ جار مجرور اقسم کے متعلق ہے اور کلمہ لا یہاں مقدر ہے کیونکہ التباس کا خوف نہیں یعنی لا یبقی اور ذو حید یبقی کا فاعل ہے اور بمشمخر اس کے متعلق ہے اور جملہ بہ الظیان والآس مشمخر کی صفت ہے اور حید حیدۃ کی جمع ہے اس کی معنی گرہ کے ہیں جو بکرے کے سینگوں میں ہوتی ہے اور مشمخر اونچے پہاڑ کو کہتے ہیں اور ظیان خوشبودار گھاس کو کہتے ہیں ہندی چنبیلی اور آس کو مہندی یا اور میرو کہتے ہیں ماحصل شعر کا یہ ہے کہ باوجودیکہ دنیا گزر رہی ہے کوئی چیز باقی نہیں رہ سکتی اور نہ ان آفات سے سلامت رہ سکتی ہے جو زمانہ میں وقوع پذیر ہیں یہاں تک کہ وہ بکرا بھی باقی نہیں رہ سکتا جو اونچے پہاڑوں پر پناہ پکڑتا ہے اس لئے کہ اس کے پینے اور چرنے کی اشیاء فنا ہو جائیں گی۔ اور کبھی لام صیرورت کیلئے آتا ہے جیسے لزوم الشر للشقاوۃ اس لام کو لام عاقبت بولتے ہیں اور کبھی فی کے معنی میں آتا ہے جیسے ونضع الموازین القسط لیوم القیمۃ یعنی فی یوم القیمۃ اور کبھی لن کے معنی میں آتا ہے جیسے اسی آیت مذکورہ کی تفسیر میں بعض نے کہا کہ عند یوم القیمۃ کے معنی میں ہے اور کبھی الی کے معنی میں بھی آتا ہے جیسے کل یجری لاجل مسمی یعنی الی اجل مسمی اور بعد کے معنی میں بھی آتا ہے جیسے اقم الصلوٰۃ لدلوک الشمس یعنی بعد دلوک الشمس اور کبھی مع بھی آتا ہے جیسے فلما اسلما وتلہ للجبین یعنی مع الجبین اور من کے معنی میں بھی آتا ہے جیسے جریر شاعر کا قول ہے نحن لکم یوم القیمۃ افضل یعنی منکم اور فا کے معنی میں بھی آتا ہے جیسے ءاذا ما مت سوف اخرج حیا یعنی فسوف اخرج حیا اور بمعنی ان بھی آتا ہے جیسے وما امروا الا لیعبدوا اللہ اور رب تقلیل کے لئے ہے جس طرح کم خبریہ تکثیر کے لئے ہے مگر اتنا فرق ہے کہ رب تکثیر کے لئے بکثرت استعمال ہوتا ہے اور کم خبریہ تقلیل کے لئے بالکل استعمال نہیں ہوتا اور لفظ قد رب کی مثل ہے کہ وہ بھی وضع تو کیا گیا ہے تقلیل مضارع کے لئے مگر کبھی تکثیر کے معنی میں بھی دیتا ہے جیسے قد یعلم الذین یتسللون ۱۲ سلہ قولہ او مضمر مبہم مفرد مذکرا ابدا الی قولہ رب رجل اکرمنی (ت) یا ضمیر پر جو مبہم مفرد مذکر ہوتی ہے ہمیشہ تمیز لائی جاتی ہے نکرہ منصوبہ کے ساتھ جیسے ربہ رجلا کم ہیں وہ از روئے رجل کے کم ہیں وہ از روئے دو رجل کے کم ہیں وہ از روئے بہت سے رجل کے اور کم ہے وہ از روئے عورت کے ایسے ہی اور کوفیوں کے نزدیک واجب ہے مطابق ہونا جیسے ربہما رجلین اور ربہم رجالا اور ربہا امرأۃ اور کبھی لاحق ہوتا ہے رب کو ما کافہ پس وہ داخل ہوتا ہے دونوں جملوں پر جیسے ربما قام زید اور ربما زید قائم اور ضروری ہے رب کے لئے کوئی فعل ماضی اس وجہ سے کہ رب اس تقلیل کیلئے ہے (باقی برصفحہ آئندہ)

کیونکہ یہاں فعل مضارع ہے تو جواب یہ ہے کہ یہ مضارع بوجہ تیقن وقوع کے بمنزلہ ماضی کے ہے ۱۲ عـــہ علی التمییز لان المضمر لما کان مبہما احتاج الی التمییز ۱۲ عـــہ بعد لحوق ما الکافۃ بہا ۱۲ (متعلقہ صفحہ ھٰذا) ــلـہ قولہ فی جواب من قال الی قولہ ترب الکعبۃ شاذ (ت) اس شخص کے جواب میں جس نے کہا ہل لقیت من اکرمک یعنی بہت سے ایسے آدمیوں سے کہ جنہوں نے میرا اکرام کیا میں نے ملاقات کی ہے پس لفظ اکرمنی رجل کی صفت ہے اور لقیت اس کا فعل ہے کہ جس کے ساتھ وہ متعلق ہے اور لقیتہ کلام میں محذوف ہے اور آٹھواں حرف جر واو رب ہے اور یہ وہ واو ہے کہ اس کے ساتھ کلام کی ابتدا کی جاتی ہے جیسے شاعر کا قول

فی جواب من قال هل لقیت من اکرمك ای رُبَّ رجلٍ اکرمنی لقیته فاکرمنی صفة الرجل ولقیته فعلها وهو محذوف والواو رُبَّ وهی الواو التی تبتدأ بها فی اول الکلام کقول الشاعر شعر

وبلدة لیس بها انیسُ + الا الیعافیرُ والا العیسُ

وواو القسم وهی تختص بالظاهر نحو والله والرحمن لاضربن

(بقیہ صـــ۱۲۳) جو محقق اور واقع ہے اور تقلیل محقق بغیر ماضی کے ہو نہیں سکتا اور اکثر وہ فعل (ماضی) حذف کر دیا جاتا ہے جیسے ربّ رجل اکرمنی (ش) اور یہ جو کہا کہ او مضمر مبہم مفرد مذکرا ابدا اس کا مطلب یہ ہے کہ ضمیر ہمیشہ مفرد مذکر ہی کی ہو، خواہ تمیز کیسی ہی ہو تثنیہ جیسے ربہ رجلین یا جمع جیسے ربہ رجالا اور مذکر ہو جیسے گزرا یا مؤنث جیسے ربہ امرأۃ اور کذالک (ایسے ہی کا یہ مطلب کہ خواہ تثنیہ ہو یا جمع تثنیہ کی مثال ربہ امرأتین اور جمع کی مثال ربہ نساء اور اس کی وجہ یہ ہے کہ ضمیر کا مرجع مافی الذہن ہے نہ وہ جو پہلے گزرا تھا کہ اس کے ساتھ مطابقت لازم ہو مگر یہ مذہب اہل بصرہ کا ہے اور اہل کوفہ مطابقت ضروری جانتے ہیں یعنی یہ کہ ضمیر تمیز کے بالکل مطابق ہونا چاہئے چنانچہ مطابقت کی مثالیں ظاہر ہیں اور کافہ کے معنی روکنے والے کے ہیں تو چونکہ یہ بھی رب کو عمل سے روک دیتا ہے اور اس ما کو ملا کر لکھنا ضروری ہے اور جب رب کے ساتھ یہ ما لگ جاتا ہے تو اس کے بعد جملہ فعلیہ بھی آجاتا ہے جیسے ربما قام زید اور جملہ اسمیہ بھی جیسے ربما زیدٌ قائم اور یہ جو کہا کہ جب رب کے ساتھ ما کافہ لگ جاتا ہے تو فعل ماضی ہونا ضروری ہوتا ہے تو اس پر آیہ ربما یود الذین کفروا سے اعتراض پڑتا ہے

ہے شعر وبلدۃ لیس بہا انیس الخ یعنی میں نے بہت سے ایسے شہر پایاں کئے ہیں کہ جہاں یعافیر اور عیس کے سوا کوئی انسان نہیں ہے اور نواں حرف جر واو قسم ہے اور وہ خاص ہے اسم ظاہر کے ساتھ جیسے واللہ اور والرحمٰن لاضربن اللہ کی قسم البتہ ضرور ماروں گا پس نہیں کہا جائے گا وکَ اور دسواں حرف جر تا قسم ہے اور وہ خاص ہے ساتھ لفظ اللہ کے فقط پس نہ کہا جائے گا تالرحمٰن اور قول عرب کا ترب الکعبۃ شاذ ہے (ش) اکرمنی جو رجل کی صفت لایا گیا ہے اس کی وجہ یہ ہے کہ رب کے مجرور کی صفت لانا ضروری ہے اور لقیتہ کو مثال سے حذف کرنا اس وجہ سے جائز ہو گیا کہ سوال میں جو لقیتہ آچکا ہے وہ اس محذوف کا قرینہ ہے اور یحذف کے ساتھ غالبا کی قید لگانے سے یہ فائدہ حاصل ہوا کہ کبھی اس کا فعل ظاہر ابھی مذکور ہوتا ہے جیسے رب رجل اکرمنی لقیتہ اور واو رب وہ واو ہے جو رب کے معنی میں آتا ہے اور رب ہی کے حکم میں ہوتا ہے اسی لئے اس کے واسطے صدارت کلام لازم ہے۔ ایسے ہی اس کا اسم ظاہر پر داخل ہونا ضروری ہے اور اس اسم ظاہر کا نکرہ موصوفہ ہونا ضروری ہے اور اس کے لئے فعل ماضی کی بھی حاجت ہے پھر اس فعل ماضی کو اکثر حذف کر دیتے ہیں اور شعر میں جو بلدۃ کا لفظ آیا ہے اس کے معنی جزو زمین کے ہیں خواہ آباد ہو یا نہ ہو اور انیس بمعنی موانس ہے اور یعافیر یعفور کی جمع ہے ہرنی کے بچہ کو کہتے ہیں اور عیس عیساء کی جمع ہے اس اونٹ کو کہتے ہیں جس کی سفیدی میں کچھ زردی ملی ہوئی ہو اور واو قسم کبھی ضمیر پر داخل نہیں ہوتا اور اس کی وجہ یہ ہے کہ اس کی اصل با ہے اور وہ اسم ظاہر کے ساتھ خاص نہیں ہے پس اگر یہ واؤ ضمیر پر بھی داخل ہو جائے تو فرع کا اصل کے برابر ہونا لازم آئے گا اور اخفش کے نزدیک تا قسم کا غیر لفظ اللہ پر داخل ہونا جائز ہے اور ان کی دلیل عرب کا یہ قول ہے کہ ترب الکعبۃ مصنف کے نزدیک چونکہ جمہور کا قول معتبر ہے اسلئے انہوں نے عرب کے اس قول کو شاذ کہہ کر رد کر دیا ۱۲

فلا يقال وبك وتاء القسم وهي تختص بالله وحده فلا يقال تالرحمن

وقولهم ترب الكعبة شاذ وباء القسم وهي تدخل على الظاهر

والمضمر نحو بالله وبالرحمن وبك ولابد للقسم من الجواب وهي

جملة تسمى المقسم عليها فان كانت موجبة يجب دخول

[2] قولہ وحینئذ لا تکون تحضیضا الی قولہ اولہا اسمیۃ ابدا (ت) اور اس وقت نہیں ہوگا یہ حروف تحضیض مگر باعتبار اس چیز کے جو فوت ہو گئی اور داخل نہیں ہوتے یہ حروف مگر فعل پر جیسا کہ گذرا اور اگر واقع ہو ان کے بعد کوئی اسم تو پس ساتھ مقدر ماننے فعل کے جیسا کہے تو اس شخص کے لئے جس نے مارا کسی قوم کو ہلا زیدا یعنی ہلا ضربت زیدا اور سب کے سب حروف مرکب ہیں کہ ان کا دوسرا جز حرف نفی ہے اور اول حرف شرط یا استفہام یا حرف مصدر اور لولا کے لئے ایک اور معنی ہیں وہ منع ہوتا ہے جملہ ثانیہ کا بوجہ پائے جانے پہلے جملے کے جیسے لولا علی لہلک عمر اور اس وقت محتاج ہوتا ہے یہ لولا دو جملوں کا جن میں سے پہلا اسمیہ ہوتا ہے ہمیشہ (ش) اور ما فات سے مراد وہ فعل ہے جو ترک
ہو گیا اور یہ جو کہا کہ حروف تحضیض نہیں داخل ہوتے مگر فعل پر اس کی وجہ یہ ہے کہ حث یعنی ابھارنا اور برانگیختہ کرنا فعل ہی پر ہوا کرتا ہے پھر وہ فعل یا لفظی ہوگا
جیسے اس کی مثال گذر گئی یا تقدیری جیسے اس کی مثال مصنف نے ہلا زیدا دی ہے علامہ رضی کا قول ہے کہ اگر ہلا کے بعد کوئی اسم ظرف واقع ہو تو وہ ہلا کے بعد
والے فعل کا معمول ہوگا نہ کہ فعل مقدر کا مثلا ہلا یوم الجمعۃ زرتنی میں یوم الجمعۃ زرتنی کا معمول ہوگا اور ضرورت شعری کے وقت ہلا کے بعد اسم بھی آتا ہے
اور لفظ لولا کبھی تحضیض کے لئے آتا ہے اور کبھی اس لئے کہ دوسرا جملہ ممنوع ہے بوجہ وجود علی کے الخ۔ یاد رکھو کہ لولا تحضیضیہ اور لولا شرطیہ میں فرق یہ ہے کہ
پہلے لولا تو صرف ایک جملہ سے بھی تمام ہو جائے گا لیکن دوسرا لولا بغیر دو جملوں کے تمام نہیں ہو سکتا مثلا اگر لولا ضربت زیدا کہا تو تحضیضیہ صحیح ہے (ماتہ ص ۱۳۸)

یا اسمیہ اور کسائی کے نزدیک یہ ضروری نہیں کہ پہلا جملہ اسمیہ ہو کیونکہ ان کے نزدیک لولا کے بعد جو اسم آتا ہے وہ فعل مقدر کا فاعل ہوتا ہے اور فراد کا قول یہ ہے کہ لولا خود اس اسم کا رافع ہے جو لولا کے بعد واقع ہے تو ان کے نزدیک لولا کے بعد دو جملے ہونا ضروری نہیں بلکہ ایک جملہ خود لولا سے بنے گا اور ایک اس کے بعد ہوگا ۱۲ واللہ اعلم۔ (متعلقہ صفحہ ہذا) لہ قولہ فصل حرف التوقع الی قولہ قد یعلم اللہ المعوقین (ت) توقع کا حرف قد ہے اور وہ ماضی میں ماضی کو حال سے قریب کرنے کے لئے آتا ہے جیسے قد رکب الامیر

المصدر وللولا معنى آخر هو امتناع الجملة الثانية لوجود
في بعضها مثل الا ۱۲

الجملة الاولى نحو لولا علىٌّ لهلك عمرُ وحينئذٍ تحتاج الى

جملتين اولهما اسمية ابدًا فصل[له] حروف التوقع قد وهي
حادي عشر ۱۲

في الماضي لتقريب الماضي الى الحال نحو قد ركب الامير اي
يكون ۱۲

قُبيل هذا ولاجل ذالك سُمّيت حرف التقريب ايضا

ولهذا تلزم الماضي ليصلح ان يقع حالا وقد تجئ للتاكيد
اى بسبب اينكه قد براے تقريب ماضى ست ۱۲ — مجرد از تقريب ۱۲

اذا كان جوابا لمن يسأل هل قام زيدٌ تقول قد قام
ما دخل عليه قد ۱۲ — يقول ۱۲ — مجيبا له ۱۲

زيدٌ وفي المضارع للتقليل نحو ان الكذوب قد يصدق
معطوف بر قول او في الماضي ۱۲

وان الجواد قد يبخل وقد تجئ للتحقيق كقوله تعالى قد يعلم الله
هر آئينه خدا ميداند

(بقیہ صفحہ ۱۳۹) اور شرطیہ کے لئے حرف لولا علی کہنا درست نہیں جب تک کہ لہلک عمر نہ کہا جائے اور لولا شرطیہ کے لئے جو دو جملے ضروری ہیں ان میں سے پہلے کا اسمیہ ہونا لازم ہے اور دوسرا جملہ خواہ فعلیہ ہو

یعنی ابھی ذرا دیر پہلے سوار ہوا امیر اور اسی وجہ سے اس کا نام حرف تقریب بھی رکھا جاتا ہے اور اسی وجہ سے قد ماضی کو لازم ہے تاکہ صلاحیت رکھے حال بننے کی اور کبھی آتا ہے قد تاکید کے لئے جبکہ ہو وہ جواب اس شخص کا جو سوال کرے کہ ہل قام زید تو تو کہے کہ قد قام زید اور مضارع میں تقلیل کے لئے آتا ہے جیسے ان الکذوب قد یصدق بے شک جھوٹا آدمی کبھی سچ بولتا ہے اور بے شک سخی آدمی کبھی بخل کر جاتا ہے اور کبھی آتا ہے تحقیق کے لئے جیسے اللہ تعالیٰ کا قول ہے قد یعلم اللہ المعوقین یعنی یقینا جانتا ہے خدا تعالیٰ نے باز رکھنے والوں کو (ش) ماضی پر تقریب کے لئے قد قامت الصلوٰۃ میں بھی آیا ہے اگر ماضی حال واقع ہو تو اس پر لفظ قد اس لئے ضروری ہے کہ تاکہ ماضی کا زمانہ عامل کے زمانہ سے مقارن ہو جائے کیونکہ اگر ماضی میں زمانہ ماضی ہی رکھا جائے تو حال کا زمانہ عامل سے پہلے ہو جائے گا مثلا اگر یوں کہا جائے جاءنی زید رکب ابوہ تو اس کا مطلب یہ ہوگا کہ رکوب مجیئت (آنے) سے پہلے ہو چکا تھا۔ حالانکہ زمانہ حال کا اور عامل کا ایک ہونا چاہئے اس لئے رکب پر قد بڑھا دیں گے تاکہ رکوب اور مجئ (آنا) دونوں قریب قریب ہو جائیں۔ پس اگر کوئی ماضی ایسا ہو کہ اس پر لفظ قد داخل نہ ہو سکے تو وہ حال واقع نہ ہو سکے گا جیسے یوں نہیں کہہ سکتے کرمات الشیخ وقد ولد فی یوم کذا کیونکہ ولادت شیخ کی موت سے یقینا سابق ہے اور کبھی لفظ قد تکثیر کے لئے بھی آتا ہے جب کہ مدح کا مقام ہو جیسے خدائے تعالیٰ کا ارشاد ہے قد یعلم اللہ الذین یتسللون منکم لواذا یعنی اللہ تعالیٰ نے جانتا ہے ان لوگوں کو تم میں سے جو کھسک جاتے ہیں آنکھ بچا کر ۱۲ ۱۲

المعوّقين ﴿ويجوز[1] الفصل بينها وبين الفعل بالقسم نحو قد والله
(بازدارندگان را ۱۲ فتح الرحمن)
أحسنت وقد يحذف الفعل بعد قد عند القرينة كقول الشاعر (هو النابغة)
شعر: أفِدَ الترحّلُ غير أنّ ركابنا ◆ لمّا تزلْ برحالنا وكأنْ قدن
أي وكأن قد زالت ﴿فصل﴾[2] حرفا الاستفهام (طلب فهم) (ثانی عشر) الهمزة وهل لهما
صدر الكلام وتدخلان على الجملة اسمية كانت نحو أزيدٌ قائمٌ
أو فعلية نحو هل قام زيدٌ ودخولهما على الفعلية أكثر إذ
الاستفهام بالفعل أولى وقد[3] تدخل الهمزة في مواضع لا يجوز (من الكلام التی ۱۲) (من الاسم ۱۲)
دخول هل فيها نحو أزيدًا ضربتَ وأتضرب زيدًا وهو أخوك و
أزيدٌ عندك أم عمرو وأ ومن كان وأثمّ إذا ما وقع

[1] قولہ ویجوز الفصل بینہا الخ قولہ ای وکان قد زالت (ت) اور جائز ہوتا ہے فاصلہ قد کے اور فعل کے درمیان قسم کے ساتھ جیسے قد واللہ احسنت قسم خدا کی تو نے اچھا کیا اور کبھی حذف کیا جاتا ہے فعل بعد قد کے قرینہ کے وقت جیسے شاعر نے کہا شعر افد الترحل غیر ان رکابنا + لما تزل برحالنا وکان قدن + یعنی قریب آگیا کوچ مگر یہ کہ ہمارے اونٹوں نے کوچ نہیں کیا ہمارے پالانوں کے ساتھ اور گویا شان یہ ہے کہ بیشک قریب ہے کہ کوچ کریں (ش) یہ بیت نابغہ کا ہے اور افد بروزن علم فعل ماضی ہے بمعنی قرب اور ترحل کے معنی کوچ کرنے کے ہیں اور وہ أفد کا فاعل ہے اور لفظ غیر بمعنی الا ہے رکاب ظاہر ہے یعنی وہ اونٹ جن پر سفر کیا جائے اور رکابنا ترکیب میں اسم ہے انّ کا اور لما حرف نفی ہے اور تزل اصل میں تزول تھا واو تعلیل کے سبب گر گئی اس سے مراد کوچ کرنا ہے بولتے ہیں زالت الخیل برکبانہا گھوڑے مع اپنے سواروں کے اٹھ گئے اور کوچ کر گئے اور رحال جمع رحل کی ہے بمعنی پالان اور کان مخففہ ہے مثقلہ سے اور ملغیٰ ہے اور یہ شعر اس بات کی بھی دلیل ہو سکتا ہے کہ تنوین ترنم حرف پر بھی آسکتی ہے کیونکہ قد حرف ہے اور اس پر تنوین ترنم آگئی ہے ۱۲ ش ح

[2] قولہ فصل حرفا الاستفہام بالفعل اولیٰ (ت) دو حرف استفہام کے ہمزہ اور ہل ہے ان دونوں کے لئے ابتداء کلام ہے اور داخل ہوتے ہیں یہ دونوں جملہ اسمیہ پر جیسے زید قائم یا فعلیہ جیسے ہل قام زید اور داخل ہونا ان دونوں حرفوں کا جملہ فعلیہ پر اکثر ہوتا ہے اس لئے کہ استفہام فعل سے ہونا زیادہ اچھا ہے (ش) یہ دونوں حرف استفہام شروع کلام میں داخل ہوتے ہیں کیونکہ استفہام کا مقتضیٰ یہی ہے کہ وہ شروع کلام میں آتا ہے تاکہ شروع ہی سے مخاطب سمجھ لے کہ متکلم کچھ دریافت کرتا ہے اور توجہ شروع ہی سے کلام کی جانب رکھے اور یہ جو کہا کہ اذ الاستفہام بالفعل اولیٰ یہ اس کی علت ہے کہ یہ دونوں حرف جملہ فعلیہ پر اکثر کیوں داخل ہوتے ہیں یعنی استفہام کسی فعل کے متعلق ہونا اس سے بہتر ہے کہ استفہام کسی اسم کے متعلق ہو اسی لئے یہ بات بہتر ہے کہ اگر حرف استفہام کے بعد کوئی اسم واقع ہو تو اس کو فاعل بنایا جائے نہ مبتدا بشرطیکہ اس اسم کے بعد کوئی فعل بھی آرہا ہو جیسے ازید قام ۱۲

[3] قولہ وقد تدخل الہمزۃ فی مواضع الی قولہ بہما بحث (ت) اور کبھی داخل ہوتا ہے ہمزہ ایسے چند مواقع میں کہ جائز نہیں ہوتا داخل ہونا ہل کا ان میں جیسے ازیدا ضربت اور اتضرب زیدا وھو اخوک اور ازید عندک ام عمرو اور او من کان اور افمن کان اور اثم اذا ما وقع اور نہیں استعمال کیا جاتا ہل ان جگہوں میں (ش) اور وہ مواقع کہ جہاں ہمزہ تو آسکتا ہے اور ہل نہیں آسکتا چار ہیں (۱) جہاں ہمزہ اسم پر داخل ہو باوجودیکہ فعل موجود ہو جیسے ازیدا ضربت (۲) جہاں ہمزہ انکار کے لئے لایا گیا ہو جیسے اتضرب زیدا وھو اخوک (۳) جہاں ہمزہ ام متصلہ کے ساتھ مستعمل ہو جیسے زید عندک ام عمرو (۴) جہاں ہمزہ حرف عطف پر داخل ہوا ہو جیسے اومن کان اور افمن کان اور اثم اذا ما وقع لیکن ان مواقع میں ہل کا آنا عرفاً اس وقت ناجائز ہے (باقی بر صفحہ ۱۴۲)

(بقیہ صفحہ ۱۴۱) کہ جب بل ہمزہ کے معنی میں نہ ہو اور اگر بل بمعنی ہمزہ ہو تو وہ حرف عطف پر داخل ہو سکتا ہے بل ان مواقع میں اس وجہ سے نہیں آسکتا کہ پہلا موقع تو اسم کا موقع ہے اور ہل اصل میں بمعنی قد ہے جو فعل کے ساتھ مخصوص ہے اور دوسرے موقع میں اس وجہ سے نہیں آسکتا کہ ہل بمعنی انکار نہیں آتا اور تیسرے موقع میں اس وجہ سے کہ ام منقطعہ ہمزہ کے ساتھ خاص ہے اور چوتھے موقع میں اس وجہ سے کہ ہمزہ استفہام میں اصل ہے اور یہاں بحث سے مراد یہ ہے کہ بعض مواقع ایسے ہیں کہ وہاں صرف ہل ہی آسکتا ہے اور ہمزہ نہیں آسکتا مثلاً حرف عطف صرف ہل پر آسکتا ہے ہمزہ پر نہیں جیسے فہل انتم شاکرون اور مثلاً ام کے بعد ہل آسکتا ہے ہمزہ نہیں آسکتا اور اثبات تقریر کے لئے ہل ہی مخصوص ہے جیسے ہل ثوب الکفار اور لفظ الا ہمزہ کے بعد نہیں آسکتا صرف ہل ہی کے بعد آسکتا ہے اس سے معلوم ہوا کہ ہل اور ہمزہ میں نسبت عموم خصوص من وجہ کی ہے ۱۲ منہ

وَلَا تُسْتَعْمَلُ هَلْ فِي هٰذِهِ الْمَوَاضِعِ وَهٰهُنَا بَحْثٌ فَصْلٌ حُرُوفُ الشَّرْطِ إِنْ وَلَوْ وَأَمَّا لَهَا صَدْرُ الْكَلَامِ وَيَدْخُلُ كُلُّ وَاحِدٍ مِنْهَا عَلَى الْجُمْلَتَيْنِ

بکسر ہمزہ و نون ساکن ۱۲ ... بفتح ہمزہ و میم مشدد ۱۲

اِسْمِيَّتَيْنِ كَانَتَا أَوْ فِعْلِيَّتَيْنِ أَوْ مُخْتَلِفَتَيْنِ فَإِنْ لِلْاِسْتِقْبَالِ وَإِنْ دَخَلَتْ عَلَى الْمَاضِي نَحْوُ إِنْ زُرْتَنِي أَكْرَمْتُكَ وَلَوْ لِلْمَاضِي وَإِنْ دَخَلَتْ عَلَى الْمُضَارِعِ نَحْوُ لَوْ تَزُورُنِي أَكْرَمْتُكَ وَيَلْزَمُهُمَا الْفِعْلُ لَفْظًا كَمَا مَرَّ أَوْ تَقْدِيرًا نَحْوُ إِنْ أَنْتَ زَائِرِي فَأَنَا أُكْرِمُكَ وَاعْلَمْ أَنَّ إِنْ لَا تُسْتَعْمَلُ

تقدیرہ ان کنت زائری فلما حذف الفعل صار الضمیر المتصل منفصلا ۱۲

إِلَّا فِي الْأُمُورِ الْمَشْكُوكَةِ فَلَا يُقَالُ آتِيكَ إِنْ طَلَعَتِ الشَّمْسُ بَلْ يُقَالُ آتِيكَ إِذَا طَلَعَتِ الشَّمْسُ وَلَوْ تَدُلُّ عَلَى نَفْيِ الْجُمْلَةِ الثَّانِيَةِ بِسَبَبِ نَفْيِ الْجُمْلَةِ الْأُولٰى كَقَوْلِهِ تَعَالٰى لَوْ كَانَ فِيهِمَا آلِهَةٌ إِلَّا اللّٰهُ لَفَسَدَتَا

(متعلقہ صفحہ ہذا) **۱ قولہ** فصل حروف الشرط الی قولہ او مختلفتین (ت) حروف شرط کے اِن اور لو اور اما ہے ان سب حروف کے لئے ابتداء کلام ہے اور ان دونوں حرفوں میں سے ہر ایک حرف داخل ہوتا ہے دو جملوں پر اسمیہ ہوں دونوں یا فعلیہ یا مختلف (ش) یہ جو کہا کہ دو جملوں پر داخل ہوتا ہے خواہ اسمیہ ہوں یا فعلیہ یہ تعمیم ان اور لو میں ٹھیک نہیں کیونکہ ان دونوں کا دو جملوں اسمیہ پر داخل ہونا جائز نہیں بلکہ جملوں فعلیہ پر داخل ہونا واجب ہے ۱۲

۲ قولہ فان للاستقبال الی قولہ الا اللہ لفسدتا۔

(ت) پس حرف ان استقبال کے لئے ہے اگرچہ داخل ہو ماضی پر جیسے ان زرتنی اکرمتک اگر تو میری زیارت کرے گا تو میں تیرا اکرام کروں گا اور لو ماضی کے لئے ہے اگرچہ داخل ہو مضارع پر جیسے لو تزورنی اکرمتک اگر تو میری زیارت کرتا تو میں تیرا اکرام کرتا اور لازم ہے ان دونوں کو فعل لفظاً جیسا کہ گزرا یا تقدیراً جیسے ان انت زائری فانا اکرمک اگر تو میری زیارت کرنے والا ہوگا تو میں تیرا اکرام کروں گا۔ اور جاننا چاہئے کہ ان نہیں استعمال کیا جاتا مگر امور مشکوکہ میں پس نہیں کہا جائے گا آتیک ان طلعت الشمس بلکہ کہا جائے گا آتیک اذا طلعت الشمس کیونکہ طلوع آفتاب یقینیات میں سے ہے اور لو دلالت کرتا ہے اوپر نفی جملہ ثانیہ کے بسبب نفی جملہ اولیٰ کے جیسے اللہ تعالیٰ نے فرمایا لو کان فیہما الخ اگر ہوتے زمین و آسمان میں چند معبود سوائے اللہ تعالیٰ کے تو البتہ فاسد ہو جاتے وہ دونوں یعنی زمین و آسمان (ش) اور یہ جو کہا کہ ان استقبال کے لئے ہے اگرچہ ماضی پر داخل ہو تو اس پر اس مثال سے اعتراض پڑتا ہے کہ ان اکرمتنی الیوم فقد اکرمتک امس سوال کا جواب یہ ہے کہ اس میں یہ تاویل ہے کہ اس کے معنی یہ ہیں کہ ان اکرمتنی الیوم یکون سببا للاخبار بذالک یا یہ کہ ان تعتقد باکرامک ایای الیوم فاعتقد باکرامی ایاک امس یعنی اگر تو اس اکرام کا جو تو نے آج میرا کیا ہے اعتبار کرے گا تو اس اکرام کا بھی اعتبار کیجیو جو کل گذشتہ میں تیرا کر چکا ہوں اور لو کی مثال قرآن شریف میں یہ ہے کہ لو یطیعکم فی کثیر من الامر لعنتم یعنی اگر اطاعت کرتے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم تمہاری بہت سے امور میں تو البتہ تم مشقت میں پڑ جاتے اور لو کبھی ان کے معنی میں بھی آتا ہے جیسے ولامۃ مومنۃ خیر من مشرکۃ ولو اعجبتکم یعنی وان اعجبتکم اور کبھی بمعنی ان ناصبہ بھی آتا ہے جیسے ودوا لو تدہن فیدہنون۔ (باقی بر صفحہ آئندہ ملاحظہ ہو)

(بقیہ صفحہ ۱۴۲) اور ان انت زائری فانا اکرمک کی اصل یہ تھی کہ ان کنت زائری فانا اکرمک جب فعل کو حذف کر دیا تو ضمیر متصل منفصل ہو گئی ایسے ہی ان اتاہ شیئین استجارک کی اصل ان استجارک احد تھی اور آیت لو کان فیہما آلہۃ الا اللہ لفسدتا اس پر دلالت کرتا ہے کہ فساد زمین و آسمان نہ پایا جانا اس سبب سے ہے کہ معبود متعدد نہیں ہیں اور حرف لو اس معنی میں بکثرت استعمال ہوتا ہے اور کبھی لو کے معنی یہ ہوتے ہیں کہ دوم کا ثابت کرنا اول کے وجود یا اس کے عدم کے وقت ہے جیسے نعم العبد صہیب لو لم یخف اللہ لم یعصہ یعنی صہیب اچھا بندہ ہے اگر نہ ڈرتا اللہ سے جب بھی نافرمانی اس کی نہ کرتا مطلب یہ کہ ڈرنے کی صورت میں تو عدم نافرمانی کا حق ہی ہے لیکن وہ عدم خوف کی صورت میں بھی نافرمانی نہیں کرتا اور جیسے لو اہنتنی لاکرمتک اگر تو میری اہانت کرے گا تو بھی تیرا اکرام کروں گا یعنی اگر تو میرا اکرام کرے گا تب تو میں تیرا اکرام کروں گا ہی۔ لیکن اگر تو میری توہین کرے گا تب بھی میں تیرا اکرام ہی کروں گا اور مستقبل معنی کی مثال وہ مضارع ہے جو منفی بلم ہو اور اس کی وجہ کہ مدخول حرف شرط کا ماضی ہونا ضروری ہے یہ ہے کہ جب حرف شرط کا عمل جواب میں اس نے منع ہو گیا کہ وہ قسم کا جواب ہے تو ضروری ہوا کہ شرط کی جانب میں فعل ماضی ہوتا کہ اس میں بھی عمل نہ کر سکے اور عدم عمل میں شرط اور جواب دونوں موافق ہو جائیں واللہ اعلم ۱۲

۱۴۳

وإذا وقع القسم في أول الكلام وتقدم على الشرط يجب أن يكون الفعل الذي تدخل عليه حرف الشرط ماضيا لفظا نحو والله إن أتيتني لأكرمتك أو معنى نحو والله إن لم تأتني لأهجرتك وحينئذ تكون الجملة الثانية في اللفظ جوابا للقسم لا جزاء للشرط فلذلك وجب فيها ما وجب في جواب القسم من اللام ونحوها كما رأيت في المثالين أما إن وقع القسم في وسط الكلام جاز أن يعتبر القسم بأن يكون الجواب له نحو أنا والله لآتينك وجاز أن يلغى نحو أنا والله آتيك وأما لتفصيل ما ذكر مجملا نحو الناس سعيد وشقي أما الذين سعدوا ففي الجنة وأما الذين شقوا ففي النار

(متعلقہ صفحہ ہذا) قولہ واذا وقع القسم فی اول الکلام الی قولہ کما رأیت فی المثالین (ت) اور جب واقع ہوتی ہے قسم شروع کلام میں اور مقدم ہوتی ہے شرط پر تو واجب ہے کہ ہو فعل وہ فعل کہ داخل ہوتا ہے اس پر حرف شرط ماضی لفظاً جیسے واللہ ان اتیتنی لاکرمتک یعنی قسم خدا کی اگر آوے گا تو میرے پاس تو اکرام کروں گا میں تیرا یا ماضی معنی جیسے واللہ ان لم تاتنی الخ یعنی اگر تو میرے پاس نہیں آوے گا البتہ برا کہوں گا تجھ کو اور اس وقت ہو گا دوسرا جملہ لفظاً میں جواب قسم کا نہ جزا شرط کی پس اسی وجہ سے واجب ہے اس دوسرے جملہ میں وہ بات جو واجب ہے جواب قسم میں یعنی لام وغیرہ جیسا کہ دیکھا تو نے دونوں مثالوں میں (ش) اور جب کہ قسم اول کلام میں ہو اور شرط سے پہلے آوے تو اس وقت جملہ ثانیہ لفظ کے اعتبار سے صرف قسم کا جواب ہو گا جزا شرط نہ ہو گا کیونکہ اگر وہ شرط کی جزا بھی ہو تو جواب کا مجزوم و غیر مجزوم دونوں ہونا لازم آئے گا اس لئے کہ بلحاظ جواب قسم غیر مجزوم اور بلحاظ جواب شرط مجزوم ہے البتہ معنی کے لحاظ سے جواب قسم بھی ہے اور جزاء شرط بھی یہ تو مطلب وحینئذ تکون الجملۃ الثانیۃ الی آخرہ کا ہوا اور فلذلک وجب فیہا کا مطلب یہ ہے اسی وجہ سے کہ جملہ ثانیہ لفظ کے لحاظ سے صرف جواب قسم کا ہو گا نہ جزا شرط جملہ ثانیہ میں وہ چیزیں واجب ہیں جو جواب قسم پر ضروری ہوتی ہیں جیسے لام اور نحوہا سے مراد یہ ہے کہ جب جواب قسم کا جملہ منفیہ ہو تو اس پر ما اور لا کا آنا ضروری ہے۔ (ت) قولہ اما ان وقع القسم فی وسط الکلام الی قولہ لا بدلہ من فعل (ت) بہرحال اگر واقع ہو قسم درمیان کلام میں تو جائز ہے یہ کہ اعتبار کی جائے قسم بایں طور کہ ہو جواب اسی قسم کا جیسے انا واللہ لآتینک یعنی قسم خدا کی البتہ ضرور میں آؤں گا میں تیرے پاس اور جائز ہے یہ کہ قسم لغو کی جائے جیسے انا واللہ آتیک یعنی اگر آئے گا تو میرے پاس تو آؤں گا میں بھی تیرے پاس اور لیکن اما اس چیز کی تفصیل کے لئے ہے جو ذکر کی گئی ہو مجملاً (باقی بر صفحہ آئندہ)

(بقیہ صفحہ ۱۴۳) جیسے الناس سعید الخ یعنی لوگ نیکبخت ہیں اور بدبخت بہرحال وہ لوگ جو نیک بخت ہیں پس جنت میں ہیں اور بہرحال وہ لوگ جو بدبخت ہو گئے پس دوزخ میں ہیں اور واجب ہوتا ہے اما کے جواب میں فا لانا اور یہ کہ ہو اول سبب دوم کے لئے اور یہ کہ حذف کیا جائے فعل اما کا باوجودیکہ شرط ضروری ہے اس کے لئے کوئی فعل (ش) قسم کا وسط کلام میں واقع ہونا عام ہے خواہ شرط اس سے پہلے آوے یا اور پیچھے اور یہ جو کہا کہ ملغی کرنا بھی درست ہے تو اس صورت میں جواب جواب شرط ہوگا اور شرط کا فعل ماضی ہونا بھی ضروری نہ ہوگا اور اما جو تفصیل کے لئے آتا ہے اس کا مکرر آنا ضروری نہیں چنانچہ قرآن شریف میں ہے فاما الذین فی قلوبہم زیغ الخ اور اس کے مقابلہ میں والراسخون الخ پر اما نہیں ہے علامہ رضی نے کہا کہ کثرت استعمال کی وجہ سے کبھی کلمہ اما کو حذف بھی کر دیتے ہیں مگر اسی جگہ کہ جہاں اس کے بعد فا یا امر یا نہی ہو اور اس کا ماقبل اس نہی وغیرہ کی وجہ سے منصوب ہو اور یہ جو کہا کہ ویجب فی جوابہا الخ جواب میں فا واجب ہونے کی وجہ اور اول کے ثانی کے لئے سبب ہونے کی وجہ یہ ہے کہ ان دونوں باتوں کے سبب اما کو کلمہ شرط کہہ سکیں گے ۱۲

۱۴۴

ویجب فی جوابہا الفاء وان یکون الاول سببا للثانی وان یحذف فعلہا مع ان الشرط لابد لہ من فعل وذلک لیکون تنبیہا علی ان المقصود بہا حکم الاسم الواقع بعدہا نحو اما زید فمنطلق تقدیرہ مہما یکن من شیء فزید منطلق فحذف الفعل والجار والمجرور واقیم اما مقامہما حتی بقی اما فزید منطلق ولما لم یناسب دخول حرف الشرط علی فاء الجزاء نقلوا الفاء الی الجزء الثانی ووضع الجزء الاول بین اما والفاء عوضا عن الفعل المحذوف ثم ذلک الجزء الاول ان کان صالحا للابتداء فہو مبتدأ کما مر والا فعاملہ ما یکون بعد الفاء کاما یوم الجمعۃ فزید منطلق فمنطلق عامل فی یوم الجمعۃ علی الظرفیۃ

عہ بسبب آنکہ جملہ ثانیہ دریں ہنگام لفظاً جواب قسم باشد نہ برائے شرط ۱۲ ۱۲

(متعلقہ صفحہ ھذا) سلہ قولہ

قولہ وذالک لیکون تنبیہا الی قولہ فہو مبتدا کما مر (ت) اور یہ یعنی وجوب حذف فعل اس لئے ہے تاکہ ہو جائے یہ تنبیہ کرنا اس بات پر کہ مقصود فقط اما کے ساتھ اس اسم کا حکم ہے جو واقع ہے بعد اما کے جیسے اما زید فمنطلق کہ تقدیر اس کی مہما یکن من شیء فزید منطلق تھی پس حذف کر دیا گیا فعل اور جار مجرور قائم کیا گیا اما مقام مہما کے یہاں تک کہ باقی رہا اما فزید منطلق اور جبکہ مناسب نہیں تھا داخل ہونا حرف شرط کا فا جزاء پر اس لئے نقل کر دیا فا کو جزء دوم کی طرف اور رکھ دیا انہوں نے جزء اول کو اما اور فا کے درمیان اس فعل کے بدلہ میں جو محذوف ہو گیا پھر وہ جزء اول اگر ہے قابل ابتدا کے پس وہ مبتدا ہے جیسا کہ گذرا (ش) یہ جو کہا کہ جزء دوم کی طرف اس سے منطلق مراد ہے اور جزء اول سے زید مراد ہے اور اما اور فا کے درمیان زید کو رکھنے کی وجہ یہ ہے کہ تاکہ شرط اور جزا کے حرفوں کا بلا فصل پایا جانا نہ لازم آئے اور ثم ذلک الجزء الخ سے مراد وہ اسم ہے جو اما کے بعد واقع ہے یعنی اگر وہ مبتدا بننے کے قابل ہو اس طرح کہ ظرف نہ ہو ۱۲ سلہ قولہ والا فعاملہ الی قولہ علی الظرفیۃ (ت) ورنہ پس عامل اس کا وہ ہے جو واقع ہے بعد فا کے جیسے اما یوم الجمعۃ فزید منطلق کہ منطلق عامل ہے لفظ یوم الجمعۃ میں ظرفیت کی بنا پر (ش) اور والا کے یہ معنی ہیں کہ اور اگر وہ جزء مبتدا بننے کے قابل نہ ہو یعنی ظرف ہو (ف) نحویوں کا اس بارہ میں اختلاف ہے کہ جو اسم اما کے بعد واقع ہوتا ہے کیا وہ اس کے جواب کی چیز کا جزء ہوتا ہے یا نہیں پس سیبویہ کا قول تو یہ ہے کہ وہ ہر صورت میں اس کے جزء کا جزء ہوتا ہے خواہ منصوب ہو یا مرفوع اور خواہ فا جزا کے بعد مانع تقدیم ہو یا نہ ہو اور مصنف کا بھی مذہب ہے اور بعض جزئیت کو مطلقاً ہر صورت میں منع کرتے ہیں یہ مبرد کا مذہب ہے اور رمانی نے تفصیل کی ہے کہ اگر وہ جائز التقدیم ہو الخ (باقی بر صفحہ آئندہ)

سلہ قولہ فصل حرف الردع کلا الیٰ قولہ کلا سوف تعلمون (ت) حرف ردع (جھڑکنے کا حرف) کلا ہے جو وضع کیا گیا ہے متکلم کو ڈانٹنے کے لئے اور اس چیز سے باز رکھنے کے لئے جس کے ساتھ متکلم بات کرتا ہے جیسے اللہ تعالیٰ نے فرمایا و اما اذا الخ اور بہرحال جب مبتلا کرتا ہے اللہ اس انسان کو پس تنگ کرتا ہے اس پر اس کی روزی تو وہ کہتا ہے کہ میرے رب نے میری توہین کی ہرگز نہیں یعنی نہ کلام کرے ایسا مطلب یہ کہ واقعہ یوں نہیں ہے یہ کلا کا زجر اور ردع کے لیے ہونا اس وقت ہے کہ جب خبر کے بعد واقع ہو اور کبھی آتا ہے لفظ کلا بعد امر کے بھی جیسا کہ جب کہا جائے تجھ سے اضرب زیدا مار زید کو تو تو کہے گا ہرگز نہیں یعنی ایسا ہرگز نہ کروں گا اور کبھی آتا ہے لفظ کلا بمعنی حقا جیسے اللہ تعالیٰ نے فرمایا کلا سوف تعلمون یقیناً عنقریب جان لوگے (ش)

سلہ فصل حرف الرّدع کلا وضعت لزجر المتکلم وردعه عما یتکلم به

رابع عشر ۱۲ — جراً زجر والمنع ۱۲ — ای منعه ۱۲ — المتکلم ۱۲

کقوله تعالیٰ واما اذا ما ابتلاه فقدر علیه رزقه فیقول ربی اهانن

کلا ای لا یتکلم بهذا فانه لیس کذالک هذا بعد الخبر وقد تجیٔ

ای وضع کلا برائے زجر ۱۲

بعد الامر ایضا کما اذا قیل لک اضرب زیدا فقلت کلا ای لا

افعل هذا قط وقد تجیٔ بمعنی حقا کقوله تعالیٰ کلا سوف

نفیا الاجابۃ الضرب لزید ۱۲ دراینہ — بتحقیق زود ہوا

تعلمون سلہ وحینئذ تکون اسما مبنیا لکونه مشابها لکلا حرفا وقیل

میدانست ۱۲ — ای حین اذا کانت بمعنی حقا ۱۲ — لا حرفا ۱۲ — ای تابعو الکسائی بالکم ۱۲

تکون حرفا ایضا بمعنی انّ لتحقیق الجملة نحو کلا انّ الانسان لیطغیٰ

حقا ہر آئینہ آدمی می گذرد ۱۲

بمعنی انّ سلہ فصل تاء التانیث الساکنة تلحق الماضی لتدل علی

خامس عشر ۱۲ — دون المتحرکۃ لاختصاصہا بالاسم ۱۲ — الفعل ۱۲ — من اول الامر ۱۲

(بقیہ صفحہ ۱۴۴) تو جزئیت پر ورنہ نہیں اور تفصیل بڑی کتابوں میں دیکھو ۱۲ ھ بتاویل مفرد معطوف بر قول الف ۱۲ ھ اے الفعل الذی دخلت ہی علیہ ۱۲ ھ یدخل ہو علیہ ۱۲ للعہ لئلا یتوالی بین حرفی الشرط والجزاء ۱۲ ھ واں اسمے کہ پس اما یاشد ۱۲

واقعہ یوں نہیں اس وجہ سے کہ بہت دفعہ اللہ تعالیٰ ایسا کرتا ہے کہ کفار کا رزق وسیع کرتا ہے اور انبیاء صالحین کا رزق تنگ کرتا ہے اور یہ یاد رکھو کہ جب کلا امر کے بعد واقع ہوتا ہے تو اجابت کی نفی کے لئے آتا ہے اور جب بمعنی حقا ہوتا ہے تو مقصود مضمون جملہ کی تحقیق ہوتی ہے ۱۲

سلہ قولہ حینئذ تکون اسما الیٰ قولہ بمعنی انّ (ت) اور اس وقت ہوتا ہے کلا اسم جو مبنی ٹھہرایا جاتا ہے بوجہ ہونے اس کے مشابہ واسطے کلا حرفی کے اور بقول بعض ہوتا ہے کلا حرف بھی بمعنی انّ تحقیق جملہ کے لئے جیسے کلا انّ الانسان الخ یعنی یقیناً انسان البتہ سرکشی کرتا ہے (ش) اور جب کلا اسم ہوتا ہے تو اس کو مبنی اس وجہ سے کہتے ہیں کہ وہ حرفی کے ساتھ مشابہت رکھتا ہے لفظاً بھی اور معنیً بھی اور بقول بعض جب کلا حقا کے معنی میں ہوتا ہے تو اس وقت بھی وہ حرف ہوتا ہے جس طرح حقا کے ہم معنی نہ ہونے کی حالت میں حرف ہوتا ہے اور یہ قول کسائی کا ہے چنانچہ کلا ان الانسان الخ میں کلا بمعنی انّ ہے اور آیۃ کلا انه کان لآیاتنا عنیدا میں کلا بمعنی ردع کے بھی ہو سکتا ہے اور بمعنی حقا بھی ۱۲

سلہ قولہ فصل تاء التانیث الساکنة الیٰ قولہ لرفع التقاء الساکنین (ت) تاء تانیث ساکنہ لاحق ہوتی ہے ماضی کو تاکہ دلالت کرے اس چیز کے مؤنث ہونے پر جس کی طرف فعل اسناد کیا گیا ہے جیسے ضربت ہند اور تم جان چکے ہو مواقع وجوب الحاق تاء تانیث کے اور جب متصل ہوا اس تاء کے کوئی ساکن بعد اس تا کے تو واجب ہوتا ہے حرکت دینا اس تاء کو کسرہ کی اس وجہ سے کہ ساکن جب حرکت دیا جاتا ہے تو حرکت دیا جاتا ہے کسرہ کی جیسے قد قامت الصلوٰۃ اور حرکت تاء تانیث کی واجب نہیں کرتی لوٹانے اس حرف کو جو حذف ہو چکا بوجہ اس کے ساکن ہونے کے پس نہیں کہا جائے گا رماۃ المرأۃ اس وجہ سے کہ اس کی یہ حرکت عارضی ہے جو واقع ہوئی ہے التقاء ساکنین کی وجہ سے (ش) ساکنہ کی قید سے تاء متحرکہ نکل گئی اس لئے کہ وہ اسم کے ساتھ خاص ہے اور ان میں فرق کرنے کے واسطے اس تاء کو ساکن بھی کر دیا ہے اور یہ بھی وجہ ہے یہ حرف ہے اور حرف میں اصل سکون ہے اور ساکنہ کے یہ معنی ہیں کہ اصل اس میں سکون ہو اگرچہ کسی عارض کے باعث متحرک ہو جائے جیسے قد قامت الصلوٰۃ کی تاء ساکن ہے

(باقی بر صفحہ آئندہ)

(بقیہ حاشیہ) اور ماضی کے ساتھ اس کے لحوق کو اس لئے خاص کیا کہ وہ غیر ماضی کو لاحق ہی نہیں ہوتی اور ما اسند الیہ الفعل عام ہے کہ شامل ہے فاعل کو بھی اور مفعول مالم یسم فاعلہ کو بھی اور یہ جو کہا کہ مواضع وجوب الحاق گزر چکے تو ان کے گزرنے کی جگہ بحث فاعل ہے وہاں تفصیل کے ساتھ وہ جگہیں بتادی ہیں کہ جہاں الحاق تا کا واجب ہے اور وہ جگہیں بھی کہ جہاں جائز ہے اور جب کوئی حرف ساکن بعد تا ساکنہ کے آجائے تو اس وقت حرکت دینا اس لئے واجب ہے تاکہ التقاء ساکنین نہ لازم آئے اور کسرہ کی حرکت اس لئے پسند کی گئی ہے کہ کسرہ حرکت سکون کے ساتھ مشابہ تر ہے اس لحاظ سے کہ کسرہ قلت کی وجہ سے کالعدم ہے اور عدم حرکت کا سکون ہے اور وحرکتہا الخ ایک سوال کا جواب ہے سوال یہ ہے کہ جب التقاء ساکنین کے سبب ایک ساکن حذف کردیا جاچکا ہو تو اب تا کو حرکت ملنے کی وجہ سے اس محذوف کو لوٹانا ضروری ہونا چاہئے پھر کیوں رمت کا الف بعد تحریک تا کے نہیں لوٹایا جاتا حالانکہ وہ التقاء ساکنین کی وجہ سے حذف کیا گیا تھا اور جواب کی تقریر ظاہر ہے ۱۲ ۱۲ ۱۲

تانیث ما اُسنِدَ الیہ الفعلُ نحو ضُرِبتْ هندٌ وقد عرفتَ مواضعَ وجوبِ الحاقها واذا لقیها ساکنٌ بعدَها وجبَ تحریکُها بالکسرِ لانَّ الساکنَ اذا حُرِّكَ حُرِّكَ بالکسرِ نحو قد قامتِ الصلوةُ وحرکتُها لا توجبُ ردَّ ما حُذِفَ لاجلِ سکونِها فلا یقالُ رماتِ المرأةُ لانَّ حرکتَها عارضیةٌ واقعةٌ لرفعِ التقاءِ الساکنینِ فقولُهم المرأتانِ رماتا ضعیفٌ واما الحاقُ علامةِ التثنیةِ وجمعِ المذکرِ وجمعِ المؤنثِ فضعیفٌ فلا یقالُ قاما الزیدانِ وقاموا الزیدونَ وقُمنَ النساءُ وبتقدیرِ الحاقِ لا تکونُ الضمائرَ لئلا یلزمَ الاضمارُ قبلَ الذکرِ بل علاماتٍ دالةً علی احوالِ الفاعلِ کتاءِ التانیثِ الساکنةِ

(حواشی بین السطور: فاعل باشد یا نائب آن ۱۲ — تحقیق نحو آو ۱۲ — وجوز الحاقها فی فصل الفاعل ۱۲ — ای حرف ۱۲ — بل یقال رمت المرأة — وانما لا توجب حرکتها رد المحذوف لان آه ۱۲ — برد الف محذوف ۱۲ — اذا کان الفاعل ظاهرا ۱۲ — بالحاق الف در تثنیہ — بالحاق واو در جمع مذکر ۱۲ — بالحاق نون در جمع مؤنث ۱۲ — تلک العلامات ۱۲ — ای اضمار الفاعل ۱۲ — تکون ۱۲ — من اول الامر اذا الحقت بالفعل ۱۲ — الساکنۃ ۱۲)

(متعلقہ صفحہ ھذا) لہ قولہ فقولہم المرأتان الی قولہ کتاء التانیث (ت) یعنی قول عرب کا المرأتان رماتا ضعیف ہے اور بہرحال لاحق کرنا علامت تثنیہ اور جمع مذکر اور جمع مونث کا پس ضعیف ہے لہذا نہیں کہا جائے گا قاما الزیدان اور قاموا الزیدون اور قمن النساء اور بر تقدیر الحاق ان علامات نہ ہوں گی یہ علامات ضمیریں تاکہ اضمار قبل الذکر نہ لازم آئے بلکہ ہوں گی علامت دلالت کرنے والی احوال فاعل پر جیسے تاء تانیث ساکنہ ہوتی ہے (ش) اور علامت تثنیہ وجمع کو لوٹانا اس وجہ سے ضعیف ہے کہ صورۃً فاعل کی تکرار لازم آتی ہے اس لئے جب فاعل جب مظہر نہ ہو بلکہ مضمر ہو تو علامت کے الحاق میں حرج نہیں ہے اور احوال فاعل سے مراد فاعل کا تثنیہ جمع مذکر مونث ہونا ہے اور یہ جو کہا کتاء التانیث اس کا یہ مطلب ہے کہ جس طرح تاء تانیث ساکنہ ضمیر نہیں ہوتی ایسے ہی یہ علامات بھی ضمیریں نہیں ہوتیں اور تاء تانیث ضمیر اس وجہ سے نہیں ہوتی کہ اگر یہ ضمیر ہو جائے تو فاعل مظہر ہونے کی صورت میں اس کا حذف واجب ہوگا حالانکہ ایسا نہیں ہے بلکہ یہ تاء ایک حرف ہے جو فعل ماضی کے ساتھ اس لئے لاحق کیا گیا ہے کہ تاکہ ما اسند الیہ الفعل کے مونث ہونے دلالت کرے ۱۲

ع ۵ عن کونہ مثنیٰ او مجموعا مذکرا او مونثا ۱۲

بھی دیتے ہیں جیسے زید الفاضل اور یہاں تک چونکہ تعریف جامع مانع نہ تھی اس وجہ سے کہ لدن کے نون کو بھی شامل تھی تو تتبع الخ سے اس کو نکال دیا اس لئے کہ لدن کا نون تو خود حرف اخیر ہے اور تنوین کا نون بتلادیا کہ حرف اخیر کی حرکت کا تابع ہوا کرتا ہے اور یہاں یہ کہا کہ اخیر حرف کی حرکت کا تابع ہوا کرتا ہے یہ نہ کہا کہ خود حرف ہی کا تابع ہوا کرتا ہے تاکہ اس طرف اشارہ ہو کہ حالت وقف میں حرکت اخیر حرف کے گر جانے سے یہ نون بھی ساقط ہو جائے گا اگرچہ خود حرف اخیر باقی رہے گا۔ اور آخر الکلمۃ میں جو کلمہ ہے وہ عام ہے خواہ حقیقۃً ہو یا حکماً لہٰذا قائمۃ اور بصری کی تنوین بھی اس میں داخل رہے گی اس لئے کہ یہ اگرچہ حرف حقیقی کی حرکت کے تابع نہیں مگر حرف حکمی کی حرکت کے تابع ہے اس واسطے کہ تاء تانیث اور یاء نسبتی بھی حکماً حرف ہیں۔

فصل

فصل التنوين نون ساكنة تتبع حركة آخر الكلمة لا لتاكيد الفعل وهي خمسة اقسام الاول للتمكن وهو ما يدل على ان الاسم متمكن في مقتضى الاسمية اى انه منصرف نحو زيد ورجل والثاني للتنكير وهو ما يدل على ان الاسم نكرة نحو صه اى اسكت سكوتا ما في وقت ما واما صه بالسكون فمعناه اسكت السكوت الآن والثالث للعوض وهو ما يكون عوضا عن المضاف اليه نحو حينئذ وساعتئذ ويومئذ اى حين اذ كان كذا والرابع للمقابلة وهو التنوين الذي في جمع المؤنث السالم نحو مسلمات

ا۔ فصل التنوين نون الی قولہ وہی خمسۃ اقسام (ت) تنوین نون ساکن ہوتا ہے جو پیچھے آتا ہے حرکت اخیر کلمے کے نہ تاکید فعل کے لئے اور وہ تنوین پانچ قسم پر ہے (تک) یہ جو کہا کہ تنوین نون ساکن ہے اس کا یہ مطلب ہے کہ اصل وضع کے اعتبار سے ساکن ہے ورنہ کبھی کسی عارضی وجہ سے اس کو حرکت

۲۔ قولہ الاول للتمکن الی قولہ نحو مسلمات (ت) پہلی قسم تمکن کی ہے اور وہ وہ تنوین ہے جو دلالت کرتی ہے اس پر کہ یہ اسم متمکن (مضبوط) ہے اسمیت کے تقاضے میں یعنی اس پر کہ یہ اسم منصرف ہے جیسے زیدٌ اور رجلٌ اور دوسری قسم وہ ہے جو تنکیر کے لئے ہے اور وہ وہ تنوین ہے جو دلالت کرتی ہے اس بات پر کہ یہ اسم نکرہ ہے جیسے صہٍ یعنی خاموش رہ تو کچھ خاموش رہنا کسی وقت اللہ بہرحال صہْ سکون کے ساتھ پس معنی اس کے یہ ہیں کہ خاموش کا تو خاموش رہنا اب اور تیسری قسم تنوین عوض کی ہے اور وہ وہ تنوین ہے کہ ہوتی ہے عوض مضاف الیہ کے جیسے حینئذ اور ساعتئذ اور یومئذ یعنی حین اذ کان کذا جس وقت ایسا ہوگا۔ اور چوتھی قسم مقابلہ کی تنوین ہے اور وہ وہ تنوین ہے جو جمع مؤنث سالم میں ہوتی ہے جیسے مسلمات اہ (ش) اور تنوین تمکن کا نام تنوین صرف بھی ہوتا ہے اس وجہ سے کہ یہ تنوین منصرف کو غیر منصرف سے جدا کر دیتی ہے اور رجل میں بعض لوگوں نے خیال کیا ہے کہ تنوین تنکیر کی ہے حالانکہ یہ غلط ہے اس لئے کہ اگر رجل کسی خاص آدمی یا کسی معین شخص کا نام رکھ دیا جائے تو بھی اس پر یہ تنوین رہے گی حالانکہ یہ اسم نکرہ نہیں ہے تو معلوم ہوا کہ یہ تنوین تنکیر کی نہیں بلکہ تنوین صرف ہے صحاح میں بیان کیا ہے کہ صہ کی تنوین وصل اور وقف میں فرق کرنے کے لئے ہے تو اس کلام کا مقتضی یہ ہے کہ ایک چھٹی قسم بھی تنوین کی ہوتی ہے یعنی فارق بین الوصل والوقف اور علامہ رضی کا قول ہے کہ تنوین تنکیر مخصوص ہے اسم صوت اور اسم فعل کے ساتھ جیسے سیبویہ اور سیبویہٍ مثال اسم صوت کی ہے اور صہ اسم فعل کی اور یہ جو کہا کہ صہْ بالسکون کے معنی اسکت السکوت الآن ہیں اس کا مطلب یہ ہے کہ اسکت السکوت الذی تعرفہ الآن تو سکوت کر وہ سکوت جس کو پہچانتا ہے رجا سلمے ابھی اس پر یہ اعتراض پڑتا ہے کہ زمانہ حال میں کسی چیز کی طلب ناممکن ہے کیونکہ طلب محال لازم آتی ہے اس وجہ سے کہ جب تک امر اپنے امر سے فراغت نہ پائے اور مطلب اس امر کو سمجھ نہ لے اس وقت تک مخاطب کی توجہ اس طرف نہیں ہو سکتی تو اسکت السکوت الآن میں ایک قسم کا تسامح ہے لہٰذا اس کے معنی یہ ہیں کہ اسکت السکوت متصلاً بالآن آن سے حقیقۃً حال مراد نہیں ہے

(باقی بر صفحہ آئندہ ملاحظہ ہو)

غیر منصرف میں نہ پائی جاتی حالانکہ اعلام غیر منصرفہ میں موجود ہے اور نہ یہ تنوین عوض کی ہے کیونکہ معنی اس کی موافقت نہیں کرتے اور نہ یہ تنوین ترنم کی ہے کیونکہ اشعار اور مصرعوں کے اخیر میں نہیں آتی لہذا ثابت ہوا کہ یہ تنوین مقابلہ کی ہے ۱۲ (متعلقہ صفحہ ہذا) لـه قولہ وہذہ الاربعۃ تختص بالاسم الی قولہ وہند ابنۃ بکر (ت) اور یہ چاروں تنوینیں خاص ہیں اسم کے ساتھ اور پانچویں قسم ترنم کی ہے اور وہ وہ تنوین ہے جو لاحق ہوتی ہے اخیر میں اشعار اور مصرعوں کے جیسے قول شاعر کا شعر اقلی اللوم الخ کم کر تو ملامت اے ملامت کرنے والی اور کم کر تو عتاب۔ وہ کہہ تو اگر حق کو پہونچوں میں کہ بے شک حق پہونچا اور جیسے قول شاعر کا ہے یا ابتا علک الخ یعنی اے میرے باپ شاید تو پاوے رزق یا قریب ہے کہ پاوے تو رزق

وهٰذه الاربعة تختص بالاسم والخامس للترنم وهو الذي يلحق اخر الابيات والمصاريع كقول الشاعر شعر

اقلي اللوم عاذل والعتابن ✽ وقولي ان اصبت لقد اصابن

وكقوله ع يا ابتا علك او عساكن ✽ وقد يحذف من العلم اذا كان موصوفا بابن او ابنة مضافا الى علم اٰخر نحو جاءني زيد بن عمرو وهند ابنة بكر فصل نون التاكيد وهي وضعت لتاكيد الامر والمضارع اذا كان فيه طلب بازاء قد لتاكيد الماضي وهي على ضربين خفيفة اي

(بقیہ صفحہ) اور حینئذ میں حین مضاف ہے کلمہ اذا کی طرف اور اذ مضاف ہے جملہ ما بعد کی طرف جملہ کو حذف کر کے اذ کو تنوین دی تاکہ وہ جملہ مضاف الیہ کا عوض ہو جائے اور بلفظ مسلمات میں تنوین مقابلہ کی ہے اور بعض کو جو وہم ہوگیا ہے کہ یہ تنوین تنکیر کی ہے وہ غلط ہے کیونکہ اگر یہ تنوین تنکیر کی ہوتی تو اعلام

اور کبھی حذف کی جاتی ہے تنوین علم سے جبکہ ہو وہ علم موصوف ابن یا ابنۃ کے ساتھ در انحالیکہ ہو وہ ابن مضاف ایک دوسرے علم کے جیسے جاءنی زید بن عمرو اور جاءتنی ہند ابنۃ بکر (ش) اور یہ جو کہا کہ ہذہ الاقسام الاربعۃ تختص بالاسم اس سے معلوم ہوا کہ پانچویں قسم یعنی تنوین ترنم اسم کے ساتھ مخصوص نہیں ہے اس تنوین خامس کا نام تنوین ترنم اس لئے رکھا گیا ہے کہ اس تنوین کی وجہ سے گانے میں آواز اچھی نکلتی ہے تنوین ترنم کی دو مثالیں اس وجہ سے دیں کہ پہلی مثال اس تنوین کی ہے جو اسم اور فعل دونوں پر داخل ہے اور دوسری اس کی کہ صرف فعل پر داخل ہے اور کبھی تنوین ترنم حرف پر بھی داخل ہوتی ہے اس کی مثال یہ مصرع ہے قبل لہا ان تردد الخمس بلن یعنی کیا اس کے لئے حق ہے کہ وہ خمس کو لوٹا دے اور یاد رکھو کہ تنوین ترنم محض تحسین صوت کے لئے ہوتی ہے جس طرح حروف تہجی محض ترکیب کی غرض سے موضوع ہیں اور علم سے تنوین حذف کرنے کی وجہ تخفیف ہے کیونکہ لفظ طویل ہے اور علم ثقیل ہوتا ہے اور باایں ہمہ کثیر الاستعمال ہوتا ہے اور اس حالت میں لفظ ابن کا الف بھی تخفیف کی غرض سے نہیں لکھا جاتا مگر لفظ ابنۃ سے الف کتابت سے ساقط نہیں کیا جاتا اور متن کے اس جملہ میں اس طرف اشارہ ہے کہ ابن جب غیر علم کی صفت ہو تو تنوین کو حذف نہ کریں گے مثلاً قام رجل ابن امرء یا بالکل کسی کی بھی صفت نہ ہو جیسے زید ابن بکر یا جب ابن کی اضافت علم کی طرف نہ ہو تب بھی حذف نہ کریں گے جیسے قام زید ابن اخی ۱۲ لـه قولہ فصل نون التاکید الی قولہ لتاکید الماضی (ت) نون تاکید کا بیان اور وہ وضع کیا گیا ہے امر کی تاکید کے لئے اور مضارع کی تاکید کے لئے جب کہ اس میں کوئی طلب پائی جاتی ہو مقابلہ میں قد کے جو ماضی کی تاکید کے لئے ہے (ش) مضارع کی تاکید میں یہ قید لگائی کہ جب اس میں طلب ہو کیونکہ اس نون سے تاکید صرف اسی فعل کی کی جاتی ہے جو مطلوب ہو اور بازائے قد کا یہ مطلب کہ جس طرح قد ماضی کی تاکید کے لئے موضوع ہے ایسے ہی نون تاکید مضارع کی تاکید کے لئے موضوع ہے بشرطیکہ اس میں طلب ہو ۱۲

یعنی جو ہمیشہ مشدد اور مفتوح ہوتا ہے اگر نہ ہو اس کے پہلے الف جیسے اضربنّ یا مکسورہ ہوتا ہے اگر ہو اس کے پہلے الف جیسے اضربانّ اور اضربنانّ اور داخل ہوتا ہے نون تاکید کا امر اور نہی اور استفہام اور تمنی اور عرض میں داخل ہونا جائز اس لئے کہ ان میں سے ہر ایک میں طلب ہے جیسے اضربنّ اور لاتضربنّ اور ہل تضربنّ و لیتک تضربنّ الخ یعنی ضرور مار تو اور ہرگز نہ مار تو اور کیا ضرور مارے گا اور کاش کہ ضرور مارتا تو اور البتہ کیوں نہیں اترتا تو ہمارے پاس پس پہونچے تو بہتری کو اور کبھی داخل ہوتا ہے نون تاکید کا قسم میں بطور وجوب بوجہ واقع ہونے قسم کے اس چیز پر کہ ہوتی ہے وہ مطلوب متکلم کو اکثر (ش) نون خفیفہ ساکن اس لئے ہوتا ہے کہ وہ مبنی ہے اور اصل بنا میں سکون ہے۔ اور یہ جو کہا کہ ان کان قبلہا الف تو یہ الف عام ہے خواہ ضمیر تثنیہ کا ہو جیسے اضربان یا زائدہ ہو جیسے جمع مونث میں مثلاً اضربنان اور یہ جو کہا کہ امر میں نون تاکید کا داخل ہوتا ہے یعنی خفیفہ بھی اور ثقیلہ بھی۔ اور امر کی ہر قسم میں معلوم ہو یا مجہول حاضر ہو یا غائب اس پر یہ اعتراض ہے کہ یہ نون تاکید کا اخیر امر میں کیسے داخل ہو سکتا ہے جبکہ یہ معلوم ہے کہ یہ حرف حروف معانی میں سے ہے جس طرح حرف نفی اور حرف استفہام اور حرف قسم ہوتا ہے اور اس قسم کے حروف سب صدارت کلام چاہتے ہیں اس لئے چاہئے کہ امر کے شروع میں داخل ہو جواب یہ ہے کہ نون تاکید کا شروع امر میں داخل نہیں ہو سکتا کیونکہ ابتدا بالسکون لازم آئے گا اور نون تاکید ان پانچ مواضع میں جوازاً اس لئے آتا ہے کہ ان مواضع میں طلب ہوتی ہے پس نون تاکید کے سبب اس طلب میں تاکید آ جائے گی اور ان پانچوں موقعوں میں سے امر نہی استفہام کے اندر طلب کا ہونا ظاہر ہے اور تمنی اور عرض میں اس وجہ سے طلب ہے کہ یہ بمنزلہ امر کے ہیں (ف) کبھی نون تاکید کا نفی پر بھی داخل ہو جاتا ہے اس وجہ سے کہ نفی بھی نہی کے مشابہ ہے اگرچہ اس میں طلب نہیں ہے مگر نفی میں نون تاکید کا آنا بہت کم ہے اور یہ جو کہا کہ لوقوعہ علی مایکون مطلوبا الخ یہ اس بات کی علت ہے کہ قسم میں نون تاکید کا داخل ہونا واجب ہے مگر یہ یاد رکھو کہ یہ وجوب صرف اس صورت میں ہے کہ جب قسم کا جواب مثبت ہو ورنہ نہیں ۱۲ ۱۲

۱۴۹

سَاکِنَۃٌ[۱] اَبَدًا نَحْوُ اِضْرِبَنْ وَثَقِیْلَۃٌ اَیْ مُشَدَّدَۃٌ مَفْتُوْحَۃٌ اَبَدًا اِنْ لَّمْ یَکُنْ قَبْلَهَا اَلِفٌ نَحْوُ اِضْرِبَنَّ وَمَکْسُوْرَۃٌ اِنْ کَانَ قَبْلَهَا اَلِفٌ نَحْوُ اِضْرِبَانِّ وَاِضْرِبْنَانِّ وَتَدْخُلُ فِی الْاَمْرِ وَالنَّهْیِ وَالْاِسْتِفْهَامِ وَالتَّمَنِّیْ وَالْعَرْضِ جَوَازًا لِاَنَّ فِیْ کُلٍّ مِّنْهَا طَلَبًا نَحْوُ اِضْرِبَنْ وَلَا تَضْرِبَنْ وَهَلْ تَضْرِبَنْ وَلَیْتَكَ تَضْرِبَنْ وَاَلَا تَنْزِلَنَّ بِنَا فَتُصِیْبَ خَیْرًا وَقَدْ تَدْخُلُ فِی الْقَسَمِ وُجُوْبًا لِوُقُوْعِهٖ عَلٰی مَا یَکُوْنُ مَطْلُوْبًا لِلْمُتَکَلِّمِ غَالِبًا

(حواشی بین السطور: نون تاکید را دو قسم است ۔ للخفیفۃ ۱۲ ۔ مطلق ۱۲ ۔ ای نون التاکید مطلقا ۱۲ ۔ ای دخولا جائزا ۱۲ ۔ ہر آئینہ چرا فرود نمی آئی با ما تا برسی نیکوئی را ۱۲ ۔ ای نون التاکید ۱۲ ۔ ای دخولا واجبا ۱۲ ۔ وجودہ وتحصیلہ ۱۲)

[۱] **قولہ** وہی علی ضربین خفیفۃ ای ساکنۃ ابدا الی قولہ للمتکلم غالبا (ت) اور وہ نون یعنی نون تاکید دو قسم پر ہے ایک خفیفہ یعنی جو ہمیشہ ساکن ہوتا ہے جیسے اضربَنْ اور دوسری قسم ثقیلہ ہے

۱؎ قولہ فارادوا ان لایکون الی قولہ لافعلن کذا (ت) پس ارادہ کیا انہوں نے یہ کہ نہ ہو آخر قسم کا خالی معنی تاکید سے جیسا کہ خالی نہیں ہے اول قسم کا اس تاکید سے جیسے واللہ لافعلن کذا قسم خدا کی البتہ ضرور کروں گا میں ایسا ۱۲ **۲؎ قولہ** واعلم انہ یجب الی قولہ نحو اضربانّ واضربنانّ (ت) اور جاننا چاہئے کہ شان یہ ہے کہ واجب ہوتا ہے ضمہ دینا ماقبل نون تاکید کو جمع مذکر میں جیسے اضربُنّ تاکہ دلالت کرے واؤ محذوفہ پر اور کسرہ دینا ماقبل نون تاکید کو مؤنث مخاطبہ میں جیسے اضربِنّ تاکہ دلالت کرے یاء محذوفہ پر اور فتحہ دینا ماقبل نون تاکید کو جمع مذکر اور واحد مؤنث مخاطبہ کے ماسوا میں بہرحال مفرد میں پس اس وجہ سے کہ شان یہ ہے کہ اگر ضمہ دیا جائے تو البتہ ملتبس ہو جائے گا جمع مذکر کے ساتھ اور اگر کسرہ دیا جائے تو البتہ ملتبس ہو جائے گا مؤنث مخاطبہ کے ساتھ اور بہرحال تثنیہ اور جمع مؤنث میں پس اس وجہ سے کہ ماقبل نون تاکید کا الف ہوتا ہے جیسے اضربانّ اور اضربنانّ (ش) یجب ضم ماقبلہا فی جمع المذکر میں جمع مذکر عام ہے غائب ہو یا حاضر اور اضربُنّ جمع مذکر میں سے واؤ اس لئے حذف ہو گئی کہ التقاء ساکنین لازم آتا تھا اور یہ التقاء ساکنین اگرچہ جائز ہے کیونکہ اس میں پہلا ساکن مدہ اور دوسرا مدغم ہے مگر یہ بھی ثقیل ہے لہٰذا تخفیف کی غرض سے واؤ کو حذف کر دیا اگر کوئی کہے کہ واؤ علامت فاعل ہے اس کو حذف کرنا کیسے جائز ہوگا۔ جواب یہ ہے کہ جب ضمہ واؤ پر دلالت کرنے والا موجود ہے تو واؤ بالکل محذوف نہیں ہے ایسے ہی واحد مؤنث مخاطبہ میں بھی یا حذف ہو گئی اگرچہ یہ التقاء ساکنین ناجائز نہیں کیونکہ یہ اجتماع ساکنین علی حدہ ہے جس کا بیان اگلے صفحہ میں ہے بلکہ اس لئے حذف ہوئی تاکہ تخفیف حاصل ہو اور مفرد میں ضمہ اور کسرہ نہ دینے کی وجہ تو بتا دی اور سکون نہ دینے کی وجہ نہیں بتائی سو اس کی وجہ یہ ہے کہ اگر ساکن رکھا جاتا تو اجتماع ساکنین لازم آتا لہٰذا فتحہ متعین ہو گیا اور فتحہ کی وجہ ایک اور بھی ہے وہ یہ کہ نون تاکید کا ایک مستقل کلمہ ہے جو دوسرے کلمہ کے ساتھ ملا دیا گیا ہے اور عرب کی یہ عادت ہے کہ جب کسی ایک کلمہ کو دوسرے کلمہ سے ملاتے ہیں تو پہلے کلمہ کے اخیر حرف کو فتحہ دیدیتے ہیں جیسے خمسۃ عشر وغیرہ اور پھر یہ بھی وجہ ہے کہ فتحہ سب حرکتوں میں اخف ہے اور یہ جو کہا کہ تثنیہ اور جمع مؤنث میں ماقبل کو فتحہ اس لئے واجب ہے کہ ان میں نون سے پہلے الف ہوتا ہے سو اس کا یہ مطلب ہے کہ جب نون سے پہلے الف ہوتا ہے تو گویا نون سے پہلے فتحہ ہوتا ہے کیونکہ الف فتحہ کے حکم میں ہے یا یہ مطلب کہ نون سے پہلے الف ہوتا ہے اور الف کا عدم ہے اس وجہ سے کہ وہ مانع قوی نہیں ہے تو اس الف سے پہلے جو فتحہ ہے گویا وہ نون کے پہلے ہے نہ الف کے اور تثنیہ میں الف کو اس لئے حذف نہیں کیا کہ واحد کے صیغہ سے التباس لازم آتا ۱۲

۱؎ فارادوا ان لایکون اٰخر القسم خالیا عن معنی التاکید کما لایخلوا اولہٗ منہ نحو واللہ لافعلنّ کذا

۲؎ واعلم انہٗ یجب ضمّ ماقبلہا فی جمع المذکر (غائبا کان او حاضرا ۱۲) نحو اضربُنّ لیدلّ علی الواو المحذوفۃ (لالتقاء الساکنین ۱۲) وکسر ماقبلہا فی المخاطبۃ نحو اضربِنّ لیدلّ علی الیاء المحذوفۃ (لالتقاء الساکنین ۱۲) وفتح ماقبلہا فی ما عداہما (ای جمع المذکر والمخاطبۃ ۱۲) اما فی المفرد فلانہٗ لو ضُمّ لالتبس بجمع المذکر ولو کُسر لالتبس بالمخاطبۃ (ولو سکن للزم اجتماع الساکنین فتعین الفتح ۱۲) واما فی المثنّٰی وجمع المؤنث فلانّ ماقبلہا الف (ای ماقبل النون ۱۲) نحو اضربانّ واضربنانّ

نون خفیفہ داخل نہیں ہوتا تثنیہ میں بالکل اور نہ جمع مونث میں اس لئے کہ شان یہ ہے کہ اگر حرکت دے گا تو نون کو تو نہیں باقی رہے گا خفیفہ پس نہ رہے گا اصل پر اور اگر باقی رکھے گا تو اس نون کو ساکن تو لازم آئے گا جمع ہونا دو ساکنوں کا علیٰ غیر حدہ اور وہ اچھا نہیں (ش) یہ جو کہا کہ ثلث نونات نون الضمیر ونونا التاکید تو اس میں نونا التاکید سے مراد نون مدغم اور مدغم فیہ ہے گویا نون ثقیلہ دو نون کے حکم میں ہے اس لئے فاصلہ کا الف لے آئے تاکہ ثقل دور ہوا اور منجملہ حروف کے الف ہی فاصلہ کے لئے اس وجہ سے پسند کیا گیا کہ وہ تمام زوائد حروف میں اخف ہے اور نون ضمیر کا حذف اس لئے نہیں کیا گیا کہ یہ نون رفع کی علامت نہیں ہے بلکہ جمع مونث کی ضمیر ہے اور نون خفیفہ تثنیہ میں بالکل نہیں آتا خواہ تثنیہ مذکر ہو یا مؤنث ایسے ہی جمع مونث میں بھی نہیں آتا اور ان تینوں جگہ نون خفیفہ کے نہ آنے کی وجہ یہ ہے کہ ان تینوں جگہ اگر نون خفیفہ لایا جائے تو یا وہ متحرک ہوگا یا ساکن اگر متحرک ہوگا تو وہ نون خفیفہ خفیفہ نہیں رہے گا کیونکہ وہ ہمیشہ ساکن ہوتا ہے اور اگر ساکن ہوگا تو دو ساکن کا جمع ہونا لازم آئے گا ایک الف دوسرا نون اور یہ اجتماع ساکنین علیٰ غیر حدہ ہے جو ناجائز ہے اور الف کو حذف بھی نہیں کر سکتے کیونکہ اس وقت مفرد کے ساتھ التباس لازم آئیگا اور ایک اجتماع ساکنین علے حدہ ہوتا ہے وہ جائز ہے اور وہ یہ ہے کہ پہلا ساکن حرف مد ہو اور دوسرا مدغم اور دونوں ایک ہی کلمہ میں جیسے لفظ دابۃٌ کہ اصل میں دابِبَۃ تھا پہلی با کی حرکت حذف کر کے اس کو دوسری با میں ادغام کر دیا اور اس کے جواز کی وجہ یہ ہے کہ حروف میں مد حرکت کی مثل ہوتا ہے تو گویا پہلا ساکن متحرک ہے یا یہ کہو کہ حرف مدغم چونکہ تلفظ میں مستقل نہیں اسلئے گویا وہ مدغم کے تابع ہو کر ملفوظ ہے پس مدغم اپنی ذات کے اعتبار سے کالعدم ہوا تو کلام میں بجز ایک ساکن کے اور کچھ نہ پایا گیا اور تثنیہ اور جمع مونث میں نون خفیفہ نہ آنا یونس نحوی کے علاوہ اور نحویوں کا مذہب ہے اور خود یونس کے نزدیک یہ جائز ہے وہ نون خفیفہ کو ثقیلہ پر قیاس کر لیتے ہیں یا اس وجہ سے یہ جائز کہتے ہیں کہ الف میں مد بمنزلہ حرکت کے ہے۔ کیونکہ مد خفیف ہوتا ہے اور دلیل میں وہ قرأت لاتے ہیں جس میں کیا کی یا ساکن پڑھی گئی ہے۔ فقط خدائے بے نیاز کا بے شمار احسان ہے کہ کافیہ کی اردو شرح کے بعد اس عاجز کے قلم سے ہدایۃ النحو کی اردو شرح بھی آج بتاریخ ۱۱ رمضان المبارک ۱۳۵۹ھ مطابق ۱۶ اکتوبر ۱۹۴۰ء کو پوری کرادی اللہ تعالیٰ اسکو تا دیات طلباء کے ہاتھوں میں رکھے اور وہ اس سے ہمیشہ نفع اٹھاتے رہیں پھر اس کے چھاپنے والے اور یہ کمترین بھی اس کی اشاعت وتالیف کے طفیل میں نجات آخرت کے ساتھ ساتھ دنیوی ضرورت کے محتاج نہ رہیں آمین یا رب العالمین وصلی اللہ تعالیٰ علے حبیبہ وآلہ وصحبہ الطاہرین۔ محمد حیات عفی عنہ سنبھلی۔ مرادآباد۔ مدرسہ امدادیہ یوپی۔

۱۵۱

وَزِيدَتِ الأَلِفُ[1] قَبْلَ النُّونِ فِي جَمْعِ المُؤَنَّثِ لِكَرَاهَةِ اجْتِمَاعِ ثَلَاثِ نُونَاتٍ نُونِ الضَّمِيرِ وَنُونَا التَّاكِيدِ وَنُونُ الخَفِيفَةِ لَا تَدْخُلُ فِي التَّثْنِيَةِ أَصْلًا وَلَا فِي جَمْعِ المُؤَنَّثِ لِأَنَّهُ لَوْ حُرِّكَتِ النُّونُ لَمْ تَبْقَ خَفِيفَةً فَلَمْ تَكُنْ عَلَى الأَصْلِ وَإِنْ أَبْقَيْتَهَا سَاكِنَةً يَلْزَمُ الْتِقَاءُ السَّاكِنَيْنِ عَلَى غَيْرِ حَدِّهِ وَهُوَ غَيْرُ حَسَنٍ

لتقل اجتماع الامثال ۱۲ — المدغم والمدغم فیہ ۱۲ — ولم یحذف الالف فی التثنیۃ لاحتراز الالتباس بالواحد ۱۲ — ای المذکر والمؤنث ۱۲ — ای الشان ۱۲ — صیغۃ واحد مذکر حاضر ۱۲ — علی الاصل ۱۲ — ای علے غیر حد جوازہ ای الممنوع ۱۲

تیسیر المختصر

[1] قولہ وزیدت الالف قبل النون الی قولہ وہو غیر حسن (ت) اور جمع مونث میں قبل نون کے الف زیادہ کیا گیا ہے بوجہ برا جاننے اجتماع تین نونوں کے ایک نون ضمیر کا اور دو نون تاکید کے

ـــہ ہذہ القصیدۃ الخ یہ وہ قصیدہ ہے جس کے اندر شیخ ابن حاجب نے مؤنثات سماعیہ کو جمع کیا ہے ۱۲ ــــہ قولہ نفسی الفداء لسائل الخ (ت) میری جان قربان جائے میرے پاس آکر ایسے مسائل دریافت کرنیوالے کیلئے جو شاخ بان کی طرح مہکتے ہیں اسماء مؤنث جن میں کوئی علامت تانیث نہ ہو عرب کے عرف میں دو قسم پر ہیں ایک وہ جو مؤنث پڑھے جاتے ہیں دوسری وہ جسمیں اختیار دیا گیا ہے معنی مختلف ہونے کے باعث مقصود جن کو مؤنث پڑھنا ضروری ہے سو وہ ساٹھ ہیں جن کے معانی یہ ہیں آنکھ دونوں کان ذات پھر گھر پھر ڈول ان ہی ساٹھ میں سے اور دانت اور دونوں ہتھیلیاں اور دوزخ پھر دوزخ اور بچھو اور زمین پھر سرین اور دو بازو پھر دوزخ اور سختی آگ پھر لاٹھی اور ہوا ان ہی سے اور چنگاری اور دونوں ہاتھ اور بھوت اور فردوس اور کشتی جو دریا میں چلتی ہے اور وہ قرآن میں مذکور ہے اور شعر کے وزن اور کلائی اور لومڑی اور نمک پھر تبر اور دونوں سرین اور کمان پھر گوپھن اور خرگوش اور شراب پھر کنواں اور دونوں رخسار اور ایسے ہی حکم ہے سونے میں اور چاندی اور سونے کی ڈلی میں ہمیشہ اور ہر جگہ میں اور جن اور چشمہ اور سرچشمہ اور زرہ جو لوہے کی ہوتی ہے اور دونوں قدم اور ایسا ہی حکم ہے کلیجہ اور معدہ میں پھر سانپ میں اور ان ہی سے ہے آفتاب اور دونوں ایڑیاں اور ایسے ہی گھوڑے اور پیالے میں پھر دوزخ میں اور ان ہی سے ہے جنگ اور دونوں چھاتیاں اور مکڑی اور استرہ بھی مؤنث ہوتا ہے پھر دایاں ہاتھ اور آدمی کی انگلی اور بیر بھی ان ہی سے ہے اور پاجامہ جو ٹانگوں میں ہوتا ہے برہنہ کی زینت اور ایسے ہی بائیں جانب مؤنثات سے ہے اور اسی کی مانند بجو ہے اور

هذه القصيدة التي جمع فيها الشيخ ابن الحاجب المؤنثات السماعية

بسم الله الرحمن الرحيم

نفسي الفداء لسائل وافاني | بمسائل فاحت كغصن البان | أسماء تانيث بغير علامة
هي يا فتى في عرفهم ضربان | قد كان منها ما يؤنث ثم ما | هو فيه خير لاختلاف معان
اما التي لابد من تانيثها | فستون منها العين والاذنان | والنفس ثم الدار ثم الدلو من
اعدادها والسن والكتفان | وجهنم ثم السعير وعقرب | والارض ثم الاست والعضدان
ثم الجحيم ونارها ثم العصى | والريح منها واللظى ويدان | والعول والفردوس والفلك التي
في البحر تجري وهي في القرآن | وعروض شعر والذراع وثعلب | والملح ثم الفاس والوركان
والقوس ثم المنجنيق وارنب | والخمر ثم البير والخدان | وكذاك في ذهب وتبر حكمها
ابدا وفي ضرب لكل مكان | والجن والينبوع والدرع التي | هي من حديد قط والقدمان
وكذاك في كبد وكرش ثم في | انثى ومنها الشمس والعقبان | وكذاك في فرس وكاس ثم في
سقر ومنها الحرب والثديان | والعنكبوت تؤنث الموسى معا | ثم العين واصبع الانسان
والرجل منها والسراويل التي | في الرجل كانت زينة العريان | وكذا الشمال من الاثات ومثلها
ضبع ومنها الكتف والساقان | اما التي قد كنت فيه مخيرا | هو كان سبعة عشر في التبيان
السلم ثم الفهر ثم المسك في | لغة ومنها الحال كل اوان | والبيت منها والطريق كالثرى
ويقال في عنق كذا ولسان | وكذا السماء السبيل مع الضحى | ثم الصلاح مقابل الطغيان
والحكم هذا في القفا ابدا في | رحم وفي السكين والسرطان | وقصيدتي تبقى وها انا اكتسى
ثم الفناء وكل شيء فان

تمت

میر محمد، کتب خانہ مرکز علم وادب آرام باغ کراچی

ان ہی سے شانہ اور دونوں پنڈلیاں ہیں رہ گئے وہ جن میں تجھکو اختیار ہے وہ بیان میں سترہ ہیں صلح پھر پانڈی پھر مشک ہے ایک لغت میں اور ان ہی سے حال ہے ہر وقت اور کہا جاتا ہے یوں ہی ان ہی میں ہے گھر اور راستہ اور مثل کیچڑ کے اور گردن اور زبان میں بھی یوں ہی کہا جاتا ہے اور ایسے ہی آسمان اور راستہ میں مع چاشت کے پھر درستی میں جو سرکشی کے مقابل ہے اور حکم یہی ہے گدی میں ہمیشہ اور رحم میں اور چھری میں اور کیکڑے میں اور میرا قصیدہ باقی رہے گا اور آگاہ رہ کہ میں فنا کا جامہ پہن لوں گا اور ہر چیز فانی ہے ۱۲ -